گنج بک



اسلامی

معلومات کا

انسائیکلوپیڈیا

علامہ سراج احمد سراج القادری


بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلامی معلومات کا انسائیکلوپیڈیا

marfat.com

ضروری گذارش

اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ادارہ نوری کتب خانہ لاہور نے حتی الامکان آپ کی خدمت میں جو کتب پیش کیں ان میں جدید طرز طباعت اور معیار کو برقرار رکھنے کی کوشش کی۔ اس میں ہم کس حد تک کامیاب رہے آپ ہمیں اس سے آگاہ فرمائیں۔

ہر کتاب کی پروف ریڈنگ بارہا کئی علمائے دین سے کروائی گئی ہے مگر اس کے باوجود اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو ہمیں نشاندہی کر کے ممنون فرمایئے تاکہ اسے آئندہ ایڈیشن میں درست کیا جاسکے

خیر اندیش

پیرزادہ سید محمد عثمان نوری

ناظم نوری کتب خانہ۔ لاہور

marfat.com

کوئز بک

۳۸۰۰ سے زائد سوالات کے جواب

اسلامی معلومات

کا

انسائیکلوپیڈیا

علامہ سراج احمد سراج القادری

نوری کتب خانہ۔لاہور

marfat.com

بفیضان کرم
الحاج پیر سید محمد معصوم شاہ گیلانی قدس سرہ
قادری نوری

بفیضان نظر
الحاج پیر سید محمد حسن شاہ گیلانی مدظلہ
قادری نوری

اہتمام اشاعت
پیرزادہ سید محمد عثمان نوری

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

2000ء

نام کتاب
اسلامی معلومات کا انسائیکلوپیڈیا

مرتبہ
علامہ سراج احمد قادری

طابع
ایل جی پرنٹرز لاہور

ناشر
نوری کتب خانہ لاہور

قیمت
180 روپے

تقسیم کار

نیو نوری کتب خانہ بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور
نیو نوری بک۔ ڈپو دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور
علم و عرفان پبلشرز مارتھر سٹریٹ اردو بازار لاہور
فاتح پبلشرز میاں مارکیٹ اردو بازار لاہور
مکتبہ رحمانیہ اقرأ سنٹر، اردو بازار لاہور

marfat.com

معروضہ

بسا اوقات ایک چھوٹا سا عمل بھی بہت بڑی خوبیوں کا حامل ہو جاتا ہے کچھ ایسے ہی میری زندگی کی اس ترتیب کی پہلی کاوش ہے۔ جس کو صفحۂ قرطاس پر سپرد قلم کر رہا ہوں۔ وفور غم اور جذبۂ عقیدت نے بیدار کیا۔ اسی عالم میں نباض فطرت خطیب ملت حضرت علامہ الحاج محمد اکبر علی صاحب قبلہ قادری مصباحی خطیب و امام رسول مسجد ٹیکی محلہ کو رفیق سفر پایا۔ انتہائی عدیم الفرصت میں اس کام کو شروع کیا جو بحمدہ تعالیٰ پایۂ تکمیل تک پہونچ گیا۔ کتاب کی ترتیب کا مقصد صرف علوم اسلامیہ کا فروغ اور دینی معلومات میں اضافہ ہے۔

میں وہ کام نہ کر سکا جس کی آرزو رکھتا تھا۔ اور شاید اس کا قلق تا حین حیات باقی رہے اس کے علاوہ زندگی میں کچھ نہ کچھ تو خلا رہ ہی جاتا ہے۔

اگر میں اس کتاب کی ترتیب کو اپنی زندگی کی تلخیوں کا مجموعہ کہوں تو درست ہوگا۔ قارئین کرام ہم آپ کی خدمت میں دلچسپ و مفید اور نصیحت آمیز معلومات افزا کتاب پیش کر رہے ہیں۔ اس کتاب میں چیدہ چیدہ سوالات و جوابات کا انتخاب کر کے مختصر پیرائے میں سمیٹنے کی کوشش کی ہے۔ پھر بھی اگر کوئی خامی بمقتضائے بشری نظر آئے تو مطلع فرما کر شکریہ کا موقع فراہم کریں تاکہ اگلے ایڈیشن میں حکم کی تعمیل کی جا سکے۔

والسلام۔

محتاج کرم سراج القادری

marfat.com

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

ایصالِ ثواب کے متعلق قرآن و حدیث سے دلائل اور
منکرین کے اعتراضات کے مُدلّل جوابات

ایصالِ ثواب

کا شرعی طریقہ

تحقیق : حضرت علّامہ محمّد صالح حنفی نقشبندی

حسبُ الارشاد

ابُو المسعود الحاج صاحبزادہ پیر سیّد محمد حسن شاہ گیلانی قادری نوری مدظلہ

ناشر :

نُوری کُتب خانہ لاھور

marfat.com

حسن ترتیب

نمبر شمار		نمبر صفحہ
	انبیائے کرام	
۱	ابوالبشر حضرت سیدنا آدم علیہ السلام۔	۱۷
۲	قابیل و ہابیل	۲۶
۳	شیطان رجیم	۲۷
۴	حضرت سیدنا نوح علیہ السلام	۳۱
۵	حضرت سیدنا ادریس علیہ السلام	۳۶
۶	حضرت سیدنا ہود علیہ السلام	۳۹
۷	حضرت سیدنا صالح علیہ السلام	۴۲
۸	حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام	۴۵
۹	حضرت سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام	۵۵
۱۰	حضرت سیدنا اسحاق علیہ السلام	۵۸
۱۱	حضرت سیدنا یعقوب علیہ السلام	۵۹
۱۲	حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام	۶۲
۱۳	حضرت سیدنا لوط علیہ السلام	۷۱
۱۴	حضرت سیدنا ایوب علیہ السلام	۷۴
۱۵	حضرت سیدنا شعیب علیہ السلام	۷۶
۱۶	حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام۔	۷۸
	بنی اسرائیل۔	۸۶
۱۷	حضرت سیدنا ہارون علیہ السلام	۹۳
۱۸	حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام	۹۴
۱۹		

marfat.com

۲۰	حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام	۹۷
۲۱	حضرت سیدنا الیاس علیہ السلام	۱۰۳
۲۲	حضرت سیدنا الیسع علیہ السلام	۱۰۴
۲۳	حضرت سیدنا ذوالکفل علیہ السلام	۱۰۵
۲۴	حضرت سیدنا عزیر علیہ السلام	۱۰۶
۲۵	حضرت سیدنا یونس علیہ السلام	۱۰۷
۲۶	حضرت سیدنا زکریا علیہ السلام	۱۱۰
۲۷	حضرت سیدنا یحییٰ علیہ السلام	۱۱۱
۲۸	حضرت سیدنا لقمان علیہ السلام	۱۱۳
۲۹	حضرت سیدنا سکندر ذوالقرنین علیہ السلام	۱۱۳
۳۰	حضرت سیدنا خضر علیہ السلام	۱۱۴
۳۱	حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے تعلق سے۔	۱۱۵
۳۲	**متفرق انبیائے کرام اور ان کے تعلق سے**	۱۲۱
۳۳	اصحاب کہف	۱۳۱
۳۴	ایام جاہلیت	۱۳۲
۳۵	واقعۂ فیل	۱۳۷
۳۶	میرے آقا سید الانبیاء صلی اللہ علیہ السلام۔	۱۳۹
۳۷	اعلانِ نبوت رحمت دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم	۱۵۸
۳۸	سفرِ معراج آقا صلی اللہ علیہ وسلم	۱۶۱
۳۹	رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت	۱۶۴
۴۰	رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا دعوتِ اسلام	۱۷۰
۴۱	بعد فتح مکہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم۔	۱۷۴
۴۲	معجزات رسول صلی اللہ علیہ وسلم	۱۷۶
۴۳	وصال مبارک اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم۔	۱۸۰
۴۴	خانہ کعبہ اور اس کے تعلق سے۔	۱۸۷
۴۵	مساجد اور ان کے تعلق سے۔	۱۹۶

marfat.com

سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج طیبات

۴۶	حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا۔	۲۰۱
۴۷	ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا	۲۰۳
۴۸	دیگر ازواج مطہرات۔	۲۰۵
۴۹	رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزندان محترم و دختران مکرم	۲۱۱

اہلبیت اطہار

۵۰	غزوات و سرایا۔	۲۱۶
۵۱	سامانِ حرب آقا صلی اللہ علیہ وسلم	۲۱۹
۵۲	غزوۂ بدر اور اس کے تعلق سے۔	۲۲۰
۵۳	سفر طائف و غزوۂ طائف	۲۲۳
۵۴	غزوۂ احد	۲۲۶
۵۵	صلح حدیبیہ۔	۲۲۸
۵۶	غزوۂ خندق	۲۳۱
۵۷	غزوۂ خیبر	۲۳۳
۵۸	غزوہ تبوک	۲۳۵
۵۹	جنگ موتہ	۲۳۷
۶۰	جنگ حنین	۲۳۹
۶۱	فتح مکہ	۲۴۰
۶۲	متفرق غزوات و سرایا۔	۲۴۱
۶۳	مدعیانِ نبوت	۲۴۳
۶۴	دشمنانِ اسلام اور سازشیں۔	۲۴۵
۶۵		۲۴۷

خلفائے راشدین

۶۶	خلیفۂ اول حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ	۲۵۱
۶۷	خلیفۂ دوم حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ	۲۵۹
۶۸	خلیفۂ سوم حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ	۲۶۹

marfat.com

۶۹	خلیفۂ چہارم حضرت سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ	۲۷۴
۷۰	جنگ جمل و صفین حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ	۲۸۰
	صحابۂ کرام	
۷۱	حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ۔	۲۸۳
۷۲	حضرت سیدنا بلال حبشی رضی اللہ عنہ	۲۸۶
۷۳	حضرت سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ عنہ	۲۸۷
۷۴	حضرت سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور جنگ قادسیہ	۲۸۹
۷۵	حضرت سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ	۲۹۲
۷۶	حضرت سیدنا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ	۲۹۳
۷۷	حضرت سیدنا حنظلہ رضی اللہ عنہ	۲۹۵
۷۸	حضرت سیدنا زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ	۲۹۶
۷۹	حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ	۲۹۷
۸۰	متفرق صحابۂ کرام رضوان اللہ عنہم اور ان کے تعلق سے	۲۹۸
۸۱	صحابیات رضوان اللہ عنہن	۳۳۱
۸۲	تابعین۔	۳۳۵
۸۳	سانحۂ کربلا اور قاتلان اہلبیت	۳۳۸
۸۴	حسنیت اور انجام یزدیت۔	۳۴۴
	اولیائے کرام	
۸۵	سرکار سیدنا غوث الاعظم دستگیر رحمۃ اللہ علیہ	۳۴۸
۸۶	ہند کے راجہ یعنی میرے خواجہ	۳۵۲
۸۷	حضرت سیدنا شیخ خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ	۳۵۵
۸۸	حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ	۳۵۶
۸۹	حضرت خواجہ علاؤ الدین صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ	۳۵۸
۹۰	حضرت اورنگ زیب عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ	۳۶۰
۹۱	حضرت بو علی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ	۳۶۱

marfat.com

۹۲	حضرت خواجہ باقی اللہ و مجدد الف ثانی رحمہما اللہ تعالیٰ۔	۳۶۲
۹۳	حضرت مولانا جلال الدین رومی و حضرت شمس تبریز رحمہما	۳۶۳
۹۴	حضرت ابراہیم بن ادہم و رابعہ بصری رحمہما اللہ تعالیٰ۔	۳۶۴
۹۵	حضرت منصور حلاج و خواجہ حسن بصری رحمہما اللہ تعالیٰ۔	۳۶۵
۹۶	حضرت بایزید بسطامی و ذوالنون مصری رحمہما اللہ تعالیٰ	۳۶۷
۹۷	حضرت سیدنا وارث علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ	۳۶۸
۹۸	سرکار سینا سالار مسعود غازی رحمۃ اللہ علیہ	۳۶۸
۹۹	متفرق اولیائے کرام۔	۳۷۰
	ائمۂ کرام	
۱۰۱	حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ۔	۳۷۵
۱۰۲	حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ	۳۷۸
۱۰۳	حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۰
۱۰۴	حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ۔	۳۸۱
	مجددین ملت	
۱۰۵	میرے اعلیٰحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ	۳۸۳
۱۰۶	حضور سید نا سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ	۳۸۴
۱۰۷	شیر بیشۂ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ۔	۳۹۴
	آسمانی کتابیں	۳۹۵
۱۰۸	قرآن مجید	۳۹۶
۱۰۹	توریت	۴۰۶
۱۱۰	زبور	۴۰۷
۱۱۱	انجیل مقدس	۴۰۸
۱۱۲	ملائکہ	۴۰۹
۱۱۳	افضل العبادات (نماز)	۴۱۳
۱۱۴	رمضان المبارک اور اس کے تعلق سے	۴۲۱
۱۱۵	وضو تیمم اور ان کے تعلق سے	۴۲۲

marfat.com

۱۱۷	غسل و طہارت اور نجاستیں	۴۲۵
۱۱۸	قیامت و حشر و نشر	۴۲۶
۱۱۹	جنت اور جنتی	۴۲۸
۱۲۰	دوزخ اور دوزخی	۴۳۱
۱۲۱	مسائل و عقائد۔	۴۳۳
	کچھ یادیں	
۱۲۲	تصنیفات اور ادارے۔	۴۳۷
۱۲۳	حضرت طارق بن زیاد و موسیٰ بن نصیر رحمۃ اللہ علیہما۔	۴۴۱
۱۲۴	صلاح الدین ایوبی رحمۃ اللہ علیہ۔	۴۴۲
۱۲۵	فاتح سندھ محمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ	۴۴۴
۱۲۶	فاتح افریقہ یوسف بن تاشفین رحمۃ اللہ علیہ	۴۴۶
۱۲۷	مسلمانوں کی سنہری تاریخ۔	۴۴۶
۱۲۸	**گستاخ قلم**	۴۴۹
۱۲۹	متفرق مختلف معلومات کے تعلق سے	۴۶۰

marfat.com

کتابیات

۱	کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن	امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
۲	خزائن العرفان	علامہ سید نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ
۳	تفسیر نعیمی	مفتی احمد یار خاں رحمۃ اللہ علیہ۔
۴	بخاری شریف	امام محمد بن اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ
۵	مسلم شریف	امام مسلم بن حجاج قشیری
۶	تفسیر خازن	علامہ قاضی نصیر الدین ابی سعید عبداللہ بن عمر
۷	شرح مشکوٰۃ	علامہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
۸	حاشیہ جلالین	
۹	حاشیہ شرح عقائد	
۱۰	ابوداؤد شریف۔	
۱۱	تفسیر روح المعانی۔	
۱۲	مدارج النبوۃ	شیخ عبدالحق محدث دہلوی (الحاج مفتی غلام سرور،
۱۳	سیرۃ النبی کامل	ابن ہشام۔ ترجمہ مولانا عبدالجلیل صدیقی و مولانا غلام رسول
۱۴	تاریخ طبری	ترجمہ سید محمد ابراہیم
۱۵	قصص القرآن	مولانا محمد حفظ الرحمٰن سیوہاروی (دیوبندی)
۱۶	قرآن مجید کا نزول وحی	محمود الحسن خسرو۔
۱۷	انوار محمدیہ	امام علامہ یوسف بن اسمٰعیل نبہانی
۱۸	شواہد النبوۃ	حضرت العلام نورالدین عبدالرحمٰن جامی
		(ترجمہ بشیر حسین ناظم۔ ایم۔اے)
۱۹	سیر الاولیاء	سید محمد مبارک کرمانی (ڈاکٹر عبداللطیف ایم اے)

marfat.com

کتابیات

۲۰	حیات امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ	شیخ محمد بن ابوزہرہ قاہرہ مصر، ترجمہ پروفیسر غلام احمد حریری۔
۲۱	تاریخ الخلفاء	علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ۔ ترجمہ شمس بریلوی۔
۲۲	مرأت مسعودی	ترجمہ مولانا محمد صدیق حسن بہرائچی۔
۲۳	سوانح اعلیٰحضرت	علامہ بدرالدین قادری گورکھپوری رحمۃ اللہ علیہ
۲۴	فتوٰی رضویہ	امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
۲۵	حدائق بخشش	امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ۔
۲۶	انوار احمدی	علامہ انوار اللہ حیدرآبادی، تلخیص و تسہیل علامہ ارشد القادری۔
۲۷	تبلیغی جماعت	علامہ ارشد القادری
۲۸	رفیق الحرمین	مولانا محمد الیاس قادری
۲۹	راحت القلوب الی دیار المحبوب	شیخ عبدالحق محدث دہلوی مترجم سید حکیم عرفان علی پیلی بھیتی۔
۳۰	جمال مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم	عبدالعزیز عرفی۔
۳۱	شیر بیشۂ اہلسنت نمبر	پروفیسر ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم
۳۲	کربلا کے بعد	مولانا عبدالتواب صدیقی۔
۳۳	انوار مفتی اعظم ہند	پروفیسر ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم
۳۴	صحائف اشرفی اول	علامہ الحاج سید حامد اشرف صاحب۔
۳۵	سیرۃ غوث الاعظم	مولانا عبدالرحیم قادری۔
۳۶	قرآن، سائنس اور ابراہیم احمد رضا	پروفیسر ڈاکٹر مجیب اللہ قادری
۳۷	تفسیر عزیزی	
۳۸	تفسیر صاوی	
۳۹	کنز الدقائق	

marfat.com

کتابیات

۴۰	خالد بن ولید	
۴۱	بابل کا بت شکن	
۴۲	حیوٰۃ الحیوان۔	اسمٰعیل بن عمر بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ۔
۴۳	البدایہ والنہایہ۔	
۴۴	انوار اولیاء۔	
۴۵	تاریخ حرمین شریفین	
۴۶	الاتقان فی علوم القرآن	
۴۷	کنز الاعمال	
۴۸	الکامل فی التاریخ	
۴۹	اسد الغابہ	
۵۰	اصح السیر	سید سلیمان ندوی (دیوبندی)
۵۱	نشر الطیب	
۵۲	احوال الانبیاء	
۵۳	فتاوٰی عالمگیری	
۵۴	بہار شریعت	
۵۵	تفسیر ابن کثیر	
۵۶	نوائے حبیب مارچ ۱۹۸۸ء۔	
۵۷	ماہنامہ اعلیٰحضرت ۸۲ء سے ۹۰ء تک	
۵۸	زرقانی۔	
۵۹	جنتی زیور۔	
۶۰	فیصلہ کن مناظرہ	مطبوعہ دارالاشاعت فیصل آباد۔
۶۱	دعوتِ فکر	منشا تابش قصوری۔

marfat.com

کتابیات

۶۲	مقالات محمد علی جوہر حصہ اوّل ص۴۶۰	
۶۳	انوارِ رضا	
۶۴	حیات اعلیٰحضرت	
۶۵	امام احمد رضا نمبر	'المیزان'
۶۶	خیابان رضا	
۶۷	حیات طیبہ	
۶۸	افکار رضا	

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابوالبشر حضرت سیدنا آدم علیہ السلام

س: دنیا کے سب سے پہلے انسان کا نام بتلیئے ؟ ۱۔
ج۔ حضرت آدم علیہ السلام۔
س: انسان دوم کا نام بتایئے ؟ ۲۔
ج۔ حضرت حوّا رضی اللہ عنہا۔
س: حضرت آدم علیہ السلام کے والدین کا نام کیا تھا ؟ ۳۔
ج۔ وہ والدین کے بغیر ہی وجود میں آئے تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی قدرت سے پیدا کیا تھا۔
س: حضرت حوّا رضی اللہ عنہا کے والدین کا نام بتایئے ؟ ۴۔
ج۔ حضرت حوّا رضی اللہ عنہا بھی بغیر والدین کے وجود میں آئی تھیں۔
س: نسل انسانی کے ماں اور باپ کون تھے ؟ ۵۔
ج۔ باپ حضرت آدم اور ماں حضرت حوّا علیہما السلام
س: کیا آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے سے پہلے یہ دنیا موجود تھی ؟ ۶۔
ج۔ ہاں، اللہ تعالیٰ نے ساری دنیا پیدا کرنے کے بعد آدم علیہ السلام کو وجود بخشا۔
س: اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو کس چیز سے پیدا فرمایا؟ ۷۔
ج۔ مٹی (عناصر اربعہ) سے

marfat.com

س : حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کس دن ہوئی ؟ (۸)
ج ۔ یوم عاشورہ، جمعہ کے دن۔
س : ابوالبشر کس نبی کو کہا جاتا ہے ؟ (۹)
ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام کو۔
س : حضرت آدم علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کس چیز سے پیدا کی گئیں ؟ (۱۰)
ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام کی بائیں پسلی سے۔
س : حضرت آدم علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا نام بتلایئے ؟ (۱۱)
ج ۔ حضرت حوا رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت حوا کی مہر کیسے ادا فرمائی ؟ (۱۲)
ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر دس مرتبہ درود بھیج کر۔ (نشر الطیب ص۱۱)
س : وہ کون سے نبی ہیں جو بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے (۱۳)
ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام۔
س : اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کرتے وقت فرشتوں سے کیا فرمایا تھا ۱۴
ج ۔ میں زمین پر اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں۔
س : قرآن مجید میں حضرت آدم علیہ السلام کا اسم گرامی کتنی بار آیا ہے ۔ (۱۵)
ج ۔ ۲۵ ۔ مرتبہ۔
س : قرآن مجید میں سب سے پہلے کس نبی کا ذکر کیا گیا ہے۔ (۱۶)
ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام کا۔
س : جب اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں تو انہوں نے کیا کیا ؟ (۱۷)
ج ۔ ابلیس کے علاوہ سارے فرشتے سجدے میں گر گئے۔
س : سب سے پہلے نبی کا نام بتلایئے ؟ (۱۸)

marfat.com

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا خلیفہ کس کو بنایا؟ (۱۹)

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام کو۔

س : جب اللہ پاک نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے سے قبل ان کی خلافت کا اعلان کیا تو فرشتوں نے کیا عرض کیا ؟ (۲۰)

ج ۔ "کیا ایسی ہستی کو خلیفہ بنائے گا جو زمین پر فساد اور خونریزی کرے"۔

س : فرشتوں کے فساد اور فتنہ کے اندیشہ ظاہر کرنے پر اللہ تعالیٰ نے کیا فرمایا؟ [۲۱]

ج ۔ "میری نظر جس حقیقت پر ہے تمہیں اس کی خبر نہیں"۔

س : اس شجر ممنوعہ کا نام بتلایئے جس کا پھل حضرت آدم علیہ السلام نے کھایا تھا؟ [۲۲]

ج ۔ گندم یا انجیر، اور بعض نے انگور بتایا ہے۔ (البدایہ والنہایہ ص۴۰)

س : حضرت آدم علیہ السلام جنت میں کتنے سال رہے ؟ (۲۳)

ج ۔ سو (۱۰۰) سال۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ جنت سے اور کون لوگ آئے؟ ۲۴۔

ج ۔ سانپ اور مور (تفسیر ابن کثیر ص۱۲۶)

س : حضرت حوا کا نکاح حضرت آدم علیہما السلام سے کس دن ہوا۔ ۲۵۔

ج ۔ جمعہ کے دن۔

س : جنت میں حضرت آدم و حوا علیہما السلام پر کیا پابندی عائد تھی؟ ۲۶۔

ج ۔ ایک درخت کا پھل کھانے سے روک دیا گیا تھا۔

س : حضرت آدم علیہ السلام دنیا کے کس حصے میں اتارے گئے؟ ۲۷۔

ج ۔ سراندیپ میں جو ہندوستان کا ایک جزیرہ ہے۔ (سری لنکا)

س : حضرت حوا رضی اللہ عنہا دنیا کے کس حصے میں اتاری گئیں؟ ۲۸۔

ج ۔ ساحل دریائے ہند پر (جدہ)

marfat.com

س : حضرت آدم علیہ السلام نے کتنے برس تک شرم وحیا کی وجہ سے آسمان کی طرف نہیں دیکھا؟ ۲۹۔

ج ۔ سو (۱۰۰) سال تک

س : حضرت آدم علیہ السلام کی لغزش (توبہ) کتنے سال کے بعد معاف ہوئی؟ ۳۰

ج ۔ ساڑھے تین سو سال کے بعد۔

س : حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی خطا پر کیا ردعمل ظاہر کیا؟ ۳۱

ج ۔ عجز وانکساری کی، توبہ کی، اللہ نے معاف فرمادیا۔

س : کیا حضرت آدم علیہ السلام نے ممنوعہ پھل کو کھا کر گناہ کیا تھا؟ ۳۲

ج ۔ یہ گناہ نہیں بلکہ بھول تھی۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کی ملاقات حضرت حوا سے کہاں ہوئی؟ ۳۳

ج ۔ مقام عرفات میں۔

س : حضرت آدم کی توبہ کیسے قبول ہوئی؟ ۳۴

ج ۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے۔ (البدایہ والنہایہ ص ۱۸

س : حضرت آدم وحوا علیہما السلام کے ملاقات کی تاریخ بتایئے؟ ۳۵۔

ج ۔ ۹ ذی الحجہ اسی لئے اس دن کو عرفہ کہا جاتا ہے۔

س : حضرت آدم علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟ ۳۶۔

ج ۔ دس صحیفے۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کتنی دفعہ تشریف لائے ۳۷۔

ج ۔ بارہ مرتبہ۔

س : حضرت آدم وحوا علیہما السلام نے جنت کے کس درخت کے پتوں سے اپنا ستر چھپایا تھا ۳۸

ج ۔ انجیر کے پتوں سے۔

س : حضرت آدم علیہ السلام جنت سے کون کون چیز لائے۔ ۳۹

ج ۔ حجر اسود، جنتی درختوں کی پتیاں یا پھولوں کی پنکھڑیاں، وہ عصا جو جنت

marfat.com

کے درخت سے تھا۔ بیلچہ، کدال، کندریہ، السفندان (ہران) ہتھوڑا، سنڈاسی۔ (ماخوذ طبقات ابن سعد)

س ؛ حضرت آدم علیہ السلام نے سب سے پہلے دنیا میں کون سا پھل کھایا؟ ۴۰۔

ج ۔ بیر۔ (نشر الطیب ص۱۹۱)

س ؛ حضرت آدم علیہ السلام کا قد کتنا لمبا تھا؟ (۴۱)

ج ۔ ساٹھ ہاتھ اور بعض نے ۶۰ گز بتایا ہے۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کی کل عمر کتنے سال کی ہوئی؟ ۴۲۔

ج ۔ تقریباً ایک ہزار سال۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کے بوقت وصال اولاد کی کتنی تعداد تھی؟ ۴۳۔

ج ۔ چالیس ہزار جن میں پوتے اور پڑپوتے شامل ہیں۔ (ابن کثیر ص۹۶)

س : حضرت آدم علیہ السلام کا وصال کس جگہ ہوا؟ ۴۴۔

ج ۔ سری لنکا میں نوذنامی پہاڑی پر۔

س : حضرت حوا رضی اللہ عنہا کے بطن سے کتنے بچے پیدا ہوئے؟ ۴۵۔

ج ۔ چالیس (۴۰) یا ایک سو بیس۔

۴۶

س : حضرت آدم علیہ السلام کی زبان پر سب سے پہلے کون سا کلمہ صادر ہوا؟

ج ۔ الحمد للہ رب العلمین۔

س : جب جنت میں آدم و حوا علیہما السلام ممنوعہ درخت کا پھل کھا گئے تو اچانک کیا محسوس کئے؟ ۴۷۔

ج ۔ انسانی لوازمات کا ظہور ہوا اور برہنہ محسوس کر کے ستر چھپانے لگے۔ گویا انسانی تہذیب کا آغاز تھا۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے کتنے اور کون سے مراحل تھے؟ ۴۸۔

ج ۔ مٹی سے ایک انسان کی خلیق پھر شکل و صورت اور اعضاء کو تقویت بعد کے

marfat.com

روح پھونک کر جیتا جاگتا انسان۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کی وصال کے بعد حضرت حوا رضی اللہ عنہا کتنے سال تک زندہ رہیں۔ ۴۹۔

ج ۔ صرف ایک سال۔

س : بوقت ولادت حضرت شیث علیہ السلام حضرت آدم علیہ السلام کی عمر کیا تھی؟ ۵۰۔

ج ۔ ایک سو بیس ۱۲۰ سال (الکامل ص۴۴)

س : سب سے پہلے سوت کات کر اون کس نے تیار کیا؟ ۵۱۔

ج ۔ حضرت حوا رضی اللہ عنہا نے (البدایہ والنہایہ ص۹۲)

س : حضرت آدم علیہ السلام نے ہندوستان میں رہ کر کتنے اور کیسے حج ادا فرمائے۔ ۵۲

ج ۔ ہندوستان سے مکہ تک پیدل چل کر ۴۰ حج ادا کئے (الکامل فی التاریخ ص۳۴)

س : زمین پر سب سے پہلے اپنا سر کس نے مونڈا۔ ۵۳

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام نے۔

س : دنیا میں سب سے پہلے مرغ کس نے پالا۔ ۵۴

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام نے۔

س : ہبۃ اللہ کا لقب کس کو عطا ہوا۔ ۵۵

ج ۔ حضرت شیث علیہ السلام کو

س : حضرت شیث علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے۔ ۵۶۔

ج ۔ حضرت شیث علیہ السلام پر پچاس صحیفے نازل ہوئے۔

س : حضرت شیث علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا۔ ۵۷

ج ۔ آپ کپڑا بن کر فروخت کرتے تھے۔

س : نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم پیشانی، آدم علیہ السلام سے کس کی پیشانی میں

marfat.com

منتقل ہوا۔ ۵۸۔

ج ۔ حضرت شیث علیہ السلام کے۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کے خلیفہ بننے کا اعلان زمین کے تمام جانوروں میں کس نے کیا؟ ۵۹۔

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔

س : اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو ملائکہ پر افضل ہونے کا شرف کس چیز سے عطا فرمایا؟ ۶۰۔

ج ۔ علم اسماء کے ذریعے۔

س : اللہ پاک نے حضرت آدم علیہ السلام کے خلیفہ بنانے کی خبر فرشتوں کو کیوں دیا؟ ۶۱۔

ج ۔ تاکہ خلیفہ بنانے کی حکمت معلوم کریں اور خلیفہ کی عظمت و شان ظاہر ہو جائے۔

س : پہلی مرتبہ کعبہ کی بنیاد کس نبی نے ڈالی۔ ۶۲۔

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اور بعد طوفان نوح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسی بنیاد پر تعمیر فرمایا۔

س : تخلیق آدم علیہ السلام کے بعد اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے فرشتوں کو کیا حکم دیا؟ ۶۳۔

ج ۔ سب فرشتے آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں۔

س : سب سے پہلے نعرہ تکبیر کس نے بلند کیا؟ ۶۴۔

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام نے۔

س : جس وقت حضرت آدم و حوا علیہما السلام جنت سے روانہ کئے گئے تو تاج شرافت و کرامت کس نے اتارا؟ ۶۵۔

marfat.com

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔ (البدایہ والنہایہ ص۹۰)

س : دنیا میں بعد وفات حضرت آدم و حوا علیہما السلام شب میں کہاں رہتے تھے۔ ۶۶۔

ج ۔ مزدلفہ میں۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کے وصال پر مخلوق کتنے دنوں تک روتی رہی؟ ۶۷

ج ۔ سات دن اور سات روز تک چاند و سورج گہن میں رہے۔

س : جنت میں حضرت آدم علیہ السلام کی کینت کیا ہوگی؟ ۶۸۔

ج ۔ ابو محمد (البدایہ والنہایہ)

س : آدم علیہ السلام کا پتلا بننے کے کتنے سال بعد اس میں روح ڈالی گئی۔ ۶۹۔

ج ۔ چالیس سال بعد (البدایہ والنہایہ ص۸۶)

س : حضرت آدم علیہ السلام نے دنیا میں آنے کے بعد سب سے پہلے جو کھانا کھایا وہ کیا تھا اور کہاں سے آیا؟ ۷۰۔

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام گندم کے سات دانے لے کر آئے اور ان کو زمین میں بکھیر دیئے اللہ تعالیٰ نے ہر دانے کے بدلے ایک لاکھ دانے اگائے۔ ان کو کاٹ کر دانے نکالے اور پھر صاف کر کے روٹی پکا کر کھائے۔

(البدایہ والنہایہ ص۹۲)

س : نسل انسانی میں اضافہ کے لئے حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی اولاد میں شادیوں کا کیا طریقہ جاری کیا تھا؟ ۷۱۔

ج ۔ حضرت حوا رضی اللہ عنہا سے جڑواں بچے پیدا ہوتے تھے ایک بار پیدا ہونے والے لڑکا لڑکی کا نکاح دوسرے پیٹ سے پیدا ہونے والوں کے ساتھ کر دیتے تھے۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اللہ پاک کے بتائے

marfat.com

ہوئے کن الفاظ میں توبہ کی ؟ ۷۲۔

ج ۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

س : اللہ پاک نے قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مثال کس نبی سے دی ہے ؟ ۷۳۔

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام سے۔ اللہ پاک نے حضرت آدم کو مٹی سے پیدا فرمایا اور حضرت عیسیٰ کو بغیر ماں باپ کے (علیہما السلام)

س : دنیا کی سب سے بہتر مخلوق کون سی ہے ؟ ۷۴۔

ج ۔ انسان، جسے اللہ پاک نے مکرم اور عزت والا بنایا ہے۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی ؟ ۷۵۔

ج ۔ جبرئیل نے امامت کی اور فرشتے مقتدی تھے۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کا مزار کہاں واقع ہے ؟ ۷۶۔

ج ۔ منیٰ میں مسجد خیف کے قریب۔

س : حضرت حوا رضی اللہ عنہا کی قبر کہاں واقع ہے ؟ ۷۷۔

ج ۔ جدہ میں۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کا پیشہ بتایئے ؟ ۷۸۔

ج ۔ کاشتکاری۔

س : توبہ قبول کر لینے کے بعد بھی اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر ہی کیوں رہنے دیا ؟ ۷۹۔

ج ۔ اللہ پاک نے آپ کو زمین پر خلیفہ بنانے ہی کے لئے پیدا کیا تھا جنت میں صرف امتحان کی غرض سے رہے

marfat.com

قابیل وہابیل

س : قابیل وہابیل کس کے بیٹے تھے؟ ۸۰۔

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام کے۔

س : دنیا میں سب سے پہلے پہلا قتل کس نے کس کا کیا؟ ۸۱۔

ج ۔ قابیل نے ہابیل کا۔

س : قابیل کی اس بہن کا نام بتایئے جو اس کے ساتھ پیدا ہوئی تھی؟ ۸۲۔

ج ۔ اقلیما۔

س : ہابیل کا نکاح کس کے ساتھ ہونا طے پایا تھا جس کی وجہ سے آپ کو قابیل نے شہید کیا؟ ۸۳۔

ج ۔ قابیل کی بہن اقلیما سے۔

س : ہابیل کی بہن کا نام بتایئے جو آپ کے ساتھ پیدا ہوئی تھیں؟ ۸۴۔

ج ۔ بہودہ۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سب سے پہلے آگ کی عبادت کس نے کی؟ ۸۵۔

ج ۔ قابیل نے۔ (الکامل فی التاریخ لابن الاثیر ص ۵۶)۔

س : قابیل کو ہابیل کی لاش دفنانے کا طریقہ کیسے معلوم ہوا؟ ۸۶۔

ج ۔ کوّے کے ذریعے جس نے اپنی چونچ اور چنگل سے قبر کھود کر کوّے کو دفن کیا تھا۔

س : ہابیل کے قتل کے جرم میں قابیل کو کس قدر عذاب ملیگا؟ ۸۷

marfat.com

ج ۔ عذاب جہنم کا نصف حصّہ۔
س : قابیل نے ہابیل کو جس جگہ دفن کیا تھا اس جگہ کا نام بتاؤ ؟ ۸۸۔
ج ۔ دمشق کے شمالی جانب قاسیون پہاڑ کے قریب جس کا نام مغارۃ الدم ہے
س : بوقت واقعہ قتل ہابیل و قابیل کی کیا عمر تھی ؟ ۔ ۸۹۔
ج ۔ ہابیل کی بیس سال قابیل کی پچیس ۲۵ سال۔ (الکامل فی التاریخ ص ۴۴)
س : حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹوں کا جھگڑا کس بات پر ہوا تھا؟ ۹۰۔
ج ۔ قربانی کے قبول یا نہ قبول ہونے پر۔
س : حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کا قصہ قرآن مجید کے کس سورت میں بیان کیا گیا ہے ؟ ۹۱۔
ج ۔ سورۃ المائدہ، میں۔
س : دنیا میں سب سے پہلے کونسا آدمی دفن کیا گیا۔ ۹۲
ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام کا قتل ہونے والا بیٹا

شیطان رجیم

س : قرآن مجید میں جن، جان، جنۃ (یعنی جنوں) کا تذکرہ کتنی بار آیا ہے؟ ۹۳
ج ۔ قرآن مجید میں ۳۱ آیات میں ۳۲ بار ان کا ذکر آیا ہے۔
س : ابلیس کا اصل نام بتلایئے ؟ ۹۴۔
ج ۔ عزازیل۔
س : ابلیس کا لفظی معنیٰ بتلایئے ؟ ۹۵۔
ج ۔ انتہائی مایوس۔

marfat.com

س : ابلیس نے جنت سے نکالے جانے کے بعد اللہ پاک سے کس چیز کی مہلت مانگی تھی؟ ۹۶۔

ج ۔ قیامت تک نسل انسانی کو بہکانے اور انہیں گمراہیوں کی طرف ترغیب دینے کی۔

س : انسان کے سب سے بڑے ازلی دشمن کا نام بتایئے؟ ۹۷۔

ج ۔ ابلیس (شیطان)

س : ابلیس شیطان کون تھا۔ ۹۸

ج ۔ ایک جن تھا۔

س : اللہ پاک کے دریافت کرنے پر سجدہ نہ کرنے کی وجہ ابلیس نے کیا بتائی؟ ۹۹

ج ۔ میں آدم سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا اور آدم کو مٹی سے۔

س : ابلیس کے حضرت آدم علیہ السلام کے سجدہ نہ کرنے میں کون سا جذبہ کام کر رہا تھا؟ ۱۰۰۔

ج ۔ تکبر

س : تکبر کا لازمی نتیجہ کیا ہوتا ہے؟ ۱۰۱۔

ج ۔ ذلت و خواری۔

س : ابلیس کے سجدہ نہ کرنے کے جرم میں اس کو کون سی سزا ملی؟ ۱۰۲۔

ج ۔ اسے جنت سے ذلیل و خوار کر کے نکال دیا گیا۔

س : ابلیس نافرمانی کر کے نادم کیوں نہ ہوا؟ ۱۰۳

ج ۔ اس کے غرور اور گھمنڈ نے ایسا کرنے سے روک دیا تھا۔

س : ابلیس نے ایک گناہ سجدہ نہ کرنے کا کیا بتایئے اس نے دوسرا کون سا گناہ کیا؟ ۱۰۴

ج ۔ معافی مانگنے کے بجائے تکبر کیا اور اپنی غلطی پر اکڑا رہا۔

س : ابلیس ذلیل و خوار ہونے سے قبل کس مقام ارفع پر فائز تھا؟ ۱۰۵

marfat.com

ج ۔ سارے فرشتوں کا استاذ تھا۔
س : حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے کس نے انکار کیا تھا؟ ۱۰۶
ج ۔ ابلیس لعین نے۔
س : ابلیس نے کتنے سال تک سجدہ کیا۔ ۱۰۷
ج ۔ چھ لاکھ برس تک۔
س : سب سے پہلے آتشی لباس کس کو پہنایا جائے گا۔ ۱۰۸۔
ج ۔ ابلیس کو۔
س : آسمان اول پر ابلیس کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟ ۱۰۹۔
ج ۔ عابد کے نام سے۔ (جمل ص۱۱۱)
س : دوسرے آسمان پر ابلیس کا نام کیا تھا؟ ۱۱۰۔
ج ۔ زاہد۔ (جمل ص۱۱۱)
س : ابلیس کا نام تیسرے آسمان پر کیا تھا؟ ۱۱۱۔
ج ۔ عارف۔ (حوالہ مندرجہ بالا)
س : چوتھے آسمان پر ابلیس کا نام کیا تھا ۱۱۲
ج ۔ ولی۔ (حوالہ مندرجہ بالا)
س : پانچویں آسمان پر ابلیس کا کیا نام تھا؟ ۱۱۳
ج ۔ تقی۔ (حوالہ سابق)
س : چھٹے آسمان پر ابلیس کا کیا نام تھا؟ ۱۱۴
ج ۔ خازن۔
س : ساتویں آسمان پر ابلیس کا کیا نام تھا۔ ۱۱۵
ج ۔ عزازیل۔ (جمل ص۱۱۱)
س : لوح محفوظ پر شیطان کا ذکر کس نام سے کیا گیا؟ ۱۱۶
ج ۔ ابلیس کے نام سے۔
س : ابلیس جنت کا خازن کتنے سال تک رہا؟ ۱۱۷

marfat.com

ج ۔ چالیس سال تک (صادی ص۲۲)

س : شیطان نے عرش کا طواف کتنے سال تک کیا؟ ۱۱۸

ج ۔ ۱۴ (چودہ) ہزار سال تک (تفسیر صادی ص۲۲)

س : مرد و عورت کو شہوت پر برانگیختہ کرنے والے شیطان کا نام بتایئے ۱۱۹۔

ج ۔ اعور (صادی ص۱۳)

س : شیطان کی اولاد لافس اور ولہان کا کام بتایئے؟ ۱۲۰

ج ۔ نماز و طہارت میں وسوسہ پیدا کرنا۔ (صادی ص۱۷)

س : ابلیس ملعون اللہ تعالیٰ کی کس مخلوق سے تھا ۱۲۱۔

ج ۔ جنوں سے۔

س : شیطان اور اس کے لشکر کی رہائشگاہ بتلایئے؟ ۱۲۲۔

ج ۔ سجین جو ساتویں زمین کے نیچے ہے۔

س : شیخ نجدی کا لقب کس ذلیل و خوار کو ملا ہے؟ ۱۲۳۔

ج ۔ شیطان کو۔

س : شیطان فرشتوں کا استاذ کتنے سال تک رہا؟ ۱۲۴

ج ۔ اسی ہزار سال تک وعظ و نصیحت کرتا رہا۔ (جمل ص۱۰)

س : شیطان کو اولاد کس طرح ہوتی ہے۔ ۱۲۵۔

ج ۔ ابلیس کی داہنی ران میں ذکر اور بائیں میں فرج ہے دونوں رانوں کو ملا کر جماع کرتا ہے۔ روزانہ دس انڈے دیتا ہے سر انڈے سے شیطان مذکر و مونث پیدا ہوتے ہیں۔ (صادی ص۲۴ پارہ ۱۶۔ ۱۷)

پھر کے گلی گلی تباہ ٹھوکریں سب کی کھائے کیوں ۔ دل کو جو عقل دے خدا تیری گلی سے جائے کیوں

marfat.com

حضرت نوح علیہ السلام۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کس نبی کے زمانہ میں بہت بڑا طوفان آیا تھا؟ ۱۲۶۔

ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام کے عہد میں۔

س : شیخ الانبیاء کا خطاب کس نبی کو عطا ہوا۔ ۱۲۷۔

ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام کو

س : آدم ثانی کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟ ۱۲۸۔

ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام کو۔

س : حضرت آدم علیہ السلام کے بعد اللہ تعالیٰ نے کس کو رسول بنا کر بھیجا؟ ۱۲۹

ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام کو۔

س : نوع انسانی کے سب سے پہلے رسول کا نام بتایئے؟ ۱۳۰۔

ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام۔

س : کیا آپ نبی اور رسول میں فرق بتا سکتے ہیں؟ ۱۳۱۔

ج ۔ نبی کو جدید شریعت عطا نہیں ہوتی۔ صرف وحی کا نزول ہوتا ہے جبکہ رسول کو جدید شریعت عطا کی جاتی ہے۔ ہر رسول نبی ہوتا ہے مگر ہر نبی رسول نہیں ہوتا۔

س : قرآن مجید میں حضرت نوح علیہ السلام کا اسم گرامی کتنی دفعہ آیا ہے؟ ۱۳۲۔

ج ۔ ۴۳ مرتبہ۔

س : حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کے لوگ کہاں رہتے تھے؟ ۱۳۳

ج موجودہ عراق میں۔

marfat.com

س : حضرت نوح علیہ السلام کی کل عمر کتنے سال کی ہوئی؟ ۱۳۴
ج ۔ تقریباً ۹۵۰ سال۔
س : انبیاء میں طویل العمر کون نبی ہوئے ہیں؟ ۱۳۵۔
ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام۔
س : حضرت نوح علیہ السلام کی قوم آپ کو کس طرح پریشان کرتی تھی؟ ۱۳۶۔
ج ۔ پتھر برسا کر۔ حتیٰ کہ پسلیاں شکستہ ہو جایا کرتی تھیں۔
س : انگور کی کھیتی سب سے پہلے کس نے کیا؟ ۱۳۷۔
ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام نے۔
س : حضرت نوح علیہ السلام کی قوم میں سے کتنے آپ پر ایمان لائے؟ ۱۳۸
ج ۔ ۴۰ چالیس مرد اور چالیس عورتیں۔
س : اللہ تبارک و تعالیٰ کے حکم کیمطابق جب حضرت نوح علیہ السلام کشتی بنا رہے تھے تو ان کی قوم کیا کرتی تھی۔ ۱۳۹
ج ۔ کشتی اور آپ کا مذاق اڑاتے تھے۔
س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ قوم نوح علیہ السلام پر عذاب کی ابتدا کس نشانی سے ہوئی تھی؟ ۱۴۰۔
ج ۔ ایک تنور میں سے پانی ابلنے لگا تھا۔
س : حضرت نوح علیہ السلام نے ایمان لانے والوں کو کشتی میں سوار کرتے وقت کیا فرمایا تھا؟ ۱۴۱۔
ج ۔ سوار ہو جاؤ اس میں اللہ ہی کے نام سے چلنا اور ٹھہرنا بھی ہے۔ میرا رب بڑا غفور و رحیم ہے۔
س : کشتی نوح علیہ السلام کی لمبائی اور چوڑائی کتنی تھی؟ ۱۴۲۔
ج ۔ لمبائی تین سو گز اور چوڑائی پچاس گز اور اونچائی تیس گز تھی۔

marfat.com

س : کشتیٔ نوح علیہ السلام کتنے عرصے میں تیار ہوئی؟ ۱۴۳۔
ج . دو سال کی مدت میں۔
س : کشتیٔ نوح علیہ السلام میں سوار ہونے والے کی تعداد کیا تھی؟ ۱۴۴۔
ج . اٹھہتر افراد، نصف مرد اور نصف عورتیں۔
س : بتلایئے حضرت نوح علیہ السلام کے خاندان کا کون سا فرد اس کشتی میں سوار نہیں تھا؟ ۱۴۵۔
ج . آپ کا بیٹا کنعان۔
س : نوح علیہ السلام پر ایمان لانے والے لوگ کیسے تھے؟ ۱۴۶
ج . غریب مفلوک الحال نوجوان اگرچہ تعداد میں بہت کم تھے۔
س : نوح علیہ السلام کے خاندان میں سے کون سے لوگ طوفان میں غرق ہو گئے؟ ۱۴۷
ج . آپ کا نافرمان بیٹا اور کافرہ بیوی۔
س : طوفان نوح علیہ السلام کی تاریخ بتایئے؟ ۱۴۸
ج . رجب کی دوسری تاریخ جبکہ تفسیر صافی پارہ ۱۸ ص ۱۱۶ میں ۱۰ رجب بتایا گیا ہے۔
س : کشتیٔ نوح علیہ السلام کہاں ٹھہری تھی؟ ۱۴۹۔
ج . جودی پہاڑ پر
س : کشتی جودی پہاڑ پر کس تاریخ میں ٹھہری تھی۔ ۱۵۰
ج . ۱۰ محرم الحرام کو (صافی ص ۱۱۶)
س : حضرت نوح علیہ السلام کشتی میں کتنے عرصہ تک رہے۔ ۱۵۱
ج . چھ مہینہ آٹھ دن۔
س : کشتی نوح علیہ السلام جب میدان کربلا میں ٹھہرنے لگی تھی تو بارگاہ الٰہی سے کیا ارشاد ہوا تھا؟ ۱۵۲۔

marfat.com

ج ۔ اے نوح (علیہ السلام) یہ زمین وہ ہے جہاں اہلبیت اطہار کی کشتی گرداب خون میں غرقاب ہوگی۔

س : کشتی نوح علیہ السلام کی حرکت و توقف کا انداز کیا تھا؟ ۱۵۴۔

ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام چلنے کی غرض سے بسم اللہ پڑھتے تو چلنے لگتی۔ اور ٹھہرنے کی نیت سے پڑھتے تو ٹھہر جاتی۔

س : حضرت نوح علیہ السلام نے طویل تبلیغ کے بعد مایوس ہو کر کفار کی سرکشی کی رپورٹ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کرتے ہوئے کون سی بد دعا کی؟ ۱۵۴

ج ۔ "اے اللہ ظالموں کو گمراہی کے سوا کسی چیز میں ترقی نہ دے"۔

س : طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے کون سا شہر آباد فرمایا۔؟ ۱۵۵۔

ج ۔ خسران۔

س : بعد طوفان حضرت نوح علیہ السلام نے جودی پہاڑ پر ایک مسجد تعمیر فرمائی گیا آپ اس مسجد کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۱۵۶

ج ۔ مسجد ثمانین۔

س : حضرت نوح علیہ السلام کا اصل نام بتائیے؟ ۱۵۷

ج ۔ الیشکر بعض نے عبد الغفار بتایا ہے۔ اور بعض نے عبد الجبار۔ (صاوی ص ۱۱۵ پارہ ۱۸)

س : حضرت نوح علیہ السلام کی بارگاہ میں جبرئیل علیہ السلام کتنی مرتبہ تشریف لائے؟ ۱۵۸

ج ۔ پچاس مرتبہ۔

س : حضرت نوح علیہ السلام کی کافرہ بیوی کا نام کیا تھا؟ ۱۵۹

ج ۔ واہلہ۔

س : وہ کون سے نبی ہیں جن کی بیوی اپنے شوہر کو دیوانہ کہتی تھی؟ ۱۶۰۔

marfat.com

ج . حضرت نوح علیہ السلام۔
س : حضرت نوح علیہ السلام کے والد کا نام بتایئے؟ ۱۶۱۔
ج . لمک۔
س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جنہوں نے مواقیت صلوٰۃ لیل و نہار کی چوبیس ساعتیں مقرر فرمائی ہیں؟ ۱۶۲۔
ج . حضرت نوح علیہ السلام
س : طوفان نوح علیہ السلام کے بعد کیا ہوا؟ ۱۶۳
ج . کشتی میں سوار لوگ اور جانور زمین پر اترآئے اور دوبارہ آباد ہو کر زندگی بسر کرنے لگے۔
س : حدیث شریف میں اول الرسل کن کو کہا گیا ہے؟ ۱۶۴
ج . حضرت نوح علیہ السلام کو۔
س : حضرت نوح علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟ ۱۶۵
ج . کھیتی کے علاوہ بڑھئی کا کام کرتے تھے۔
س : انبیاء میں سب سے پہلے صاحبِ شریعت کون نبی ہوئے؟ ۱۶۶
ج . حضرت نوح علیہ السلام۔
س : نوح علیہ السلام کے ان بیٹوں کا نام بتایئے جو کشتی میں سوار ہوئے تھے؟ ۱۶۷
ج . سام، حام، یافث۔
س : حضرت نوح علیہ السلام کے کن صاحبزادے کی اولاد سے عرب اور فارس کے لوگ ہیں؟ ۱۶۸
ج . سام کی اولاد سے۔
س : اہل ترک اور یاجوج ماجوج کس کی نسل سے ہیں؟ ۱۶۹
ج . حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے یافث سے۔

marfat.com

س : بعد طوفان حضرت نوح علیہ السلام کتنے سال زندہ رہے؟ ۱۷۰۔
ج ۔ ساٹھ سال۔

س : حضرت نوح علیہ السلام کے پڑپوتے کا نام بتایئے؟ ۱۷۱
ج ۔ عاد بن ارم۔

س : انبیاء میں طویل عمر کس نبی نے پائی ہے؟ ۱۷۲۔
ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام نے۔

س : حام بن نوح علیہ السلام کی قبر کہاں واقع ہے ۱۷۳
ج ۔ حمص کے آگے چند میل کے فاصلہ پر شہر حامہ میں اور البدایہ والنہایہ صـ۱۲۰ میں شہر بقاع بتایا گیا ہے جس کو کرک نوح بھی کہا جاتا ہے۔

س : حضرت نوح علیہ السلام کی قبر کہاں واقع ہے؟ ۱۷۴
ج ۔ قصبہ خلیل الرحمٰن دو پہر کے راستہ پر۔

حضرت سیدنا ادریس علیہ السلام

س : حضرت ادریس علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی دفعہ آیا ہے؟ ۱۷۵
ج ۔ صرف دو بار بعض نے ہم بتایا ہے۔

س : حضرت ادریس علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن پاک کی کون سی سورہ میں آیا ہے؟ ۱۷۶

marfat.com

ج ۔ سورۂ مریم میں ایک بار اور سورۃ الانبیاء میں ایک بار۔

س : حضرت ادریس علیہ السلام کا اصل نام بتلایئے جو سریانی زبان میں تھا ؟ ۱۷۷

ج ۔ اخوخ، سب سے پہلے درس دینے کی وجہ سے ادریس پڑا۔ (صاوی ص۱۵)

س : حضرت ادریس علیہ السلام کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کتنی بار تشریف لائے ؟ ۱۷۸۔

ج ۔ صرف چار مرتبہ۔

س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جو علم نجوم میں خوب ماہر تھے ؟ ۱۷۹۔

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام۔

س : دنیا میں سب سے پہلے سلائی کس نے کیا ؟ ۱۸۰

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے (تفسیر خازن ص۲۳۸)

س : حضرت ادریس علیہ السلام سے قبل ستر پوشی کس طرح ہوتی تھی ؟ ۱۸۱۔

ج ۔ چمڑے وغیرہ سے۔

س : سب سے پہلے قلم سے کس نے لکھا ؟ (کنز الایمان پ۱۶ س مریم آیت ۵۶) ۱۸۲

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے (صاوی ص۱۴۱)

س : دنیا میں سب سے پہلے ہتھیار، ترازو، اور پیمانہ کس نے ایجاد کیا ؟ ۱۸۳۔

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے (تفسیر خازن ص۲۳۸)

س : حضرت ادریس علیہ السلام کا پیشہ بتایئے ؟ ۱۸۴

ج ۔ سلائی۔

س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جو موت کا ذائقہ چکھنے کے بعد زندہ ہیں ؟ ۱۸۵

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام (کنز الایمان پ۱۶ مریم آیت ۵۶)

س : حضرت ادریس علیہ السلام کو کتنی زبانوں کا علم تھا ؟ ۱۸۶۔

ج ۔ بہتر۔

marfat.com

ج ۔ سورۂ مریم میں ایک بار اور سورۃ الانبیاء میں ایک بار۔

س : حضرت ادریس علیہ السلام کا اصل نام بتلایئے جو سریانی زبان میں تھا ؟ ۱۷۷

ج ۔ اخوخ، سب سے پہلے درس دینے کی وجہ سے ادریس پڑا۔ (صاوی ص۱۵)

س : حضرت ادریس علیہ السلام کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کتنی بار تشریف لائے ؟ ۱۷۸۔

ج ۔ صرف چار مرتبہ۔

س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جو علم نجوم میں خوب ماہر تھے ؟ ۱۷۹۔

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام۔

س : دنیا میں سب سے پہلے سلائی کس نے کیا ؟ ۱۸۰

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے (تفسیر خازن ص۲۳۸)

س : حضرت ادریس علیہ السلام سے قبل ستر پوشی کس طرح ہوتی تھی ؟ ۱۸۱۔

ج ۔ چمڑے وغیرہ سے۔

س : سب سے پہلے قلم سے کس نے لکھا ؟ (کنز الایمان پ۱۶ س مریم آیت ۵۶) ۱۸۲

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے (صاوی ص۱۴۱)

س : دنیا میں سب سے پہلے ہتھیار، ترازو، اور پیمانہ کس نے ایجاد کیا ؟ ۱۸۳۔

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام نے (تفسیر خازن ص۲۳۸)

س : حضرت ادریس علیہ السلام کا پیشہ بتایئے ؟ ۱۸۴

ج ۔ سلائی۔

س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جو موت کا ذائقہ چکھنے کے بعد زندہ ہیں ؟ ۱۸۵

ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام (کنز الایمان پ۱۶ مریم آیت ۵۶)

س : حضرت ادریس علیہ السلام کو کتنی زبانوں کا علم تھا ؟ ۱۸۶۔

ج ۔ بہتر۔

marfat.com

س : حضرت ادریس علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے ؟ ۱۸۷
ج . بعض روایات کے مطابق بابل میں۔
س : حضرت ادریس علیہ السلام نے اپنی نافرمان اور شریر قوم سے تنگ آکر کہاں ہجرت کی تھی ؟ ۱۸۸
ج . مصر کی طرف۔
س : سب سے زیادہ بولیاں جاننے والے پیغمبر کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۱۸۹۔
ج . حضرت ادریس علیہ السلام۔
س : علم حکمت و نجوم کی ابتدا کرنے والے پیغمبر کا نام بتلایئے ؟ ۱۹۰۔
ج . حضرت ادریس علیہ السلام (حاشیہ جلالین) ص ۵۰۳۔
س : حضرت ادریس علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے ؟۔ ۱۹۱۔
ج . تیس ۳۰۔ (پ ۱۶ س مریم آیت ۵۵)
س : دنیا میں سب سے پہلے سوئی کس نے ایجاد کیا ؟ ۱۹۲۔
ج . حضرت ادریس علیہ السلام نے۔
س : حضرت ادریس علیہ السلام نے کتنے شہر آباد کئے۔ ۱۹۳
ج . ایک سو اسی ۱۸۰۔
س : حضرت ادریس علیہ السلام نے علم و عمل کے لحاظ سے خدا کی مخلوق کو کن طبقات میں تقسیم کیا تھا ؟ ۱۹۴
ج . بادشاہ اور رعیت و کاہن۔
س : حضرت ادریس علیہ السلام نے کتنی عمر پائی ؟ ۱۹۵
ج . اس سلسلے میں بہت اختلاف ہے۔
س : حضرت ادریس علیہ السلام کی انگوٹھی پر کون سی عبارت کندہ تھی ؟ ۱۹۶
ج . اللہ پر ایمان اور صبر فتحمندی کی علامت ہے۔

marfat.com

س : مفسرین نے بائبل (انجیل) کی روشنی میں کس کو حضرت ادریس علیہ السلام سمجھا ہے؟ ۱۹۷

ج . اخنوخ کو۔

س : حضرت ادریس علیہ السلام کے والد کا نام بتایئے؟ ۱۹۸

ج . شیث بن آدم علیہما السلام۔ (کنز الایمان پ۱۶ مریم آیت ۵۵)

حضرت سیدنا ہود علیہ السلام

س : حضرت ہود علیہ السلام کے عہد میں کس قوم پر عذاب الٰہی نازل ہوا؟ ۱۹۹

ج . قوم عاد پر۔

س : حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کہاں رہتی تھی۔ ۲۰۰۔

ج . احقاف میں جو عمان اور حضرموت کے درمیان یمن کا ریگستانی علاقہ ہے۔

س : حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کا نام بتایئے؟ ۲۰۱

ج . قوم عاد۔

س : قوم عاد جن بتوں کی عبادت کرتے تھے ان کا نام بتایئے؟ ۲۰۲

ج . صدار، صمود، اور کاہبا۔ (البدایہ والنہایہ ص۱۲۱)

س : حضرت ہود علیہ السلام کا پیشہ بتایئے کیا تھا؟ ۲۰۳۔

ج . تجارت۔

marfat.com

س : بتائیے حضرت ہود علیہ السلام حضرت سام بن نوح علیہ السلام کے کون تھے؟ ۲۰۴۔

ج ۔ پڑپوتے۔ (احوال الانبیاء ص۲۱۰)

س : کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت ہود علیہ السلام کے قوم کے لوگ کتنے گزیلے تھے؟ ۲۰۵

ج ۔ اسّی گز۔ (احوال الانبیاء ص۲۱۱)

س : حضرت ہود علیہ السلام نے اپنی قوم سے کیا کہا سورۃ الاعراف کے حوالہ سے بتائیے؟ ۲۰۶۔

ج ۔ اے برادران قوم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی خدا نہیں کیا تم اپنی غلطیوں سے پرہیز نہ کروگے۔

س : قرآن مجید میں حضرت ہود علیہ السلام کا اسم گرامی کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ۲۰۷۔

ج ۔ سات مرتبہ

س : قرآن مجید میں کون کون سی آیات میں حضرت ہود علیہ السلام کا ذکر آیا ہے۔ ۲۰۸

ج ۔ سورۂ اعراف میں آیت نمبر ۶۵، ہود، آیت نمبر ۵۰، ۵۳، ۵۸، ۶۰، ۸۹، سورہ شعرا میں آیت نمبر ۱۲۴

س : قوم عاد کا ذکر قرآن میں کتنی سورتوں میں آیا ہے؟ ۲۰۹۔

ج ۔ سترہ سورتوں میں۔

س : عاد کون تھے؟ ۲۱۰۔

ج ۔ یہ عرب کی قدیم ترین قوم تھی جن کی شان و شوکت ضرب المثل تھی اب ان کا نام و نشان تک مٹ چکا ہے۔

س : قوم عاد کا مذہب کیا تھا؟ ۲۱۱

ج ۔ یہ لوگ بت پرست تھے۔

س : حضرت ہود علیہ السلام عاد کی کس شاخ سے تعلق رکھتے تھے؟ ۲۱۲۔

marfat.com

ج ۔ خلود سے۔

س : قرآن مجید میں عاد ارم کس کو کہا گیا ہے۔؟ ۲۱۴

ج ۔ ارم حضرت نوح علیہ السلام کے پوتے اور سام کے بیٹے کا نام ہے انہیں کی نسل سے عاد تھے اسی لیے انہیں عاد ارم کہا گیا۔

س : عاد کو ذات العماد کیوں کہا گیا۔؟ ۲۱۴

ج ۔ کیوں کہ انہوں نے بلند و بالا عمارات بنائی تھیں۔

س : حضرت ہود علیہ السلام پر کتنے افراد ایمان لائے تھے؟ ۲۱۵۔

ج ۔ ستر (۷۰) قبیلے سے ستر (۷۰) آدمی۔

س : قوم کی ہلاکت کے بعد حضرت ہود علیہ السلام کہاں تشریف لے گئے؟ ۲۱۶

ج ۔ مکہ مکرمہ اور اخیر عمر تک وہیں رہے۔

س : سات روز تک مسلسل تیز ہوا کی صورت میں عذاب الٰہی کس قوم پر نازل ہوا۔؟ ۲۱۷۔

ج ۔ قوم عاد پر۔

س : حضرت ہود علیہ السلام کا دوسرا نام کیا تھا؟ ۲۱۸

ج ۔ عابر۔

س : حضرت ہود علیہ السلام کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۲۱۹

ج ۔ حضر الموت کا علاقہ مکلا نامی شہر میں جہاں لوگ کثرت سے حاضر ہوتے ہیں۔

س : بتایئے قرآن مجید کے کس پارہ میں سورہ ہود ہے اور اس کے کتنے رکوع اور آیات ہیں؟ ۲۲۰

ج ۔ بارھویں پارہ میں۔ اس میں دس رکوع اور اکسو تیئس آیات ہیں۔

---

marfat.com

حضرت سیدنا صالح علیہ السلام

س : قوم ثمود کی طرف بھیجے جانے والے پیغمبر کا اسم گرامی بتائیے ؟ ۲۲۱۔

ج ۔ حضرت صالح علیہ السلام۔

س : قوم ثمود کہاں رہتی تھی ؟ ۲۲۲

ج ۔ حجر کے علاقے میں جو حجاز اور شام کے درمیان وادی القریٰ تک پھیلا ہوا ہے۔

س : کیا قوم ثمود کی کچھ نشانیاں اب بھی باقی ہیں ؟ ۲۲۳

ج ۔ پہاڑوں میں کھودی ہوئی ان کی عمارتیں اب بھی موجود ہیں۔

س : قوم ثمود کس کی پوجا کرتی تھی ؟ ۲۲۴۔

ج ۔ مختلف بتوں کی۔

س : اونٹنی کا معجزہ دکھانے والے پیغمبر کا اسم گرامی بتائیے ؟ ۲۲۵

ج ۔ حضرت صالح علیہ السلام۔

س : ناقۃ اللہ کیسے وجود میں آئی ؟ ۲۲۶

ج ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی دعا سے۔

س : حضرت سیدنا صالح علیہ السلام کے عہد میں عذاب الٰہی کس قوم پر نازل ہوا ؟ ۲۲۷۔

ج ۔ قوم ثمود پر۔

س : حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا نام بتائیے ؟ ۲۲۸

ج ۔ ناقۃ اللہ۔

marfat.com

س : عاد ثانیہ کس نبی کی قوم کو کہا جاتا ہے؟ ۲۲۹
ج ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کو اور ثمود بھی کہتے ہیں۔
س : صابن کس نبی کی ایجاد ہے۔ ۲۳۰
ج ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی۔
س : اس جانور کا نام بتایئے جو ایک قبیلہ کے برابر پانی پی جایا کرتا تھا۔ ۲۳۱
ج ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی ناقۃ اللہ۔
س : حضرت صالح علیہ السلام کے اونٹنی کی کوچیں کس قوم کے لوگوں نے کاٹی تھی۔ ۲۳۲
ج ۔ قوم ثمود کے۔
س : قوم ثمود کے لوگوں نے ناقۃ اللہ کی کوچیں کس دن کاٹے تھے؟ ۲۳۳۔
ج ۔ بدھ کے روز اور بعض نے منگل بتایا ہے۔ (حاشیہ جلالین ص۳۱۴)
س : حضرت صالح علیہ السلام کا کیا پیشہ تھا۔؟ ۲۳۴۔
ج ۔ تجارت (کمبل بناتے تھے)
س : حضرت صالح علیہ السلام نے اپنی قوم کی تباہی کے لئے کون سی نشانی مقرر کی تھی؟ ۲۳۵۔
ج ۔ جب ناقۃ اللہ کو نقصان پہنچائیں گے تو تباہ و برباد ہو جائیں گے۔
س : حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی ناقۃ اللہ کے قاتل کا نام بتایئے ۲۳۶
ج ۔ قدار بن سالف (روح المعانی ص۸۹/۱۷)
س : کس جانور کا سینہ ۶۰ گز چوڑا تھا؟ ۲۳۷۔
ج ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی ناقۃ اللہ کا۔
س : حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کا کونسا شخص عذاب الٰہی سے محفوظ رہا ۲۳۸
ج ۔ ابو رغال نامی شخص جو مکہ میں تھا اور باقی ایمان لانے والے۔ (الکمال)

marfat.com

س : کس کے کہنے پر حضرت صالح علیہ السلام سے اونٹنی کا معجزہ صادر ہوا۔؟ ۲۳۹

ج . جندع ابن عمر کے (معجزہ دیکھ کر ایمان لایا)

س : کڑک بجلی اور دہشتناک چیخ کی صورت میں کس قوم پر عذاب الٰہی نازل ہوا۔؟ ۲۴۰

ج . قوم ثمود پر۔

س : حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کو جہاں قتل کیا گیا اس جگہ کا نام بتاؤ؟ ۲۴۱

ج . مدائن صالح

س : حضرت صالح علیہ السلام کا مزار کہاں واقع ہے۔؟ ۲۴۲

ج . وادی نجف کے ایک قصبہ میں۔

س : قرآن مجید میں حضرت صالح علیہ السلام کا اسم گرامی کتنی بار آیا ہے۔ ۲۴۳

ج . آٹھ (۸) بار۔

س : جب ناقۃ اللہ کو ہلاک کر دیا گیا تو اس کا بچہ کہاں چلا گیا؟ ۲۴۴

ج . چیختا چلاتا ہوا پہاڑوں میں غائب ہو گیا۔

س : قوم ثمود نے جب اللہ کی اونٹنی کو ہلاک کر دیا تو اس کا انجام کیا ہوا۔؟ ۲۴۵

ج . پوری قوم تباہ ہو گئی سوائے ایمان لانے والوں کے۔

س : قوم ثمود کی بستیوں میں فجہ ان فۃ کونسی جگہ ہے ؟ ۲۴۶

ج . یہ ایک درہ ہے جہاں سے ناقۃ اللہ پانی پینے کے لئے آیا کرتی تھی۔

س : بتایئے حضرت صالح علیہ السلام کی کل عمر کتنے سال کی ہوئی۔؟ ۲۴۷

ج . بروایت کعب احبار، دو سو اٹھارہ سال کی۔ (احوال الانبیاء ص ۲۳)

marfat.com

حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی دفعہ آیا ہے؟

اج بھی ہو جو براہیم سا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے انداز گلستاں پیدا

ج: ۶۷ بار

س: وہ کون سے پیغمبر ہیں جن کو آگ میں ڈالا گیا؟ ۲۴۸

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام بتایئے۔ ۲۴۹۔

ج۔ توریت میں تارخ اور قرآن مجید میں آذر ہے۔ چونکہ آذر بڑے پجاری کو کہتے ہیں اور تارخ خود بھی بڑا پجاری تھا۔ بہرحال قرآن نے آذر کہا ہے ہم بھی آذر کہیں گے۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی سورتوں میں آیا ہے؟ ۲۵۰۔

ج۔ پچیس ۲۵ سورتوں میں۔

س: اس پیغمبر کا اسم گرامی بتایئے جنہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کے بعد اسلام کی عالمگیر دعوت کے لئے مقرر فرمایا؟ ۲۵۱۔

ج۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تبلیغ حق کے لئے شرق اردن میں کس کو اپنا خلیفہ بنا کر بھیجا۔ ۲۵۲

ج۔ اپنے بھتیجے حضرت لوط علیہ السلام کو۔

marfat.com

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دین حق کی تبلیغ کے لئے شام، اور فلسطین میں کس کو خلیفہ بنا کر بھیجا۔ ۲۵۳

ج ۔ اپنے بیٹے حضرت اسحاق علیہ السلام کو۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بڑے صاجزادے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو کس علاقہ میں مقرر فرمایا؟ ۲۵۴

ج ۔ عرب کے اندرونی علاقوں میں۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کتنے صاجزادے تھے ان کے نام بتایئے ۲۵۵

ج ۔ دو، حضرت اسمٰعیل علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کون سے پڑپوتے پیغمبر تھے ان کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۵۶۔

ج ۔ حضرت یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ خلیل اللہ لقب کس پیغمبر کا تھا؟ ۲۵۷۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عہد میں کون بادشاہ تھا؟ ۲۵۸۔

ج ۔ نمرود۔

س : اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم پر کون سا عذاب نازل فرمایا۔ ۲۵۹۔

ج ۔ مچھروں کا۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے۔ ۲۶۰۔

ج ۔ سرزمین اہواز بمقام سوس، بابل۔

س : پاجامہ پہننا کس نبی کی سنت ہے؟ ۲۶۱۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی۔

marfat.com

س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جنہوں نے ستاروں کو دیکھ کر فرمایا میں بیمار ہوں۔ تمہارے ساتھ نہیں چل سکتا۔ ۲۶۲

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام

س : دنیا میں سب سے پہلے حقیقی گلزار کس شخصیت کی وجہ سے وجود میں آیا ؟ ۲۶۳۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وجہ سے۔

س : اس باپ کا نام بتلایئے جس نے اپنے اکلوتے بیٹے کے گلے پر اللہ کی رضا کے لئے چھری رکھ دی۔ ۲۶۴

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : کنگھی ایجاد کرنے والے پیغمبر کا اسم گرامی کیا ہے۔ ۲۶۵

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کتنی دفعہ تشریف لائے۔ ۲۶۶۔

ج ۔ بیالیس ۴۲ مرتبہ۔

س : نمرود بادشاہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کس ذریعہ سے آتشکدہ میں ڈالا۔ ۲۶۷۔

ج ۔ منجنیق (گوپھن) کے ذریعہ۔

س : منجنیق بنانے کا مشورہ کس نے دیا۔ ۲۶۸۔

ج ۔ شیطان لعین نے۔

س : عبدالانبیاء کا لقب کس نبی کو عطا ہوا۔ ۲۶۹

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کہاں کے رہنے والے تھے ؟ ۲۷۰۔

marfat.com

ج ۔ عراق کے شہر اُر کے باشندہ تھے۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دونوں بھائیوں کے نام بتایئے ۲۷۱

ج ۔ نحور اور حاران۔

س : نمرود کے باپ کا نام کیا تھا۔ ۲۷۲۔

ج ۔ کنعان بن نوح (مختلف روایت ہے)

س : نمرود کی اس بیٹی کا نام بتایئے جس نے آتشکدہ میں داخل ہو کر اسلام قبول کیا تھا؟ ۲۷۳۔

ج ۔ رغفہ۔

س : اس باپ کا نام بتایئے جس نے اللہ کی خوشنودی کے لئے اپنے بیٹے اور بیوی کو عرب کے ریگستان میں بے یار و مددگار چھوڑ دیا؟ ۲۷۴۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کا کلمہ کیا تھا۔ ۲۷۵

ج ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِبْرَاھِیْمُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا پیشہ کیا تھا؟ ۲۷۶

ج ۔ بت سازی، اور ریاست کے سب سے بڑے عہدہ دار بھی تھے۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام آتشکدہ میں کتنے دن رہے؟ ۲۷۷

ج ۔ چالیس دن۔

س : کعبہ شریف میں سب سے پہلے حجر اسود کس نے نصب فرمایا؟ ۲۷۸

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س : حضرت ابراہیم پر کتنے صحیفے نازل ہوئے۔ ۲۷۹

ج ۔ دس (۱۰)

س : وہ کون سے نبی ہیں جنہیں آسمان و زمین کی بادشاہی دکھائی گئی ۲۸۰۔

marfat.com

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بابل سے کس طرف ہجرت فرمایا ۲۸۱

ج ۔ کنعان کی جانب۔

س : دیار مصر کے اس حاکم کا نام بتاؤ جو حضرت سارہ رضی اللہ عنہا سے ناز یا حرکتیں کرنے کا متمنی تھا؟ ۲۸۲۔

ج ۔ رقیون یا اخیون۔

س : حاکم مصر نے حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بحیثیت کنیز کس خاتون کو پیش کیا تھا؟ ۲۸۳۔

ج ۔ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کو۔

س : بت شکنی یعنی بتوں کو توڑنے کا کام سب سے پہلے کس نبی نے انجام دیا؟ ۲۸۴۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س : اطمینان قلبی کے لئے مردوں کو زندہ دیکھنے کی تمنا کس پیغمبر نے کی ۲۸۵

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے (کنزالایمان پ ۳ البقرہ آیت ۲۶۰)

س : اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کن کن پرندوں کو زندہ دیکھنے کا موقع ملا۔؟ ۲۸۶

ج ۔ مور، مرغ، کبوتر، کوا۔ (خزائن العرفان البقرۃ)

س : دنیا کے تبکدے میں اللہ تعالیٰ کا پہلا گھر کس نے تعمیر کیا۔ ۲۸۷

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س : تعمیر کعبہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ پتھر اٹھانے کی خدمت کس نے انجام دی۔ ۲۸۸۔

ج ۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے۔

marfat.com

س : آتشکدۂ نمرود کا عرض وطول بتایئے ؟ ۲۸۹۔
ج ۔ پتھر کی تیس گز لمبی اور بیس گز چوڑی دیوار تھی (حاشیہ جلالین ص ۳۷۰)
س : حضرت ابراہیم علیہ السلام جس وقت آتشکدہ میں داخل ہوئے کیا عمر تھی ؟ ۲۹۰۔
ج ۔ ۱۶ سال اور بعض نے ۲۶ سال بتایا ہے (صاوی ص ۱۲۳ پارہ نمبر ۱۷)
س : آتشکدہ نمرود میں کتنے دنوں تک لکڑیاں جمع کی گئیں اور اسے دہکایا گیا ؟ ۲۹۱۔
ج ۔ ایک ماہ تک لکڑیاں جمع کی گئیں اور سات روز تک دہکایا گیا۔
س : حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو قربان کرنے کے لئے کہاں لے گئے تھے ؟ ۲۹۲۔
ج ۔ وادیٔ منیٰ میں۔
س : بوقت ولادت اسحاق علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر کیا تھی ؟ ۲۹۳۔
ج ۔ سو (۱۰۰) سال اور حضرت سارہ رضی اللہ عنہا کی ۹۰ سال تھی۔
س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیویوں کے نام بتلایئے ؟ ۲۹۴۔
ج ۔ حضرت سارہ، حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہما اور قطورہ وحجون بنت زہیر (الکامل ص ۱۲۳)
س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صاحبزادے مدیان کی والدہ کا نام کیا تھا ؟ ۲۹۵۔
ج ۔ قطورہ۔
س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ذوالعجرتین کس کا لقب تھا اور کیوں تھا ؟ ۲۹۶
ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا پہلے ہجرت کوفہ کی طرف کیا اور پھر کوفہ

marfat.com

سے شام کی جانب.

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قطورہ کی وفات کے بعد کس سے نکاح کیا؟ ۲۹۷۔

ج ۔ حجون بنت زہیر سے (الکامل فی التاریخ صـ۱۲۳)

س : حضرت نوح اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کے فرق زمانی کی مدت کیا تھی؟ ۲۹۸۔

ج ۔ دو ہزار چالیس سال.

س : سب سے پہلے ممبر پر خطبہ کس نے دیا۔ ۲۹۹

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س : سب سے پہلے مونچھیں اور بغل کے بال ناخن کسنے کاٹے؟ ۳۰۰۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س : سب سے پہلے جمعہ کے روز غسل کس نے کیا؟ ۳۰۱۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س : دنیا میں سب سے پہلے کس کے داڑھی کے بال سفید ہوئے۔ ۳۰۲

ج ۔ ابراہیم علیہ السلام کے؟

س : دنیا میں سب سے پہلے کس نبی نے مہندی کا خضاب استعمال کیا۔ ۳۰۳

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س ۔ سب سے پہلے عورتوں میں سلائی کس نے کیا؟ ۳۰۴ ۔

ج ۔ حضرت سارہ رضی اللہ عنہا نے۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ نمرود کا کیا جھگڑا تھا؟ ۳۰۵۔

ج ۔ آپ اسے قطعی طور پر رب تسلیم نہیں کرتے تھے۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نمرود سے اپنے رب کے بارے میں کیسا

marfat.com

فرمایا تھا؟ ۳۰۶

ج : میرا رب وہ ہے جس کے قبضے میں موت وحیات ہے۔

س : زندگی اور موت میرے ہاتھ میں ہے نمرود کی اس بات کا جواب ابراہیم علیہ السلام نے کیسے دیا؟ ۳۰۷۔

ج ۔ آپ نے فرمایا میرا رب سورج مشرق سے نکالتا ہے تو مغرب سے نکال لا۔ یہ سن کر نمرود حیران اور لاجواب ہو گیا۔

س : موت وحیات کی گفتگو پر نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کیا جواب دیا؟ ۳۰۸۔

ج ۔ موت وحیات میرے بھی قبضہ میں ہے میں جسکو چاہوں تختۂ دار پر سولی دے دوں اور جس کو چاہوں چھوڑ دوں۔

س : ختنہ کا حکم نازل ہونے پر سب سے پہلے اپنا ختنہ کس نے کیا؟ ۳۰۹۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ کس عمر میں کیا؟ ۳۱۰۔

ج ۔ ایک سو بیس ۱۲۰ سال کی عمر میں۔ (کنز العمال ص ۴۸۵/۱) تفسیر نعیمی میں اسی ۸۰ سال بتایا گیا ہے۔

س : معراج کی شب امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کس نے کہلوایا؟ ۳۱۱

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جو بغیر مہمان کے کھانا نہیں کھاتے تھے؟ ۳۱۲۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : ابو الضیفان یعنی مہمانوں کو کھانا کھلانے والے کس کا لقب ہے؟ ۳۱۳

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا۔

س : سب سے پہلے کان کس نے کس کا چھیدا؟ ۳۱۴۔

marfat.com

ج . حضرت سارہ رضی اللہ عنہا نے حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کا.

س : ام العرب کس کو کہا جاتا ہے؟ ۳۱۵

ج . حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کو.

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ کا نام بتلیے؟ ۳۱۶.

ج . امیلہ یا بونا بنت کرنبا بن کرثی (البدایہ والنہایہ ص۱۴۰)

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجہ محترمہ قطورہ سے پیدا ہونے والوں کے نام بتلیئے؟ ۳۱۷.

ج . نقشان، مران، مدن، نسق، سرح، (الکامل فی التاریخ ص۱۲۳)

س : استنجا اور مسواک کرنا کس پیغمبر کی سنت ہے؟ ۳۱۸.

ج . حضرت ابراہیم علیہ السلام کی.

س : حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کی قبر کہاں واقع ہے. ۳۱۹

ج . حطیم کے اندر میزاب رحمت کے نیچے (مختلف اقوال ہیں)

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قبر انور کہاں واقع ہے؟ ۳۲۰

ج . مکفیلہ بنی عفران میں قصبہ حبرون جو بیت المقدس کے قریب ہے جسے قصبۃ الخلیل بھی کہا جاتا ہے؟

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عہد میں اُر میں سب سے بڑا بت کون سا تھا؟ ۳۲۱

ج . نمار.

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زبان کون سی تھی؟ ۳۲۲.

ج . اصل زبان سریانی تھی ہجرت کے ارادہ سے نکلتے وقت جب نمرود کو یہ اطلاع ملی تو جاسوسوں کو نمرود نے گرفتار کے لئے روانہ کیا حتیٰ کہ بوقت دریا عبور وہ پہونچ گئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی زبان کو عبرانی کر دیا

marfat.com

ورنہ ممکن تھا کہ آپ پکڑ لئے جاتے۔ (شرح بخاری ص۵۲)

س : بیت اللہ شریف کی تعمیر مکمل ہونے پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کس چیز کا حکم دیا گیا؟ ۳۲۳۔

ج ۔ اللہ پاک نے فرمایا کہ حج کا اعلان کر دیں۔

س : حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب اپنی قوم سے فرمایا کہ ان بتوں کی پوجا کیوں کرتے ہو جبکہ نہ یہ بول سکتے ہیں نہ سن سکتے ہیں تو قوم نے کیا جواب دیا؟ ۳۲۴۔

ج ۔ ہم نے اپنے دادا کو ان کی عبادت کرتے پایا ہے اس لئے ہم بھی ان کی پوجا کرتے ہیں۔

س : بوقت ہجرت حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ساتھ کس نے دیا؟ ۳۲۵۔

ج ۔ آپ کے بھتیجے حضرت لوط علیہ السلام نے۔

س : دنیا کے اس واحد انسان کا نام بتایئے جس کی نسل میں مسلسل چار نبی ہوئے ہیں؟ ۳۲۶۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام

س : معراج کی رات حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کہاں دیکھا تھا؟ ۳۲۷

ج ۔ آسمان پر بیت المعمور کی دیوار سے ٹیک کئے ہوئے۔

س : بتایئے حج کا طریقہ سب سے پہلے کس نے بتایا تھا؟ ۳۲۸

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔

marfat.com

حضرت سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی نسل سے ہونے والے سب سے بڑے پیغمبر کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۳۲۹

ج ۔ سرور کائنات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے والد محترم کا اسم گرامی بتایئے؟ ۳۳۰۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام کیا تھا؟ ۳۳۱۔

ج ۔ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی والدہ کس خاندان سے تھیں؟ ۳۳۲

ج ۔ آپ شاہ مصر کی بیٹی تھیں۔

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟ ۳۳۳

ج ۔ بارہ (۱۲) بار۔

س : عرب کے مشہور قبیلہ قریش کے مورث اعلیٰ کا نام بتلایئے؟ ۳۳۴۔

ج ۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کتنے بھائی تھے؟ ۳۳۵

ج ۔ صرف ایک بھائی تھے حضرت اسحاق علیہ السلام۔

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو حضرت ابراہیم علیہ السلام ان کی والدہ سمیت عرب کی جس غیر آبادی میں چھوڑ گئے تھے اب اس کا نام کیا ہے؟ ۳۳۶

ج ۔ مکہ مکرمہ۔

marfat.com

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے ؟ ۳۳۷۔
ج ۔ ملک شام کے علاقہ کنعان میں۔
س : کس نبی کی ایڑیاں رگڑنے کی برکت سے آب زم زم کا چشمہ نمودار ہوا ؟ ۳۳۸
ج ۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے۔
س : چشمہ زم زم کے قریب سب سے پہلے آباد ہونے والے قبیلہ کا نام کیا تھا ۳۳۹
ج ۔ قبیلہ بنی جرہم۔
س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی پہلی شادی کس قبیلہ کی لڑکی سے ہوئی ۳۴۰
ج ۔ قبیلہ بنی جرہم کی۔
س : ذبیح اللہ کس پیغمبر کا لقب ہے ؟ ۳۴۱
ج ۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا۔
س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے بعد آپ کے جانشین کون ہوئے ۳۴۲
ج ۔ آپ کے صاحبزادے نابت
س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا ختنہ کس عمر میں ہوا ؟ ۳۴۳۔
ج ۔ تیرھویں سال میں۔
س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا لقب ذبیح اللہ کے علاوہ اور کیا تھا ۳۴۴
ج ۔ ابو العرب۔
س : جس وقت حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی والدہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہوا اس وقت آپ کی عمر کیا تھی ؟ ۳۴۵۔
ج : ۲۰۔ سال (احوال الانبیاء ص ۲۷۵)
س ۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے کتنے صاحبزادے تھے ؟ ۳۴۶۔
ج ۔ باختلاف روایت۔ ۱۲۔
س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جو اللہ کی راہ میں ذبح ہونے کے لئے پتھر پہ لیٹ گئے ۳۴۷۔

marfat.com

ج ۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔

س : بتائیے عیدالاضحیٰ میں قربانی کس کی یادگار ہے؟ ۳۴۸۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس واقعہ کی جب اپنے فرزند حضرت سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کو بحکم اللہ ذبح کرنا چاہا تھا۔

س : اسمٰعیل کے لفظی معنیٰ بتائیے؟ ۳۴۹۔

ج ۔ یہ عبرانی لفظ ہے اس کا معنیٰ ہے وہ فرزند جس کے لئے اللہ نے باپ کی دعا سن لی۔

س : آب زمزم کے قریب آباد ہونے کی اجازت حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا نے قبیلہ بنی جرہم کو کس شرط پر دی تھی؟ ۳۵۰

ج ۔ اس شرط پر کہ وہ پانی میں ملکیت کے حصہ دار نہیں ہو سکتے؟

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے دوسری شادی کب اور کیوں کی؟ ۳۵۱

ج ۔ آپ نے پہلی بیوی کو اپنے والد بزرگوار کے ارشاد سے متاثر ہو کر طلاق دے دی تھی۔ اس لئے دوسری شادی کی۔

س : اسلامی تاریخ میں ذبح عظیم کے مصداق کون نبی ہیں؟ ۳۵۲

ج ۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی کل عمر کتنی تھی؟ ۳۵۳۔

ج ۔ ۱۳۶۔ سال۔

س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی قبر انور کہاں واقع ہے؟ ۳۵۴

ج ۔ فلسطین میں۔

مومن وہ ہے جو انکی عزت پہ مرے دل سے ٭ تعظیم بھی کرتا ہے نجدی تو مرے دل سے

marfat.com

حضرت سیدنا اسحاق علیہ السلام

س : حضرت اسحٰق علیہ السلام کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۳۵۵
ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔
س : حضرت اسحٰق علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام کیا تھا؟ ۳۵۶۔
ج ۔ حضرت سارہ رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت اسحٰق علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کب دی گئی؟ ۳۵۷
ج ۔ جب فرشتے انسانی شکل میں حضرت لوط علیہ السلام کی طرف بھیجے گئے تھے تو وہ پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے گھر آئے اور انہیں ایک بیٹے کے پیدائش کی خوشخبری دی۔
س : حضرت اسحٰق علیہ السلام کا ختنہ کتنی عمر میں ہوا؟ ۳۵۸۔
ج ۔ جب آپ سات یا آٹھ دن کے تھے۔
س : اسحٰق کے لفظی معنی بتایئے اور وجہ تسمیہ؟ ۳۵۹
ج ۔ ہنستا ہوا یا ہنستا ہے۔ حضرت سارہ رضی اللہ عنہا نے خوش خبری سن کر ہنس دی تھی۔
س : حضرت اسحاق علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا نام بتایئے؟ ۳۶۰۔
ج ۔ رفقہ۔
س : حضرت اسحٰق علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟ ۳۶۱۔
ج ۔ کنعان میں۔

marfat.com

س : حضرت اسحٰق علیہ السلام ہدایت کے لیے کس ملک کی جانب تشریف لے گئے ؟ ۳۶۲۔

ج ۔ ملک شام کی طرف۔

س : حضرت اسحٰق علیہ السلام کے ان دونوں صاحبزادوں کے اسم گرامی کیا ہیں جو ایک ہی قبر میں دفن ہیں ؟ ۳۶۳۔

ج ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام اور حضرت عیص، اور بعض نے عیص کی جگہ عیسو بتایا ہے۔

س : حضرت اسحٰق علیہ السلام کی عمر نکاح اول کے وقت کتنی تھی؟ ۳۶۴۔

ج ۔ ۴۰ سال کی۔

س : قرآن مجید میں حضرت اسحٰق علیہ السلام کی تعریف کن الفاظ میں کی گئی ہے ؟ ۳۶۵۔

ج ۔ غلام، علیم، (ذی علم، یا سیانا لڑکا)

س : حضرت اسحاق علیہ السلام کہاں رہا کرتے تھے۔ ۳۶۶۔

ج ۔ فلسطین کی وادیٔ حبرون میں جہاں ان کے والد گرامی رہا کرتے تھے۔

اہل عمل کو ان کے عمل کام آئیں گے　　میرا ہے کون تیرے سوا آہ بے خبر

حضرت سیدنا یعقوب علیہ السلام

س : حضرت یعقوب علیہ السلام کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۳۶۷۔

marfat.com

ج ۔ حضرت اسحٰق علیہ السلام۔
س : قرآن مجید میں حضرت یعقوب علیہ السلام کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ۳۶۸
ج ۔ سولہ (۱۶) بار۔
س : حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟ ۳۶۹
ج ۔ اسرائیل (خدا کا بندہ)
س : اسرائیلی کون ہیں؟ ۳۷۰
ج ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد ہیں۔
س : حضرت یعقوب علیہ السلام کہاں رہا کرتے تھے؟ ۳۷۱
ج ۔ فلسطین کی وادی حبرون میں۔ جبکہ حاشیہ جلالین میں لکھا ہے کہ آپ کنعان کے رہنے والے تھے۔
س : حضرت یعقوب علیہ السلام کے دادا کا نام بتایئے؟ ۳۷۲۔
ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام
س : حضرت یعقوب علیہ السلام کی چاروں بیویوں کے نام بتایئے؟ ۳۷۳
ج ۔ لیا، زلفہ، بلہا، راحیل،
س : کیا آپ ایسے پیغمبر کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں جو اپنے بیٹے کے فراق میں اسقدر روئے کہ نابینا ہو گئے؟ ۳۷۴
ج ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام۔
س : حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کیسے واپس آئی؟ ۳۷۵
ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے کرتا شریف کی برکت سے۔
س : حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص حضرت یعقوب علیہ السلام کی بارگاہ میں کون لایا؟ ۳۷۶۔
ج ۔ آپ کے بڑے صاحبزادے یہودا۔

marfat.com

س : حضرت یعقوب علیہ السلام کی کل عمر کتنی تھی۔ ۳۷۷
ج ۔ ۱۴۷ سال۔
س : حضرت یعقوب علیہ السلام مصر میں اپنے صاحبزادے یوسف علیہ السلام کے ساتھ کتنے سال رہے؟ ۳۷۸۔
ج ۔ ۲۲۔ سال اور بعض نے ۱۷ سال بتایا ہے۔ جبکہ ایک قول ۱۹ سال ہے۔
س : بائبل کے بیان کے مطابق بوقت داخلہ مصر یعقوب علیہ السلام کی عمر کتنی تھی
ج ۔ آپ کے اہل خانہ کی تعداد ۶۷ تھی۔ اور آپ کی عمر ۱۳۰ سال تھی۔
س : حضرت یعقوب علیہ السلام کے صاحبزادگان کی تعداد بتائیے؟ ۳۸۰۔
ج ۔ ۱۲۔ بارہ۔
س : حضرت یعقوب علیہ السلام کی والدہ کا نام کیا تھا۔ ۳۸۱
ج ۔ رفقہ۔
س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جو اپنے پیغمبر بیٹے کی جدائی برداشت نہیں کر سکتے تھے؟ ۳۸۲۔
ج ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی برداشت نہیں کر سکتے تھے۔
س : فراقِ پسر میں حضرت یعقوب علیہ السلام کتنے سال تک روتے رہے؟ ۳۸۳
ج ۔ اسّی سال۔

ہم بھکاری وہ کریم ان کا خدا ان سے فزوں
اور نہ کہنا نہیں عادت رسول اللہ کی (صلی اللہ علیہ وسلم)

marfat.com

حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے والد محترم کا اسم گرامی بتایئے؟ ۳۸۴

ج . حضرت یعقوب علیہ السلام.

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے دادا کا اسم گرامی بتایئے، ۳۸۵

ج . حضرت اسحٰق علیہ السلام.

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے پڑدادا کا اسم مکرم بتایئے؟ ۳۸۶.

ج . حضرت ابراہیم علیہ السلام.

س : حضرت یوسف علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام بتایئے؟ ۳۸۷

ج . راحیل بنت لابان.

س : حضرت یوسف علیہ السلام کتنے بھائی تھے ۳۸۸.

ج . بارہ ۱۲.

س : کیا آپ حضرت یوسف علیہ السلام کے سگے بھائی کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۳۸۹

ج . بن یمین.

س : حضرت یوسف علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟ ۳۹۰

ج . ۲۷ مرتبہ.

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے اس خواب میں کیا دیکھا تھا جس کا ذکر سنکر

ج . آپ کے والد ماجد نے بھائیوں سے پوشیدہ رکھنے کا حکم دیا تھا؟ ۳۹۱.
آپ نے دیکھا تھا کہ گیارہ ستارے اور چاند و سورج آپ کو سجدہ کر رہے ہیں.

marfat.com

س : حضرت یوسف علیہ السلام کی کل عمر کتنی تھی۔ ۳۹۲
ج . ۱۱۰ سال۔
س : حضرت یوسف علیہ السلام کی ولادت کس شہر میں ہوئی۔ ۳۹۳
ج . کنعان میں۔
س : حضرت یوسف علیہ السلام نے بنی اسرائیل کو کہاں آباد کیا تھا۔ ۳۹۴
ج . جش نامی علاقہ میں اور بعض نے جشن بتایا ہے۔
س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جنہیں ان کے بھائیوں نے کنوئیں میں ڈال دیا تھا ۳۹۵
ج . حضرت یوسف علیہ السلام۔
س : وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو ڈالا گیا کنعان سے کتنی دوری پر واقع ہے ۳۹۶
ج . ۳ میل کے فاصلہ پر (حاشیہ جلالین ص ۱۹۰)
س : حضرت یوسف علیہ السلام کتنے دنوں تک کنوئیں میں رہے؟ ۳۹۷۔
ج . ۳ دن۔
س : حضرت یوسف علیہ السلام کو کنوئیں سے نکالنے والے شخص کا نام بتایئے۔ ۳۹۸
ج . مالک بن ذعر خزاعی (البدایہ والنہایہ) ص ۲۰۲
س : وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو ڈالا گیا کتنا گہرا تھا ۳۹۹
ج . ۷۰ گز۔ (حاشیہ جلالین ص ۱۹۰)
س : حضرت یوسف علیہ السلام کے باہر آنے پر آپ کے بھائیوں نے کتنے درہموں میں غلام کی صورت میں آپ کو فروخت کیا؟ ۴۰۰
ج . ۱۷ یا ۲۰
س : حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے آپ کو کس کے ہاتھ فروخت کیا! ۴۰۱۔

marfat.com

ج ۔ مالک بن ذعر خزاعی کے ہاتھ۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں میں سے کس نے درہموں میں حصہ نہیں لیا تھا؟ ۴۰۲

ج ۔ یہودا نے۔

س : بازار مصر میں فروخت ہونے والے نبی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۴۰۳

ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س : دنیا میں سب سے پہلے کس شخص کو ترازو میں تولا گیا۔ ۴۰۴

ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو۔

س : بازار مصر میں حضرت یوسف علیہ السلام کو کس نے خریدا؟ ۴۰۵

ج ۔ عزیز مصر نے۔

س : عزیز مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کو کتنی قیمت میں خریدا۔ ۴۰۶

ج ۔ آپ کے وزن کے برابر سونا اور اتنا ہی چاندی اور اتنا ہی مشک اور ریشم کے بدلے۔ (البدایہ ص ۲۰۲)

س : عزیز مصر جو وزیر اعظم تھا اس کا اصل نام بتلایئے! ۴۰۷

ج ۔ قطفیر مصری۔

س : ملک اور صبر دونوں مرتبے ساتھ میں کس نبی کو عطا ہوئے؟ ۴۰۸

ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کتنی زبانوں کے عالم تھے؟ ۴۰۹

ج ۔ بہتر۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کی بہن کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۴۱۰

ج ۔ دینا، جبکہ ایک قول ہے کہ رحمت نام تھا۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے دونوں صاحبزادوں کے نام بتایئے

marfat.com

ج ۔ افراثیم ، میشا۔

س : جس وقت حضرت یوسف علیہ السلام مصر کے اندر میں لائے گئے اس وقت وہاں کا بادشاہ کون تھا؟ ۴۱۲۔

ج ۔ ریان بن ولید۔

س : قصۂ یوسف علیہ السلام کو قرآن مجید میں کس نام سے یاد کیا گیا ہے؟ ۴۱۳

ج ۔ احسن القصص سے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کی کل عمر کتنے سال کی ہوئی؟ ۴۱۴۔

ج ۔ ۱۱۰، یا ۱۲۰ سال کی۔

س : حصول برکت کے لئے اہل مصر نے کس نبی کے تابوت کو دریائے نیل میں رکھا تھا؟ ۴۱۵

ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے تابوت کو کس نے نکال کر دفن کیا تھا؟ ۴۱۶۔

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے چار سو سال کے بعد۔

س : حسن یوسف پر فریفتہ ہونے والی خاتون کا نام بتایئے؟ ۴۱۷۔

ج ۔ حضرت زلیخا۔

س : زلیخا کا اصل نام کیا تھا؟ ۴۱۸۔

ج ۔ راعیل۔

س : حضرت زلیخا پہلے کسکے نکاح میں داخل تھیں؟ ۴۱۹

ج ۔ عزیز مصر کے۔

س : خوابوں کی تعبیر بتانے میں کون سے پیغمبر خوب ماہر تھے۔ ۴۲۰

ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س : جمال یوسف علیہ السلام کو دیکھ کر مصری عورتوں نے بجائے لیموں کے

marfat.com

کیا کاٹ ڈالا تھا؟ ۴۲۱

ج ۔ اپنی انگلیاں ۔

حسن یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشت زناں
سر کٹاتے ہیں ترے نام پہ مردان عرب

س : مصری عورتوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کے بارے میں کیا کہا۔ ۴۲۲

ج ۔ وَقُلْنَ حَاشَا لِلّٰهِ مَا هٰذَا اِلَّا بَشَرًا ط اور بولیں اللہ کی پاکی ہے یہ تو جنس بشر سے نہیں کوئی معزز فرشتہ ہے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام جب مصر میں داخل ہوئے اس وقت کس خاندان کی حکومت تھی؟ ۴۲۳

ج ۔ ہکسوس خاندان کے بادشاہوں کی (ہکسوس بمعنی چرواہا)

س : حضرت یوسف علیہ السلام کی پاکدامنی کی گواہی کس نے دی؟ ۴۲۴۔

ج ۔ چار ماہ کے بچے نے۔

س : وہ بچہ جس نے یوسف علیہ السلام کی پاکدامنی کی گواہی دی تھی کس کا بچہ تھا ۴۲۵

ج ۔ حضرت زلیخا کے ماموں کا۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کی گواہی میں بچے نے کیا کہا؟ ۴۲۶۔

ج ۔ اگر یوسف (علیہ السلام) کا کرتا آگے سے پھٹا ہو تو زلیخا سچی ہیں اور اگر پیچھے سے پھٹا ہو تو جھوٹی ہیں۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کتنے سال تک قید خانہ میں رہے۔ ۴۲۷

ج ۔ مکمل سات سال تک اور بعض نے ۸ یا ۹ سال بتایا ہے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کس ملک کے بادشاہ ہوئے؟ ۴۲۸

ج ۔ مصر کے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے کتنے سال تک مصر پہ بادشاہت کی۔ ۴۲۹

marfat.com

ج ۔ ۸۰ر سال اور بعض نے ۹۰ر سال بتایا ہے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے عہد میں مصر کے اندر کتنے سال تک قحط سالی رہی ؟ ۴۳۰۔

ج ۔ سات سال تک۔

س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جن کے چہرے کی زیارت سے ایام قحط سالی میں بھوک و پیاس ختم ہو جاتی تھی ؟ ۴۳۱

ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام۔

س : قید خانہ سے نکلتے وقت یوسف علیہ السلام کی کیا عمر تھی ؟ ۴۳۲

ج ۔ ۳۰ر سال۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار یعقوب علیہ السلام کا استقبال کتنے خدام کے ساتھ کیا ؟ ۴۳۳

ج ۔ ۴۔ ہزار خادموں کے ساتھ۔

س : حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسف علیہ السلام کے پیراہن کی بو کتنی دوری سے محسوس کر لیا تھا ؟ ۴۳۴

ج ۔ اسی میل کی دوری سے (البدایہ والنہایہ)

س : وہ قمیص جس کی برکت سے یعقوب علیہ السلام کی آنکھیں منور ہوئیں کہاں کی تھیں اور کس نے پہلے زیب تن فرمایا ؟ ۴۳۵۔

ج : حریر جنت کی جس وقت ابراہیم علیہ السلام کو آتشکدہ میں ڈالا گیا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے آپ کو پہنایا تھا،

س ۔ وہ قمیص حضرت یوسف علیہ السلام کو کیسے حاصل ہو گئی ۴۳۶۔

ج : حضرت یعقوب علیہ السلام نے آپ کے گلے میں تعویذ کی صورت میں پہنا دیا تھا۔ (حاشیہ جلالین ص۱۹۰)

marfat.com

س : بھیڑیئے نے حضرت یعقوب علیہ السلام سے اپنی برأت کا اظہار کس طرح کیا تھا؟ ۴۳۷۔

ج ۔ یا رسول اللہ! تیرے یوسف کو ہماری جماعت سے کسی نے نہیں کھایا ہے

س : اللہ تعالیٰ نے ہم پر انبیا اور صلحا و سیّاح کا گوشت حرام قرار فرمایا ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی بن یمین کے صاحبزادے کا نام بتائیے

ج ۔ طالوت۔ ۴۳۸۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کی خالہ کا نام کیا تھا؟ ۴۳۹۔

ج ۔ لیا۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟ ۴۴۰۔

ج ۔ صدیق۔

س : قید خانہ سے باہر آنے کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام نے بادشاہ مصر سے سب سے پہلے کس زبان میں گفتگو فرمایا؟ ۴۴۱۔

ج ۔ عربی میں اور بعد میں سریانی، مگر وہ سمجھ نہ سکا باوجودیکہ ستر زبانیں جانتا تھا۔ (حاشیہ جلالین صہ ۱۹۴)

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے بچپن میں کس کے بت کو توڑ کر نجاست کی راہ پہ ڈال دیا تھا؟ ۴۴۲۔

ج ۔ اپنے نانا کے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام اپنے والد محترم کے جنازہ کو اطباء حکماء کی مدد سے کتنے دنوں تک روکے رہے؟ ۴۴۳

ج ۔ چالیس روز تک بعدہٗ مقام حبرون میں دفن فرمایا جس کو کھودنے میں سات دن لگے۔ (البدایہ والنہایہ صہ ۱۲۰)

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے تابوت کو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہاں

marfat.com

دفن فرمایا؟ ۴۴۴

ج ۔ غار انبیاء (بیت المقدس) میں۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کو جس کنوئیں میں ڈالا گیا تھا وہ کنواں کس نے کھدوایا تھا؟ ۴۴۵۔

ج ۔ شداد نے۔ (حاشیہ جلالین ص۱۹۰)

س : دنیا میں سب سے پہلے کاغذ کس نے ایجاد کیا؟ ۴۴۶۔

ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے۔

س : وہ قافلہ جس نے یوسف علیہ السلام کو کنوئیں سے نکالا اور خریدا وہ کہاں سے آرہا تھا؟ اور کہاں جارہا تھا؟ ۴۴۷

ج ۔ وہ جلعاد (مشرق اردن) سے آرہا تھا اور مصر جارہا تھا۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام عزیز مصر کے گھر کتنا عرصہ تک رہے۔ ۴۴۸

ج ۔ تیس سال۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنی حکومت کے کون سے سال اپنے اہل خاندان کو کنعان سے مصر بلا لیا تھا؟ ۴۴۹

ج ۔ نویں یا دسویں سال۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے جس علاقہ (جشن) میں اپنے اہل خاندان کو آباد کیا تھا وہ کون سا علاقہ تھا؟ ۴۵۰

ج ۔ دمیاط اور قاہرہ کے درمیان۔

س : عزیز مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کو خریدنے کے بعد کون سا کام سپرد کیا تھا؟ ۴۵۱۔

ج ۔ اپنے گھر کا مختار اور جاگیر کا مہتمم بنایا تھا۔

س : جب زلیخا کے عشق کی داستانیں چاروں طرف پھیلنے لگی تو اس کے

marfat.com

شوہر نے مجبور ہو کر کیا کیا؟ ۴۵۲

ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو قید خانہ میں ڈلوا دیا۔ حالاں کہ آپ بے گناہ تھے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھ قید خانہ میں دو غلام اور داخل ہوئے۔ بتایئے وہ کون لوگ تھے؟ ۴۵۳

ج ۔ ایک بادشاہ وقت کا ساقی تھا اور دوسرا نانبائی۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے ساتھی غلاموں کے خوابوں کی کیا تعبیر بتائی تھی؟ ۴۵۴۔

ج ۔ تم میں سے ایک بادشاہ مصر کو شراب پلائے گا اور دوسرا سولی پر چڑھایا جائے گا۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں حضرت یوسف علیہ السلام کے قید خانہ کے زمانہ میں مصری بادشاہ نے کیا خواب دیکھا تھا؟ ۴۵۵

ج ۔ سات موٹی گائیں ہیں جن کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں۔ اور اناج کی سات بالیاں سوکھی ہیں۔ اور سات بالیاں ہری۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی ملاقات مصر میں بن یمین سے کتنے عرصہ میں ہوئی تھی؟ ۴۵۶۔

ج ۔ تقریباً ۲۲ سال بعد۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے جب اپنے بھائیوں سے بتایا کہ میں تمہارا گم شدہ بھائی یوسف ہوں تو انہوں نے کیا کہا؟ ۴۵۷۔

ج ۔ خدا کی قسم تم کو اللہ نے ہم پر فضیلت بخشی ہم واقعی خطا کار ہیں۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے دغا باز بھائیوں کے اقرار جرم کر لینے کے بعد کیا سلوک کیا؟ ۴۵۸

marfat.com

ج ۔ آپ نے فرمایا کہ تم پر کوئی گرفت نہیں۔ اللہ تمہیں معاف کرے وہ سب سے بڑھ کر معاف کرنے والا ہے۔

س : حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائی انہیں قتل کرنے کے منصوبے بنا رہے تھے تو ان میں ایک نے دوسری تجویز پیش کی تھی بتایئے وہ کیا تھی؟ ۴۵۹

ج ۔ یوسف کو قتل نہ کرو کسی اندھے کنوئیں میں ڈال دو تاکہ کوئی قافلہ نکال لے جاوے۔

س : بتایئے حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائی بن یمین کو روکنے کے لئے کیا تجویز کیا؟ ۴۶۰۔

ج ۔ بن یمین کے سامان میں اپنا شاہی پیالہ رکھوا دیا بعدہٗ چوری کے الزام میں اپنے پاس مصر میں رکھا۔

حضرت سیدنا لوط علیہ السلام

س ۔ حضرت لوط علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟ ۴۶۱

ج : ۲۷۔ مرتبہ۔

س ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حضرت لوط علیہ السلام سے کیا رشتہ تھا؟ ۴۶۲

ج : وہ آپ کے چچا تھے۔

س ۔ حضرت لوط علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا؟ ۴۶۳۔

marfat.com

ج ۔ ہارون۔

س : حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی جو کافرہ تھی اس کا نام بتلیئے؟ ۴۶۴

ج ۔ واعلہ۔

س : کس نبی کی بیوی اپنی قوم کے لئے جاسوسی کرتی تھی؟ ۴۶۵

ج ۔ حضرت لوط علیہ السلام کی۔

س : کس نبی کی قوم پر پتھروں کا عذاب نازل ہوا؟ ۴۶۶۔

ج ۔ حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر۔

س : حضرت لوط علیہ السلام ہدایت کے لئے کس طرف بھیجے گئے؟ ۴۶۷

ج ۔ اردن اہل سدوم کی طرف۔

س : حضرت لوط علیہ السلام کی قوم کہاں رہتی تھی؟ ۴۶۸۔

ج ۔ شہر سدوم میں۔

س : سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تصدیق ایمان کے ساتھ کس نے کیا؟ ۴۶۹۔

ج ۔ حضرت لوط علیہ السلام نے۔

س : حضرت لوط علیہ السلام کے صاحبزادیوں کی تعداد کیا تھی؟ ۴۷۰۔

ج ۔ دو۔

س : اللہ کی راہ میں سب سے پہلے جہاد کرنے والے نبی کا نام بتلیئے؟ ۴۷۱

ج ۔ حضرت لوط علیہ السلام

س : حضرت لوط علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟ ۴۷۲۔

ج ۔ کھیتی۔

س : وہ کون سے پتھر تھے جن پر ہلاک شدگان کے نام لکھے تھے؟ ۴۷۳۔

ج ۔ حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر برسنے والے پتھر۔

marfat.com

س : حضرت لوط علیہ السلام کے قوم کی سب سے بڑی خباثت کیا تھی ؟ ۴۷۴
ج ۔ بجائے عورتوں کے مردوں سے اختلاط کو ترجیح دیتے تھے۔
س : قوم لوط کو کن فرشتوں کے ذریعہ ہلاک کیا گیا۔ ۴۷۵
ج ۔ حضرت جبرئیل، میکائیل، اسرافیل علیہم السلام کے ذریعہ۔
(البدایہ والنہایہ ص ۱۷۹)
س : حضرت لوط علیہ السلام کے پاس فرشتے کس صورت میں پہنچے تھے۔ ۴۷۶
ج ۔ انسانی صورت میں (خوبصورت لڑکے)
س : حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر عذاب کس وقت آیا تھا ؟ ۴۷۷۔
ج ۔ صبح کے وقت۔
س : حضرت لوط علیہ السلام کی تربیت کس کے زیر سایہ ہوئی تھی۔ ۴۷۸۔
ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے۔
س : حضرت لوط علیہ السلام کو تبلیغ کے جواب میں قوم نے کیا دھمکی دی تھی ؟ ۴۷۹۔
ج ۔ اے لوط اگر تم باز نہ آؤ گے تو شہر بدر کر دیئے جاؤ گے۔ اگر تم سچے ہو تو ہم پر اللہ کا عذاب لے آؤ۔"
س : قوم لوط کو عذاب سے بچانے کے لئے کس نے اللہ پاک سے بار بار درخواست کی تھی ؟ ۴۸۰۔
ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے۔
س : اسلام میں اغلام بازی، لواطت یا غیر فطری فعل کی سزا کیا ہے ؟ ۴۸۱
ج ۔ فاعل اور مفعول دونوں واجب القتل ہیں۔ اسلام میں اپنی بیوی سے بھی یہ فعل حرام ہے افسوس ہے کہ سزا نہ ہونے سے وطن عزیز میں اس کا چلن بڑھ گیا ہے۔

marfat.com

س : وہ کون سی کتاب ہے جس کے ماننے والوں نے اسے مذہبی اور الہامی کتاب ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ لیکن حضرت لوط علیہ السلام کی زبردست کردار کشی کی ہے۔ اور گھناؤنے الزام لگائے گئے ہیں؟ ۴۸۲

ج ۔ بائبل کی موجودہ کتاب۔

اپنے ان باغوں کا صدقہ وہ رحمت کا پانی دیجئے جس سے نخل دل میں ہو پیدا پیارے تیری ولا کی شاخ

حضرت سیدنا ایوب علیہ السلام

س : حضرت ایوب علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی دفعہ آیا ہے؟ ۴۸۳

ج ۔ چار۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام کا تعلق کس خاندان سے تھا؟ ۴۸۴۔

ج ۔ حضرت اسحٰق علیہ السلام کی نسل سے چوتھی پشت میں سے تھے۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام کہاں رہتے تھے؟ ۴۸۵۔

ج : عرب کے شمال مغرب میں خلیج عقبہ کے قریب کوہ شعیر پر۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام کی اولاد اور مال کے متعلق سے کچھ بتائیے؟ ۴۸۶

ج ۔ آپ کی اولاد کثرت سے تھی اور مال مویشی بھی زیادہ تھے۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام کو کس قوم کی طرف مبعوث کیا گیا تھا؟ ۴۸۷
اور تبلیغی سرگرمیوں کا انجام کیا تھا۔

marfat.com

ج ۔ قرآن مجید میں ان دونوں باتوں کا ذکر نہیں ہے جبکہ بعض کا خیال ہے کہ ملک خوران کی طرف۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام بیماری کی فریاد اللہ پاک کی بارگاہ میں کس طرح کی تھی؟ ۴۸۸۔

ج ۔ "اے اللہ میں دکھ اور مصیبت میں گرفتار ہوں تو ہی سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے"۔

س : اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کی بیماری کا کیا علاج بتایا تھا؟ ۴۸۹

ج ۔ فرمایا زمین کو لات "ہذا مغتسل بارد و شراب" (چشمہ) نہانے کو ٹھنڈا اور پینے کو (شیریں) موجود ہے۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام کا زمانہ کون سا تھا؟ ۴۹۰۔

ج ۔ تقریباً ۱۵۰۰ سو سال قبل از مسیح علیہ السلام۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام کی مدت بیماری بتایئے؟ ۴۹۱۔

ج ۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق تیرہ ۱۳ سال تک۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا اسم گرامی بتایئے؟ ۴۹۲۔

ج ۔ بی بی رحمت۔

س : دنیا میں سب سے زیادہ صبر کرنے والے پیغمبر کا نام بتلایئے؟ ۴۹۳۔

ج ۔ حضرت ایوب علیہ السلام۔

س : حضرت ایوب علیہ السلام کس قوم سے تھے؟ ۴۹۴

ج ۔ بنی اسرائیل سے۔

س : حضرت بی بی رحمت کے والد کا نام کیا تھا؟ ۴۹۵۔

ج ۔ افراثیم بن یوسف علیہ السلام اور بعض نے حضرت یوسف علیہ السلام کو بتایا ہے۔

marfat.com

س : حضرت ایوب علیہ السلام کے بیماری کی ابتدا کس دن سے ہوئی؟ ۴۹۶۔
ج ۔ بدھ کے روز سے۔ (مشکوٰۃ ص ۳۹۱)
س : حضرت ایوب علیہ السلام کی کل عمر کتنی تھی؟ ۴۹۷۔
ج ۔ مختلف اقوال ہیں، ۷۵ یا ۹۳ یا ۱۴۰ سال جبکہ ایک قول ۱۰۴ کا ہے۔
س : حضرت ایوب علیہ السلام کے دادا کا نام کیا ہے؟ ۴۹۸۔
ج ۔ حضرت اسحٰق علیہ السلام۔
س : حضرت ایوب علیہ السلام کی والدہ کس کی صاحبزادی تھیں؟ ۴۹۹۔
ج ۔ حضرت لوط علیہ السلام کی۔
س : حضرت ایوب علیہ السلام کے بڑے صاحبزادے کا نام بتایئے جو آپ کے ولی عہد ہوئے؟ ۵۰۰
ج ۔ حول۔
س : قرآن مجید میں حضرت ایوب علیہ السلام کا سب سے پہلے ذکر کہاں کیا گیا ہے؟ ۵۰۱
ج ۔ سورۂ ص کی آیت نمبر ۴۱ تا ۴۴ میں۔

حضرت سیدنا شعیب علیہ السلام

س : حضرت شعیب علیہ السلام کا ذکر قرآن مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ۵۰۲
ج ۔ گیارہ مرتبہ۔

marfat.com

س : حضرت شعیب علیہ السلام کو کس قبیلہ کی طرف مبعوث کیا گیا؟ ۵۰۳
ج ۔ بنی قطورہ جنہیں مدین بھی کہا جاتا ہے اور اصحاب الایکہ (جھنڈ والے) بھی کہتے ہیں۔

س : کس نبی کی قوم پر زلزلے اور آگ کی بارش کا عذاب نازل ہوا۔ ۵۰۴
ج ۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر (حاشیہ جلالین صہ ۳۱۵)

س : کس نبی کی قوم کنوئیں کے قریب آباد تھی؟ ۵۰۵
ج ۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی۔

س : کیا آپ اس نبی کا نام بتا سکتے ہیں جن کی قوم ناپ اور تول میں کمی بیشی کرتی تھی؟ ۵۰۶
ج ۔ حضرت شعیب علیہ السلام۔

س : حضرت شعیب علیہ السلام کے والد کا نام بتایئے؟ ۵۰۷
ج ۔ مدائن۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کس نبی نے خطیب کے لقب سے یاد فرمایا تھا؟ ۵۰۸
ج : حضرت شعیب علیہ السلام نے

س ۔ حضرت شعیب علیہ السلام جس قوم کی ہدایت کے لئے تشریف لائے اس کا نام بتایئے؟ ۵۰۹
ج : بنی قطورہ۔

س : حضرت شعیب علیہ السلام کے عہد میں جو قوم بعل نامی بت کی عبادت کرتی تھی اس کا نام بتایئے؟ ۵۱۰
ج ۔ قوم اصحاب الایکہ

س : حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کن برائیوں میں مبتلا تھی؟ ۵۱۱۔

marfat.com

ج ۔ ناپ تول میں کمی بیشی، بت پرستی، ڈاکہ زنی وغیرہ۔

س : حضرت شعیب علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟ ۵۱۲

ج ۔ جانوروں کے بالوں اور اُون وغیرہ کی۔ اور بھیڑیاں چرایا کرتے تھے۔

س : حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم جب عذاب الٰہی سے تباہ ہو گئی تو آپ کیا کہتے ہوئے ان بستیوں سے نکل گئے؟ ۵۱۳

ج ۔ اے برادران قوم اپنے رب کے پیغامات میں نے پہنچا دیئے۔

حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام

س : قرآن پاک میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام کتنی دفعہ آیا ہے؟ ۵۱۴

ج ۔ ۱۳۵ مرتبہ۔

س : قرآن پاک میں کس نبی کا نام سب سے زیادہ مرتبہ آیا ہے۔؟ ۵۱۵ ۔

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کون اور کتنی نشانیاں دے کر فرعون کی طرف بھیجا گیا؟ ۵۱۶

ج ۔ دو نشانیاں۔ (۱) عصا کا اژدہا بن جانا (۲) ہاتھ کا بغل سے نکلنے کے بعد چمکنا۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام بتلایئے؟ ۵۱۷۔

ج ۔ عمران بن یصہر بن فاہث بن لاوی بن یعقوب (حاشیہ جلالین ص ۲۶۱) (خزائن العرفان ص ۶۵)

marfat.com

س : حضرت موسیٰ علیہ السّلام کی والدہ کا نام کیا تھا۔ ۵۱۸

ج . یوحانذ اور بعض نے یوکابد بتایا ہے (حاشیہ جلالین صـ۲۶۱)

س : وہ کون سی خاتون ہیں جنھوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کی۔ ۵۱۹

ج ۔ حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا جو فرعون کی بیوی تھیں۔

س : حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا جس فرعون کی بیوی تھیں اس کا نام بتایئے۔ ۵۲۰

ج ۔ ولید

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی کا نام بتایئے جو نبی تھے؟ ۵۲۱

ج ۔ حضرت ہارون علیہ السلام۔

س حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کا نام بتایئے۔ ۵۲۲

ج حضرت صفورا اور بعض نے صفورہ بتایا ہے اور ایک قول ہے صفوریا۔ (حاشیہ جلالین صـ۲۶۱)

س حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بہن کا نام بتایئے۔ ۵۲۳

ج کلثوم اور بعض نے مریم بتایا ہے۔

س حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سسر کا نام بتایئے ۵۲۴

ج حضرت شعیب علیہ السلام۔

س حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے سسر کی بکریاں کتنے دنوں تک چراتے رہے؟ ۵۲۵

ج ۱۰ (دس) سال تک۔

س وہ کون سے نبی ہیں جنھیں انکی والدہ نے صندوق میں رکھ کر دریا میں ڈال دیا تھا۔ ۵۲۶

marfat.com

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں فرعونِ مصر کا نام کیا تھا؟ ۵۲۷

ج ۔ مصعب بن ریّان۔

س : وہ کون سی خاتون ہیں جنھیں اپنے ہی بچے کو دودھ پلانے کے عوض ایک اشرفی روزانہ ملتی تھی ۵۲۸۔

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کتنے سال تک فرعون کا لباس پہنتے اور اس کی سواری میں سوار ہوتے رہے۔ اور اس کے فرزند بھی مشہور رہے؟ ۵۲۹۔

ج ۔ تیس ۳۰ سال۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے قبیلے کا نام بتایئے؟ ۵۳۰۔

ج ۔ کعبہ معظمہ۔

س : فرعونیوں میں سے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر سب سے پہلے کون ایمان لایا؟ ۵۳۱۔

ج ۔ خربیل نامی ایک شخص۔ (الکامل فی التاریخ صہ ۱۷۵)

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نام موسیٰ کس نے رکھا؟ ۵۳۲۔

ج ۔ حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا نے۔ (تفسیر خازن)

س : فرعون کے خوف سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو آپ کی والدہ نے دریا میں کس دن ڈالا تھا؟ ۵۳۳۔

ج ۔ جمعہ کے دن دریائے قلزم میں۔ (حیاۃ الحیوان صہ ۲۶)

س : حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام

marfat.com

کتنی مرتبہ حاضر ہوئے ۵۲۴

ج ۔ چار سو مرتبہ۔

س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جن کی دعا سے نہروں، چشموں اور دریاؤں کا پانی خون بن گیا تھا؟ ۵۳۵

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س : کس نبی کے پتھر پر عصا مارنے سے ۱۲ چشمے جاری ہو گئے تھے؟ ۵۳۶۔

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س : وہ کون نبی ہیں جن کی دعا سے ان کے بھائی کو تاج نبوت عطا ہوا ۵۳۷

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے حضرت ہارون علیہ السلام کو۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کس فرعون کے گھر ہوئی؟ ۵۳۸

ج ۔ رعمیس فرعون کے۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعونی جادوگروں کا مقابلہ کس سے کیا تھا؟ ۵۳۹۔

ج ۔ اپنے عصا سے۔

س : وہ کون سے نبی ہیں جنہیں شرح صدر جیسی نعمت عظمیٰ طلب و آرزو کے بعد عطا ہوئی؟ ۵۴۰۔

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س : فرعون کی بیوی حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا کس قبیلہ سے تعلق رکھتی تھیں؟ ۵۴۱

ج ۔ قبیلہ لخم یا نبات۔

س : حضرت ہارون علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کتنے سال بڑے تھے؟ ۵۴۲۔

marfat.com

ج ۔ چار سال (حاشیہ جلالین ص۱۴۱)

س : یدبیضاء کا معجزہ کس نبی کو عطا ہوا۔ ۵۴۳

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو۔

س : مصر کے جادوگروں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے شکست کھانے کے بعد کیا کیا؟ ۵۴۴

ج ۔ وہ سب سجدے میں چلے گئے اور کہا ہم نے موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے رب کو مان لیا۔

س : وہ کون سے نبی ہیں جو ہاتھ بغل سے نکالتے تو سورج کی طرح چمکتا تھا

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ ۵۴۵

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کو کیا کہتے ہیں؟ ۵۴۶۔

ج ۔ یہودی۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب کا نام بتایئے؟ ۵۴۷

ج ۔ توریت۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کو توریت کتاب کہاں ملی؟ ۵۴۸۔

ج ۔ کوہ طور پر۔

س : عصائے موسیٰ علیہ السلام کہاں کی لکڑی کی تھی۔ ۵۴۹

ج ۔ جنت کی۔ حضرت آدم علیہ السلام لائے تھے جو پشت بہ پشت خاندانوں میں آتی رہی (روح المعانی ص۱۷)

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عصا کہاں سے دستیاب ہوا۔ ۵۵۰۔

ج ۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے بکریاں چرانے کے لئے عطا فرمایا تھا۔ (روح المعانی ص۱۷)

س : کس نبی کا عصا تھا جو جادوگروں کے مقابلہ میں اژدہا بن گیا تھا۔ ۵۵۱

marfat.com

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصار کا اژدہا بننے کا معجزہ کس اجتماع میں ہوا تھا؟ ۵۵۲

ج ۔ اسکندریا کے اجتماع میں۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا کس لکڑی کا تھا؟ ۵۵۳

ج ۔ جنت کے درخت پیلو یا ریحان کا۔ (روح المعانی ص۱۷۱)

س : وہ کون سی لکڑی تھی جو سفر میں اپنے صاحب سے بات کرتی تھی اور پیاس لگنے پر پانی اور بھوک لگنے پر پھل فراہم کرتی تھی؟ ۵۵۴

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصاء

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصار کا نام بتایئے؟ ۵۵۵

ج ۔ نبعہ (ابن کثیر)

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام و خضر علیہ السلام کی ملاقات کس جگہ ہوئی؟ ۵۵۶

ج ۔ مجمع البحرین میں۔

س : لیک دریا کے سنگم پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات کس برگزیدہ شخصیت سے ہوئی؟ ۵۵۷

ج ۔ حضرت خضر علیہ السلام سے۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کی کل عمر کتنے سال کی ہوئی؟ ۵۵۸

ج : ۱۲۰ سال کی (حاشیہ جلالین ص۱۳۸ پ۹)

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قد کتنا لمبا تھا؟ ۵۵۹

ج ۔ ۱۲ ہاتھ۔

س : وہ کون سے نبی ہیں جو پتھر پر لاٹھی مار کر پانی نکالا کرتے تھے۔ ۵۶۰

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

marfat.com

س : سب سے پہلے کس نبی کی شریعت میں جہاد کا حکم ہوا؟ ۵۶۱۔
ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں۔
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب کیا تھا۔ ۵۶۲
ج ۔ کلیم اللہ۔
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد یوشع بن نون علیہ السلام کو کتنے سال بعد نبوت عطا ہوئی۔ ۵۶۳
ج ۔ چالیس سال بعد۔
س : وہ کون سے نبی ہیں جنہوں نے جلوۂ ربی دیکھنے کی خواہش کی تھی ۵۶۴
ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے پروردگار کا جلوہ کہاں دیکھا تھا۔
ج ۔ کوہ طور پر۔ ۵۶۵
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام نے رب کا جلوہ کس وقت دیکھا تھا ۵۶۶
ج ۔ چاشت کے وقت۔
س : جلوۂ ربی دیکھ کر بیہوش ہو جانے والے پیغمبر کا اسم گرامی بتلایئے ۵۶۷
ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام
س : دنیا میں سب سے پہلے چلہ کس نے کیا؟ ۵۶۸۔
ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے۔
س : کوہ طور جس جگہ واقع ہے اس کا نام بتلایئے ۵۶۹۔
ج ۔ سینا۔
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مزار مقدسہ بیت المقدس سے کتنی دوری پر واقع ہے؟ ۵۷۰۔
ج ۔ پانچ کوس کے فاصلہ پر۔

marfat.com

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا وصال کہاں ہوا؟ ۵۷۱۔
ج ۔ کوہ شیط پر۔
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصاء کے معجزہ کو دیکھ کر ساحروں کے ساتھ کتنے افراد ایمان لائے؟ ۵۷۲
ج ۔ چھ لاکھ افراد۔
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جانشیں کا اسم گرامی بتایئے! ۵۷۳۔
ج ۔ حضرت یوشع بن نون علیہ السلام۔
س : موسیٰ کا لفظی معنیٰ بتایئے؟ ۵۷۴۔
ج ۔ یہ عبرانی لفظ ہے جس کے معنیٰ ہیں نجات دینے والا۔
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تعلق کس خاندان اور نسل سے تھا؟ ۵۷۵
ج ۔ آپ کا نسب چند واسطوں سے حضرت اسحٰق علیہ السلام تک پہونچتا ہے۔
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کا زمانہ کون تھا؟ ۵۷۶۔
ج ۔ تقریباً ۱۲۷۲ء قبل از مسیح۔
س : عاشورہ کا روزہ سب سے پہلے کس پیغمبر نے رکھا۔ ۵۷۷
ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے۔
س فرعون کے شاہی محلوں میں پلنے والے موسیٰ علیہ السلام مدین پہونچ کر کیا کرتے تھے؟ ۵۷۸
ج ۔ ایک بزرگ حضرت شعیب علیہ السلام کی ملازمت کرتے ہوئے جانوروں کی چرواہی کرتے تھے۔
س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ پاک نے کس کس کے پاس پیغام حق اور بنی اسرائیل کی آزادی کے لیے بھیجا تھا؟ ۵۷۹
ج ۔ فرعون، ہامان اور قارون کی طرف۔

marfat.com

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سربراہی میں مصر سے نکل کر فلسطین جانے والے اسرائیلیوں کی تعداد بتایئے؟ ۵۸۰

ج ۔ چھ لاکھ۔

بنی اسرائیل

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں مشہور جادوگر کون تھا؟ ۵۸۱

ج ۔ سامری۔

س : سامری کا اصل نام بتایئے؟ ۵۸۲

ج ۔ موسیٰ بن ظفر (صاوی ص۶۲)

س : سامری کی پرورش کس نے کی؟ ۵۸۳

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کوہ طور پر جانے کے بعد بنی اسرائیل نے کونسا جرم کیا تھا؟

ج ۔ ایک بچھڑے کی عبادت کرنے کا جرم۔ (بچھڑے سے بیل کی سی آواز آتی تھی۔)

س : بچھڑے کی عبادت کرنے والوں کی توبہ کرنے کی کیا صورت رکھی گئی تھی

ج ۔ بچھڑے کی عبادت نہ کرنے والوں نے عبادت کرنے والوں کا سر قلم کیا ۵۸۵

marfat.com

س : بچھڑے کی عبادت کرنے والوں میں کتنے لوگ قتل کیے گئے ؟ ۵۸۶۔

ج : ستر ہزار (۷۰,۰۰۰)

س : گئو سالہ کی عذر خواہی کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کتنے لوگوں کو کوہ طور پر لے گئے۔ ۵۸۷۔

ج : ستر آدمیوں کو۔

س : بحر قلزم میں غرق ہونے والے فرعون کا نام بتائیے ؟ ۵۸۸

ج : منفتاح

س : من وسلویٰ کس دن نہیں نازل ہوتا تھا۔؟ ۵۸۹

ج : شنبہ کے دن جو بنی اسرائیل کے لئے خاص عبادت کا دن تھا۔
(خازن ص ۶ ج ۱)

س : فرعون اپنے محل میں کیوں ہلاک نہ ہو سکا ؟ ۵۹۰۔

ج : اس نے اپنے محل کے دروازے پر بسم اللہ لکھ رکھا تھا جس کی وجہ سے محفوظ رہا

س : وہ کون سی جگہ ہے جہاں سورج کی کرن صرف ایک بار پڑی ؟ ۵۹۱

ج : بحر قلزم کی وہ جگہ ہے جو گذرگاہ موسیٰ بنی تھی اور جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پتھر پر لاٹھی مار کر بارہ چشمے نکالے تھے ؟ (حیوٰۃ الحیوان)

س : بنی اسرائیل نے ایک ساعت میں کتنے نبیوں کا قتل کیا تھا ؟ ۵۹۲۔

ج : ۴۵ نبیوں کو اور شام میں ۱۲ عابدوں کو۔

س : فرعونیوں پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نافرمانی کی سزا میں کون کون سی بلائیں نازل ہوئی تھیں ؟ ۵۹۳۔

ج : طوفان، ٹڈیاں، سرسریاں، مینڈک اور خون کی بارش اور خوراک کی کمی مختلف اوقات میں الگ الگ نازل کی گئیں جس کی میعاد ایک ہفتہ ہوتی تھی۔

marfat.com

س : قوم بنی اسرائیل کتنے سال تک فرعون کی غلامی میں رہی! ۵۹۴۔
ج ۔ چار سو سال تک۔
س : من وسلویٰ کس قوم پر نازل ہوا! ۵۹۵۔
ج ۔ بنی اسرائیل پر۔
س : من وسلویٰ کو ٹھکرا کر بنی اسرائیل نے کیا طلب کیا تھا! ۵۹۶۔
ج ۔ زمین کی پیداوار ساگ، ترکاری گیہوں، مسر، پیاز، دال، وغیرہ۔
س : سب سے زیادہ نبی ورسول کس قوم میں مبعوث کئے گئے! ۵۹۷۔
ج ۔ بنی اسرائیل میں۔
س : بنی اسرائیل کی بدعملی کی وجہ سے تابوت سکینہ ان سے چھین لئے گئے جسے نجس اور گندے مقامات پر رکھا وہ کون لوگ تھے؟ ۵۹۸
ج ۔ قوم عمالقہ کے لوگ (خزائن العرفان ص۵۰۴)
س : بنی اسرائیل نے بچھڑے کی عبادت کتنے دنوں تک کی تھی! ۵۹۹۔
ج ۔ چالیس روز تک (حیوٰۃ الحیوان ص۱۰۱)
س : حضرت یوسف علیہ السلام کے تابوت کی نشاندہی کرنے والی خاتون کا نام بتائیے؟ ۶۰۰
ج ۔ مریم بنت نامویٰ (سات سو سال تک زندہ رہی۔) حاشیہ جلالین ص۳۸۲
س : بنی اسرائیل کے خاندانوں کی تعداد بتائیے؟ ۶۰۱
ج ۔ بارہ۔
س : سب سے زیادہ نافرمان قوم قرآن مجید میں کس کو بتایا گیا ہے! ۶۰۲
ج ۔ بنی اسرائیل کو۔
س : فرعون کے باپ کا نام بتلایئے! ۶۰۳

marfat.com

ج ۔ مصعب بن ولید بن زیاد یا مصعب بن ریان۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں گئے ذبح کرنے کے بعد اس کے عضو سے مقتول کو مس کر کے دوبارہ زندہ کر کے قاتل کا نام معلوم کیا گیا کیا آپ قاتل کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۶۰۴

ج ۔ عامیل نامی ایک مالدار شخص تھا۔ (خازن صفحہ ۶)

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد بنی اسرائیل پر کونسا بادشاہ مقرر ہوا؟

ج ۔ جالوت۔ ۶۰۵

س : کس نبی کی قوم نے کہا تم اور تمہارے پروردگار لڑو ہم یہیں سے دیکھتے ہیں! ۶۰۶

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چچازاد بھائی کا نام بتاؤ جس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا؟ ۶۰۷

ج ۔ قارون۔

س : قارون کس کا بیٹا تھا؟ ۶۰۸

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چچا یصہر کا۔

س : بنی اسرائیل میں تورات کا سب سے بڑا قاری کون تھا؟ ۶۰۹

ج ۔ قارون۔

س : قارون نے علم کیمیا کس سے سیکھا تھا۔ ۶۱۰

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے۔

س : رانگے، چاندی اور تانبے کو سونا بنانے کا فن کس بادشاہ کو حاصل تھا؟ ۶۱۱

ج ۔ قارون کو۔

س : قارون زمین میں کیوں دھنسا دیا گیا! ۶۱۲

marfat.com

ج ۔ زکوٰۃ دینے سے انکار کرنے کی وجہ سے۔
س : قارون نے کس قدر زکوٰۃ دینے کا وعدہ کیا تھا؟ ۶۱۳۔
ج ۔ ہزارواں حصّہ۔
س : بنی اسرائیل نے جس گائے کو ذبح کر کے مقتول کو زندہ کیا تھا اس گائے کا نام بتائیے؟ ۶۱۴
ج ۔ ھُذْھُبَۃ (تفسیر خازن ص۶۰، حاشیہ جلالین ص۱۱)
س : قارون کس کی دعا سے خزانہ سمیت زمین میں دھنسا دیا گیا؟ ۶۱۵
ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بد دعا سے۔
س : بحر قلزم میں فرعونیوں کے غرقاب کی تاریخ بتائیے؟ ۶۱۶
ج ۔ دسویں محرم الحرام۔
س : کس قوم کے لوگ برہنہ غسل کرتے تھے؟ ۶۱۷
ج ۔ بنی اسرائیل کے لوگ۔
س : سفر میں کس قوم کے کپڑے پرانے نہیں ہوتے تھے؟ ۶۱۸۔
ج ۔ بنی اسرائیل کے۔
س : کس قوم کے مسافروں کے بچّے لباس کے ساتھ پیدا ہوتے تھے اور قد کے حساب سے لباس بھی بڑھا کرتا تھا؟ ۶۱۹۔
ج ۔ بنی اسرائیل کے۔
س ۔ بنی اسرائیل پر من وسلویٰ کس مقام پر نازل ہوتا تھا؟ ۶۲۰
ج ۔ مقام قادس پر۔
س : بنی اسرائیل میدان تیہہ میں کتنے سال تک بھٹکتے رہے؟ ۶۲۱
ج ۔ مسلسل چالیس (۴۰) سال تک۔
س : اس قوم کا نام بتائیے جس نے گائے ذبح کرنے کے حکم میں حیل وحجت

marfat.com

سے کام لیا تھا؟ ۶۲۲۔

ج ۔ بنی اسرائیل۔

س : اس قوم کا نام بتایئے جو اس غلط فہمی میں مبتلا تھی کہ دوزخ کی آگ اسے نہ چھوئے گی۔ ۶۲۳

ج : بنی اسرائیل۔

س ۔ شاہان مصر کا لقب کیا ہوتا تھا؟ ۶۲۴

ج : فرعون۔

س ۔ بنی اسرائیل کو مصائب میں مبتلا کرنے والے فرعون کا نام بتایئے ۶۲۵

ج ۔ رعمیس دوم۔

س ۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مصر کے عجائب گھر میں کس فرعون کی لاش رکھی ہے؟ ۶۲۶

ج ۔ فرعون منتصاح کی۔

س : بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے سنیچر کے دن کی مچھلیاں نہ پکڑنے کی پابندی توڑی تھی ان کی کیا حالت ہوئی؟ ۶۲۷۔

ج : صورتیں مسخ ہو گئیں چہرے بندروں جیسے ہو گئے۔

س ۔ فرعون کے پاس جب حضرت موسیٰ علیہ السلام دعوت حق لے گئے تو ساتھ کون تھے؟ ۶۲۸۔

ج ۔ آپ کے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام۔

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کے تعاقب میں جب فرعون سمندر میں ڈوبنے لگا تو کیا عرض کیا؟ ۶۲۹

ج ۔ میں نے مان لیا کہ خداوند حقیقی کے سوا کوئی نہیں ہے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے۔

س : بنی اسرائیل پر خوراک کا کام دینے کے لئے من و سلویٰ کا انتظام کیا گیا

marfat.com

س : تھا کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ من وسلویٰ کیا تھا! ۶۳۰۔

ج ۔ مَن باریک دانوں کی طرح سفید اور میٹھی چیز اور سلویٰ بٹیر کی طرح جانور جو بکثرت جمع ہو جاتے تھے۔ خیموں میں

س : بنی اسرائیل کے نومولود لڑکوں کو مروانے اور لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دینے کا حکم کس فرعون نے دیا تھا اور کیوں دیا تھا؟ ۶۳۱۔

ج ۔ رعمیس دوم نے دیا تھا اسے نجومیوں نے بتایا تھا کہ ایک اسرائیلی لڑکے کی وجہ سے تیری سلطنت کو زوال آجائے گا۔

س : فرعون کے سرداروں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جادوگر کیوں کہا تھا۔ ۶۳۲۔

ج ۔ دو معجزے دیکھ کر (۱) عصا کا اژدھا بن جانا۔ (۲) ہاتھ کا بغل سے چمکتے ہوئے نکلنا۔

س : قرآن مجید کے مطابق فرعون کا کردار قیامت کے دن کیا ہوگا؟ ۶۳۳۔

ج ۔ سورۂ ہود کی آیت نمبر ۹۸ کے مطابق وہ قیامت کے روز اپنی قوم کو اپنی رہنمائی میں دوزخ کی طرف لے جائے گا۔

س : بتایئے اسرائیلی سیٹھ قارون اپنی قوم سے باغی ہو کر کس سے مل گیا تھا۔ ۶۳۴

ج ۔ فرعونیوں سے مل گیا تھا یہ مصر میں بڑے اثر و رسوخ اور دولت والا تھا۔؟

کس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی!
آنکھ والے کی ہمت پہ لاکھوں سلام

marfat.com

حضرت سیّدنا ہارون علیہ السّلام

س : بتایئے قرآن مجید میں حضرت ہارون علیہ السلام کا اسم گرامی کتنی دفعہ آیا ہے؟ ۶۳۵۔

ج ۔ انیس ۱۹ بار۔

س : حضرت ہارون علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا؟ ۶۳۶۔

ج ۔ عمران۔

س : حضرت ہارون علیہ السلام کی والدہ کا نام بتایئے؟ ۶۳۷۔

ج ۔ یوکاہد یا یوحانند۔

س : حضرت ہارون علیہ السلام کا حضرت موسیٰ علیہ السلام سے رشتہ کیا تھا؟ ۶۳۸

ج ۔ موسیٰ علیہ السلام کے بھائی تھے۔

س ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حضرت ہارون علیہ السلام کو کہاں کی ریاست تفویض فرمائی تھی؟ ۶۳۹۔

ج ۔ مذبح کی۔

س : حضرت ہارون علیہ السلام کی قبر کہاں واقع ہے؟ ۶۴۰۔

ج ۔ جبل اُحد پہ۔ مگر زیارت بہت دشوار ہے یا جزیرہ نمائے سینا کے پہاڑ ہور پر۔

س : بتایئے نبوت کے کام میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھی اور مددگار کون تھے؟ ۶۴۱۔

marfat.com

ج ۔ آپ کے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام۔
س : بتایئے بیت المقدس یروشلم میں خوشبو اور پاک ترین چیزوں کی تقدیس کا کام کونسا خاندان کرتا تھا۔ ۶۴۲
ج ۔ حضرت ہارون علیہ السلام کا خاندان۔

نہ ہو آقا کو سجدہ آدم دیوسف کا سجدہ ہو مگر سد ذراع داب ہے اپنی شریعت کا

حضرت سیدنا داؤد علیہ السلام

س : بتلایئے حضرت داؤد علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟ ۶۴۳
ج ۔ سولہ ۱۶ بار۔
س : حضرت داؤد علیہ السلام پہلی بار کب منظر عام پر آئے؟ ۶۴۴
ج ۔ جب ایک لڑائی میں طالوت کے لشکر میں شامل ہو کر جالوت کو قتل کیا تھا۔
س : حضرت داؤد علیہ السلام کا زمانہ کونسا تھا۔ ۶۴۵
ج ۔ ۱۰۴۰ سنہ قبل از مسیح سے ۱۰۶۵ سنہ قبل از مسیح تک۔
س : حضرت داؤد علیہ السلام کے والد کے نام بتلایئے ۶۴۶۔
ج ۔ ایشا (خزائن العرفان البقرہ ص ۵۰۹)
س : حضرت داؤد علیہ السلام کہاں کے رہنے والے تھے؟ ۶۴۷۔

marfat.com

ج ۔ بیت اللحم (اسرائیل) کے۔

س : بانسری اور بربط بجانے میں کون سے نبی خوب ماہر تھے؟ ۶۴۸

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔

س : حضرت داؤد علیہ السلام نے کس بادشاہ کے ظلم سے تنگ آکر ہجرت کیا تھا؟ ۶۴۹۔

ج ۔ سموئیل کے ظلم سے۔

س : حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب کا نام بتایئے ۶۵۰۔

ج ۔ زبور۔

س : حضرت داؤد علیہ السلام کی بیویوں کی تعداد بتایئے؟ ۶۵۱۔

ج ۔ نوّے۔ بعض نے ایک ہزار بتایا ہے۔ (البدایہ والنہایہ ص ۱۵/۲)

س : حضرت داؤد علیہ السلام کی کل عمر کتنے سال کی ہوئی اور حکومت کتنے سال تک کہاں کیا؟ ۶۵۲۔

ج ۔ کل عمر سو سال کی ہوئی۔ اور حکومت چالیس سال تک کی۔
(البدایہ والنہایہ ص ۱۹/۲، الکامل ص ۲۲۸/۱)

س : ایک ایسے نبی گذرے ہیں جن کے ساتھ پہاڑ چلا کرتے تھے کیا آپ ان کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۶۵۳۔

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔

س : حضرت داؤد علیہ السلام کے محراب کے پہریداروں کی تعداد کتنی تھی؟ ۶۵۴۔

ج ۔ چھتیس ۳۶۔

س : جالوت کو کس نے قتل کیا تھا؟ ۶۵۵

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

س : زرہ بنانے کا پیشہ کس پیغمبر کا تھا۔ ۶۵۶

marfat.com

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام کا۔
س : حضرت داؤد علیہ السلام کے صاحبزادگان کی تعداد کیا تھی! ۶۵۷
ج ۔ انیس ۱۹۔ (الکامل فی التاریخ ص ۲۲۸/۱)
س : کس نبی کے ہاتھ میں سخت لوہا نرم ہو جاتا تھا! ۶۵۸۔
ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے ہاتھ میں۔
س : سخت لوہے کو ہاتھوں سے موڑ کر زنجیر کی کڑیاں کون سے نبی بنایا کرتے تھے؟ ۶۵۹۔
ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام
س : باشندگان ایلہ کے سنیچر کے دن شکار کرنے پر کس نے بددعا کی؟ ۶۶۰۔
ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے۔
س : باشندگان ایلہ پر حضرت داؤد علیہ السلام کی بددعا کا کیا اثر ہوا۔
ج ۔ بندر اور خنزیر کی شکل میں مسخ کر دیئے گئے۔ ۶۶۱
س : حضرت داؤد علیہ السلام نے بیت المقدس کی بنیاد کس جگہ ڈالی تھی؟
ج ۔ جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا خیمہ نصب فرمایا تھا۔
س : حضرت داؤد علیہ السلام زبور کی تلاوت کتنی آوازوں میں کرتے تھے؟
ج : ستر آوازوں میں۔ (البدایہ ص ۱۵/۲) ۶۶۲۔
س : وہ پیغمبر کون سے ہیں جو ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے تھے؟ ۶۔
ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔
س : بارگاہ الٰہی میں میزان دیکھنے کی درخواست کس نبی نے کی؟ ۶۶۳۔
ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام نے۔

marfat.com

س : حضرت داؤد علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟ ۶۶۴

ج ۔ لوہاری۔

س : پرندے اور پہاڑ کس نبی کے ساتھ تسبیح پڑھا کرتے تھے؟ ۶۶۵۔

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام کے ساتھ۔

س : حضرت داؤد علیہ السلام کا مزار جہاں واقع ہے وہ جگہ کس نام سے مشہور ہے؟ ۶۶۶۔

ج ۔ بالائے کوہ طور کے نام سے۔

س : حضرت داؤد علیہ السلام کے سسر کا نام بتایئے جنہوں نے اپنی بیٹی کا نکاح بھی کر دیا اور نصف سلطنت بھی عطا کر دی؟ ۶۶۷۔

ج ۔ طالوت۔

س : وہ کون سے نبی ہیں جن کے جنازہ کے ساتھ چالیس ہزار علمائے راہبین شریک تھے؟ ۶۶۸

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔ (البدایہ ص۱۰۱)

س : بتایئے حضرت داؤد علیہ السلام کے وارث کون ہوئے؟ ۶۶۹۔

ج ۔ آپ کے نامور فرزند حضرت سلیمان علیہ السلام۔

حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟ ۶۷۰

marfat.com

ج ۔ ستر ہزار۔

س : حضرت سلیمان علیہ السلام کے والد مکرم کا اسم گرامی بتایئے؟ ۶۷۱۔

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام۔

س : حضرت سلیمان علیہ السلام کی والدہ محترمہ کا نام بتایئے؟ ۶۷۲۔

ج ۔ بطشبا بنت حتہ اور بعض نے اوریا بتایا ہے۔ (البدایہ ص ۱۵)

س : وہ کون نبی ہیں جو پرندوں کی بولیاں جانتے تھے؟ ۶۷۳۔

ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔

س : حضرت سلیمان علیہ السلام کتنی عمر میں بادشاہ ہوئے؟ ۶۷۴

ج ۔ تیرہ ۱۳۔ سال کی عمر میں۔ (الکامل فی التاریخ ص ۲۲۹)

س : جنوں اور پرندوں پر حکومت کرنے والے پیغمبر کا اسم گرامی بتایئے؟ ۶۷۵

ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔

س : ہوا کس پیغمبر کی زیر فرمان تھی؟ ۶۷۶

ج : حضرت سلیمان علیہ السلام کے۔

س : ملکہ بلقیس کا تخت منگوانے والے پیغمبر کا نام کیا تھا۔ ۶۷۷

ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام

س ۔ ملکہ بلقیس کو تخت سمیت کون لایا تھا؟ ۶۷۸

ج ۔ وزیر واصف بن برخیا (یہ کتاب کا علم رکھتے تھے)

س : ملکہ بلقیس کا تخت دربار سلیمان علیہ السلام میں کتنے وقفہ میں پہونچ گیا؟ ۶۷۹۔

ج ۔ پلک جھپکنے سے پہلے۔

س : وہ کون سے نبی ہیں جن کی لشکر میں انسان کے علاوہ جن اور پرندے بھی شامل تھے۔ ۶۸۰

marfat.com

ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام چیونٹی اور ہدہد میں سے کس کی بات سن کر ہنس پڑے تھے ۶۸۱
ج ۔ چیونٹی کی۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام کی قبر کہاں واقع ہے؟ ۶۸۲۔
ج ۔ صخرہ شریف کے احاطہ میں۔ (بیت المقدس)
س : ملکہ بلقیس کہاں کی حکمراں تھی؟ ۶۸۳
ج ۔ ملک یمن کے علاقہ سبا کی۔
س : بال صفا پاؤڈر سب سے پہلے کس نے تیار کروایا؟ ۶۸۴
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے جنوں کے ذریعہ۔ (حیوۃ الحیوان ص ۳۵)
س : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سب سے پہلے کس نبی پر نازل ہوا؟ ۶۸۵۔
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام پر۔
س : اہل سبا حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنے ہزار سال قبل اور کہاں آباد تھے؟ ۶۸۶
ج ۔ تقریباً ڈھیڑھ ہزار سال قبل جنوبی عرب میں آباد تھے۔
س : ملکہ بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی بارگاہ میں کتنی تلواریں پیش کی تھیں! ۶۸۷۔
ج ۔ نو (۹) تلواریں۔
س : ملکہ بلقیس نے تلواروں کے علاوہ اور کون سا ہدیہ پیش کیا تھا ۶۸۸
ج ۔ پانچ سو (۵۰۰) غلام، پانچ سو خوبصورت باندیاں۔ اور پانچ سو سونے کی اینٹیں۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام کو اللہ پاک نے جن نعمتوں سے نوازا تھا ان میں سے چند بیان کیجئے؟ ۶۸۹

marfat.com

ج ۔ نبوت، حکمت، سلطنت، جنات، چرند و پرند، ہوا کی تسخیر پرندوں
: کی بولیوں کا علم، تانبے کی کانیں۔ بیت المقدس کی عظیم الشان تعمیر وغیرہ
س : ملکہ بلقیس کے وفد آنے سے قبل حضرت سلیمان علیہ السلام نے کیا
انتظام فرمایا؟ ۶۹۰

ج ۔ نو میل تک چاندی سونے کی اینٹیں بچھوا دیں۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام سے ملکہ بلقیس کا احوال کس نے بیان کیا؟ ۶۹۱
ج ۔ ہُدہُد نے
س : حضرت سلیمان علیہ السلام کا خط ملکہ بلقیس کی بارگاہ میں کون لے
گیا تھا؟ ۶۹۲۔
ج ۔ ہُدہُد لے گیا تھا۔
س : دربار سلیمان علیہ السلام اور تخت ملکہ بلقیس میں کتنا فاصلہ تھا؟
ج ۔ دو مہینے کی راہ کا۔ (حاشیہ جلالین صفحہ ۳۲۰، بحوالہ صاوی) ۶۹۳
س : لشکر سلیمان علیہ السلام کے آگے چل کر پانی کی کھوج کرنے والے
ہُدہُد کو کیا کہتے ہیں؟ ۶۹۴۔
ج ۔ ہدہد سلیمانی، اصل نام یعفور تھا۔ (حیوٰۃ الحیوان صفحہ ۳۹۲)
س : ملکہ بلقیس کے باغ میں ہدہد سلیمانی کی ملاقات جس ہدہد سے ہوئی
اس کا نام بتلایئے؟ ۶۹۵۔
ج ۔ ہدہد یمنی اصل نام عفیر تھا۔ (صاوی صفحہ ۱۹۲)
س : لشکر سلیمان علیہ السلام کو دیکھ کر چیونٹی نے کیا کہا تھا؟ ۶۹۶۔
ج ۔ اپنے بلوں میں گھس جاؤ۔ مبادا سلیمان علیہ السلام کا لشکر
تمہیں روند ڈالے۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام نے چیونٹی کی آواز کتنی دوری سے سن لیا؟ ۶۹۷

marfat.com

ج ۔ تین میل کی دوری سے۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام کی کل عمر کتنے سال کی ہوئی؟ ۶۹۸
ج ۔ ۵۳ ترپن سال کی۔
س : ملکہ بلقیس کے وفد کے امیر کا نام بتایئے؟ ۶۹۹
ج ۔ منصر بن عمرو۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام سے گفتگو کرنے والی چیونٹی کا نام بتایئے۔ ۷۰۰
ج ۔ طاخیہ، یا جرمیٰ، اور بعض نے طاحیہ اور جدمیٰ بتایا ہے (جلالین)۔
س ۔ چیونٹی نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی بارگاہ میں کون سا تحفہ پیش کیا تھا؟ ۷۰۱
ج ۔ ہیرا۔
س : سب سے پہلے کبوتر پالنے والے نبی کا نام بتایئے؟ ۷۰۲
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔
س : سب سے پہلے حمام کس نے بنوایا؟ ۷۰۳
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے۔
س : سب سے پہلے تانبے کی صنعت کرنے والے شخص کا نام بتایئے؟ ۷۰۴
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام کی بیویوں کی تعداد کیا تھی؟ ۷۰۵
ج ۔ تین سو (۳۰۰) بعض نے سات سو (۷۰۰) بتایا ہے۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام نے بیت المقدس کی تعمیر کس سے کروائی؟
ج ۔ جنوں سے۔
س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جن کی موت عصا پر واقع ہوئی؟ ۷۰۷۔
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔

marfat.com

س : حضرت سلیمان علیہ السلام کے وصال کی خبر جنوں کو کتنے عرصہ بعد ہوئی۔
ج ۔ ایک سال کے بعد۔
س : دنیا میں سب سے پہلے دریا سے موتی کس نے نکلوایا؟ ۷۰۸ ۷۰۹
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام کے وصال کے بعد آپ کی سلطنت پر کون سا بادشاہ ہوا؟ ۷۱۰۔
ج ۔ آپ کا ناخلف بیٹا رحبام۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنی کس بیوی کے لئے اس کے باپ کا مجسمہ بنوایا تھا اور کتنے دن اس نے اس کی عبادت کی؟ ۷۱۱۔
ج ۔ جرادہ کے لئے ۴۰ دن اس نے مجسمہ کی عبادت کی (صاوی ص ۳۵۸)
س : کس نبی کی شریعت میں تصویر بنانا جائز تھا؟ ۷۱۲۔
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کی۔
س : اس جن کا نام بتلایئے جس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی چرا کر ۴۰ دن حکومت کی! ۷۱۳۔
ج ۔ صخر نامی جن نے جس کا معنی چٹان ہوتا ہے (جلالین ص ۳۸۲)
س : حضرت سلیمان علیہ السلام کو آپ کی بیوی کے غیر اللہ کی عبادت کی اطلاع کس نے دیا تھا؟ ۷۱۴
ج ۔ وزیر آصف بن برخیا نے۔
س : سب سے پہلے زمین میں دھاتوں کا پتہ کس نے لگوایا؟ ۷۱۵۔
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے۔
س : حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے جنگی و تجارتی بیڑے کا صدر مقام کس شہر کو بنایا تھا؟ ۷۱۶

marfat.com

ج ۔ مقام ایلہ یا ایلات کو جس جگہ پر آج کل عقبہ کی مشہور بندرگاہ ہے۔

س : حضرت سلیمان علیہ السلام کی سیرت نے ملکہ سبا پر کیا اثر ڈالا؟ ۱۷

ج ۔ بہترین پاکیزہ خصلت دیکھ کر مسلمان ہو گئی۔

س : حضرت سلیمان علیہ السلام کا پیشہ بتایئے؟ ۱۸

ج ۔ درختوں کے پتوں اور چھالوں سے پنکھے، بوریا، زنبیل (ٹوکری) بنا کر گذارہ کرتے تھے۔ (تفسیر عزیزی)

حضرت سیدنا الیاس علیہ السلام

س : قرآن مجید میں حضرت الیاس علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ۱۹

ج ۔ دو بار۔

س : حضرت الیاس علیہ السلام کا زمانہ کونسا ہے؟ ۲۰

ج ۔ ۸۵۰ء قبل از مسیح۔

س : حضرت الیاس علیہ السلام کہاں کے رہنے والے تھے؟ ۲۱

ج ۔ جلعاد کے، یہ علاقہ موجودہ اردن کے شمالی اضلاع پر مشتمل ہے۔

س : حضرت الیاس علیہ السلام کس شہر میں ہدایت کے لئے مبعوث ہوئے؟

ج ۔ شہر بعلبک کے لئے۔ ۲۲

س : حضرت الیاس علیہ السلام کے عہد میں کس بت کی پوجا ہوتی تھی؟ ۲۳

ج بعلبک کی۔

marfat.com

س : حضرت الیاس علیہ السلام کے والد کا نام بتلیئے؟ ۲۴ ۷۲۔
ج ۔ یاسین بن محاص
س : قرآن پاک کی اس سورۃ کا نام اور آیت نمبر بتایئے جس میں فرمایا گیا ہے کہ الیاس بھی یقیناً مرسلین میں سے تھا؟ ۲۵ ۷۲۔
ج ۔ سورۃ الصفٰت آیت نمبر ۱۲۳
س : حضرت الیاس علیہ السلام نے اپنے بعد کسے جانشینی کے لئے تیاری کرنے کا حکم دیا؟ ۲۶ ۷۲
ج ۔ حضرت الیسع علیہ السلام کو۔
س : حضرت الیاس علیہ السلام کے عہد میں اسرائیلی بادشاہ کون تھا ۲۷ ۷۲
ج ۔ احی اب۔
س : حضرت الیاس علیہ السلام کو کیوں جلاوطن ہونا پڑا؟ ۲۸ ۷۲
ج ۔ جب یہودیوں کو بعل بت کی پوجا پر ملامت کرتے توحید کی دعوت دی تو اسرائیلی بادشاہ اپنی مشرک بیوی کی وجہ سے آپ کے پیچھے پڑ گیا۔

حضرت الیسع علیہ السلام

س : قرآن مجید میں حضرت الیسع کا اسم گرامی کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ۲۹ ۷۲۔
ج ۔ صرف دو بار۔

marfat.com

س : قرآن مجید کی سورۂ صٓ کی آیت نمبر ۴۸ میں حضرت الیسع کے بارے میں کیا فرمایا گیا ہے ؟ ۳۰ ۷۔

ج ۔ وہ نیک لوگوں میں سے تھے۔

س : قرآن مجید کی آیت نمبر ۸۶ سورۂ الانعام میں حضرت الیسع علیہ السلام کے متعلق کیا فرمایا گیا ہے ؟ ۲۱ ۷

ج ۔ ان کو دنیا والوں پر فضیلت دی۔ (فی زمانہ)

س : آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت الیسع علیہ السلام کہاں کے رہنے والے تھے ؟ ۳۲ ۷۔

ج ۔ دریائے اردن کے کنارے مقام ابیل محولہ کے رہنے والے تھے۔

س : حضرت الیاس علیہ السلام کے جانشیں ہونے والے پیغمبر کا نام بتایئے

ج ۔ حضرت الیسع علیہ السلام۔ ۳۳ ۷

س : حضرت الیسع علیہ السلام نے اسرائیل کے حکمراں خاندان کو جس کی وجہ سے شرک اور برائیاں پھیل گئی تھیں تباہ کرنے کے لئے کس کو کھڑا کیا تھا ؟ ۳۴ ۷

ج ۔ یاہو بن یہوسقط بن نمسی کو۔

حضرت ذوالکفل علیہ السلام

س : حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے

ج ۔ صرف دو بار۔ ۳۵ ۷

marfat.com

س : ذوالکفل کے لفظی معنیٰ بتایئے ؟ ۳۶ ۔
ج ۔ صاحب نصیب (یہ آپ کا نام نہیں ہے بلکہ لقب ہے)
س : سورۂ صٓ کی آیت نمبر ۴۸ ۔ میں حضرت ذوالکفل علیہ السلام کے متعلق کیا کہا گیا ہے ؟ ۳۷
ج ۔ وہ نیک لوگوں میں سے تھے ۔
س : حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا اصل نام بتایئے ؟ ۳۸ ۔
ج ۔ حزقیل ۔
س : حضرت ذوالکفل علیہ السلام کا قبہ شریف کہاں واقع ہے ؟ ۳۹
ج ۔ کربلائے معلی اور نجف اشرف کے بیچ موضع کفل میں ۔
س : حضرت ذوالکفل علیہ السلام کو کس نے گرفتار کروایا تھا ؟ ۴۰
ج ۔ بخت نصر نے ۔
س : بخت نصر کہاں کا رہنے والا تھا ؟ ۴۱
ج ۔ شہر بابل کا ۔

حضرت سیدنا عزیر علیہ السلام

س : وہ کون سے نبی ہیں جن کا ذکر قرآن مجید میں صرف ایک بار آیا ہے ۔
ج ۔ حضرت عزیر علیہ السلام ۔ ۴۲ ۔
س : سو سال تک مردہ رہنے کے بعد کون نبی زندہ ہوئے ؟ ۴۳ ۔

marfat.com

ج ۔ حضرت عزیر علیہ السلام (خزائن العرفان البقرہ ص ۵۴)
س : توریت کے گم ہو جانے پر دوبارہ توریت کس نے لکھوایا؟ ۷۴۴
ج ۔ حضرت عزیر علیہ السلام نے۔
س : حضرت عزیر علیہ السلام کا مزار مقدس کہاں واقع ہے؟ ۷۴۵۔
ج ۔ بصرہ سے بغداد کے راستہ پر عراق کے دیر حزقیل کے قریب سائر آباد میں یا دمشق میں۔
س : حضرت عزیر علیہ السلام کو یہودی کیا کہا کرتے تھے؟ ۷۴۶۔
ج ۔ اللہ کا بیٹا۔
س : قرآن مجید کی کس آیت میں ہے جس میں یہودیوں کے بیٹا کہنے کا ذکر ہے۔
ج ۔ سورہ توبہ آیت نمبر ۳۰۔ ۷۴۷۔
س : حضرت عزیر علیہ السلام کا زمانہ کون سا تھا۔ ۷۴۸
ج ۔ ۵۸۶ قبل از مسیح۔
س : کیا سب یہودی حضرت عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہتے تھے؟ ۷۴۹
ج ۔ نہیں بلکہ صرف ایک گروہ ایسا کہتا تھا۔
س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت عزیر علیہ السلام کس کی نسل سے تھے؟
ج ۔ حضرت ہارون علیہ السلام کی سولہویں پشت میں سے تھے؟ ۷۵۰۔

حضرت سیدنا یونس علیہ السلام

س : حضرت یونس علیہ السلام کے والد کا نام بتایئے؟ ۷۵۱

marfat.com

ج ۔ متی۔

س : حضرت یونس علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؛ ۵۲ ؎

ج ۔ چار مرتبہ۔

س : صاحب الحوت کس نبی کو کہا جاتا ہے؟ ۵۳ ؎

ج ۔ حضرت یونس علیہ السلام کو۔

س : حضرت یونس علیہ السلام نے غم واندوہ کے عالم میں اللہ کو پکارا تھا بتایئے اللہ کو کہاں سے پکارا تھا؛ ۵۴ ؎

ج ۔ مچھلی کے پیٹ سے جہاں آپ زندہ تھے۔

س : حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ کے اندر سے اللہ تعالیٰ کو کس طرح پکارا تھا؛ ۵۵ ؎

ج ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

س : حضرت یونس علیہ السلام کو کس قوم کی طرف بھیجا گیا؛ ۵۶ ؎

ج ۔ اشور کی طرف جو عراق میں تھی۔ (اہل نینوا کی طرف)

س : اپنی قوم سے نکل کر حضرت یونس علیہ السلام نے کس دریا میں کشتی پر سوار ہوئے تھے؛ ۵۷ ؎۔

ج ۔ دریائے فرات میں۔

س : حضرت یونس علیہ السلام جب کشتی میں سوار تھے وہ عین دریا میں ڈوبنے لگی تو کشتی والوں نے اپنے عقیدے کے مطابق کیا کہا؛ ۵۸ ؎۔

ج ۔ کوئی غلام اپنے آقا سے بھاگ کر کشتی میں سوار ہو گیا ہے۔

س : حضرت یونس علیہ السلام کی قبر کہاں واقع ہے؟ ۵۹ ؎۔

ج ۔ نینوا میں۔

س : حضرت یونس علیہ السلام کو کس کس لقب سے قرآن مجید میں یاد کیا گیا ۶۰ ؎

marfat.com

ج ۔ صاحب الحوت، ذوالنون، ۔

س : کدو کا درخت قد آدم کے برابر کس نبی کے عہد میں ہوتا تھا۔ ۷۶۱

ج ۔ حضرت یونس علیہ السلام کے عہد میں۔

س : وہ کون سے نبی ہیں جنہیں مچھلی نے نگل لیا تھا؟ ۷۶۲۔

ج ۔ حضرت یونس علیہ السلام۔

س : اللہ تعالیٰ نے حضرت یونس علیہ السلام کی صحت و تندرستی کیلئے کیا انتظام فرمایا؟ ۷۶۳۔

ج ۔ کدو کے درخت کا سایہ اور ایک بکری جو صبح و شام دودھ پلا کر چلی جاتی تھی۔

س : حضرت یونس علیہ السلام کی قوم کو کیا کہتے ہیں؟ ۷۶۴

ج ۔ قوم اشور۔

س : حضرت یونس علیہ السلام نے کس عمر میں اپنی نبوت کا اعلان فرمایا؟

ج ۔ ۲۸ سال کی عمر میں۔ ۷۶۵

س : حضرت یونس علیہ السلام کیوں مچھلی کے پیٹ میں چلے جانے والے دکھ سے دوچار ہوئے؟ ۷۶۶

ج ۔ قوم کے توبہ نہ کرنے پر وحیٔ الٰہی کا انتظار کئے بغیر وہاں سے روانہ ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ کو یہ بات ناپسند ہوئی چوں کہ آپ نبی تھے اس لئے گرفت کی گئی۔

س : حضرت یونس علیہ السلام چالیس دن کے بعد مچھلی کے پیٹ سے زندہ نکل کر تندرست و توانا ہو گئے تو کہاں تشریف لے گئے ۷۶۷

ج ۔ اللہ پاک کے حکم سے دوبارہ اپنی قوم (اہل نینوا) کے پاس چلے گئے اور وہ لوگ بہت خوش ہوئے۔

marfat.com

حضرت سیدنا زکریا علیہ السلام

س : قرآن مجید میں حضرت زکریا علیہ السلام کا اسم گرامی کتنی بار آیا ہے؟
ج . سات بار ۷۶۸
س : حضرت زکریا علیہ السلام کس نبی کی نسل میں سے تھے؟ ۷۶۹
ج . حضرت داؤد علیہ السلام کی نسل سے۔
س : حضرت زکریا علیہ السلام کے اس عالی مرتبت فرزند کا نام بتلایئے جو نبی تھے۔ ۷۷۰
ج . حضرت یحییٰ علیہ السلام۔
س : بوقت ولادت یحییٰ زکریا علیہما السلام کی کیا عمر تھی؟ ۷۷۱
ج . ۱۲۰ سال کی۔ (خزائن العرفان آل عمران ص ۸۲)
س : کیا آپ ایسے پیغمبر کا نام بتا سکتے ہیں جنہیں آرے سے چیرا گیا؟ ۷۷۰
ج . حضرت زکریا علیہ السلام۔
س : حضرت زکریا علیہ السلام کا پیشہ کیا تھا؟ ۷۷۱
ج . لوہاری
س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا کس پیغمبر کی زوجہ محترمہ کی بھانجی تھیں؟ ۷۷۲
ج . حضرت زکریا علیہ السلام کی زوجہ محترمہ کی۔
س : حضرت زکریا علیہ السلام کی زوجہ محترمہ بوقت ولادت یحییٰ علیہ السلام کتنے سال کی تھیں؟ ۷۷۳
ج . ۹۸ سال کی۔ (خزائن العرفان آل عمران ص ۸۳)

marfat.com

س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی پرورش کس نے کی ؟ ۷۷۴
ج ۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے۔
س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے خالو کا نام بتایئے ؟ ۷۷۵۔
ج ۔ حضرت زکریا علیہ السلام۔
س : حضرت زکریا علیہ السلام کی زوجہ کا نام بتایئے ؟ ۷۷۶
ج ۔ اشاع بنت فاقوذ اور بعض نے ایشا بتایا ہے۔ (جلالین صاوی ص ۳۱۳)
س : حضرت زکریا علیہ السلام کس مقدس عمارت کے نگراں تھے ؟
ج ۔ ہیکل سلیمانی کے۔ ۷۷۷
س : حضرت زکریا علیہ السلام کی قبر انور کہاں واقع ہے ؟ ۷۷۸۔
ج ۔ حلب کی جامع مسجد میں۔
س : ہیکل سلیمانی میں مقیم وہ کون سی جلیل القدر ہستی تھی جس کی تربیت و پرورش حضرت زکریا علیہ السلام کیا کرتے تھے ؟ ۷۷۹
ج ۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت زکریا علیہ السلام کی موت کس طرح واقع ہوئی تھی ؟ ۷۸۰
ج ۔ یہودیوں نے آپ کو شہید کر دیا تھا۔

حضرت سیدنا یحییٰ علیہ السلام

س : قرآن مجید میں حضرت یحییٰ علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے ؟ ۷۸۱
ج ۔ پانچ مرتبہ۔

marfat.com

س : حضرت یحییٰ علیہ السلام کے والد مکرم کا اسم گرامی بتلایئے! ۸۲ء۔
ج ۔ حضرت زکریا علیہ السلام۔
س : حضرت یحییٰ علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے عمر میں کس قدر بڑے تھے؟ ۸۳ء۔
ج ۔ چھ ماہ بڑے تھے۔
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مبعوث ہونے کی بشارت کون نبی دیا کرتے تھے؟ ۸۴ء
ج ۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام۔
س : حضرت یحییٰ علیہ السلام کہاں اپنا وقت گذارہ کرتے تھے؟ ۸۵ء
ج ۔ جنگل اور صحرا میں۔
س : حضرت یحییٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام بتلایئے! ۸۶ء
ج ۔ اشاع بنت فاقوذیا ایشا۔
س : حضرت یحییٰ علیہ السلام کے پاس وحی کی ابتدا کس عمر میں ہوئی۔
ج ۔ تین سال کی عمر میں۔
س : حضرت یحییٰ علیہ السلام کے خالہ زاد بھائی کا نام بتایئے جو نبی تھے؟ ۸۷ء ۸۸ء
ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
س : حضرت یحییٰ علیہ السلام کا مزار مقدس کہاں واقع ہے؟ ۸۹ء۔
ج ۔ دمشق کی جامع مسجد کے قریب محراب حنفی میں۔
س : دنیا میں سب سے پہلے یحییٰ نفس کا نام رکھا گیا۔ ۹۰ء
ج ۔ حضرت زکریا علیہ السلام کے فرزند حضرت یحییٰ علیہ السلام کا۔
س : حضرت یحییٰ علیہ السلام کی موت کیسے واقع ہوئی؟ ۹۱ء
ج ۔ آپ کو یہودیوں نے شہید کر ڈالا۔

marfat.com

س : اہل کتاب حضرت یحییٰ علیہ السلام کو کس نام سے پکارتے ہیں ؟ ۹۲،
ج ۔ یوحنا نام سے۔

حضرت لقمان علیہ السلام

س : حضرت لقمان حکیم کا سلسلۂ نسب بیان کیجئے، ۹۳،
ج ۔ لقمان بن باعور بن ناحور، بن تارخ۔
س : لقمان حکیم کے ماموں کا نام بتلایئے ؟ ۹۴۔
ج ۔ حضرت ایوب علیہ السلام (باختلاف)
س : حضرت لقمان حکیم تھے یا نبی ؟ ۹۵۔
ج ۔ اکثر علماء کا قول ہے کہ آپ حکیم تھے۔ اور سُنار کا کام کرتے تھے۔
س : حضرت لقمان حکیم کے صاحبزادے کا نام کیا تھا ؟ ۹۶،
ج ۔ انعم یا اشکم۔

حضرت سیدنا سکندر ذوالقرنین

س : حضرت سکندر ذوالقرنین کا اصل نام کیا تھا ؟ ۹۷،
ج ۔ اسکندریہ، اور اسی نام سے شہر بھی بسایا۔

marfat.com

س : حضرت ذوالقرنین کے خالہ زاد بھائی کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۹۸۔
ج ۔ حضرت خضر علیہ السلام۔
س : یاجوج ماجوج وحشی قوم کا سدباب کس نے کیا؟ ۹۹
ج ۔ حضرت سکندر ذوالقرنین نے۔
س : زمین کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک سفر کرنے والے شخص کا نام بتلایئے ؟ ۸۰۰
ج ۔ حضرت سکندر ذوالقرنین ۔
س : ذوالقرنین کی وجہ تسمیہ بتلایئے ۸۰۱
ج ۔ مشرق و مغرب تک بادشاہت اور سفر کرنے کی وجہ سے۔
س : ملک الملوک العادلہ کس کا لقب تھا؟ ۸۰۲ ۔
ج ۔ حضرت سکندر ذوالقرنین کا۔

حضرت سیدنا خضر علیہ السلام

س : حضرت خضر علیہ السلام کا اصل نام کیا تھا؟ ۸۰۳
ج ۔ بلیا بن ملکان۔
س : حضرت خضر علیہ السلام کی کینت بتایئے ؟ ۸۰۴۔
ج ۔ ابوالعباس ۔
س : حضرت خضر علیہ السلام نے جس یتیم بچے کی دیوار سیدھی کر دیا تھا اس

marfat.com

کا نام بتایئے ؟ ۸۰۵۔

ج ۔ کاشسح۔

س : چشمۂ حیات میں غسل کرنے اور پانی پینے والے برگزیدہ شخص کا نام بتایئے ؟ ۸۰۶

ج ۔ حضرت خضر علیہ السلام۔

س : ایک ٹوٹی ہوئی یتیموں کی دیوار کس نے درست فرمائی ؟ ۸۰۷

ج ۔ حضرت خضر علیہ السلام نے۔

س : حضرت خضر کا نام خضر کیوں پڑا۔ ۸۰۸

ج ۔ جہاں آپ بیٹھ جاتے اس جگہ کی زمین سبز ہو جاتی تھی ؟

س : حضرت خضر علیہ السلام کے عہد میں اس ظالم بادشاہ کا نام کیا تھا جو کشتیاں غصب کر لیا کرتا تھا

ج ۔ جس کے خوف سے حضرت خضر نے مساکین کی کشتی میں نقص پیدا کر دیا تھا ؟ ۸۱۰

ج جیسور یہ غسان کا بادشاہ تھا۔ (صاوی ص ۲۳ ج ۲)

س : حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے کئے گئے تینوں سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کیا کہا ؟ ۸۱۱

ج ۔ جو کچھ بھی میں نے کیا ہے اللہ کے حکم سے کیا ہے اور اب ہماری تمہاری جدائی ہو گی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کے تعلق سے

س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے ؟ ۸۱۲

ج ۔ تینتیس ۳۳ مرتبہ۔

marfat.com

س : خاتم انبیائے بنی اسرائیل کون ہیں؟ ۸۱۴۔
ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی بتایئے؟ ۸۱۴
ج ۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا۔
س : کس نبی کو ان کی قوم نے اپنی سمجھ سے تخت دار پر سولی دے دیا؟ ۸۱۵
ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو۔

س حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوم کو کیا کہتے ہیں؟ ۸۱۶
ج : عیسائی۔
س حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ زمین پر تشریف لائیں گے تو ان کی عمر کیا ہوگی؟ ۸۱۷
ج : ۳۳ سال کی۔
س ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ زمین پر تشریف لائیں گے تو ان کی شریعت کیا ہوگی۔ ۸۱۸
ج ۔ شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان کا فاصلہ بتایئے! ۸۱۹
ج ۔ پانچ سو سال اور بعض نے ۵۷۵ سال بتایا ہے۔
س : وہ کون سے پیغمبر ہیں جو تمام عمر ننگے پاؤں رہے۔ ۸۲۰
ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
س : کلمۃ اللہ کس نبی کو کہتے ہیں؟ ۸۲۱
ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو۔

marfat.com

س : حضرت عیسٰی علیہ السلام کو کلمۃ اللہ کیوں کہتے ہیں ؟ ۸۲۲
ج ۔ آپ بغیر ماں باپ کے صرف اللہ کے حکم سے پیدا ہوئے ؟
س : اس پیغمبر کا اسم گرامی کیا ہے جنہوں نے گہوارہ میں ہی اپنی والدہ کی عصمت وعفت کی گواہی دی ۔ ۸۲۳
ج ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام ۔
س : حضرت عیسٰی علیہ السلام نے کس سے شادی کی اور کس کے مکان میں رہتے تھے ۔ ۸۲۴
ج ۔ نہ آپ نے شادی کی نہ آپ نے مکان بنایا بلکہ زندگی زہد وسفر میں گذار دی
س : شہر انطاکیہ کی طرف حضرت عیسٰی علیہ السلام نے اپنے جن نمائندوں کو بھیجا تھا ان کا نام بتایئے ۔ ؟ ۸۲۵ ۔
ج ۔ صادق ، مصدوق ، رحمہا اللہ علیہما ۔
س ۔ صادق اور مصدوق نے نشانی کے طور پر سب سے پہلے کس کو تندرست فرمایا ۔ ۸۲۶ ۔
ج ۔ حبیب نجار کے بیٹے کو جو دو سال سے شدید بیمار تھے ۔
س : شہر انطاکیہ کا بادشاہ کس کی تعلیم وتلقین سے ایمان لایا تھا ؟ ۸۲۷
ج ۔ حضرت شمعون فرستادہ عیسٰی علیہ السلام کی تبلیغ سے ۔
س : حضرت عیسٰی علیہ السلام کتنی عمر میں آسمان پر اٹھا لئے گئے ؟ ۸۲۸
ج ۔ ۳۳ سال کی عمر میں ۔ (حاشیہ جلالین ص ۵۳)
س : حضرت عیسٰی علیہ السلام دوبارہ دنیا میں کہاں تشریف لائیں گے ۸۲۹
ج ۔ ملک شام میں ۔
س : حضرت عیسٰی علیہ السلام کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کتنی دفعہ تشریف لائے ! ۸۳۰

marfat.com

ج ۔ صرف دس بار۔
س : مردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ کس نبی کو عطا ہوا ؟ ۸۳۱۔
ج ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام کو۔
س ۔ روح اللہ کس نبی کا لقب تھا؟ ۸۳۲۔
ج ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام کا۔
س : احاطۂ بیت المقدس میں حضرت عیسٰی علیہ السلام کی تصویر کس طرح بنی ہے ؟ ۸۳۳۔
ج ۔ ایک یہودی بال پکڑے ہوئے صلیب پر چڑھا رہا ہے۔
س : انجیل مقدس کس پیغمبر پر نازل ہوئی ؟ ۸۳۴
ج ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام پر۔
س : سب سے پہلے مصافحہ کس نے کیا ؟ ۸۳۵
ج ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام نے (نوائے حبیب مارچ ۸۸ء)
س : اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسٰی علیہ السلام کو اپنی طرف کیوں اٹھا لیا۔ ۸۳۶
ج ۔ تاکہ آخری نبی کی امت کے عجائبات کو دیکھ سکیں اور قتل دجال پر متعین رہیں۔ (البدایہ ص۷۹)
س : کس نبی نے پیدا ہوتے ہی کلام کیا ؟ ۸۳۷
ج ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام نے۔
س ۔ حضرت عیسٰی علیہ السلام نے اصحاب مائدہ کیلئے کب بددعا فرمائی ۸۳۸
ج ۔ جب نازل شدہ نعمتیں کھانے کے بعد کفر کیا۔
س : حضرت عیسٰی علیہ السلام کی بددعا کا اثر اصحاب مائدہ پر کسقدر ہوا
ج ۔ پانچ ہزار لوگ بندر اور خنزیر کی صورت میں مسخ کئے گئے۔ ۸۳۹
س : حضرت عیسٰی علیہ السلام کی ولادت کہاں ہوئی ؟ ۸۴۰

marfat.com

ج ۔ بیت اللحم کے نیچے۔

س : وہ کون سے نبی ہیں۔ جو مٹی کے پرندوں کو جاندار بنا دیتے تھے! ۸۴۱

ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے سب سے پہلے مٹی کا کونسا پرندہ بنا کر پھونک مار کر زندہ فرمایا۔ ۸۴۲

ج ۔ چمگادڑ۔

س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا لقب کیا تھا؟ ۸۴۳

ج ۔ عذراء۔

س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے والد کا نام بتائیے ۸۴۴۔

ج ۔ عمران بن ماتان (خزائن العرفان آل عمران ص ۶۸)

س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا کی والدہ کا نام کیا تھا! ۸۴۵۔

ج ۔ حسنہ بنت فاقوذا (صاوی ص ۳۶)

س : وہ کون سی خاتون ہیں جنہوں نے کسی عورت کا دودھ نہیں پیا؟

ج ۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا۔ ۸۴۶

س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا ایک دن میں کس قدر بڑھتی تھیں؟ ۸۴۷

ج جتنا بچہ ایک سال میں بڑھتا ہے۔ (خزائن العرفان آل عمران ۴۷)

س : کس خاتون کا ذکر قرآن مجید میں ان کے نام کے ساتھ کیا ہے؟

ج ۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا۔ ۸۴۸

س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے حاملہ ہونے کا علم سب سے پہلے کس کو ہوا تھا۔ ۸۴۹

ج ۔ آپ کے چچا زاد بھائی یوسف نجار کو۔

س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعد وصال کہاں دفن ہوں گے؟ ۸۵۰۔

marfat.com

ج ۔ روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بالکل قریب۔
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے شب و روز کس پہاڑی پر گذارتے تھے؟ ۸۵۱
ج ۔ جبل زیتون پر
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری کی تعداد کتنی تھی؟ ۸۵۲
ج ۔ بارہ[۱۲]، جو آپ پر ایمان لائے تھے۔ (خزائن العرفان ص۱۰۱ آل عمران)
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حوارین کن کن پیشہ سے تعلق رکھتے تھے ۸۵۳
ج ۔ بعض کپڑا رنگنے والے، بعض شکاری، بعض دھوبی اور چند ملاح تھے۔
(الکامل فی التاریخ ص۳۱۵ ج۱)
س : حوارین کسے کہتے ہیں؟ ۸۵۴۔
ج ۔ محبین و مخلصین کو۔
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام جس پہاڑ سے زندہ اٹھائے گئے اس کا نام بتائیے؟ ۸۵۵
ج ۔ کالوری۔
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ زمین پر تشریف لانے کے بعد کتنے سال زندہ رہیں گے؟ ۸۵۶۔
ج ۔ ۴۰ر سال۔
س : حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا ذکر قرآن مجید میں کتنی جگہ آیا ہے! ۸۵۷۔
ج ۔ ۳۰ر جگہ۔
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے انتقال کے بعد دنیا میں کس بادشاہ کی حکومت ہو گی۔ ۸۵۸۔
ج ۔ جیجاہ بادشاہ کی۔

marfat.com

س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوم کا نام نصاریٰ کیوں پڑا ؟ ۸۵۹۔
ج ۔ آپ کی والدہ ماجدہ اپنی قوم کی طرف آپ کو لے آئیں جس گاؤں کا نام ناصرہ تھا۔ بیس سال کی عمر میں باقاعدہ تبلیغ کا کام وہیں سے شروع کیا اس لئے ناصرہ گاؤں کی نسبت سے آپ کی جماعت کا نام نصاریٰ پڑا۔
س : قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کون کون لقب سے یاد کیا گیا ہے؟
ج ۔ مسیح ، کلمۃ اللہ ، روح اللہ۔ ۸۶۰
س : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس قوم کی طرف مبعوث کئے گئے تھے ؟ ۸۶۱
ج ۔ بنی اسرائیل کی طرف۔
س : عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کیا عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ اللہ کے بیٹے تھے؟ ۸۶۲
س ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے آپ کے حواریوں نے کیا مطالبہ کیا تھا۔
ج : آسمان سے دسترخوان اتارا جائے۔ ۸۶۳
س : قرآن مجید میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کن ناموں سے یاد کیا گیا ہے؟
ج ۔ عیسیٰ ، مسیح ، عبداللہ ، ابن مریم۔ ۸۶۴
س : لفظ مریم کس زبان کا لفظ ہے ، اور اس کا معنی کیا ہوتا ہے؟
ج ۔ لفظ مریم سریانی زبان ہے اور اسکا معنی خادمہ اور عابدہ ہوتا ہے۔

متفرق انبیائے کرام اور ان کے تعلق سے

س : حضرت شموئیل علیہ السلام کی دعا سے اللہ تعالیٰ نے کس بادشاہ کو مقرر فرمایا؟ ۸۶۵۔

marfat.com

ج ۔ طالوت بن بنیامین بن یعقوب علیہم السلام کو۔

س : بلب دریائے روم بادشاہ فوطہ کے ہزاروں فوجیوں کو تنہا قتل کرنے والے نبی کا اسم گرامی بتایئے! ۸۶۶

ج ۔ حضرت شمعون علیہ السلام (بعض کا خیال ہے کہ آپ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریین کے سردار تھے نبی نہ تھے۔)

س ۔ وہ کون سے نبی ہیں جن کے جسم میں بال بہت زیادہ تھے! ۸۶۷

ج ۔ حضرت شمعون علیہ السلام

س : حضرت جرجیس علیہ السلام کس شہر کی طرف ہدایت کے لئے مبعوث کیے گئے؟ ۸۶۸۔

ج ۔ فلسطین کی جانب۔

س : حضرت جرجیس علیہ السلام کے قاتل کا نام بتایئے؟ ۸۶۹۔

ج ۔ دادیانہ۔

س : حضرت قیر علیہ السلام کا روضہ مع ذریت کہاں واقع ہے؟ ۸۷۰۔

ج ۔ بیت المقدس صخرہ شریف میں۔

س : حضرت یوشع علیہ السلام کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۸۷۱۔

ج ۔ دوسرے حصہ شہر بغداد میں۔

س : کن دو پیغمبروں کی امتیں ایک ساتھ ہلاک کی گئیں۔ ۸۷۲۔

ج ۔ حضرت صالح و حضرت شعیب علیہما السلام کی۔

س : وہ کون دو ایسے جلیل القدر پیغمبر ہیں جنہوں نے فرد وری کیا؟ ۸۷۳۔

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام (حضرت شعیب علیہ السلام کی بکریاں چرائی) حضور صلی اللہ علیہ وسلم (حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا مال تجارت لے کر باہر تشریف لے گئے)

marfat.com

س : ان دو پیغمبروں کے نام بتایئے جو ہر سال ایام حج میں ملاقات کرتے ہیں
ج . حضرت خضر و حضرت صالح علیہما السلام ۸۷۴
س : بنی اسرائیل کے سب سے اول اور آخری نبیوں کے اسمائے گرامی بتایئے
ج . حضرت یوسف و حضرت عیسیٰ علیہما السلام ۸۷۵ (حاشیہ جلالین ص۱۵)
س : کتنے انبیاء کرام ایسے ہیں جو زندہ ہیں ؟ ۸۷۵
ج . چار آسمان پر حضرت عیسیٰ اور ادریس علیہما السلام اور زمین پر حضرت الیاس و حضرت خضر علیہما السلام۔ (صاوی حاشیہ شرح عقائد ص۱۰۱)
س : کتنے انبیاء کرام ختنہ شدہ پیدا ہوئے ہیں ؟ ۸۷۶
ج . تیرہ ۱۳ اور بعض نے چودہ ۱۴ بتایا ہے۔ (حیوٰۃ الحیوان ص۷۹)
س : کس پیغمبر کے زمانہ کے مسلمان قرون اولیٰ کے مسلمان کہلاتے ہیں ؟ ۸۷۷
ج . پیغمبر اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد پاک کے۔
س : کن دو نبیوں کے یہاں صرف صاحبزادیاں ہی پیدا ہوئیں ؟ ۸۷۸
ج . حضرت لوط اور حضرت شعیب علیہما السلام کے۔
س : حضرت آدم علیہ السلام سے قبل دنیا میں کس کی آبادی تھی ؟ ۸۷۹
ج . جنوں کی۔
س : قرآن حکیم کے مطابق اللہ تعالیٰ نے کن دو چیزوں کو عبرت کیلئے صدیوں سے محفوظ فرمایا ہے ؟ ۸۸۰
ج . حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی اور فرعون کی لاش کو۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر توریت میں کس نام سے کیا گیا ہے ؟ ۸۸۱
ج . فارقلیط کے نام سے۔ (حق و صداقت کی روح)
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا روضہ سب سے پہلے کس نے تعمیر کروایا
ج . بادشاہ مصر منصور الحیٰ نے۔ ۸۸۲

marfat.com

س : میدان محشر میں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست پاک میں جو علم ہوگا اس کا نام بتایئے ! ۸۸۳۔

ج ۔ لوار الحمد ۔

صبا وہ چلے کہ باغ پھلے ، وہ پھول کھلے کہ دن ہوں بھلے
لوار کے تلے تنلا میں کھلے ، رضا کی زبان تمہارے لئے

س : نزول قرآن سے قبل یہود کس کے نام کے وسیلے سے دعا کرتے تھے ؟

ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پاک کے وسیلے سے ۔ ۸۸۴

س : آسمان پر زندہ اٹھائے جانے والے انبیاء کرام کتنے ہیں ! ۸۸۵۔

ج ۔ دو، حضرت عیسیٰ اور حضرت ادریس علیہما السلام ۔ (صاوی)

س : طبقات انبیاء کتنے ہیں اور کون کون ! ۸۸۶۔

ج ۔ تین ہیں ۔ اول حضرت آدم سے حضرت نوح تک ۔ دوم حضرت نوح سے حضرت موسیٰ تک سوم حضرت موسیٰ سے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم تک ۔ (صاوی)

س : انبیاء کے کس طبقے سے حلال وحرام کی شریعت مقرر ہوئی ! ۸۸۷۔

ج ۔ دوسرے طبقہ سے ۔

س : رحمت دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم اکثر نیا کپڑا کس دل زیب تن فرماتے تھے ! ۸۸۸ ۔

ج ۔ جمعہ کے روز ۔

س : یوحنا کے نام سے شہرت پانے والے پیغمبر کا اسم گرامی بتایئے ! ۸۸۹

ج ۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام ۔

س : حضرت آدم ونوح علیہما السلام تک کتنے سال کا فاصلہ تھا ! ۸۹۰

ج ۔ سولہ سو بیالیس سال کا ۔

marfat.com

س : کس نبی سے کس نبی تک جہاد کا حکم نازل نہیں ہوا تھا ؟ ۸۹۱۔
ج ۔ حضرت نوح سے حضرت موسیٰ علیہ السلام تک۔
س : حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے بعد کعبہ کے متولی کون ہوئے ۸۹۲
ج ۔ آپ کے صاحبزادے نابت۔
س ۔ مسلمانوں میں ان دو بادشاہوں کے نام بتایئے جنہوں نے پوری دنیا پر حکومت کی ؟ ۸۹۳۔
ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت ذوالقرنین علیہ السلام
(حاشیہ جلالین پ ۱۶ ص ۴)
س : کن دو نبیوں کی کوششوں کے باوجود لوگ بداخلاقی اور بت پرستی سے باز نہ آئے جس کی وجہ سے بخت نصر عذاب کی صورت میں مسلط ہوا۔ ۸۹۴۔
ج : حضرت یرمیاہ اور یسعیان علیہما السلام۔
س : وہ کون سے دو پیغمبر ہیں جن کے دو نام رکھے گئے ؟ ۸۹۵
ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام و حضور صلی اللہ علیہ وسلم (الاتقان اردو ص ۳۴۹ ج ۲)
س : وہ کون سے چار پیغمبر ہیں جنہوں نے ۸۰ سال تک اللہ کی اس قدر عبادت کی کہ ایک لمحہ بھی غافل نہ رہے۔ ۸۹۶
ج حضرت ایوب، حضرت زکریا، حضرت حزقیل، حضرت یوشع بن نون علیہم السلام
س : بنی اسرائیل میں مبعوث کئے گئے چاروں پیغمبروں کے اسمائے گرامی بتایئے
ج ۔ حضرت موسیٰ، حضرت ہارون، حضرت یوسف، حضرت یعقوب علیہم السلام۔ ۸۹۷
س : انبیائے سابقین جن کی زبانیں عربی زبان کے علاوہ تھیں ان کے پاس

marfat.com

وحی کس زبان میں آتی تھیں؟ ۸۹۸

ج ۔ وحی عربی زبان میں ہی آتی تھی ہر نبی ترجمہ کر کے قوم کو بتلاتے تھے۔ اور احکام خداوندی کی تبلیغ کرتے تھے۔ (الاتقان ص۶۰)

س : حضرت حنظلہ علیہ السلام کی قبر کہاں واقع ہے۔ ۸۹۹

ج ۔ یمن میں مسجد الکبیر کے پہلو میں۔

س : قرآن مجید کی کتنی سورتیں انبیائے کرام کے نام سے ہیں؟ ۹۰۰

ج ۔ چھ سورتیں، سورۂ یونس، سورہ ہود، سورہ یوسف، سورہ ابراہیم سورۂ نوح، سورہ محمد۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چند وہ کلمات بتایئے جو آپ کو دوسرے انبیائے کرام سے ممتاز کرتے ہیں۔ ۹۰۱

ج ۔ سید الانبیاء امام الانبیاء خاتم الانبیاء۔

س : قرآن مجید میں سب سے آخر میں کن نبی کا ذکر آیا ہے؟ ۹۰۲

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا سورۃ الاعلیٰ میں آخری آیت نمبر ۱۹۔

س : ایک نبی کے ذکر میں ان کی قوم کے لوگوں کی بستیاں زمین میں دھنسا دیئے جانے اور ان پر پتھراؤ کرنے کا ذکر آتا ہے کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں؟ ۹۰۳

ج ۔ حضرت لوط علیہ السلام۔

س : قرآن مجید میں ایک نبی کے ذکر میں ایک ملکہ کا تذکرہ ہے وہ ملکہ کون تھی اور نبی کا اسم گرامی کیا ہے؟ ۹۰۴۔

ج ۔ ملکہ سبا تھی۔ اور نبی سلیمان علیہ السلام ہیں۔

س : ایک نبی کے ذکر میں ہُدہُد، جنات، اور تخت کا تذکرہ ہے کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں؟ ۹۰۵۔

marfat.com

ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام

س : بتلیئے گلئے کی قربانی کا ذکر کس نبی سے تعلق رکھتا ہے؟ ۹۰۶۔

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے۔

س : ایک نبی کی قوم نے بے مثل خوراک پانے کے باوجود ناشکری اور سرکشی

ج ۔ کی اس قوم اور نبی کا نام بتایئے! ۹۰۷۔

س : نبی کا اسم پاک حضرت موسیٰ علیہ السلام ہے اور قوم بنی اسرائیل ہے۔ ۹۰۸

ج ۔ سمندر میں سے گذر کر دوسرے کنارے پر پہنچنے والے نبی کا اسم گرامی بتلیئے؟

س : حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

س : ایک نبی تقریباً دس سال تک قید خانہ میں رہے ان کا اسم گرامی بتایئے

ج ۔ حضرت یوسف علیہ سلام ۹۰۹

س : ایک نبی کو اللہ تعالیٰ نے ایسی بادشاہی دی تھی جیسی کسی دوسرے کو نہیں دی ان کا اسم گرامی کیا ہے؟ ۹۱۰

ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام۔

س : کیا آپ ایسے نبی کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں جن کی زندگی میں ہی ماننے والوں کی تعداد دوسرے نبیوں کے ماننے والوں سے زیادہ تھی؟ ۹۱۱

ج ۔ آخری پیغمبر حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔

س : ان پیغمبر کا اسم گرامی بتایئے جنہیں اپنی حیات اقدس میں سب پیغمبروں سے زیادہ جنگیں لڑنی پڑیں۔ ۹۱۲

ج ۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔

س : دنیا میں سب سے کم عرصہ رہنے والے پیغمبر کا اسم گرامی بتایئے ۹۱۳

ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س : زیادہ عرصہ تک بدنی طور پر بیمار رہنے والے پیغمبر کا اسم گرامی بتایئے۔

ج ۔ حضرت ایوب علیہ السلام۔ ۹۱۴

marfat.com

س : وہ کون نبی ہیں جنہوں نے اپنی آنکھوں سے مردہ پرندوں کو زندہ ہوتے دیکھا؟ ۹۱۵۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : قرآن مجید میں سب سے پہلے کس قوم کا ذکر آیا ہے؟ ۹۱۶۔

ج ۔ بنی اسرائیل کا۔

س : قرآن مجید میں سب سے پہلے کس نبی کا اسم گرامی آیا ہے؟ ۹۱۷۔

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام کا۔

س : قرآن مجید میں ایک نبی کو ان کی والدہ کے ساتھ پکارا گیا ہے کیا آپ انکا اسم گرامی بتا سکتے ہیں

ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے ساتھ ۹۱۸

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی احمد، قرآن مجید کے کس پارہ اور سورۃ میں آیا ہے؟ ۹۱۹۔

ج ۔ اٹھائیسویں پارہ کے سورہ صف کی آیت نمبر ۶ میں۔

س : کس نبی کا بیٹا عذاب الٰہی کا شکار ہوا۔ ۹۲۰

ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام کا نافرمان بیٹا۔

س : کس نبی کی بیوی عذاب الٰہی کا شکار ہو گئی۔ ۹۲۱

ج ۔ حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی۔

س : ان دو خالہ زاد بھائیوں کے اسمائے گرامی بتائیے جنہوں نے نہ شادی کی نہ گھر بنایا۔ اور دونوں نبی تھے؟ ۹۲۲۔

ج ۔ حضرت عیسیٰ اور حضرت یحییٰ علیہما السلام

س : اس نبی کا اسم گرامی بتائیے جن کے اوپر سے اللہ تعالیٰ نے عذاب ٹال دیا تھا؟ ۹۲۳۔

ج ۔ حضرت یونس علیہ السلام۔

marfat.com

س : کیا انسان عبادت کے ذریعہ نبی بن سکتا ہے؟ ۹۲۴.
ج ۔ ہرگز نہیں۔
س : کیا اب کوئی نبی آنے والا ہے؟ ۹۲۵.
ج ۔ نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں آپ کے بعد نبی کے آنے کی ضرورت نہیں ہے۔
س : کل امتیں کتنی ہیں؟ ۹۲۶
ج ۔ صرف ایک ہزار۔ جن میں ۶ چھ سو دریا میں، چار سو خشکی میں ہیں۔
س : قیامت کے دن کل امتوں کی صفیں کتنی ہوں گی۔ ۹۲۷.
ج ۔ ۱۲۰ جن میں ۸۰ صفیں امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہوں گی۔
س : قیامت کے دن امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پکار کس لقب سے ہوگی؟ ۹۲۸۔
ج ۔ حمادون سے۔
س : حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ پر پھونک مارنے والے جانور کا نام بتایئے؟ ۹۲۹۔
ج ۔ گرگٹ۔
س : اس جانور کا نام بتایئے جو منہ میں پانی لے کر آتشکدۂ نمرود بجھانے گیا تھا؟ ۹۳۰
ج ۔ مینڈک۔
س : کشتی نوح علیہ السلام کس درخت کے لکڑی کی تھی؟ ۹۳۱۔
ج ۔ ساج (سال) یا صنوبر یعنی چیڑ، جو سو سال بعد کاٹا گیا تھا۔
س : انبیاء علیہم السلام جنت کے کس مقام میں رہیں گے؟ ۹۳۲۔
ج ۔ مقام محمود میں۔

marfat.com

س : کل انبیائے کرام کتنے گذرے ہیں ؟ ۹۳۳
ج ۔ کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار۔ ۱۲۴۰۰۰
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نوری چادر کا رنگ بتلایئے ۹۳۴
ج ۔ سیاہ۔
س : نبی کا معنیٰ بتلایئے ! ۹۳۵۔
ج ۔ لغوی معنیٰ غیب بتلانے والا (یہ انبیاء کے ساتھ مختص ہے)
س : ذاتی علم غیب کسے کہتے ہیں۔ ۹۳۶
ج ۔ جس پر کوئی دلیل نہ ہو۔ (اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہے)
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کے انتظار میں کس نبی کی اولاد مدینہ میں آکر آباد ہو گئی تھی ! ۹۳۷۔
ج ۔ حضرت ہارون علیہ السلام کی۔
س : انبیائے سابقین نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل کا ذکر کس لقب سے کیا ہے۔ ۹۳۸
ج ۔ ذوالقبلتین ہے۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا پیشاب مبارک کس خادمہ نے پی لیا تھا ؟ ۹۳۹
ج ۔ آپ کی خادمہ میمونہ نے۔
س : میدان محشر میں سب سے پہلے کس نبی کی امت کا حساب ہو گا۔ ۹۴۰
ج ۔ حضور رحمت عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی امت کا۔
س : پیغمبروں کی سنتوں میں کون سی چار چیزیں مخصوص ہیں۔ ۹۴۱۔
ج ۔ حیا کرنا، خوشبو لگانا، مسواک کرنا، نکاح کرنا۔
س : یہود کس نبی کو اپنا آخری نبی مانتے ہیں ؟ ۹۴۲۔
ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو۔
س : اتر پردیش کے مشہور شہر اجودھیا میں کن پیغمبروں کے مزارات موجود

marfat.com

ہیں؟ ۹۴۳۔

ج ۔ مختلف اقوال سے حضرت شیث علیہ السلام اور حضرت ایوب علیہ السلام کے

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضرت داؤد اور حضرت سموئیل علیہما السلام کس قوم میں سے نبی تھے؟ ۹۴۴۔

ج ۔ بنی اسرائیل سے۔

س : حضرت داؤد علیہ السلام کس پیغمبر کے بیٹے کی اولاد سے تھے؟ ۹۴۵

ج ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے یہودا کی اولاد سے۔

س : اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کے بعد کس کو اپنا خلیفہ کہکر یاد فرمایا؟ ۹۴۶

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو۔

س : قرآن سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر قوم نے اپنے نبی سے نشانی کا مطالبہ کیا تھا۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ نشانی سے کیا مراد ہے؟ ۹۴۷۔

ج ۔ معجزہ۔

اصحابِ کہف

س : اصحاب کہف کتنے بھائی تھے؟ ۹۴۸

ج ۔ سات۔

marfat.com

س : اصحاب کہف کے اسمائے گرامی بتائیے؟ ۹۴۹۔
ج ۔ یملیخا، مکسلمینا، صرطوس، نبیونس، دردونس، کفاشیطیطوس منطوانیس ۔ (روح المعانی ص۲۴۶)۔
س : اصحاب کہف کے کتے کا نام بتائیے؟ ۹۵۰
ج ۔ قطمیر۔
س : اصحاب کہف کس وادی میں آرام فرما ہیں نیز غار کا بھی نام بتائیے۔
ج ۔ وادیٔ رقیم میں غار کا نام بعض نے بیجلوس اور بعض نے یبخلوس بتایا ہے۔ (صاوی ص۵) ۹۵۱
س : اصحاب کہف نے کس بادشاہ کے ظلم سے تنگ آکر غار کو مسکن بنایا۔
ج ۔ دقیانوس۔ (صاوی ص۵) ۹۵۲
س : اصحاب کہف کس بادشاہ کے زمانہ میں بیدار ہوئے؟ ۹۵۳۔
ج ۔ بیدورس اور بعض نے تھیوڈوسیس نام بتایا ہے۔
س ۔ اصحاب کہف کتنے سال کے بعد بیدار ہوئے؟ ۹۵۴۔
ج ۔ ۳۰۹ برس کے بعد ۔ (کنزالایمان ۔ الکہف آیت ۲۴)
س : اصحاب کہف کہاں کے رہنے والے تھے؟ ۹۵۵۔
ج ۔ شہر افسوس کے اور اہل عرب طرطوس کہتے ہیں۔ یہ روم کے شہروں میں سے ایک شہر تھا۔ (صاوی ص۵ ۳)
س : وہ کون سی جماعت ہے جن کے آرام کی جگہ دھوپ اور گرمی کبھی نہیں پڑتی؟ ۹۵۶
ج ۔ اصحاب کہف۔
س : اصحاب کہف سال میں کروٹ بدلتے ہیں کیا وہ تاریخ بتا سکتے ہیں؟
ج ۔ دسویں محرم الحرام کو ۹۵۷

marfat.com

س : وہ کون سا کتا ہے جو جنت میں داخل ہوگا ؟ ۹۵۸۔
ج ۔ اصحاب کہف کا کتا۔
س : اصحاب کہف کا کتا جنت میں کس شکل میں جائے گا۔ ۹۵۹۔
ج ۔ بلعم باعور کی شکل میں۔
س : بلعم باعور کس صورت میں جہنم میں جائے گا۔ ۹۶۰
ج ۔ اصحاب کہف کے کتے کی شکل میں۔
س : اصحاب کہف کس نبی کے زمانہ میں ہوئے اور ان کا عمل کس نبی کی شریعت پر رہا۔ ۹۶۱۔
ج ۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شریعت پر عمل رہا۔ (صاوی ۵/۵)
س : ان ساتوں نوجوانوں کو قرآن میں کس نام سے یاد کیا گیا ہے جو اپنی جانیں بچانے کی غرض سے غار میں جا کر سو رہے۔ ۹۶۲۔
ج ۔ اصحاب کہف۔

ایامِ جاہلیت

س : ملک عرب میں سب سے پہلے جو بت آیا اس کا نام بتایئے ۹۶۴
ج ۔ ہبل۔
س : ہبل نامی بت کس نے اور کہاں سے لایا تھا ؟ ۹۶۵

marfat.com

ج : عمرو بن لحی کو شام سے لایا تھا۔
س : قبیلۂ ثقیف کے معبود کا نام بتایئے؟ ۹۶۶
ج . لات۔
س : منات کی عبادت کس قبیلے کے لوگ کرتے تھے؟ ۹۶۷۔
ج . قبیلہ اوس اور خزرج کے لوگ۔
س : احمق المطاع کس کا اور کیوں لقب تھا؟ ۹۶۸۔
ج . عیینہ بن حصن بن حذیفہ کا تکبر اور حماقت کی وجہ سے۔
س : زمانہ جاہلیت میں مرد عورت کعبہ کا طواف کس حالت میں کرتے تھے؟ ۹۶۹
ج . برہنہ ہو کر۔
س : ایام جاہلیت میں دو سالانہ میلے کہاں لگتے تھے؟ ۹۷۰۔
ج . بازار عکاظ اور ذوالمجاز میں۔
س : عربوں کی باہمی عداوت کس درجہ پہونچ چکی تھی؟ ۹۷۱۔
ج . ذرا ذرا سی بات پر صدیوں جنگ کرتے رہتے تھے۔
س : ان دو قبیلوں کا نام بتایئے جن کا باہم قتال جاری رہتا تھا۔ ۹۷۲۔
ج . قبیلہ بنی نضیر اور قبیلہ بنی قریظہ۔
س : بنی ربیعہ اور کعب کے بت کا نام بتایئے؟ ۹۷۳۔
ج . رضا۔
س : عرب سائبہ کس اونٹنی کو کہتے ہیں؟ ۹۷۴
ج . جو دس مادہ بچے جنتی تھی اور عرب اسے آزاد کر دیا کرتے تھے۔
س : زمانہ جاہلیت کے لوگ سلام کس طرح کرتے تھے؟ ۹۷۵۔
ج . انعموا صاحبا تمہارا دن اچھا گذرے۔

marfat.com

س : زمانۂ جاہلیت میں حاجیوں کو کھانا کھلانے کی خدمت کا فریضہ کون لوگ انجام دیتے تھے ؟ ۹۷۶

ج ۔ قریش کے لوگ۔

س : دور جاہلیت کی شاعری کس طرح ہوتی تھی ؟ ۹۷۷

ج ۔ خاندانی تفاخر، اظہار عشق، حسن و مال کی تعریف۔

س : ایام اہلیت میں زم زم کی کھدائی کس نے کی ؟ ۹۷۸۔

ج ۔ حضرت عبدالمطلب اور ان کے بیٹوں نے۔

س : عرب پہلے کس دین پر تھے ؟ ۹۷۹۔

ج ۔ دین ابراہیمی پر۔

س : عرب ایام جاہلیت میں کن کن مہینوں کا احترام کرتے تھے ؟ ۹۸۰۔

ج ۔ ذوالقعدہ، ذوالحجہ محرم الحرام کا۔

س : زمانہ جاہلیت میں عورتوں کی کیا حیثیت تھی ؟ ۹۸۱۔

ج ۔ فقط جائداد سمجھتے تھے۔ باپ کی منکوحہ کو ورثہ سمجھ کر شادی کر لیتے تھے۔

س : ایام جاہلیت کے سالانہ میلے میں کس بت کے قریب ہر طبقہ کے لوگ ایک دن اور رات گذارتے تھے۔ ۹۸۲

ج ۔ بوانہ نامی بت کے قریب۔

س : آگ کی عبادت کا موجد کون ہے۔ ۹۸۳

ج ۔ زرتشت

س : آگ کی عبادت کون سی قوم کرتی تھی۔ ۹۸۴

ج ۔ پارسی۔

س : قبیلہ غطفان جس دیوی کی عبادت کرتے تھے اس کا نام بتایئے ۹۸۵

ج ۔ عزیٰ۔

marfat.com

س : قبیلۂ بنی شیبان کے لوگ کس بت کی پوجا کرتے تھے ۔۹۸۶۔
ج ۔ عزّیٰ کی۔
س : فیتقی قوم کے سب سے بڑے دیوتا کا نام بتایئے ؟ ۹۸۷۔
ج ۔ بعل۔
س : زمانۂ جاہلیت میں قوت مردانہ اور عشق و محبت کا دیوتا کس بت کو سمجھا جاتا تھا؟ ۹۸۸۔
ج ۔ ودّ نامی بت کو۔
س : قریش کے دو بڑے تجارتی موسم کو اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں کس نام سے ذکر فرمایا ہے ؟ ۹۸۹
ج ۔ رحلۃ الشتاء والصیف سے۔
س : سواع نامی بت کی پوجا کس قبیلے کے لوگ کرتے تھے؟ ۹۹۰۔
ج ۔ قبیلہ ہذیل کے لوگ۔
س : یعوق بت کی عبادت کرنے والے قبیلہ کا نام بتلایئے ؟ ۹۹۱۔
ج ۔ قبیلہ ہمدان۔
س : آل ذوالکلاع کے دیوتا کا نام بتایئے؟ ۹۹۲۔
ج ۔ نسر
س : ایام جاہلیت میں طائف کے لوگ کس بت کی عبادت کرتے تھے ؟۹۹۳۔
ج ۔ لات کی۔
س : ایام جاہلیت کے اس بت کا نام بتاؤ جو بغیر تراشے ہوئے پتھر کا تھا ۹۹۴
ج ۔ منات۔
س : ایام جاہلیت میں صفا اور مروہ پر بت نصب تھے ان کا نام بتایئے ؟
ج ۔ اساف، نائلہ۔
۹۹۵

marfat.com

س : ان دونوں مردوعوت کے نام بتایئے جس نے کعبہ میں زنا کیا تھا اللہ نے عبرت کے لئے دونوں کو پتھر بنا دیا؟ ۹۹۶

ج ۔ اساف اور نائلہ۔ قریش نے کعبہ کے باہر کھڑا کر دیا تھا بعد لوگ عبادت کرنے لگے۔ (جمال مصطفےٰ ص ۸۳)

س : ایام جاہلیت میں عرب کے لوگ فال کس چیز سے نکالتے تھے؟ ۹۹۷

ج ۔ تیروں کے ذریعہ۔

س : ایام جاہلیت میں یہودیوں کی کتنی بستیاں مدینہ میں آباد تھیں ۹۹۸

ج ۔ تین بنو قینقاع، بنو نضیر، بنو قریظہ۔

س : وہ کون ثابت تھا جس کا احترام بیت اللہ کی طرح ہوتا تھا؟ ۹۹۹

ج ۔ لات۔

واقعہ فیل

س : واقعہ فیل رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پاک سے کتنے دن قبل پیش آیا؟ ۱۰۰۰

ج ۔ پچاس، یا پچپن دن قبل ۵۷۱ء میں۔

س ۔ ابرہہ اپنے لشکر کے ساتھ کعبہ ڈھانے آیا تھا بتایئے اس واقعہ کو کیا کہا جاتا ہے؟ ۱۰۰۱

ج ۔ واقعہ فیل۔

س : ابرہہ کے لشکر کے ہاتھیوں کی تعداد بتایئے؟ ۱۰۰۲

ج نو یا تیرہ۔

marfat.com

س : واقعہ فیل کے وقت قریش کے سردار کون تھے؟ ۱۰۰۳

ج ۔ حضرت عبدالمطلب۔

س : ابابیل چڑیوں نے کس بادشاہ کو لشکر سمیت ہلاک کیا؟ ۱۰۰۴

ج ۔ ابرہہ کو۔

س ۔ ابرہہ اور اس کی فوج کو ہلاک کرنے کے لئے ابابیل جو کنکریاں لائیں تھیں ان کی مقدار کیا تھی؟ ۱۰۰۵

ج ۔ مسور کے دانہ برابر۔ ۱۰۰

س : ابرہہ کہاں کا بادشاہ تھا؟ ۱۰۰۶

ج ۔ یمن اور حبشہ کا۔

س : ابرہہ نے کعبہ کے مقابلے میں کنیسہ کہاں تعمیر کروایا تھا۔ ۱۰۰۷

ج ۔ مقام صنعاء میں جو یمن کا دارالسلطنت تھا۔

س : ابرہہ کے ہاتھیوں میں پیش رو ہاتھی کا نام بتلیئے۔ ۱۰۰۸

ج ۔ محمود۔

س : ابرہہ کعبہ ڈھانے کے لئے جو لشکر لایا تھا اس کی تعداد کیا تھی۔ ۱۰۰۹

ج ۔ ساٹھ ہزار ۶۰،۰۰۰۔

س : ابرہہ حضرت عبدالمطلب کے اونٹوں کو ہنکالے گیا تھا بتایئے ان اونٹوں کی تعداد کیا تھی؟ ۱۰۱۰

ج ۔ دو سو اونٹ۔

س : وادیٔ فیل کہاں واقع ہے؟ ۱۰۱۱

ج ۔ مزدلفہ میں۔

س : کیا آپ کو معلوم ہے کہ ابابیل کنکریاں کس طرف سے لے کر آئے؟ ۱۰۱۲

ج ۔ بحر احمر کی جانب سے۔

marfat.com

میرے آقا سیّد الانبیا، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

س : رحمت ۔۔ جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۰۱۳

ج ۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روئے مبارک کی تعریف کیجئے۔ ۱۰۱۴

ج ۔ جمالِ الٰہی کا آئینہ دار اور کسی قدر پر گوشت تھا۔

اللہ اللہ وہ بچپنے کی تھپن!
اس خدا بھاتی صورت پہ لاکھوں سلام

س : سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں مبارکہ کیسی تھیں؟ ۱۰۱۵

ج ۔ بڑی اور قدرت الٰہی سے سرمگیں۔ پلکیں دراز تھیں آنکھوں کی سفیدی میں ایک باریک سرخ ڈورا تھا۔

جس طرف اٹھ گئیں دم میں دم آگیا
اس نگاہ عنایت پہ لاکھوں سلام

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے ابروئے مبارکہ کیسے تھے؟ ۱۰۱۶

ج ۔ دراز اور باریک، متصل اس قدر کہ دور سے ملی ہوئی معلوم ہوتی تھیں ان دونوں کے درمیان ایک رگ تھی۔ جو غصہ کے وقت حرکت میں آتیں تو سرخ ہو جاتیں۔

جن کے سجدے کو محراب کعبہ جھکی
ان بھوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

marfat.com

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا بینی اقدس یعنی ناک شریف کیسی تھی؟ ۱۰۲۸

ج ۔ خوبصورت اور دراز درمیان میں ابھرا ہوا نمایاں تھا۔

نیچی آنکھوں کی شرم و حیا پر درود،
اونچی بینی کی رفعت پہ لاکھوں سلام

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشانی مبارک کیسی تھی۔ ۱۰۲۹۔

ج ۔ کشادہ، چراغ کے مانند چمکتی تھی۔

جن کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا۔
اس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام

س : حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے گوش مبارک یعنی کان شریف کیسے تھے۔ ۱۰۳۰

ج ۔ مکمل قوت سمع کا یہ عالم تھا کہ آسمانوں کے دروازوں کے کھلنے کی آواز بھی سماعت فرماتے تھے۔

دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام

س : رحمت دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کا دہان مبارک کیسا تھا؟ ۱۰۳۱۔

ج ۔ چوڑا ہموار، دندان مبارک کشادہ روشن اور تاباں تھے۔ جب کلام فرماتے تو نور نکلتا، تبسم فرماتے تو در و دیوار روشن ہو جاتے۔

وہ دہن جس کی ہر بات وحیٔ خدا
چشمۂ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام

س : سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن کی تعریف کیجئے۔ ۱۰۳۲

ج ۔ زخمی اور بیماروں کے لئے شفا، شیریں اس قدر کہ کھارا پانی ہمیشہ کے لئے شیریں ہو جائے۔

marfat.com

جس سے کھاری کنوئیں شیریں جاں بنے
اس زلال حلاوت پہ لاکھوں سلام

س : احمد مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے زبان و کلام کی تعریف کیجیے؟ ۱۰۱۷

ج ۔ افصح الخلق، شیریں کلام، ایسا معلوم ہوتا کہ موتیاں ٹپک رہی ہیں۔

جن کے دعوے تھے ہم ہی ہیں اہل زباں
سن کے قرآن زبانیں دبا کے چلے (مفتی اعظم)

ترے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحا عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زبان نہیں نہیں بلکہ جسم میں جان نہیں

س : سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز شریف کیسی تھی؟ ۱۰۱۸۔

ج ۔ تمام انبیاء کرام میں سب سے زیادہ خوبرو اور خوش آواز تھے۔

جس کے گچھے سے پچھے جھڑیں نور کے
ان ستاروں کی نزہت پہ لاکھوں سلام

س : نبی دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا گردن مبارک کیسا تھا؟ ۱۰۱۹۔

ج ۔ چاند کی طرح صاف اور شفاف۔

دوش بر دوش ہے جس سے شان شرف
ایسے شانوں کی شوکت پہ لاکھوں سلام

س : پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کے بارے میں بتلیے؟

ج ۔ کف دست مبارک پر گوشت ریشم سے بھی زیادہ نرم تھے۔ ۱۰۲۰

ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کر دیا!
موج بحر سماحت پہ لاکھوں سلام

س : میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک کیسا تھا؟ ۱۰۲۱۔

ج ۔ قدرے بڑا جس پر بادل سایہ کئے رہتے تھے۔

marfat.com

جس کے آگے سرِ سروراں خم رہیں
اس سرِ تاجِ رفعت پہ لاکھوں سلام

س : ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ مبارک کیسا تھا؟ ۱۰۲۲

ج ۔ کشادہ قلب شریف میں اسرارِ الٰہیہ و معارفِ ربانیہ ودیعت تھے۔

دل سمجھ سے ورا ہے مگر یوں کہوں
گنجِ رازِ وحدت پہ لاکھوں سلام

س : رحمتِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے شکم مبارک کے بارے میں بتایئے ۱۰۲۳

ج ۔ شکمِ مبارک اور سینہ ہموار تھے۔

رفعِ ذکر جلالت پہ ارفع درود
شرحِ صدرِ صدارت پہ لاکھوں سلام

س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت مبارک کیسی تھی؟ ۱۰۲۴

ج ۔ صاف اور سفید گویا پگھلائی ہوئی چاندی۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں شانوں کے درمیان مہرِ نبوت تھی بتایئے یہ مہرِ نبوت کس نے لگائی تھی؟ ۱۰۲۵۔

ج ۔ جنت کے داروغۂ رضوان نے۔ ۱۰۲۶

س : سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی مہرِ نبوت کے بارے میں بتایئے۔

ج ۔ دونوں شانوں کے درمیان ایک نورانی گوشت کا ٹکڑا جو باقی اجزا سے ابھرا ہوا تھا۔

مہرِ چرخِ نبوت پہ روشن درود
گلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام

س : پائے اقدس رسولِ اکرم کس طرح تھے؟ ۱۰۲۷

ج ۔ پر گوشت ایسے کہ کسی انسان کے نہ تھے نرم اور صاف و شفاف ایسے

marfat.com

کہ پانی کا قطرہ نہ ٹھہرتا تھا۔

کھائی قرآن نے خاکِ گذر کی قسم
اس کفِ پاکی حرمت پہ لاکھوں سلام

س : نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا قدِ ناز کیسا تھا؟ ۱۰۳۳

ج ۔ نہ بہت دراز نہ کوتاہ میانہ قد مائل بہ درازی مگر جب لوگوں میں ہوتے تو سب میں بلند اور سرفراز ہوتے۔

طائرانِ قدس جن کی ہیں قمریاں
اس سہی سروِ قامت پہ لاکھوں سلام

ترا قد تو نادر دہر ہے کوئی مثل ہو تو مثال دے،
ہیں گل کے پودوں ہی ڈالیاں کہ چمن میں سرو جواں ہیں

س : سلطانِ دارین صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک کی تعریف کیجیے؟ ۱۰۳۴

ج ۔ نہ بہت گھنگریالے نہ بالکل سیدھے بلکہ دو قسم کے بالوں میں سے درمیانہ۔

وہ کرم کی گھٹا گیسوئے مشک سا
لمۂ ابرِ رافت پہ لاکھوں سلام

س : مالکِ انس و جاں صلی اللہ علیہ وسلم کے لباس مبارک کیسے تھے؟ ۱۰۳۵

ج ۔ عام لباس، چادر قمیص اور تہبند، یمنی چادریں زیادہ پسند تھیں

سیدھی سیدھی روش پہ کروروں درود
سادی سادی طبیعت پہ لاکھوں سلام

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمامہ شریف کے متعلق بتلیے۔ ۱۰۳۶

ج ۔ سبز اور سیاہ رنگ کا اکثر عمامہ پہنتے تھے اور شملہ کبھی چھوڑتے کبھی نہ چھوڑتے تھے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ مبارک کیسا تھا؟ ۱۰۳۷

marfat.com

ابیض اللیح گویا چاندنی بکھری ہو۔

بے سہیم و قسیم و عدیل و مثیل
جو ہر فرد عزت پہ لاکھوں سلام
وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمان نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر شریف کیسا تھا۔ ۱۰۳۸

ج ۔ صرف ایک چٹائی، جسم پر نشان ابھر آتے تھے۔

سلام اس پر کہ جس کے گھر میں چاندی تھی نہ سونا تھا
سلام اس پر کہ بوریا جس کا بچھونا تھا

س : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین مبارک کے بارے میں بتایئے ۱۰۳۹

ج ۔ بیماروں کے لئے شفا، مایوس اور بے کس کے لئے امید اور امن کا پیغام نعلین پاک کی شکل چپل کے مشابہ تھی۔

جو سر پہ رکھنے کو مل جائے نعل پاک حضور
تو کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی طاقت و قوت کے بارے میں بتایئے؟ ۱۰۴۰

ج ۔ چالیس چالیس جنتی مردوں کے برابر طاقت رکھتے تھے۔

جس کو بار دو عالم کی پروا نہیں
ایسے بازو کی قوت پہ لاکھوں سلام

س : رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رفتار کیسی تھی؟ ۱۰۴۱

ج ۔ جب چلتے تو قدم مبارک پورا نہ اٹھاتے سبک روی ایسی کہ گویا زمین خود سمٹتی چلی آ رہی ہے۔

کھائی قرآں نے خاکِ گذر کی قسم
اس کفِ پا کی حرمت پہ لاکھوں سلام

marfat.com

س : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ کے بارے میں بتائیے ! ۱۰۴۲

ج ۔ خوشبودار اور پاکیزہ۔

واللہ جو مل جائے ترے گل کا پسینہ
مانگے نہ کبھی عطر نہ پھر چاہے دلہن پھول

۱۰۴۳

س : تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حیا شریف کے بارے میں بتائیے

ج ۔ کسی شخص کو ٹکٹکی باندھ کر نہ دیکھتے اور فرماتے کہ حیا ایمان کا حصہ ہے

نیچی آنکھوں کی شرم و حیا پر درود
اونچی بینی کی رفعت پہ لاکھوں سلام

س : سرور دو جہاں کی خشیت کے بارے میں بتائیے ؟ ۱۰۴۴۔

ج ۔ آپ خود ہی فرماتے ہیں کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی غذا کے متعلق بتائیے ؟ ۱۰۴۵

ج ۔ بہت کم پیٹ بھر کبھی کھانا کھایا۔ اکثر جو کی سوکھی روٹی ثرید بنا کر تناول فرماتے۔

کل جہاں ملک اور جو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہنسی کس طرح فرماتے تھے۔ ۱۰۴۶

ج ۔ قہقہہ کبھی نہ لگاتے تبسم فرماتے جس سے تاریکی میں روشنی پھیل جاتی

جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

س : رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی گریہ وزاری کیسی تھی ؟ ۱۰۴۷

ج ۔ آنکھیں ڈبڈبا جاتیں آنسو بہنا شروع ہو جاتا۔

marfat.com

واللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہوگا!
رو رو کے مصطفےٰ نے دریا بہا دیئے ہیں

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو کونسی سبزی زیادہ مرغوب تھی ؟ ۱۰۴۸
ج ۔ کدو کی۔

س : رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کہاں پیدا ہوئے ؟ ۱۰۴۹۔
ج ۔ مکہ شریف میں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کس تاریخ میں پیدا ہوئے ؟ ۱۰۵۰
ج ۔ ربیع الاول شریف کی بارہ ۱۲ تاریخ، پیر کے دن۔ صبح صادق کے وقت۔
صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے بارا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا

س : صبح صادق کسے کہتے ہیں ؟ ۱۰۵۱۔
ج ۔ رات کا اخیر حصہ اور دن شروع ہونے کا اول حصہ۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پاک کے دن انگریزی کونسی تاریخ تھی۔ ۱۰۵۲۔
ج ۔ ۲۰ اپریل ۵۷۱ء۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت مبارکہ جس گھر میں ہوئی وہ کس نام سے مشہور ہے۔ ۱۰۵۳
ج ۔ دار ابن یوسف کے نام سے (فی التاریخ لابن کثیر ص ۴۵۸ ج ۱)

س : فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد مکرم کا اسم گرامی بتائیے۔
ج ۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ۔ ۱۰۵۴

س : رحمتِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی کیا تھا؟
ج ۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا ۱۰۵۵

marfat.com

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد مکرم کی شادی کس عمر میں ہوئی؟ ۱۰۵۶
ج ۔ سترہ سال کی عمر میں۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام بتلیئے؟ ۱۰۵۷۔
ج ۔ حضرت عبدالمطلب۔
س : سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا کا نام بتایئے؟ ۱۰۵۸
ج ۔ ہاشم بن عبد مناف۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چوتھے دادا کا کیا نام تھا؟ ۱۰۵۹
ج ۔ عبد مناف۔
س : سرکار دو عالم صلی اللہ کے کن دادا کے یہاں جڑواں لڑکے پیدا ہوئے؟
ج ۔ عبد مناف کے یہاں۔ ۱۰۶۰
س : والد کے انتقال کے بعد آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش کس نے کی۔ ۱۰۶۱۔
ج ۔ آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب نے۔
س : دادا عبدالمطلب کے وصال کے بعد سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کس کی کفالت میں رہے؟ ۱۰۶۲۔
ج ۔ ابوطالب کے۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے نانا کا نام بتلیئے؟ ۱۰۶۳۔
ج ۔ وہب بن عبدالمناف۔
س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نانی کا نام کیا تھا؟ ۱۰۶۴۔
ج ۔ برّہ بنت عبدالعزیٰ۔
س : مطعم الطیر کس کا لقب تھا؟ ۱۰۶۵۔
ج ۔ حضرت عبدالمطلب کا۔

marfat.com

س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی کا نام بتایئے؟ ۱۰۶۶
ج ۔ فاطمہ بنت عمرو بن عائذ۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت کیا تھی؟ ۱۰۶۷
ج ۔ ابوالقاسم۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت ابوابراہیم کس نے رکھا؟ ۱۰۶۸۔
ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔
س : سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے کس کا دھودونوش فرمایا
ج ۔ اپنی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا ۱۰۶۹
س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی والدہ ماجدہ کے بعد کس خاتون کا دودھ نوش فرمایا؟ ۱۰۷۰۔
ج ۔ ابولہب کی باندی ثوبیہ کا۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی ماں کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۱۰۷۱
ج ۔ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا و ثوبیہ رضی اللہ عنہا۔

ناز کر تو اے حلیمہ سرور کونین پر!
گر لگی اچھی تو تیری جھونپڑی اچھی لگی

س : حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے شوہر کا کیا نام تھا؟ ۱۰۷۲۔
ج ۔ حارث بن عبدالعزیٰ۔
س : حضرت عبدالمطلب کے انتقال کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا عمر تھی؟ ۱۰۷۳
ج ۔ آپ آٹھ سال کے تھے۔
س : سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی بہنوں کے نام بتا سکتے ہیں؟ ۱۰۷۴
ج ۔ شیما۔ انیسہ۔

marfat.com

س : حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کا وصال کہاں ہوا؟ ۱۰۷۵
ج ۔ مقام ابوار میں اور وہیں مدفون ہیں۔ (ابوار ایک گاؤں کا نام ہے)
س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان کا نام بتلایئے؟ ۱۰۷۶۔
ج ۔ بنی ہاشم۔
س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلا سفر کس کے ساتھ کیا؟ ۱۰۷۷۔
ج ۔ اپنی والدہ ماجدہ کے ساتھ۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلا سفر اپنی والدہ کے ساتھ کس عمر میں کیا؟ ۱۰۷۸
ج ۔ پانچ یا چھ سال کی عمر میں۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلا سفر کہاں کے لئے کیا تھا؟ ۱۰۷۹
ج ۔ مقام ابواء کے لئے۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچاؤں کے نام بتلایئے؟ ۱۰۸۰۔
ج ۔ الحارث، ابوطالب نام عبد مناف تھا، زبیر کنیت ابوالحارث تھی، حمزہ ابولہب نام عبدالعزیٰ تھا۔ غیداق، مقوم، ضرار، عباس، قثم، و عبدالکعبہ، حجل نام مغیرہ تھا۔
نوٹ:۔ "ابن ہشام نے دس ہی بتایا ہے یعنی غیداق اور قثم کو چھوڑ دیا ہے"
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچاؤں میں کون کون ایمان لائے؟ ۱۰۸۰
ج ۔ حضرت امیر حمزہ، حضرت عباس رضی اللہ عنہما۔
س : سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھیوں کے نام بتایئے۔ ۱۰۸۱۔
ج ۔ عاتکہ، اسمیہ، ابیضا کنیت ام حکیم تھی۔ برہ، صفیہ، اروی۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھیوں میں اسلام کس نے قبول کیا؟ ۱۰۸۲
ج ۔ حضرت صفیہ جو حضرت زبیر کی والدہ تھیں (رضی اللہ عنہا) اور بعض

marfat.com

نے حضرت رؤی کو بھی بتایا ہے۔

س : رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی کون پھوپھی بہت اچھا شعر کہتی تھیں؟ ۱۰۸۳

ج ۔ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے کس جنگ کے موقع پر ایک یہودی کو قتل کیا تھا؟ ۱۰۸۴

ج ۔ جنگِ خندق کے موقع پر۔

س : رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی باندیوں کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۱۰۸۵

ج ۔ ریحان، قریظہ، زینب بنت جحش، ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہن۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے والد مکرم نے کس عمر میں انتقال فرمایا؟ ۱۰۸۶

ج : پچیس ۲۵ سال کی عمر میں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم اپنے والد گرامی کے انتقال کے وقت کتنے سال کے تھے؟ ۱۰۸۷

ج ۔ آپ ماں کے شکم میں تھے۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی والدہ ماجدہ کے انتقال کے وقت کتنے سال کے تھے؟ ۱۰۸۸

ج ۔ چھ ۶ سال کے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا؟ ۱۰۸۹

ج ۔ بنو زہرہ سے۔

س : ان تینوں خواتین کے اسمائے گرامی بتایئے جنہوں نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلایا ہے۔ ۱۰۹۰

ج ۔ حضرت آمنہ، حضرت حلیمہ سعدیہ، حضرت ثویبہ رضی اللہ عنہن۔

marfat.com

س ۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کون چچا سب سے آخر میں ایمان لائے ؟
ج ۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ ۔ ۱۰۹۱
س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے کون چچا ہیں جو مشرکین کو ایذار رسانی سے روکتے رہے مگر خود ایمان نہ لائے ؟ ۱۰۹۲۔
ج ۔ ابو طالب ۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے اس چچا کا نام بتاؤ جو اسلام کا بہت بڑا دشمن تھا۔ ۱۰۹۳
ج : ابولہب ۔
س ۔ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلق کس قبیلہ سے تھا۔ ؟ ۱۰۹۴۔
ج ۔ قبیلہ قریش سے ۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے چچا ابو طالب کے ساتھ ملک شام کا سفر کس عمر میں فرمایا تھا۔ ؟ ۱۰۹۵۔
ج ۔ بارہ ۱۲ سال کی عمر میں ۔
س : ابولہب کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پاک کی خوشخبری کس نے سنائی ۔ ۱۰۹۶
ج ۔ ابولہب کی باندی ثویبہ نے
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کس کا مال لیکر تجارت کیلئے جاتے تھے ۱۰۹۷
ج ۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی باپ کا نام بتائیے ؟ ۱۰۹۸۔
ج ۔ حارث ۔ (شاہنامہ اول)
س : اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس کے نور کو پیدا فرمایا۔ ۱۰۹۹
ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کو ۔

marfat.com

محمد مظہر کامل ہے حق کی شان عزت کا!
نظر آتا ہے اس کثرت میں کچھ انداز وحدت کا

س : رحمت دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی خمیر کہاں کی مٹی سے تیار ہوئی تھی؟ ۱۱۰۰

ج ۔ مکہ کی مٹی سے جہاں کعبہ مکرمہ ہے جو زمین کا مرکز ہے۔

س : اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنا چاہا تو سب سے پہلے کیا پیدا فرمایا! ۱۱۰۱

ج ۔ اپنے نور سے حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو۔

یہی ہے اصل عالم مادۂ ایجادِ خلقت کا
یہاں وحدت میں برپا ہے عجب ہنگامہ کثرت کا

س : وہ کس چیز کا درخت تھا جس کے نیچے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرے؟ ۱۱۰۲

ج ۔ بیر کا درخت تھا جو ملک شام کے راستے پر واقع تھا؛

س : اس راہب کا نام بتایئے جس نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان کر ابوطالب سے واپس ہونے کی درخواست کی تھی؟ ۱۱۰۳۔

ج ۔ جرجیس بحیرہ راہب۔

س : ظہور نبوت سے قبل آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش کن ناموں سے پکارتے تھے؟ ۱۱۰۴

ج ۔ امین اور صادق سے۔

س : بوقت ولادت رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس مکان کو زینت بخشی وہ مکان مکہ میں کس جگہ واقع ہے؟ ۱۱۰۵

ج ۔ جبل ابوقبیس کے دامن میں محلہ شوق اللیل نامی گلی کے اندر۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی بہنوں کی تعداد کیا تھی؟ ۱۱۰۶

marfat.com

ج ۔ چار (۴)

س : نبیٔ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم پاک احمد رکھنے کی بشارت خواب میں کس کو ہوئی ؟ ۱۱۰۷۔

ج ۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کو۔

س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم پاک محمد کس نے رکھا ؟ ۱۱۰۸۔

ج ۔ آپ کے دادا عبدالمطلب نے۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جدامجد کا اسم گرامی بتائیے۔ ۱۱۰۹۔

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا کی قبر کہاں واقع ہے ؟ ۱۱۱۰۔

ج ۔ باب النبکتیع کے باہر شہر پناہ کے درمیان۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شادی جنت میں دنیا کی کن عورتوں سے ہوگی ؟ ۱۱۱۱۔

ج ۔ حضرت مریم بنت عمران ، حضرت آسیہ (فرعون کی بیوی) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن کلثوم سے جنہوں نے فرعون کی موسیٰ علیہ السلام کو دودھ پلانے والی دایا کی طرف رہنمائی کی تھی۔ رضوان اللہ عنہن۔
(حاشیہ جلالین ص ۳۲۶ پ ۲۰)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو کتنی دفعہ اور کہاں اصل صورت میں دیکھا ؟ ۱۱۱۲۔

ج ۔ چار دفعہ (۱) غار حرا میں (۲) معراج میں سدرۃ المنتہیٰ پر (۳) مکہ میں قیام اجیاد پر اعلان نبوت سے قبل (۴) حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی خواہش پر کعبہ کی چھت پر۔

marfat.com

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ مبارک کس فرشتے نے چاک کیا؟ ۱۱۱۳

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ کتنی بار چاک ہوا اور کہاں؟ ۱۱۱۴۔

ج ۔ چار مرتبہ (۱) ۴ سال کی عمر میں ایام طفولیت میں۔ (۲) بعمر دس سال جنگل میں (۳) غار حرا میں) (۴) معراج کی رات حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے یہاں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم عیدین کی نماز میں کون سی سورتیں تلاوت فرماتے تھے؟ ۱۱۱۵۔

ج ۔ سورۃ الاعلیٰ، اور سورۃ الغاشیہ۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نماز وتر میں قرآن پاک کی کون کون سی سورتیں اکثر تلاوت فرماتے تھے؟ ۱۱۱۶۔

ج : سورۃ الاعلیٰ، سورۃ الکفرون، سورۃ الاخلاص۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب کا انتقال کب ہوا؟ ۱۱۱۷۔

ج : سنہ ۱۰ نبوت میں۔

س حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس عادل بادشاہ کے عہد حکومت میں پیدا ہوئے؟ ۱۱۱۸۔

ج ۔ نوشیرواں عادل کے عہد میں۔

س : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا اصل نام بتلایئے؟ ۱۱۱۹

ج ۔ عامر۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پاک کے ساتھ سب سے پہلے صلی اللہ علیہ وسلم کس نے لکھا؟ ۱۱۲۰۔

marfat.com

ابی بن کعب نے (رضی اللہ عنہ)

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ان چچازاد بھائی کا نام بتایئے جنہوں نے زمانہ جہالت میں سچی عیسائیت قبول کیا تھا؟ ۱۱۲۱۔

ج ۔ ورقہ بن نوفل ۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر پچاس آیتیں ایک ہی وقت میں کس جگہ پر نازل ہوئی تھیں؟ ۱۱۲۲

ج ۔ منیٰ کے غار میں ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس دن کو یوم حرام فرمایا؟ ۱۱۲۳۔

ج ۔ حجتہ الوداع کو ۔

س : اگر کوئی صحابی یا گھر کا فرد آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کرتا تو کس انداز میں جواب مرحمت فرماتے؟ ۱۱۲۴۔

ج ۔ لبیک (حاضر ہوں) فرمایا کرتے۔

۱۱۲۵

س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

ج ۔ اسم محمد چار بار، اسم احمد ایک بار (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کے علاوہ کن خوش نصیب خواتین کو میری ماں فرمایا ہے؟ ۱۱۲۶۔

ج ۔ حضرت حلیمہ سعدیہ، حضرت ام ایمن جو آپ کی والدہ کی لونڈی تھیں حضرت فاطمہ اسد زوجہ ابوطالب اور والدہ حضرت علی۔ رضی اللہ عنہم کو

س : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "یا صباحا" کس مقام پر کھڑے ہو کر پکارا کرتے تھے؟ ۱۱۲۷۔

ج ۔ کوہِ صفا پر۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا انتقال مکہ اور مدینہ کے درمیان

marfat.com

مقام ابواء میں ہوا تھا اس وقت آپ کی عمر مبارک صرف چھ سال کی تھی کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ابواء سے آپ کو مکہ مکرمہ کون لایا؟ ۱۱۲۹

ج ۔ آپ کے والد ماجد کی کنیز ام ایمن جو اس سفر میں آپ کے ساتھ تھیں۔

س : سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نبوت سے پہلے کس امن معاہدے میں شرکت کی تھی؟ ۱۱۳۰۔

ج ۔ حلف الفضول میں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی قرآن مجید میں کس سورت اور آیت میں سب سے پہلے آیا ہے؟ ۱۱۳۱۔

ج ۔ سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۴۴ میں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے خفیہ تبلیغ کتنے سال تک جاری رکھی۔ ۱۱۳۲

ج ۔ تقریباً تین سال تک۔

س : ان میلوں اور بازاروں کے نام بتلائیے جہاں آقا صلی اللہ علیہ وسلم خفیہ تبلیغ کے لئے تشریف لے جایا کرتے تھے۔ ۱۱۳۳

ج ۔ عکاظ، ذی المجاز، ذالمجنۃ، یعنیہ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کیا تھیں؟ ۱۱۳۴

ج ۔ قرآن مجید کے فرمودات۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق و سیرت کیسے تھے۔ ۱۱۳۵

ج ۔ قرآن مجید کی تفسیر اور اس کا عملی نمونہ۔

س : قرآن مجید میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو یاایھا النبی کہہ کر کتنی بار خطاب کیا گیا ہے؟ ۱۱۳۶

ج ۔ تیرہ ۱۳ بار۔

س : جب کافروں کے دباؤ سے تنگ آکر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا

marfat.com

ابوطالب نے کہا کہ بھتیجے بت پرستی کی رد نہ کیا کرو ورنہ میں بھی تمہارا ساتھ نہ دے سکوں گا۔ تو آپ نے کیا فرمایا۔ ۱۱۳۷

ج ۔ چچا جان اگر لوگ میرے داہنے ہاتھ میں سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند لاکر رکھ دیں تب بھی میں اپنے کام سے نہ ہٹوں گا۔

س : اس مشہور کافر کا نام بتایئے جو بڑا عقل مند اور قریش کا نمائندہ تصور کیا جاتا تھا حضور کی بارگاہ میں اس غرض سے حاضر ہوا تھا کہ آپ کو اسلام کی تبلیغ سے روک سکے لیکن قرآن کی آیات سن کر اس قدر مسحور ہو گیا کہ ناکام واپس چلا گیا۔ ۱۱۳۸

ج ۔ عتبہ۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اعلانیہ تبلیغ کے لئے اپنے خاندان کی دعوت کی اور فرمایا بتاؤ تم میں سے کون میرا ساتھ دے گا تو کمسنی بے دھڑک کہہ دیا تھا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کا ساتھ دوں گا؟ ۱۱۳۹

ج ۔ حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ۔

س : عام الوفود (وفود کے آنے کا سال) میں سب سے پہلے کون سا وفد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا؟ ۱۱۴۰۔

ج ۔ قبیلہ مزینہ کا وفد جو سب سے پہلے مدینہ میں حاضر ہوا تھا۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے مکان پر تشریف لے جاتے تو آپ کا انداز شریفانہ کیسا ہوتا تھا؟ ۱۱۴۱۔

ج ۔ دروازہ کے دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہو کر آنے کی اطلاع کے لئے السلام علیکم تین مرتبہ فرماتے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھریلو اوقات کو کس طرح تقسیم کر رکھا تھا۔ ۱۱۴۲

ج ۔ ایک حصہ میں عبادت دوسرے حصہ میں گھر والوں کے معاشرتی حقوق تیسرے حصہ

marfat.com

میں راحت فرماتے۔

اِعلان نبوت رحمت دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم

س : اعلان نبوت سے قبل آقا صلی اللہ علیہ وسلم کس غار میں عبادت فرماتے تھے؟ ۱۱۴۳۔

ج : غارِ حرا میں۔

س : غار حرا جس پہاڑی میں واقع ہے اس کا نام بتایئے؟ ۱۱۴۴

ج ۔ جبلِ نور۔

س : سب سے پہلے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات جبرئیل علیہ السلام سے کہاں ہوئی؟ ۱۱۴۵

ج ۔ غار حرا میں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کھانے پینے کی غرض سے غارِ حرا میں کیا لے جاتے تھے؟ ۱۱۴۶۔

ج ۔ ستو اور پانی۔

س : بوقتِ اعلان نبوت آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا عمر تھی؟ ۱۱۴۷۔

ج ۔ چالیس ۴۰ سال۔

س : رحمت اللعالمین کا خطاب کس نبی کو عطا ہوا؟ ۱۱۴۸

ج ۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو۔

س : نبوت کی تصدیق کے لئے حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو کس کے پاس لے گئیں؟ ۱۱۴۹۔

marfat.com

ج ۔ اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس۔
س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان نبوت کے بعد مکہ شریف میں کتنے سال قیام فرمایا؟ ۱۱۵۰۔
ج ۔ صرف تیرہ ۱۳ سال۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی دعوت قریش کو کس پہاڑی پر کھڑے ہو کر دیا؟ ۱۱۵۱۔
ج ۔ کوہِ صفا پر۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے تبلیغ کا آغاز کہاں سے کیا؟
ج اپنے گھر سے ۱۱۵۲
س ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے سال تک فرائض رسالت ادا فرمایا؟
ج ۔ تیئیس ۲۳ سال۔
۱۱۵۳
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کتنی دفعہ تشریف لائے؟ ۱۱۵۴
ج ۔ چالیس ہزار مرتبہ۔ (۴۰ر۰۰۰)
س : دنیا کا پہلا تحریری دستور العمل کس نے پیش کیا؟ ۱۱۵۵۔
ج ۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔
س : کوہِ صفا کے واقعہ کے بعد آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے کن چچا نے اسلام قبول کیا؟ ۱۱۵۶۔
ج ۔ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے۔
س : تصدیق نبوت کے لئے کس پہلوان نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے کشتی لڑنے کا مطالبہ کیا تھا؟ ۱۱۵۷۔
ج ۔ رکانہ نے۔

marfat.com

س : ذوالنورین کس کا لقب ہے ؟ ۱۱۵۸۔
ج ۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا۔
س : نزول وحی کی ابتدا کب سے ہوئی ؟ ۱۱۵۹۔
ج ۔ رمضان المبارک دوشنبہ کے دن ہجرت مدینہ سے قبل مطابق جولائی سنہ ۶۱۱ء سے۔
س : وحی کی کتنی قسمیں ہیں ؟ ۱۱۶۰
ج ۔ دو قسمیں ۔ (۱) وحی ملتو۔ (۲) وحی غیر ملتو۔
س : اعلان نبوت کے ابتدائی زمانہ میں مکہ مکرمہ کے اندر جنوں کی جماعت نے حضور صلی اللہ علیہ کے دست حق پرست پر بیعت کی بتلایئے کہ وہ کس ملک اور شہر کے رہنے والے تھے؟ ۱۱۶۱
ج ۔ ملک یمن شہر نصیبین کے۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو مع اہل خاندان قریش نے کہاں مقید کر رکھا تھا ؟ ۱۱۶۲۔
ج ۔ شعب ابی طالب میں۔
س شعب ابی طالب میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم مع خاندان کس سنہ میں محصور ہوئے۔ ۱۱۶۳
ج ۔ سنہ نبوت میں۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم مع اہل خاندان شعب ابی طالب میں کتنے سال محصور رہے ؟ ۱۱۶۴۔
ج ۔ دو یا تین سال۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی شادی کس عمر میں ہوئی ؟ ۱۱۶۵
ج ۔ پچیس ۲۵ سال کی عمر میں۔

marfat.com

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر سب سے پہلے کون نمازیں فرض ہوئی تھیں؟
ج ۔ فجر اور عصر کی دو دو رکعتیں۔ ۱۱۶۶

پوچھتے کیا ہو عرش پر یوں گئے مصطفےٰ کہ یوں کیف کے پر جہاں جلیں کوئی بتائے کیا کریوں

سفر معراج آقا صلی اللہ علیہ وسلم

قدم پہنچے تھے جن کے رفعتوں کی آخری حد تک عروج آدم خاکی انہیں کے زیر داماں ہے
(ڈاکٹر اختر بستوی)

س : نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے آسمانی سفر کو کیا کہا جاتا ہے؟ ۱۱۶۷
ج ۔ معراج۔

خرد سے کہہ دو کہ سر جھکائے گماں سے گذرے گذرنے والے
پڑے ہیں یاں خود جہت کو لالے کسے بتائے کدھر گئے تھے

س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس سواری پر آسمانوں کی سیر کی؟
ج ۔ براق پر۔ ۱۱۶۸

س : محبوب دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم معراج کی رات کس کے گھر آرام فرما تھے؟ ۱۱۶۹۔
ج ۔ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر۔

س : معراج سے واپسی پر تذکرہ معراج حضور علیہ السلام نے سب سے پہلے کس سے کیا؟ ۱۱۷۰
ج ۔ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا سے۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کس تاریخ میں ہوئی۔ ۱۱۷۱۔
ج ۔ رجب کی ۲۶ تاریخ کا دن گذار کر شب میں سنہ نبوت کو۔

marfat.com

براق کے نقشِ سم کے صدقے وہ گل کھلے کہ سارے رستے
مہکتے گلبن مہکتے گلشن ہرے بھرے لہلہا رہے تھے،

س : سدرۃ المنتہیٰ سے آقا صلی اللہ علیہ وسلم جس تخت پر بیٹھ کر قرب خاص میں تشریف لے گئے اس کا نام بتائیے ؟ ۱۱۷۲۔

ج ۔ رَف رَف (نورانی تخت)

س : رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج کے سفر کی پہلی منزل بتائیے ؟ ۱۱۷۳۔

ج ۔ مسجد اقصیٰ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کس حالت میں ہوئی ؟ ۱۱۷۴۔

ج ۔ عین بیداری میں۔

حجاب اٹھنے میں لاکھوں پردے ہر ایک پردے میں لاکھوں جلوے
عجب گھڑی تھی کہ وصل و فرقت جنم کے بچھڑے گلے ملے تھے

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج جسمانی ہوئی یا روحانی ؟ ۱۱۷۵

ج ۔ جسمانی اور روحانی دونوں۔

س : نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم معراج کیلئے کہاں تشریف لے گئے ؟ ۱۱۷۶

ج بیت المقدس

س : معراج کی شب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کس مقام سے آگے بڑھنے سے معذرت پیش کی ؟ ۱۱۷۷

ج ۔ سدرۃ المنتہیٰ سے۔

کسے ملے گھاٹ کا کنارا کدھر سے گذرا کہاں اتارا
بھرا جو مثلِ نظر طرارہ وہ اپنی آنکھوں سے خود چھپے تھے۔

س : معراج کی شب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات آسمان اول

marfat.com

س پر کس نبی سے ہوئی؟ ۱۱۷۸۔
ج ۔ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام سے۔
س : معراج کی شب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات دوسرے آسمان پر کن پیغمبروں سے ہوئی؟ ۱۱۷۹۔
ج ۔ حضرت عیسیٰ و حضرت یحییٰ علیہما السلام سے۔
س : معراج کی شب آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات حضرت یوسف علیہ السلام سے کہاں ہوئی؟ ۱۱۸۰۔
ج ۔ تیسرے آسمان پر۔
س : معراج کی رات چوتھے آسمان پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی؟ ۱۱۸۱۔
ج ۔ حضرت ادریس علیہ السلام سے۔
س : شب معراج میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات پانچویں آسمان پر جن پیغمبر سے ہوئی ان کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۱۸۲
ج ۔ حضرت ہارون علیہ السلام۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات معراج کی شب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہاں ہوئی؟ ۱۱۸۳۔
ج ۔ چھٹے آسمان پر۔
س : معراج کی شب ساتویں آسمان پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی؟ ۱۱۸۴
ج ۔ سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے۔
س : سب سے پہلے واقعہ معراج کی تصدیق کس نے کیا؟ ۱۱۸۵۔
ج ۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے۔

marfat.com

س : معراج کی شب آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی امامت میں کتنی صفیں تھیں؟ ۱۱۸۶
ج ۔ سات۔ تین رسولان عظام کی، بقیہ انبیاء کرام کی (حاشیہ جلالین ص۴۰۲)
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے براق پر سوار ہونے کے وقت رکاب و لگام کس نے تھاما؟ ۱۱۸۶۔
ج ۔ حضرت جبرئیل نے رکاب اور حضرت میکائیل نے لگام تھامی۔ (علیہما السلام) نشر الطیب ص۳۴۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو کل کتنی معراجیں ہوئیں؟ ۱۱۸۷۔
ج ۔ چونتیس ۳۴۔
س ۔ معراج کا دوسرا نام بتایئے۔ ۱۱۸۸۔
ج ۔ اسریٰ
س : شب معراج میں انبیائے کرام کی امامت کے وقت اذان اقامت کس نے کہی؟ ۱۱۸۹۔
ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔
س : دو ماہ کا وہ کون سا سفر ہے جسے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی رات میں طے کیا اور واپس تشریف لائے؟ ۱۱۹۰
ج ۔ مسجد الحرام سے بیت المقدس تک جو آپ نے معراج کی رات میں طے فرمایا تھا۔

رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ شریف سے کس شہر کی طرف ہجرت

marfat.com

فرمایا؟ ۱۱۹۱۔

ج ۔ مدینہ شریف کی جانب۔

جب سے آنکھوں میں سمائی ہے مدینہ کی بہار
نظر آتے ہیں خزاں دیدہ گلستاں ہم کو

س : مدینہ شریف کا قدیم نام بتلایئے؟ ۱۱۹۲۔

ج ۔ یثرب۔

س : شہنشاہِ دارین صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی رات جس اونٹنی پر سفر فرمایا اس کا نام بتلایئے؟ ۱۱۹۲۔

ج ۔ القصواء۔

س : مکہ شریف سے مدینہ شریف کتنی دوری پر واقع ہے؟ ۱۱۹۳۔

ج ۔ ۲۰۰ میل یعنی ۳۲۰ کلو میٹر کی دوری پر۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی رات کس غار میں قیام فرمایا ۱۱۹۴

ج ۔ غار ثور میں۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ شریف میں کس کے مہمان ہوئے۔

ج ۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے ۱۱۹۵

س : مدینہ کی عورتوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد مدینہ پر جو اشعار پڑھی تھیں اس کا ایک شعر سنایئے۔ ۱۱۹۶

ج ۔ طلع البدر علینا من ثنیات الوداع
وجب الشکر علینا ما دعا للہ داع

"وداع کی گھاٹیوں سے ہم پر چاند نمودار ہوا جس کا شکر ہم پر واجب ہے دعا مانگنے والوں نے کیا ہی عمدہ دعا مانگی ہے"!

س : مونس بیکساں صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ آمد کے موقعہ پر دف بجانے والی

marfat.com

لڑکیاں کس قبیلے سے تھیں؟ ۱۱۹۷

ج ۔ بنو نجار سے۔

س : فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے یہاں کتنے دن قیام فرمایا؟ ۱۱۹۸۔

ج ۔ سات مہینہ (۷)

س : ہجرت کے موقعہ پر رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس مسجد کی بنیاد رکھی اس کا نام بتایئے! ۱۱۹۹۔

ج ۔ مسجد قباء۔

س : مدینہ پہنچنے سے قبل آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں قیام فرمایا؟ ۱۲۰۰۔

ج ۔ قبا میں۔

س : ہجرت سے قبل رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ شریف کتنی بار تشریف لے گئے؟ ۱۲۰۱

ج ۔ صرف ایک بار۔

س : بعد ہجرت آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین و انصار کے درمیان جو بھائی چارہ قائم فرمایا اسے کیا کہتے ہیں ۱۲۰۲۔

ج ۔ مواخات۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ تشریف لانے کی خوشی میں بنو نجار کی لڑکیاں دف بجا کر کون سا شعر پڑھتی تھیں؟ ۱۱۰۳۔

ج ۔ نحن جوار من بنی نجار
یا حبذا محمد من اجار
"ہم بنی نجار کی لڑکیاں ہیں کیا ہی اچھا ہوا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پڑوسی ہوئے"

س : مہاجر کون لوگ کہلائے؟ ۱۱۰۴۔

marfat.com

ج : جن لوگوں نے اسلام کی خاطر اپنے وطن عزیز کو چھوڑ دیا۔
س : انصار کسے کہتے ہیں؟ ۱۲۰۵۔
ج ۔ مدینہ میں رہ کر مہاجروں کی مدد کرنے والے انصار کہلائے۔
س : غار ثور کے دروازہ پر اللہ تعالیٰ نے کس چیز کا انتظام فرمایا تھا؟ ۱۲۰۶
ج مکڑی نے جالا بنا، کبوتری نے انڈے دیئے، اور ایک درخت بھی اگایا۔
نوٹ :۔(ان دنوں کعبہ میں جو کبوتر پائے جاتے ہیں وہ انہیں کی نسل سے ہیں۔)
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم غار ثور میں کتنے دن مقیم رہے۔ ۱۲۰۷
ج ۔ تین دن، اور تین رات۔
س : ہجرت کی رات جو آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر ناز پر بے خوف و خطر سوئے ان کا اسم گرامی بتایئے! ۱۲۰۸
ج ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔
س : ہجرت میں جو آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے رشید سفر تھے ان کا اسم گرامی کیا ہے؟ ۱۲۰۹۔
ج ۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ۔
س : غار ثور میں بکریوں کا دودھ پینے والے شخص کا اسم گرامی بتلایئے!
ج حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے غلام عامر بن فہیرہ۔ ۱۲۱۰۔
س ۔ سفر ہجرت کے موقعہ پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خزاعیہ رضی اللہ عنہا ام معبد کی جس بکری کا دھود نوش فرمایا تھا اس کی خاصیت کیا تھی اور کب تک زندہ رہی؟ ۱۲۱۱
ج ۔ وہ بہت کمزور تھی آپ نے جب اس کے تھنوں میں دست پاک لگایا تو توانائی آگئی وہ دونوں وقت دودھ دیتی تھی اور خلیفہ

marfat.com

دوئم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت تک زندہ رہی۔

س : ہجرت کے موقع پر انعام کی لالچ میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا تعاقب کس نے کیا؟ ۱۲۱۲

ج ۔ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے (اسلام لانے سے قبل)

س : غیب داں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سراقہ بن مالک کو کیا بشارت دی؟ ۱۲۱۳

ج ۔ اے سراقہ میں تیرے ہاتھوں میں کسریٰ کا کنگن دیکھ رہا ہوں (یہ پیشگوئی خلیفہ دوئم کے عہد میں پوری ہوئی)

س : سفر ہجرت کے موقعہ پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے رہبری کے لئے اجرت پر کس کو مقرر فرمایا تھا؟ ۱۲۱۴۔

ج ۔ عبداللہ بن اریقط کو۔

س : رحمت دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ شریف میں کتنے سال قیام فرمایا؟ ۱۲۱۵۔

ج ۔ دس سال۔

س : ہجرت کی رات جن کے گھر سے آغاز سفر ہوا۔ اس عظیم شخصیت کا اسم گرامی کیا ہے؟ ۱۲۱۶۔

ج ۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س : رحمت دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت مدینہ کب فرمائی؟ ۱۲۱۷۔

ج ۔ سنہ ۱۳ سنہ نبوت میں۔

س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قبا میں داخلے کی تاریخ کیا تھی؟ ۱۲۱۸۔

ج ۔ ستمبر کی ۲۲ تاریخ سنہ ۶۲۲ء (اجمال مصطفےٰ ص ۹)

س : قبا میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کس کے مہمان ہوئے۔؟ ۱۲۱۹۔

marfat.com

س : قبا میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کس کے مہمان ہوئے ۔ ۱۲۲۰

ج ۔ کلثوم بن الہدام کے، جو خاندان عمرو بن عوف کے عظیم سربراہ تھے۔
(جمال مصطفےٰ، ص ۳۰۷)

س : غار ثور میں قیام کے دوران اسلامی سی آئی ڈی کے فرائض کس نے انجام دیئے؟ ۱۲۲۱۔

ج ۔ عبداللہ بن ابو بکر رضی اللہ عنہما نے۔

س : مدینہ منورہ میں داخلے سے قبل کس صحابی نے اپنے دستار کو نیزے پر بلند کر کے علم بنایا؟ ۱۲۲۲

ج ۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ نے۔

س ۔ توراۃ میں مدینہ شریف کو کس نام سے یاد کیا گیا ہے ۱۲۲۳

ج ۔ طابہ، طیبہ (راحت القلوب ص ۶)

س : دنیا کے کس شہر کو ایمان کا سرچشمہ بتایا گیا ہے۔ ۱۲۲۴

ج ۔ مدینہ کو۔ والذین تبوؤ الدار والایمان۔

س : قبا میں کس کا مکان بیت الاغراب مشہور تھا۔ (کنواروں کا گھر)؟

ج ۔ حضرت سعد بن خیثمہ رضی اللہ عنہ کا۔ (جمال مصطفےٰ، ص ۱۰۱) ۱۲۲۵

س ۔ ہجرت کی رات آقا صلی اللہ کے مقدس گھر کا محاصرہ کرنے والوں میں آپکا ایک قریبی رشتہ دار بھی تھا اس کا نام بتایئے؟ ۱۲۲۶۔

ج ۔ آپ کا چچا ابولہب۔

س : ہجرت کی رات رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بستر پر کیوں سلایا تھا؟ ۱۲۲۷

ج ۔ تاکہ جو امانتیں آپ کے پاس موجود تھیں وہ انہیں واپس کر کے مدینہ پہونچ جائیں۔

marfat.com

س : مکہ مکرمہ سے نکلتے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری بار مکہ سے درد مندانہ خطاب فرمایا تھا اس جگہ کا نام کیا ہے ؟ ۱۲۲۸

ج ۔ حزورہ ۔

س : قریشیوں کے اس کھوجی کا نام بتائیے جو انہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تعاقب میں غار ثور تک لایا تھا ؟ ۱۲۲۹

ج ۔ کرز بن علقمہ خزاعی ۔

س : بوقت ہجرت رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کیا تھی ؟ ۱۲۳۰

ج ۔ ۵۳ واں سال ختم ہو کر ۵۴ واں سال شروع ہو چکا تھا ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی گرفتاری پر قریش نے کیا انعام مقرر کیا تھا ؟ ۱۲۳۱

ج ۔ سو سرخ اونٹ ۔

رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا دعوت اسلام

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد پاک میں ملک فارس کا بادشاہ کون تھا ؟ ۱۲۳۲

ج ۔ خسرو پرویز ۔

س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد پاک میں ملک روم کا بادشاہ کون تھا ؟ ۱۲۳۳

ج ۔ ہرقل ۔

marfat.com

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد پاک میں ملک مصر کا بادشاہ کون تھا۔ ۱۲۳۴

ج ۔ مقوقس۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے قیصر روم کی طرف دعوت اسلام کا خط لے جانے والے صحابی کا نام بتلایئے؟ ۱۲۳۵

ج ۔ حضرت دحیۃ الکلبی رضی اللہ عنہ (جمال مصطفےٰ ص ۱۹۰)

س : کسریٰ شاہ فارس کی جانب سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا دعوتی پیغام کون صحابی لے گئے؟ ۱۲۳۶۔

ج ۔ حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ یا عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ (جمال مصطفےٰ ص ۲۰۲)

س : حبشہ شاہ نجاشی کی طرف دعوت الی الحق لے جانے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۲۳۷۔

ج ۔ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور جمال مصطفےٰ ص ۱۹۱ ج ۴ میں حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ کو بتایا گیا ہے۔

س : حضرت حاطب بن بلتعہ رضی اللہ عنہ دعوت اسلام کا خط کس کے پاس لے گئے؟ ۱۲۳۸

ج ۔ مقوقس حاکم اسکندریہ و مصر کے پاس۔ (جمال مصطفےٰ ص ۲۱۷ ج ۴)

س : مسلمانوں کی پہلی ہجرت کس ملک کی جانب ہوئی؟ ۱۲۳۹۔

ج ۔ حبشہ کی طرف۔

س : پہلی ہجرت حبشہ میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟ ۱۲۴۰۔

ج ۔ ۱۵۔ جن میں۔ ۱۱۔ مرد اور ۴ عورتیں شامل تھیں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہلا شاہی ہدیہ کس نے پیش کیا؟

ج ۔ شاہ نجاشی نے۔ ۱۲۴۱۔

marfat.com

س : نجاشی بادشاہ کا اصل نام بتایئے ؟ ۱۲۴۲۔

ج ۔ اصحمہ۔

س : بیعت عقبۂ اولیٰ میں کتنے لوگ مسلمان ہوئے ؟ ۱۲۴۳۔

ج ۔ چھ۔

س : بیعت عقبۂ ثانیہ میں ایمان لانے والوں کی تعداد کتنی تھی ؟ ۱۲۴۴

ج ۔ بارہ۔

س : بیعت عقبہ سوم میں ایمان لانے والے حضرات کتنے تھے ؟ ۱۲۴۵

ج ۔ بہتر، جس میں دو عورتیں بھی شامل ہیں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہلا شاہی ہدیہ کس نے پیش کیا ۱۲۴۶

ج ۔ شاہ نجاشی نے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد پاک میں دمشق کا حاکم کون تھا ؟ ۱۲۴۷

ج ۔ حارث بن ابی شمر۔

س : دوسری ہجرت حبشہ میں کتنے مسلمان شامل تھے ؟ ۱۲۴۸۔

ج ۔ ۸۳ مرد اور انیس عورتیں۔

س : مدینہ میں نجاشی بادشاہ کا غائبانہ نماز جنازہ کب پڑھی گئی ۔ ۱۲۴۹

ج ۔ رجب ۹ھ میں شافعیہ اسی سے دلیل پکڑتے ہیں کہ نماز جنازہ غائبانہ جائز ہے۔ مگر حنفیہ کہتے ہیں کہ یہ واقعہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے خاص تھا۔ نجاشی کا جنازہ آپ پر منکشف کر دیا گیا تھا لہذا حقیقت میں نماز حاضر میت پر پڑھی گئی نہ کہ غائب پر۔

س : ملک شام کے حاکم غسانی کے دربار میں دعوت اسلام لے جانے والے صحابی کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۱۲۵۰

ج ۔ حضرت شجاع بن وہب اسدی رضی اللہ عنہ۔ (جمال مصطفیٰ ص ۲۹)

marfat.com

س : والی یمامہ کے پاس دعوت اسلام کون لے گئے؟ ۱۲۵۱۔

ج ۔ حضرت سلیط بن عمرو عامری رضی اللہ عنہ (جمال مصطفےٰ ص ۲۲۸)

س : والی بحرین کی خدمت میں اسلام کی دعوت کون صحابی لے گئے؟ ۱۲۵۲

ج ۔ حضرت علا بن حضرمی رضی اللہ عنہ ۔ (جمال مصطفےٰ ص ۲۳۰)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شاہی ہدیہ میں شاہ مقوقس نے کون سی چیزیں روانہ کیں؟ ۱۲۵۳۔

ج ۔ حضرت ماریہ و شیرین رضی اللہ عنہما دختران شمعون قبطی اور سفید اونٹ۔ (دلدل)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف استہزار (طنز و مزاح) کرنے والی ۲۵ رکنی کمیٹی کا سربراہ کون تھا؟ ۱۲۵۴۔

ج ۔ ابولہب۔

س : کفار مکہ کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق غلط پروپگنڈہ کا باہر سے آنے والوں پر کیا اثر پڑا۔ ۱۲۵۵

ج : وہ لوگ آپ کے نام سے آشنا ہو گئے اور جستجوئے احوال کے لئے مکہ آنے لگے!۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مکتوبات گرامی میں مہر کا استعمال کب سے شروع کیا تھا؟ ۱۲۵۶۔

ج ۔ یکم محرم ۷ھ سے۔

س : اس کافر کا نام بتایئے جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تنگ کرنے والی کمیٹی کے اجلاس میں کہا تھا کہ آپ کو شاعر اور کاہن اور دیوانہ کہنے سے ہی مطلب حل نہیں ہو سکتا بلکہ یہ کہا جائے کہ آپ کا کلام باپ بیٹے بھائی شوہر بیوی میں جدائی ڈال دیتا ہے۔؟ ۱۲۵۷

marfat.com

ج ۔ ولید بن مغیرہ۔

بعد فتح مکہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم

وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوتِ ہادی
عرب کی زمیں جس نے ساری ہلا دی

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر کس چیز کی تھی اور اس میں کیا لکھا تھا؟ ۱۲۵۸۔
ج ۔ مہر چاندی کی تھی اور تین سطروں میں "محمد رسول اللہ" لکھا تھا۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)
س : اسلام کا بول بالا کس سنہ ہجری میں ہوا؟ ۱۲۵۹۔
ج ۔ ۹ھ میں۔
س : حجۃ الوداع کے موقعہ پر صحابہ کرام کی تعداد کتنی تھی؟ جن سے آپ نے میدان عرفات میں خطاب فرمایا تھا؟ ۱۲۶۰۔
ج ۔ تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار (۱۲۴۰۰۰)
س : وہ کون سے نبی ہیں جن کے گھر میں پورا پورا مہینہ آگ نہیں جلتی تھی؟
ج ۔ تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ۱۲۶۱
س : رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے موذنوں کی تعداد بتلایئے؟ ۱۲۶۲۔
ج ۔ دو، مدینہ میں حضرت بلال حبشی اور عبداللہ ابن مکتوم جو نابینا تھے۔ رضی اللہ عنہما اور قبا میں حضرت سعد القرظ نے اذان دی جبکہ مکہ ابو محذورہ نے رضی اللہ عنہما۔ (نشر الطیب ص ۱۹۵)

marfat.com

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے شعرا کے اسمائے گرامی بتلایئے ؟ ۱۲۶۳

ج ۔ حضرت کعب بن مالک، عبداللہ بن رواحہ، حضرت حسان بن ثابت اور خطیب ثابت بن قیس رضی اللہ عنہم۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرۃ القضا کس سنہ ہجری میں ادا فرمایا

ج ۔ ۷ سنہ ہجری میں۔ ۱۲۶۴

س : حجۃ الوداع کے موقعہ پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھوں سے کتنے اونٹ ذبح فرمائے؟ ۱۲۶۵۔

ج ۔ ۶۳ اونٹ۔

س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو حج ادا فرمایا اسے کیا کہتے ہیں؟

ج ۔ حجۃ الوداع۔ ۱۲۶۶

س : عام الوفود کس سنہ ہجری کو کہا جاتا ہے ؟ ۱۲۶۷

ج ۔ ۹ سنہ ہجری کو۔

س : ہجری سنہ کا نفاذ کس سنہ ہجری میں ہوا ؟ ۱۲۶۸

ج ۔ ۱۷ سنہ ہجری میں۔

س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے حج ادا فرمائے ؟ ۱۲۶۹۔

ج ۔ صرف ایک۔

س : حجۃ الوداع کے موقعہ پر جب آقا صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ کی طرف روانہ ہوئے تو کس صحابی نے آپ پر کپڑے سے سایہ کیا؟ ۱۲۷۱۔

ج ۔ حضرت بلال حبشی نے۔ (رضی اللہ عنہ)

س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تمام عمر میں کتنے اعتکاف فوت ہوئے ؟

ج ۔ صرف ایک۔ ۱۲۷۲

س : رحمت دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے عمرے ادا فرمائے ؟ ۱۲۷۳

marfat.com

ج ۔ چار ہے۔

س : حجتہ الوداع کے بعد آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا بال شریف تراشنے کا شرف کس کو حاصل ہوا ؟ ۱۲۷۴۔

ج ۔ حضرت معمر بن عبداللہ عدوی رضی اللہ عنہ کو (بخاری ص ۶۳۳ ج ۲)

س : عمرۃ القضاء کے موقعہ پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا بال شریف کس صحابی نے تراشا ؟ ۱۲۷۵۔

ج ۔ حضرت خراش ابن امیہ رضی اللہ عنہ نے ۔ (بخاری ص ۶۳۳ ج ۲)

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قبا میں تشریف لانے سے قبل وہاں مہاجرین اولین کی امامت کون صحابی کرتے تھے ؟ ۱۲۷۶۔

ج ۔ حضرت سالم رضی اللہ عنہ۔

س : مقام جعرانہ میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے حلیمہ سعدیہ کے قبیلے سے تعلق رکھنے والے کتنے قیدیوں کو آزاد فرمایا ؟ ۱۲۷۷۔

ج ۔ تقریباً ساٹھ ۔

س : حجتہ الوداع کے بعد آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے واپسی مدینہ پر اونٹنی کی مہار کس نے ہاتھ میں لی تھی ؟ ۱۲۷۸۔

ج ۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ نے ۔

معجزات رسول صلی اللہ علیہ وسلم

خدا نے ایک محمد میں دے دیا سب کچھ (صلی اللہ علیہ وسلم)
کریم کا کرم بے حساب کیا کہنا!

marfat.com

س : رحمت دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم جب پالنے میں ہوتے تھے تو کون سا معجزہ ظہور پذیر ہوتا تھا؟ ۱۲۷۹۔

ج ۔ آپکے اشارے پر چاند گردش کرتا تھا۔

چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں
کیا ہی چلتا تھا اشاروں پر کھلونا نور کا

س : چاند دو ٹکڑے کیسے ہوا؟ ۱۲۸۰۔

ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلی کا اشارہ پاکر چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔

س : حضرت علی کی نماز عصر قضا ہو جانے پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے سورج کو واپس بلایا یہ معجزہ کہاں صادر ہوا؟ ۱۲۸۱۔

ج ۔ مقام صہبا میں جنگ خیبر کے موقع پر۔

تیری مرضی پا گیا سورج پھرا الٹے قدم
تیری انگلی اٹھ گئی مہ کا کلیجہ چر گیا

س : اس لکڑی کا نام بتاؤ جو فراق رسول میں زار و قطار روئی اور صحابہ نے سماعت فرمایا؟ ۱۲۸۲۔

ج ۔ استن حنانہ (مسجد نبوی کی ستون)

س : فخر کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں سے پانی کا سرچشمہ جاری ہونے کا معجزہ کہاں صادر ہوا؟ ۱۲۸۳۔

ج ۔ غزوۂ تبوک یا صلح حدیبیہ کے موقعہ پر۔

انگلیاں ہیں فیض پر ٹوٹے ہیں پیاسے جھوم کر
ندیاں پنجاب رحمت کی ہیں جاری واہ واہ

س : نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے موقع پر کون سا معجزہ رونما ہوا؟ ۱۲۸۴۔

marfat.com

ج ۔ ہزار سالہ آتشکدۂ فارس بجھ گیا۔ سر بفلک عمارتیں زمین بوس ہوگئیں۔ کعبہ کے بت منہ کے بل گر پڑے۔

س : غزوۂ خندق کی کھدائی کے موقع پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے چمکنے اور سفید پتھر کے توڑنے سے کیسی روشنی نمودار ہوئی؟ ۱۲۸۵۔

ج ۔ ایسی چمک جس سے سارا مدینہ روشن ہوگیا۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس پہلوان کو تین تین بار کشتی میں پچھاڑ دیا تھا

ج ۔ رکانہ کو۔

۱۲۸۶

س : رکانہ کو کس قدر طاقت و قوت حاصل تھی؟ ۱۲۸۷۔

ج ۔ بیل کی کھال پر کھڑا ہوتا دس آدمی بھی مل کر اس کو کھینچ نہ پاتے۔

س : سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے روز کس صحابی کے ہاتھ میں کھجور کی ٹہنی کو تیز دھار والی تلوار بنا دیا تھا۔ ۱۲۸۸

ج ۔ حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کے۔

س : بالکل ان پڑھ لوگوں کو احکام کا عالم اور قوم کا ہادی تھوڑے ہی عرصہ میں کس نے بنا دیا۔ ۱۲۸۹۔

ج ۔ احمد مختار صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے کس صحابی کے چہرہ اور کوڑے سے روشنی نکلتی تھی؟ ۱۲۹۰۔

ج ۔ حضرت طفیل دوسی رضی اللہ عنہ کے۔

س : غزوۂ احد میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے نیزہ مارنے سے کون کافر ہلاک ہوا؟ ۱۲۹۱۔

ج ۔ ابی بن خلف۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کی نکلی ہوئی آنکھ کو لعاب دہن لگا کر

marfat.com

کر ہمیشہ کے لئے درست فرمایا ؟ ۱۲۹۲

ج ۔ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کے۔

س : غیب داں رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر جو سحر کیا گیا تھا اس اشیاء کو برآمد کرنے کے لئے آپ نے کن صحابہ کرام کو روانہ فرمایا ؟ ۱۲۹۳۔

ج ۔ حضرت علی، عمار بن یاسر، زبیر رضی اللہ عنہم کو۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر سحر کی گئی اشیاء کن حالتوں میں اور کون کون سی چیزیں برآمد کی گئیں ؟ ۱۲۹۴۔

ج ۔ کھجور کے خوشہ کا ایک غلاف جسکے اندر موئے مبارک تھے ایک تانت کا کپڑا جس میں گیارہ گرہیں لگی تھیں اور ایک موم کا پتلا جس میں سوئیاں چبھوئی تھیں۔

س : اس کنواں کا نام بتاؤ جس کے پانی سے غسل کرنے والا بیمار شفا پا جایا کرتا تھا ؟ ۱۲۹۶۔

ج ۔ بیر بضاعہ جس میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن ڈالا تھا (راحت القلوب ص ۱۶۳)

س : حضرت راشد رضی اللہ عنہ کے اس کنواں کا نام کیا ہے جس میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کلی کر کے تھوڑا پانی ڈال دیا تھا ؟ ۱۲۹۷۔

ج ۔ ماء الرسول۔

نوٹ :۔ حضرت راشد رضی اللہ عنہ کا اصل نام ظالم تھا اور ان کے کتے کا نام راشد تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کا نام ظالم رکھا اور آپ کا نام راشد۔

س : کس صحابی کی والدہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک پسینہ جمع کر کے بطور خوشبو استعمال کرتی تھیں ! ۱۲۹۸۔

marfat.com

ج - حضرت انس کی والدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا (بخاری نے تاریخ کبیر میں ذکر کیا ہے۔)

وصال مبارک اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

س : رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا سے کس عمر میں پردہ فرمایا؟ ۱۲۹۹

ج - تریسٹھ ۶۳ سال کی عمر میں۔

س : تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک کب ہوا؟ ۱۳۰۰

ج - ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ میں بوقت چاشت۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم آخری بار کب بیمار ہوئے؟ ۱۳۰۱۔

ج - ماہ صفر ۱۱ھ میں

س : آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے آخری کون سی نماز پڑھائی

ج - نماز مغرب۔ ۱۳۰۲

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو آخری نماز پڑھائی اس میں کون سی

- سورت تلاوت فرمائی؟ ۱۳۰۳

ج - سورۂ مرسلات۔

س : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا روضہ کہاں واقع ہے؟ ۱۳۰۴۔

ج - مدینہ شریف میں۔

کعبہ دھن ہے تربت اطہر نئی دھن — یہ رشک آفتاب وہ غیرت قمر کی ہے

marfat.com

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس کے گنبد کا رنگ کیسا ہے۔
ج ۔ سبز (ہرا) ۱۳۰۵

سبز گنبد پر رہے میری نظر شام و سحر
جان ہو آپ پہ قربان رسول عربی

س : سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس پر جو گنبد بنا ہے اس کا نام بتایئے؟ ۱۳۰۶۔
ج ۔ گنبد خضرای ؎

عاصی بھی ہیں چہیتے یہ طیبہ ہے زاہدو
مکہ نہیں کہ جانچ جہاں خیر و شر کی ہے

س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عید کب ادا فرمائی؟ ۱۳۰۷
ج ۔ یکم شوال ۲ھ کو۔
س : مالک انس و جان صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا کے پردہ فرماتے وقت گھر میں کتنے دینار تھے؟ ۱۳۰۸۔
ج ۔ صرف سات دینار۔

مالک کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں
دو جہاں کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں

س : بوقت وصال سلطان دارین صلی اللہ علیہ وسلم کا سر انور کس کی گود میں تھا۔
ج ۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی گود میں۔ ۱۳۰۹
س : رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ ناز میں آخری بار مسواک پیش کرنے کا شرف کس نے حاصل کیا؟ ۱۳۱۰
ج ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ نے۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے فراق میں حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا جہاں

marfat.com

جاکر رویا کرتی تھیں اس جگہ کو کیا کہتے ہیں ؟ ۱۳۱۱

ج ۔ قبہ بیت الحزن ۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بوقت وصال کتنے سواری کے جانور چھوڑے ۱۳۱۲

ج ۔ چار ۔ لحیف (گھوڑا) دلدل، فخر، عفیر (گدھا) غضبا، قصوی (اونٹنی)

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل پاک دینے کا شرف کس نے حاصل کیا ؟ ۱۳۱۳۔

ج ۔ حضرت سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے ۔

س : بوقت غسل آقا صلی اللہ علیہ وسلم پہلو بدلنے کی خدمت کس نے انجام دی ؟ ۱۳۱۴۔

ج ۔ حضرت عباس و حضرت فضل ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ۔

س : سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل مبارک میں پانی ڈالنے کی خدمت کن حضرات نے انجام دی ؟ ۱۳۱۵۔

ج : حضرت قثم ابن عباس، اسامہ بن زید، اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام شقران نے (رضی اللہ عنہم)

س : نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی ؟ ۱۳۱۶۔

ج ۔ جنازہ کی نماز کون پڑھا سکتا تھا ؟ اپنی اپنی بخشش و مغفرت کے لئے فرداً فرداً لوگوں نے ادا کیا ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے جنازہ کے ولی کون تھے ؟ ۱۳۱۷۔

ج ۔ امیر المومنین حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی جنازہ کی نماز سب سے آخر میں کس نے پڑھی ۔

ج ۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ۔ ۱۳۱۸

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کھودنے کا شرف کس صحابی کو حاصل ہوا ؟

marfat.com

ج - حضرت ابوطلحہ زید انصاری رضی اللہ عنہ کر (ترمذی شریف ص ۱۲۴)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کہاں کھودی گئی۔ ۱۳۱۹

ج - حجرۂ عائشہ رضی اللہ عنہا میں۔

س : تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر انور میں اتارنے کا شرف کن حضرات کو حاصل ہوا۔ ۱۳۲۰

ج - حضرت علی و عباس اور قثم اور فضل بن عباس رضی اللہ عنہم کر۔ (نشر الطیب ص ۲۰۱)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے قبر انور پر کتنی اینٹیں اور کس طرح بچھائی گئیں؟ ۱۳۲۱۔

ج - ۹۔ کچی اینٹیں کھڑی بچھائی گئیں۔ (نشر الطیب ص ۲۰۱)

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اطہر پر پانی کس نے چھڑکا؟ ۱۳۲۲۔

ج - حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ نے ایک مشک سرہانے سے شروع کیا۔

س : مسجد نبوی کہاں واقع ہے؟ ۱۳۲۳۔

ج - مدینہ منورہ میں۔

مدینے کے شام و سحر اللہ اللہ
فرشتے وہیں پھول برسا رہے ہیں

س : مسجد نبوی کس کی زمین میں واقع ہے؟ ۱۳۲۴۔

ج - بنو نجار کی۔

س : مسجد نبوی جن یتیم بچوں کی زمین پر واقع ہے ان کا نام تبلیئے!

ج - سہل اور سہیل۔ ۱۳۲۵

س : مسجد نبوی کی زمین کتنے میں اور کس نے خرید کر وقف فرمایا؟ ۱۳۲۶

marfat.com

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اور بعض نے ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کو بتایا ہے۔ دس ۱۰ دینار میں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں کل کتنے سال قیام فرمایا۔ ۱۳۲۷

ج ۔ دس ۱۰ سال۔

س : مدینہ منورہ میں دس سالہ قیام کے دوران آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنی لڑائیاں لڑنی پڑیں؟ ۱۳۲۸

ج ۔ انیس ۱۹۔

س : مدینہ سے تبوک تک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مساجد کی تعداد بتلائیے؟ ۱۳۲۹

ج ۔ سترہ ۱۷۔

س : اصحابِ صفہ کی تعداد کتنی تھی؟ جنہیں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پیالہ دودھ سے سیراب فرمایا اور بچ گیا۔ ۱۳۳۰

ج شتر

کیوں جناب بوہریرہ کیسا تھا وہ جام شیر
جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منہ بھر گیا

س : اس جگہ کا نام بتلایئے جہاں آقا صلی اللہ علیہ وسلم باہر کے وفود سے ملاقات فرماتے تھے؟ ۱۳۳۱

ج ۔ ستون وفود۔

س : اس قبہ کا نام کیا ہے۔ جہاں حضرت خضر علیہ السلام زائرین دربار رسالت کے صاحب جذو کرامت کی حالتوں کو سلب کر لیتے ہیں۔ ۱۳۳۲۔

ج ۔ قبۂ خضر علیہ السلام۔

س : حضرت خضر علیہ السلام زائرین دربار رسالت کے صاحب ارباب

marfat.com

دجذب ذکرانات کی حالتوں کو کیوں سلب کر لیتے ہیں ؟ ۱۳۳۳

ج ۔ تاکہ عالم بے خودی میں دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ میں کسی قسم کی بے ادبی نہ ہونے پائے۔

س : زائرین روضہ مقدسہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قافلے اونٹوں سے اتر کر شہر پناہ کے دروازے میں داخل ہوتے ہیں وہاں کون سی مسجد بنی ہے ؟ ۱۳۳۴

ج ۔ مسجد غمامہ جو ایک وسیع میدان میں واقع ہے۔

س : مسجد نبوی کا شمالی دروازہ کس نام سے موسوم ہے ؟ ۱۳۳۵۔

ج باب مجیدی سے۔

س ۔ مسجد نبوی کے پوربی دونوں دروازے کس نام سے موسوم ہیں ؟ ۱۳۳۶

ج ۔ باب النساء اور باب جبرئیل علیہ السلام سے۔

س : مسجد نبوی میں کتنے درجے ہیں ؟ ۱۳۳۷

ج ۔ بارہ ۱۲۔

س : مسجد نبوی سے کتنے فاصلے پر مقام دفن استن خانہ ہے۔؟ ۱۳۳۸۔

ج ۔ ڈیڑھ گز کے فاصلہ پر، مغرب کی جانب۔

س : لشست عشرہ مبشرہ کو کیا کہا جاتا ہے ؟ ۱۳۳۹

ج ۔ دارالشوریٰ۔

س : جنت البقیع کس جگہ سے تسلیم کیا جاتا ہے ؟ ۱۳۴۰

ج ۔ مابین روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے قبر انور سے جو احاطہ قبرستان کا ہے۔

س : دنیا کی اس مسجد کا نام بتایئے جہاں نماز پڑھنے سے دوسری مسجدوں کے مقابل پچاس ہزار نمازوں کا ثواب ملتا ہے ؟ ۱۳۴۱

marfat.com

ج ۔ مسجد نبوی۔

س : مسجد نبوی میں ممبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور روضۂ اطہر کا درمیانی حصہ کیا کہلاتا ہے؟

ج ۔ ریاض الجنۃ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی کے کس دروازے سے اکثر داخل ہوتے تھے؟ ۱۳۴۲

ج ۔ باب آل عثمان سے۔

س : رحمتِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی حدم موجودگی میں مدینہ کی سربراہی کون صحابی کرتے تھے؟ ۱۳۴۴

ج ۔ حضرت عبداللہ ابن مکتوم رضی اللہ عنہ۔

س : جنت البقیع کے بعد دنیا کا افضل ترین کونسا قبرستان ہے؟ ۱۳۴۵

ج ۔ جنت المعلیٰ۔

س : مسجد نبوی میں ممبر کس سنہ میں قائم کیا گیا۔ ۱۳۴۶

ج ۔ ۷ھ میں۔ اور دوسری روایت میں ۸ھ ہجری ہے۔

س : مسجد نبوی کے لئے اینٹیں کہاں تیار کی گئیں؟ ۱۳۴۷۔

ج ۔ مسجد ابراہیم کے شمالی جانب بیر ایوب کے پاس۔ (راحت القلوب ص ۹۹)

س : روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سرنگ لگانے کا واقعہ کب وقوع پذیر ہوا۔؟ ۱۳۴۸

ج ۔ ۵۵۷ھ میں۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مسجد نبوی کے صحن میں جو سایہ دار چبوترہ تھا اسے کس نام سے پکارا جاتا تھا؟ ۱۳۴۹۔

ج ۔ صفہ کے نام سے۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین کس دن مکمل ہوئی تھی؟ ۱۳۵۰۔

marfat.com

ج ۔ سہ شنبہ کی شب کو جسے عرب میں چہار شنبہ کہتے ہیں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات اقدس میں کون سی آخری نماز مسجد نبوی میں پڑھی تھی؟ ۱۳۵۱۔

ج ۔ نمازِ ظہر۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی میں آخری نماز وصال سے کتنے دن قبل پڑھی تھی؟ ۱۳۵۲۔

ج ۔ پانچ دن قبل بروز جمعرات۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے کس عمر پاک کے حصہ میں کعبہ کی تعمیر ہوئی؟

ج ۔ ۳۵ سال کی عمر میں۔

خانہ کعبہ اور اس کے تعلق سے

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس عمر میں کعبہ معظمہ کے اندر حجر اسود نصب فرمایا؟ ۱۳۵۳۔

ج ۔ ۳۵ سال کی عمر میں۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کون سی نماز ادا فرما رہے تھے جب تحویل قبلہ کا حکم نازل ہوا؟ ۱۳۵۴۔

ج ۔ نماز ظہر۔

س : نماز ظہر بوقت تحویل قبلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کس مسجد میں ادا فرما رہے تھے۔ ۱۳۵۵

ج ۔ مسجد بنو سلیم میں۔

س : حجر اسود کس پیغمبر کی تلاش ہے؟ ۱۳۵۶

ج ۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی۔

marfat.com

س : کعبہ معظمہ کی تعمیر میں کہاں کا پتھر استعمال ہوا ؟ ۱۳۵۷۔
ج ۔ کوہِ لبنان ، حرا ، کوہِ ابو قبیس ، صفا اور مروہ کا۔
س : پتھر لانے کی خدمت کس نے انجام دی ؟ ۱۳۵۸۔
ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔
س : خانہ کعبہ کا دوسرا نام بتلایئے ؟ ۱۳۵۹۔
ج ۔ بیت عتیق۔
س : حطیم کسے کہتے ہیں ؟ ۱۳۶۰۔
ج ۔ حرم پاک کا وہ حصہ جو بعثت سے پانچ سال قبل کعبہ کی نئی تعمیر میں مصارف کی کمی کی وجہ سے تعمیر سے باقی رہ گیا تھا ؛

مہر مادر کا مزہ دیتی ہے آغوشِ حطیم
جن پہ ماں باپ فدا یاں کرم ان کا دیکھو

س : ام القریٰ کس شہر کو کہا جاتا ہے ؟ ۱۳۶۱۔
ج ۔ شہر مکہ کو۔
س : مطاف کسے کہتے ہیں ؟ ۱۳۶۲۔
ج ۔ جس جگہ طواف کیا جاتا ہے۔
س : رمیٔ جمار کسے کہتے ہیں ؟ ۱۳۶۳۔
ج ۔ مجسمۂ شیطان پر کنکریاں مارنے کو۔
س : حج کے دوران کعبہ معظمہ کو غسل کس چیز سے دیا جاتا ہے ؟ ۱۳۶۴
ج ۔ عرق گلاب سے۔
س : مسجد حرام کسے کہتے ہیں ؟ ۱۳۶۵
ج ۔ خانہ کعبہ کے چاروں طرف جو مسجد ہے۔
س : باب السلام کسے کہتے ہیں ؟ ۱۳۶۶۔

marfat.com

ج ۔ مسجد حرام کا وہ دروازہ جس سے پہلی بار داخل ہونا افضل ہے۔
س : خانہ کعبہ میں جو پتھر نصب ہے اس کا نام بتلایئے۔؟ ۱۳۶۷
ج ۔ حجر اسود۔
س : حجر اسود کعبہ میں کس جگہ نصب ہے؟ ۱۳۶۸
ج ۔ جنوب و مشرق کے کونے پر۔ جس کو رکن اسود کہتے ہیں۔
س ۔ کعبہ شریف میں کتنے رکن ہیں؟ ۱۳۶۹
ج ۔ چار۔ رکن اسود، رکن عراقی، رکن شامی، رکن یمانی۔
س : رکن اسود اور رکن عراقی کی دیوار میں زمین سے بلند سونے کے دروازہ کو کیا کہتے ہیں؟ ۱۳۷۰۔
ج ۔ باب الکعبہ۔
س : جس سونے کے پرنالے سے بارش کا پانی حطیم میں گرتا اور ہوتا ہے اس کا نام بتلایئے؟ ۱۳۷۱۔
ج ۔ میزاب رحمت

زیر میزاب ملے خوب کرم کے چھینٹے
ابر رحمت کا یہاں روز برسنا دیکھو

س : مستجاب کون سی جگہ ہے؟ ۱۳۷۲۔
ج ۔ رکن یمانی اور رکن اسود کے بیچ کی جنوبی دیوار ہے جہاں ستر ہزار فرشتے دعا پر آمین کہنے کے لئے مقرر ہیں۔
س : مقام ابراہیم کہاں واقع ہے؟ ۱۳۷۳۔
ج ۔ دروازہ کعبہ کے سامنے ایک قبہ ہے۔ یہ جنتی پتھر ہے۔
س : کوہ صفا و مروہ مکہ شریف سے کس طرف واقع ہے؟ ۱۳۷۴۔
ج ۔ جنوب میں۔

marfat.com

س : مقام ابراہیم کسے کہتے ہیں۔ ۱۳۷۵

ج ۔ وہ پتھر ہے جس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کھڑے ہو کر کعبہ تعمیر فرمایا۔

س : میقات کسے کہتے ہیں۔ ۱۳۷۶

ج ۔ جہاں سے مکہ شریف جانے کے لئے احرام پہنا جاتا ہے۔

س ہندوستانی حاجیوں کے میقات کا نام بتائیے ! ۱۳۷۷

ج : یلملم۔

س ۔ منیٰ مسجد حرام سے کتنی دوری پر واقع ہے ! ۱۳۷۸

ج : پانچ سو کلومیٹر پر جہاں حاجی صاحبان قیام فرماتے ہیں۔

س : عرفات کسے کہتے ہیں ! ۱۳۷۹۔

ج منیٰ سے تقریباً گیارہ کلومیٹر دور میدان ہے جہاں ۹ ذی الحجہ کو حاجی صاحبان جمع ہوتے ہیں۔

س : ظہر اور عصر کی نماز ایک ہی وقت میں کہاں پڑھی جاتی ہے ! ۱۳۸۰

ج ۔ عرفات میں ایام حج کے دوران۔

س : جبل رحمت کسے کہتے ہیں ! ۱۳۸۱

ج ۔ عرفات کا وہ مقدس پہاڑ جس کے قریب وقوف کرنا افضل ہے۔

س : مزدلفہ کسے کہتے ہیں ! ۱۳۸۲۔

ج ۔ منیٰ سے تقریباً پانچ کلومیٹر عرفات کی جانب ایسی جگہ جہاں حاجی صاحبان رات گذارتے ہیں۔

س : مسجد حرام اور جنت المعلیٰ کے درمیان جہاں دعا مانگنا مستحب ہے۔ اسے کیا کہتے ہیں۔ ۱۳۸۳۔

ج ۔ مدعیٰ۔

marfat.com

س : حج کی کتنی قسمیں ہیں؟ ۱۳۸۴۔
ج ۔ تین۔ قران، تمتع، افراد۔
س : تاریخی روایات کے مطابق جنت البقیع میں کتنے صحابۂ کرام آرام فرما ہیں؟ ۱۳۸۵۔
ج ۔ دس ہزار۔
س : اصل مواجہہ شریف کس طرف ہے۔ ۱۳۸۶۔
ج ۔ اس چاندی کی گیل کے سامنے جو سنہری جالیوں کے قریب ہے۔
س : حج کے دوران جو لباس پہنا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟ ۱۳۸۷۔
ج ۔ احرام۔
س : حجاج کرام کن دو پہاڑوں کی سعی کرتے ہیں ۱۳۸۸
ج ۔ صفا و مروہ۔

خوب سعی میں بامید صفا دوڑ لیے!
رہِ جاناں کی صفا کا بھی تماشہ دیکھو

س : حرم شریف کو حرم کیوں کہتے ہیں؟ ۱۳۸۹۔
ج ۔ اس لیے کہ حدود حرم میں ظلم، قتال، شکار، غارتگری حرام ہے
س : حج میں جو کعبہ کا چکر لگاتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟ ۱۳۹۰۔
ج ۔ طواف۔
س : جس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں۔ ۱۳۹۱
ج ۔ قبلہ۔
س : مسلمانوں کے قبلہ کا نام بتایئے! ۱۳۹۲
ج ۔ کعبہ شریف۔
س : حج کس مہینہ میں ہوتا ہے؟ ۱۳۹۳

marfat.com

ج : ذی الحجہ میں ۔

س : حرم شریف میں اذان کے لئے مختلف اطراف میں کتنے مینارے بنے ہیں؟ ۱۳۹۴

ج ۔ سات۔

س : وہ کونسا پتھر ہے جو ضرورت کے وقت اونچا اور نیچا ہوا کرتا تھا۔ ۱۳۹۵

ج ۔ جس پتھر پہ کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کعبہ تعمیر فرمایا تھے؟

س : اس پتھر کا نام بتایئے جس میں قوت سلب گناہ ہے؟ ۱۳۹۶

ج ۔ حجر اسود۔

دھو چکا ظلمت دل بوسۂ سنگ اسود
خاک بوسیٔ مدینہ کا بھی رتبہ دیکھو

س : کعبہ شریف میں داخل ہونے کے لئے کتنے دروازے ہیں! ۱۳۹۷

ج ۔ چالیس۔

س : اس پانی کا نام بتاؤ جس کو بھوکا پیئے تو آسودہ ہو جائے پیاسا پیئے تو پیاس بجھ جائے بیمار پیئے تو شفا پا جائے۔ ۱۳۹۸

ج ۔ آب زم زم۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جہاں ناف کاٹی گئی اور غسل دیا گیا وہ جگہ کس نام سے مشہور ہے۔ ۱۳۹۹

ج ۔ مولد علی کے نام سے (رضی اللہ عنہ)

س : خانہ کعبہ کس شہر میں واقع ہے۔ ۱۴۰۰۔

ج ۔ مکہ معظمہ میں

س : حجر اسود کے چومنے کے عمل کو کیا کہا جاتا ہے؟ ۱۴۰۱

ج ۔ تقبیل۔

marfat.com

س : استلام کسے کہتے ہیں۔؟ ۱۴۰۲
ج ۔ دور سے ہاتھ کے اشارہ سے بوسہ لینے کے عمل کو۔
س : مزدلفہ کا دوسرا نام بتایئے! ۱۴۰۳
ج ۔ مشعر الحرام۔
س : رمیٔ جمار کے لئے حاجی صاحبان اپنی چادر میں کتنی کنکریاں باندھ کر لے جاتے ہیں؟ ۱۴۰۴
ج ۔ ۴۹۔
س : شیطان کے مجسمہ پر کنکریاں کن تاریخوں میں ماری جاتی ہیں؟ ۱۴۰۵
ج ۔ دسویں، گیارھویں، بارھویں۔ ذی الحجہ میں۔
س : وادیٔ منیٰ میں حجاج کرام کے سر منڈانے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟
ج ۔ حلق۔ ۱۴۰۶
س : منیٰ سے حجاج کرام کتنے دنوں کے بعد واپس ہوتے ہیں ۱۴۰۷
ج ۔ تین دن کے بعد۔
س : حجر اسود کو جنت سے زمین پر کون لایا تھا؟ ۱۴۰۸۔
ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام اور طبقات ابن سعد میں حضرت آدم علیہ السلام کو بتایا گیا ہے۔
س : حجاج کرام صفا و مروہ کا سات چکر لگاتے ہیں اسے کیا کہا جاتا ہے؟
ج ۔ سعی۔ ۱۴۰۹
س ۔ تلبیہ کب پڑھا جاتا ہے؟ ۱۴۱۰
ج ۔ حج و عمرہ کے دوران حالت احرام میں۔
س : بیت المقدس سے کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم کب ہوا۔
ج ۔ ۱۵ر شعبان ۲ھ میں۔ ۱۴۱۱

marfat.com

س : مسجد حرام میں کتنے دروازے ہیں ؟ ۱۴۱۲
ج ۔ ۲۵۔
س : بیت اللہ کسے کہتے ہیں ؟ ۱۴۱۳
ج ۔ کعبہ شریف کو۔
س : قرآن شریف میں بکہ کا لفظ کس شہر کے لئے استعمال ہوا ہے ۱۴۱۴
ج ۔ مکہ شریف کے لئے۔ ۱۴۱۵
س : خانہ کعبہ کے کونے میں جہاں دو دیواریں آپس میں ملتی ہیں۔
انہیں کیا کہتے ہیں! ۱۴۱۶
ج ۔ رکن۔
س : رکن عراقی کسے کہتے ہیں ؟ ۱۴۱۷
ج ۔ خانہ کعبہ کے مشرقی شمالی کونے کو۔
س : رکن اسود کسے کہتے ہیں ! ۱۴۱۸
ج ۔ خانہ کعبہ کے مشرقی جنوبی کونے کو۔
س : خانہ کعبہ کے مغربی شمالی کونے کو کیا کہتے ہیں ! ۱۴۱۹۔
ج ۔ رکن شامی۔

رکن شامی سے مٹی وحشت شام غربت
اب مدینہ کو چلو صبح دلآرا دیکھو

س : خانہ کعبہ کے مغربی جنوبی کونے کو کیا کہتے ہیں ؟ ۱۴۲۰۔
ج ۔ رکن یمانی۔

ایمن طور کا تھا رکن یمانی میں فروغ
شعلۂ طور یہاں انجمن آرا دیکھو

س : حجر اسود سے مقام ابراہیم کا فاصلہ کتنا ہے ۱۴۲۱

marfat.com

ج ۔ ۲۷۔ گز۔

س : مکہ شریف کا وہ حصہ جو حجر اسود اور کعبہ شریف کے دروازے کے درمیان ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟ ۱۴۲۲

ج ۔ ملتزم۔

ملتزم سے تو گلے لگ کے نکالے ارماں
ارب دشوق کا یاں باہم الجھنا دیکھو

س : وہ کون سا مقام ہے جو خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے نشان قدم سے مشابہت رکھتا ہے ۔؟ ۱۴۴۳۔

ج ۔ مقام ابراہیم۔

س : اس مقدس جگہ کا نام بتاؤ جہاں سے اللہ تعالیٰ اپنے تراویح پڑھنے والے بندوں کو دیکھتا ہے ۔؟ ۱۴۴۴

ج ۔ خطیر المقدس۔

س : کیا مسلمانوں نے قبل ہجرت کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی ہے ؟ ۱۴۴۵

ج ۔ نہیں۔

س : مکہ مکرمہ کے تاریخی قبرستان کا نام بتلایئے ؟ ۱۴۴۶

ج ۔ جنت المعلیٰ۔

س : خانہ کعبہ کے عمارت کی بلندی کس قدر ہے ؟ ۱۴۴۷

ج ۔ ۴۹ فٹ ½ ۲ انچ۔

س : بیت المقدس سے خانہ کعبہ کتنے سال قبل تعمیر ہوا ؟ ۱۴۴۸۔

ج ۔ چالیس سال۔ (خزائن العرفان آل عمران صـ۱۷۶)

آب زم زم تو پیا خوب بجھائیں پیاسیں آؤ جو دشہ کوثر کا بھی رتبہ دیکھو

marfat.com

مساجد اور ان کے تعلق سے

س : مسجد بلال کہاں واقع ہے ؟ ۱۴۴۹

ج ۔ جبل ابو قبیس پر نجدیوں نے اسے ڈھا دیا ہے اور شاہ فہد نے اس جگہ انتہائی شاندار محل بنوا کر اس دنیا کا سب سے بڑا ٹی وی چینل لگا رکھا ہے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم بوقت عمرہ کہاں ٹھہرا کرتے تھے۔ ۱۴۵۰

ج ۔ مسجد قباء میں۔

س : اسلامی تاریخ میں سب سے پہلے کون سی مسجد تعمیر ہوئی۔ ۱۴۵۱

ج ۔ مسجد قباء

س : مسجد قبلتین کس مسجد کو کہا جاتا ہے ؟ ۱۴۵۲

ج ۔ مسجد بنو سلیم کو۔

۱۴۵۳

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلی نماز جمعہ کہاں ادا فرمائی

ج ۔ مسجد سالم میں اسی کو مسجد جمعہ بھی کہتے ہیں۔ (راحت القلوب ص۱۴۲)

س : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عیدین کی نماز کہاں ادا فرماتے تھے۔ ۱۴۵۴

ج ۔ مسجد غمامہ میں۔

س : مسجد مصلیٰ کس مسجد کو کہا جاتا ہے۔ ۱۴۵۵

ج مسجد غمامہ کو۔

س : مسجد عائشہ کہاں واقع ہے ۱۴۵۶

ج ۔ تنعیم میں جہاں سے حجاج کرام عمرہ کا احرام باندھتے ہیں۔

marfat.com

س : جنت المعلی کے قریب اس مسجد کا نام بتاؤ جہاں جنوں نے اسلام قبول کیا تھا ؟ ۱۴۵۷

ج ۔ مسجد جن اسی کا دوسرا نام مسجد بیعت اور مسجد خرسی ہے۔

س : اس مسجد کا نام کیا ہے۔ جہاں فتح مکہ کے وقت آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے جھنڈا نصب کیا تھا ؟ ۱۴۵۸

ج ۔ مسجد الرایہ۔

س : وہ کون سی مسجد ہے جہاں ستر ہزار انبیائے کرام نے نماز میں پڑھیں اور ستر ہزار انبیاء کرام وہیں مدفون ہیں ۱۴۵۹

ج ۔ مسجد خیف۔

س : مسجد جعرانہ میں ایک ہی رات میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سو بار کرنے والے بزرگ کا نام بتایئے۔ ۱۴۶۰

ج ۔ حضرت سیدنا عبدالوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : مسجد قبلتین کہاں واقع ہے ؟ ۱۴۶۱۔

ج ۔ وادی عتیق میں۔

س : مسجد اجیاد کہاں واقع ہے ؟ ۱۴۶۲

ج ۔ محلہ اجیاد میں۔

س : مسجد خالد کہاں واقع ہے ۱۴۶۳

ج ۔ حارت الباب میں۔

س : نجف اشرف سے کتنی دوری پر مسجد کوفہ واقع ہے ۔ ۱۴۶۴۔

ج ۔ دو میل کے فاصلے پر۔

س : مسجد آدم کس مسجد کو کہا جاتا ہے ؟ ۱۴۶۵

ج ۔ مسجد حرام کو۔

marfat.com

س : مسجد کوثر کہاں واقع ہے۔؟ ۱۴۶۶
ج ۔ منیٰ میں جہاں سورۂ کوثر کا نزول ہوا تھا۔
س : مسجد خیف کہاں واقع ہے ؟ ۱۴۶۷۔
ج ۔ وادیٔ منیٰ میں۔
س : مسجد آدم مسجد حرام کے علاوہ اور کہاں تعمیر ہے۔؟ ۱۴۶۸
ج ۔ مقام عرفات میں۔
س : مسجد آدم کا دوسرا نام بتلایئے ؟ ۱۴۶۹۔
ج ۔ مسجد نمرہ۔
س : ان مساجد کا نام بتایئے جن کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے ؟ ۱۴۷۰۔
ج ۔ مسجد حرام، مسجد اقصیٰ، مسجد ضرار۔
س : مسجد حمزہ کہاں واقع ہے ؟ ۱۴۷۱۔
ج ۔ جبل احد کے دامن میں واقع ہے۔ (مدینہ منورہ)
س : مسجد زبیر کہاں واقع ہے ؟ ۱۴۷۲
ج ۔ موضع وحطہ میں جبل کوع کے اندر۔
س : مسجد نمرہ کس کی قائم کی ہوئی ہے ؟ ۱۴۷۳
ج ۔ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی۔
س : مسجد ثنایا کہاں واقع ہے ؟ ۱۴۷۴
ج میدان احد میں جہاں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارکہ شہید ہوئے تھے۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک نہایت اہم دعا جہاں قبول ہوئی تھی اس مسجد کا نام کیا ہے ؟ ۱۴۷۵
ج ۔ مسجد اجابہ۔

marfat.com

س : اونٹنی کی سیر پر کون سی مسجد تعمیر ہوئی؟ ۱۴۷۶
ج ۔ مسجد قباء (راحت القلوب ص۱۳۹)
س : مسجد تقویٰ کس مسجد کا نام ہے۔ ۱۴۷۷
ج ۔ مسجد قبار کا (راحت القلوب ص۱۴۰)
س : ایام جاہلیت میں قباء کا دوسرا نام کیا تھا؟ ۱۴۷۸
ج ۔ عالیہ
س : شراب کی حرمت کے موقع پر شراب کے مٹکے جہاں توڑے گئے اس جگہ کون سی مسجد آباد ہے؟ ۱۴۷۹۔
ج ۔ مسجد الفضیح (راحت القلوب ص۱۴۴)
س : ان مسجدوں کے نام بتلایئے جن کی تعمیر میں خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کے ساتھ مزدوروں کی طرح کام کیا ہے؟ ۱۴۸۰۔
ج ۔ مسجد قبا، مسجد نبوی۔

قبلۂ اوّل اور اس کے تعلق سے

س : قبلہ اول کا نام بتلایئے! ۱۴۸۱
ج ۔ بیت المقدس۔
س : بیت المقدس کہاں واقع ہے ۱۴۸۲۔
ج فلسطین میں۔
س : ماہ رجب ۲ھ سے قبل مسلمان کس طرف منہ کرکے نماز پڑھتے تھے؟ ۱۴۸۳۔

marfat.com

ج ۔ بیت المقدس کی طرف

س : اس ظالم بادشاہ کا نام بتائیے جس نے بیت المقدس کو ویران کیا تھا۔

ج ۔ بخت نصر

س : غارِ انبیاء کس سرزمین پر واقع ہے! ۱۴۸۵۔

ج ۔ بیت المقدس کے قریب قصبہ خلیل الرحمٰن میں۔

س : غارِ انبیاء میں کتنے پیغمبروں کے مزارات ہیں! ۱۴۸۶۔

ج ۔ ۱۲ ہزار نبیوں کے۔

س : حضرت ابراہیم و سارہ اور اسحاق اور ان کی زوجہ اور حضرت یعقوب علیہم السلام کے مزارات کہاں ہیں؟ ۱۴۸۷

ج ۔ مختلف روایات کے مطابق غارِ انبیاء میں۔

س : اکثر انبیاء علیہم السلام کس سرزمین پر مدفون ہیں! ۱۴۸۸

ج ۔ بیت المقدس میں۔

س : بیت المقدس کتنے دنوں تک مسلمانوں کا قبلہ رہا۔ ۱۴۸۹

ج ۔ تقریباً ۱۷ ماہ تک۔ (خزائن العرفان البقرہ ص ۲۶)

س : بیت المقدس کی تعمیر کن دو پیغمبروں نے کی؟ ۱۴۹۰

ج ۔ حضرت داؤد و حضرت سلیمان علیہما السلام نے۔

س : تحویلِ قبلہ کا حکم کس تاریخ میں نازل ہوا؟ ۱۴۹۱

ج ۔ ۱۵ رجب المرجب ۲ھ میں۔

نہ ہو آقا کو سجدہ آدم و یوسف کا سجدہ ہو
مگر سد ذرائع واجب ہے اپنی شریعت کا

marfat.com

سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج طیبات

حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا

س : عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والی خاتون کا اسم گرامی بتایئے!

ج ۔ حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا۔ ۱۴۹۲

س : وہ کون سی خاتون ہیں جنہیں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت میں داخل ہونے کا پہلا شرف حاصل ہوا! ۱۴۹۳

ج ۔

س : حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا۔

ج ۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت میں داخل ہونے کے وقت حضرت

س : خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی عمر کیا تھی؟ ۱۴۹۴

ج ۔ ۴۰ سال کی۔ (دو شوہروں سے بیوہ تھیں)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح اول کا خطبہ کس نے پڑھا؟ ۱۴۹۵

ج حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے ابو طالب نے اور حضرت خدیجۃ رضی اللہ عنہا کی طرف سے ورقہ بن نوفل نے۔

س : حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے اس غلام کا نام بتایئے جو آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملک شام کے سفر پر تھے؟ ۱۴۹۶

ج ۔ میسرہ۔

س : ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج ۔ خویلد بن اسد ۱۴۹۷۔

marfat.com

س : حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا نام کیا تھا؟ ۱۴۹۹

ج ۔ فاطمہ بنت زائدہ۔ (جنتی زیور ص ۳۵۲)

س : ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟

ج ۔ رمضان ۱۰ سنہ نبوت میں ۱۵۰۰

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج طیبات کی تعداد بتایئے؟ ۱۵۰۱

ج ۔ کم و بیش گیارہ۔

س : حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج ۔ اس وقت تک نماز جنازہ پڑھنے کا حکم نہیں آیا تھا۔ ۱۵۰۲

س : وہ کون سی ام المومنین ہیں جنہیں اللہ پاک نے سلام کیا؟ ۱۵۰۳

ج ۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کی مہر کتنی متعین ہوئی تھی؟

ج ۔ چار سو درہم ۱۵۰۴

س : حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۱۵۰۵

ج ۔ جنت المعلیٰ کوہِ حجون میں مگر افسوس سعودی گورنمنٹ نے گنبد کو مسمار کر دیا۔

س : ازواج مطہرات میں سے کس کے لئے حضرت جبرئیل علیہ السلام نے خوش خبری سنائی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے جنت میں موتی کا گھر بنایا ہے؟ ۱۵۰۶

ج ۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کیلئے (بخاری شریف اول ص ۵۳۹)

س بوقت نکاح حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا سرپرست کون تھا؟ ۱۵۰۷۔

ج : آپ کے چچا عمرو بن اسد۔

marfat.com

س : ایام جاہلیت میں عرب حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کو کس نام سے یاد کرتے تھے؟ ۱۵۰۸

ج ۔ طاہرہ سے۔

س : حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے کاروباری معاملات کی نگرانی کرنے والے غلام کا نام بتلایئے؟ ۱۵۰۹۔

ج ۔ میسرہ۔

س : امہات المومنین میں سے سب سے پہلے کس کا وصال ہوا؟ ۱۵۱۰

ج ۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا۔

س : ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے کتنے سال بڑی تھیں؟ ۱۵۱۱۔

ج ۔ پندرہ (۱۵) سال۔

س : خاتون مکہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے نکاح کے سلسلے میں کس کی معرفت بات چیت کی تھی؟ ۱۵۱۲۔

ج ۔ اپنی سہیلی نفیسہ بنت علیہ کی معرفت سے۔

ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

س : ام المومنین میں سے کون ام المومنین ہیں جو کم عمری میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں داخل ہوئیں؟ ۱۵۱۳۔

ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے والد مکرم کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۵۱۴

marfat.com

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ۔
س : حضرت عائشہ صدیقہ کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۱۵۱۵۔
ج ۔ ام رومان زینت ۔
س : حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کس عمر میں انتقال فرمایا ؟ ۱۵۱۶
ج ۔ ۶۶ (چھاسٹھ) سال میں ۔
س : امہات المومنین میں سے ان ام المومنین کا اسم گرامی بتایئے جن سے سب سے زیادہ احادیث مروی ہے ؟ ۱۵۱۷
ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ۔
س : ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مہر کتنا متعین ہوا تھا ؟ ۱۵۱۸
ج ۔ چار سو درہم ۔
س : حمیدہ کا لقب کن ام المومنین کا تھا ؟ ۱۵۱۹
ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی کن زوجہ محترمہ کی پاکیزگی اور طہارت کے سلسلے میں قرآن پاک کی آیتیں نازل ہوئیں ؟ ۱۵۲۰
ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ۔
س : حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا ؟ ۱۵۲۱۔
ج ۔ سترہ (۱۷) رمضان المبارک ۵۸ھ یا ۵۹ھ میں ۔
س : حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کب ہوا ؟ ۱۵۲۲۔
ج ۔ یکم شوال المکرم ۲ھ میں ۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد دینی مشکلات درپیش ہونے پر صحابۂ کرام کن کی جانب رجوع فرماتے تھے ؟ ۱۵۲۳
ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی طرف ۔

marfat.com

س : حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مزار مقدس کہاں واقع ہے؟ ۱۵۲۴۔

ج ۔ جنت البقیع میں۔

س : کس غزوہ سے واپسی کے وقت منافقوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگایا تھا؟ ۱۵۲۵۔

ج ۔ غزوہ بنی المصطلق کے موقعہ پر۔

س : واقعہ افک میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی طہارت کی گواہی کس باندی نے دی تھی؟ ۱۵۲۶۔

ج ۔ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا نے۔

س : سورہ نور میں ھٰذا افک مبین والی آیت کن ام المومنین سے متعلق ہے؟ ۱۵۲۷

ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے۔

س : وہ کون ام المومنین ہیں جنہیں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے سلام کہا؟

ج ۔ حضرات خدیجہ وعائشہ رضی اللہ عنہما۔ ۱۵۲۸

دیگر ازواج مطہرات

س : ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کہاں مدفون ہیں؟ ۱۵۲۹

ج ۔ جنت البقیع میں۔

س : اُن ام المومنین کا نام بتلایئے جن کے پاس پہلی مرتبہ تحریری طور پر قرآن مجید رکھوایا گیا؟ ۱۵۳۰

marfat.com

ج ۔ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا۔

س : ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے والد محترم کا اسم گرامی بتایئے۔ ۱۵۳۱۔

ج ۔ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س : امہات المومنین میں سے کن کو زبانی قرآن مجید یاد تھا؟ ۱۵۳۲۔

ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک غزوہ سے واپسی پر کس ام المومنین نے دف بجانے کی منت مانی تھی۔ ۱۵۳۳۔

ج ۔ حضرت سودہ (جاریہ) رضی اللہ عنہا نے۔

س : ام المومنین حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟

ج ۔ شموس بن قیس ۱۵۳۴

س : امہات المومنین میں جسامت کے لحاظ سے کس کا قد دراز تھا؟

ج ۔ حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کا۔ ۱۵۳۵

س : ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام بتایئے! ۱۵۳۶۔

ج ۔ برّہ (غزوہ بنی المصطلق سے قید ہو کر آئی تھیں)

س : ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟ ۱۵۳۷

ج ۔ حارث بن ابی ضرار۔

س : ام المومنین حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے شوہر اول کا نام بتایئے۔

ج ۔ مسافع بن صفوان ۱۵۳۸

س : ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کہاں مدفون ہیں۔ ۱۵۳۹

ج ۔ بمقام سرف اسی چھپر کے نیچے جہاں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی بار قربت سے سرفراز فرمایا تھا۔ (زرقانی ص ۲۵۳ ج ۳)

marfat.com

س : ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے والدین کے نام بتائیے۔
ج . حارث ابن حزن والدہ کا نام ہند بن عوف۔ تھا۔ ۱۵۴۰

س : کن ام المومنین کے نکاح کے موقعہ پر آیت حجاب نازل ہوئی؟ ۱۵۴۱
ج . حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے۔

س : امہات المومنین میں سے ان کے اسمائے گرامی بتلائیے جنہوں نے کسی حدیث کی روایت نہیں کی ہے؟ ۱۵۴۲۔
ج . حضرت خدیجہ و حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہما۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی کون سی زوجہ محترمہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ کی بہن تھیں ۱۵۴۳
ج . حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ۱۵۴۴
ج . حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے۔

س : وہ کون سی ام المومنین ہیں جو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی خالہ تھیں؟ ۱۵۴۵۔
ج . حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے آخر میں کن خاتون سے نکاح فرمایا؟
ج . حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے۔ ۱۵۴۶

س : حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟ ۱۵۴۷
ج . ۵۱ھ میں۔

س : ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۱۵۴۸
ج . نوار یہ کے قریب مقام یسرف میں۔

س : وہ کون سی ام المومنین ہیں جن کا جہاں نکاح ہوا وہیں انتقال فرمایا؟ ۱۵۴۹

marfat.com

ج : حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا۔

س : ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام بتایئے؟ ۱۵۵۰

ج : حیی بن اخطب۔

س : ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کس کے خاندان سے تھیں؟ ۱۵۵۱

ج : حضرت موسیٰ وہارون علیہما السلام کے۔

س : ام المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کس غزوہ سے قید ہو کر آئی تھیں؟ ۱۵۵۲

ج : جواب: غزوۂ خیبر سے۔

س : بتایئے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار ایک ماہ کے لئے اپنی ازواج سے علیحدگی اختیار کر لی تھی کیوں اور اسے کیا کہتے ہیں۔ ۱۵۵۳

ج : علیحدگی سے وہ خرچ زیادہ مانگتی تھیں بعد میں معاف فرما دیا اسے ایلا کہتے ہیں

س : حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کس غزوہ سے قید ہو کر آئی تھیں؟ ۱۵۵۴

ج : خیبر سے

س : حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور قبر میں کس نے اتارا؟

ج : نماز جنازہ حاکم مدینہ مروان بن حکم نے پڑھائی اور قبر میں آپ کے بھتیجوں نے اتارا۔ (زرقانی ص ۲۳۶ ج ۳)

س : ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کو کس بادشاہ نے تحفہ میں بھیجا تھا؟ ۱۵۵۵

ج : حاکم اسکندر مقوقس نے۔

س : ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کی بہن کا نام بتایئے؟ ۱۵۵۶

ج : سیرین۔

س : ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟ ۱۵۵۷

ج : ۱۶ھ میں۔

marfat.com

س : ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کے جنازہ کی نماز کس نے پڑھائی؟
ج ۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔ ۱۵۵۸.
س : ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے والد کا اسم گرامی بتائیے؟ ۱۵۵۹
ج ۔ حضرت ابو سفیان رضی اللہ عنہ۔
س : ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا اصل نام کیا تھا؟ ۱۵۶۰۔
ج ۔ رملہ۔
س : امہات المومنین میں سے کون سی ام المومنین حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بہن تھیں۔ ۱۵۶۱
ج ۔ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا۔
س : ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی مہر کتنی تھی اور کس نے ادا کی؟ ۱۵۶۲
ج ۔ چار سو دینار جسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے شاہ نجاشی نے ادا کیا۔
س : وہ کون سی ام المومنین ہیں جن سے عقد کے بعد اللہ پاک نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو چار سے زائد نکاح کرنے کا حکم خصوصی طور پر عطا فرمایا؟ ۱۵۶۳
ج ۔ حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا۔
س : ام المومنین حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا لقب کیا تھا؟
ج ۔ ام المساکین۔ ۱۵۶۴
س : امہات المومنین میں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کن کی نماز جنازہ پڑھائی ہے؟ ۱۵۶۵
ج ۔ حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی کن زوجہ محترمہ کا نکاح آسمان پر ہوا؟ ۱۵۶۶

marfat.com

ج : حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا۔ (حاشیہ جلالین ص ۳۵۵)

س ۔ آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا نکاح

: حضرت زید رضی اللہ عنہ کے ساتھ کتنے مہر پر کیا تھا ؟ ۱۵۶۷۔

ج ۔ ۱۰۔ دینار، ۶۰ درہم: اور ایک جوڑا کپڑا۔ ۵۰ مد (پیمانہ) کھانا ۳۰۔ صاع کھجور میں۔

س : ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی ؟ ۱۵۶۸۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔ (مدارج النبوۃ ص ۱۰)

س : حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام بتایئے ؟ ۱۵۶۹۔

ج ۔ امیہ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت آپ کی کتنی ازواج طیبات باحیات تھیں ! ۱۵۷۰۔

ج ۔ نو ۹

س : امہات المومنین کی دوسری عورتوں کے مقابلے میں امتیازی شان کیا ہے ! ۱۵۷۱۔

ج ۔ وہ امت کی مائیں ہیں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد ان سے کوئی بھی نکاح نہیں کر سکتا۔

س : قرآن مجید کی کس سورۃ اور آیت میں ازواج مطہرات کو امت کی مائیں کہا گیا ہے ؟ ۱۵۷۲

ج ۔ سورۂ احزاب آیت نمبر ۶ میں۔

س : امہات المومنین میں سے کون سی ام المومنین ہیں جن کا تعلق سورۂ احزاب کی اس آیت سے ہے جس میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کا اسم گرامی ہے ۵۷۳

marfat.com

ج - ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا

رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزندان محترم و دختران مکرّم

س : حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی بتائیے ؟
ج - حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا۔ ۱۵۷۴
س : حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کن کے نکاح میں داخل ہوئیں ؟
ج - حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے۔ ۱۵۷۵
س : حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کب ہوا ؟ ۱۵۷۶
ج - سنہ ۲ھ میں۔
س : بوقت نکاح حضرت فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کی مہر کتنی متعین ہوئی ؟ ۱۵۷۷
ج - ۴۰۰ مثقال یعنی ڈیڑھ سو تولہ چاندی۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہزادی حضرت فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کو جہیز میں کیا عطا فرمایا ؟ ۱۵۷۸
ج - دو جوڑے کپڑے، ۲ بازو بند۔ ایک چادر ایک پیالہ ایک چکی، دو گلاس، ایک چمڑے کا مشک دو رضائی۔ چار گدے (دو میں اون بھرے تھے اور دو میں کھجور کی چھال۔

چلی تھیں باپ کے گھر سے نبی کی لاڈلی بیٹی — حیا کی چادریں عفت کا جامہ صبر کے گہنے

marfat.com

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی کن صاحبزادی کا لقب خاتون جنت ہے؟ ۱۵۷۹

ج ۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا۔

س : حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا قیامت کے دن جس اونٹنی پر سوار ہو کر آئیں گی اس کا نام بتایئے؟ ۱۵۸۰۔

ج ۔ عضبار نام کی اونٹنی ، (کنز العمال ص ۶۹۹ ج ۱۱)

س : حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے کس عمر میں پیدا ہوئیں؟ ۱۵۸۱۔

ج ۔ ۴۱ سال کی عمر میں۔

س : حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟ ۱۵۸۲۔

ج ۔ رمضان ۱۱ یا ۱۲ ھ بروز منگل کو۔

س : حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ کس نے تیار کیا؟ ۱۵۸۳

ج ۔ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا نے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت آپ کی کون صاحبزادی موجود تھیں؟ ۱۵۸۴۔

ج ۔ حضرت فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا۔

س : سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۱۵۸۵۔

ج ۔ حضرت امام حسن و امام حسین، و محسن، ام کلثوم، زینب رضی اللہ عنہم حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا آپکی عمر شریف کے کس حصہ میں پیدا ہوئیں؟ ۱۵۸۶

ج ۔ ۳۰۔ سال کی عمر میں۔

marfat.com

س : حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے کس عمر میں پیدا ہوئیں؟ ۱۵۸۷۔

ج ۔ ۳۵ سال کی عمر میں۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۵۸۸

ج ۔ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کتنی عمر میں فوت ہوئے؟ ۱۵۸۹

ج ۔ ستر دن کے بعد اور اسی روز سورج گہن میں تھا۔

س ۔ حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال کب ہوا؟ ۱۵۹۰

ج ۔ غزوۂ بدر کے دن۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند مکرم حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کو دودھ کس نے پلایا؟ ۱۵۹۱

ج ۔ حضرت ام سیف رضی اللہ عنہا نے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی دختر مکرم حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا وصال کب اور کس بیماری سے ہوا؟ ۱۵۹۲

ج ۔ ۸ھ میں چیچک کی بیماری سے۔

س : سلطان دارین صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟ ۱۵۹۳

ج ۔ شعبان ۹ھ میں۔

س : حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شوہر کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۵۹۴

ج ۔ حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت علی زینی اور امامہ رضی اللہ عنہما کی والدہ کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۱۵۹۵

marfat.com

ج ۔ حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

س : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند مکرم حضرت قاسم رضی اللہ عنہ نے کس عمر میں انتقال فرمایا؟ ۱۵۹۶۔

ج ۔ تقریباً دو سال کی عمر میں۔

س : سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا بنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح کس سے ہوا؟ ۱۵۹۷

ج ۔ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے۔

س : سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کس داماد کو بددعا دیا تھا؟ ۱۵۹۸

ج ۔ سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا کے شوہر اول عتیبہ کو (رخصتی نہیں ہوئی تھی)

س : حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح ثانی کس سے ہوا۔ ۱۵۹۹

ج ۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے۔

س : طیب وطاہر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے کن صاحبزادے کا لقب تھا۔

ج ۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ کا۔ ۱۶۰۰

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے تینوں صاحبزادوں کے اسمائے گرامی بتلایئے؟

ج ۔ حضرت قاسم، حضرت عبداللہ، حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہم۔ ۱۶۰۱

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے پہلی اولاد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۶۰۲

ج ۔ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے آخری اولاد کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۱۶۰۳

ج ۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ۔

س : سرور دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں کے اسمائے گرامی بتایئے۔

ج ۔ حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت ام کلثوم، حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہن۔ ۱۶۰۴

marfat.com

س : حضرت قاسم رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی بتایئے ؟
ج ۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت زینب رضی اللہ عنہا جب ہجرت کے ارادہ سے مکہ سے نکلیں تو کس بدبخت نے نیزہ مار کر زمین پر گرا دیا جس کے صدمہ سے آپ کا حمل ساقط ہو گیا ؟ ۱۶۰۵۔
ج ۔ مہتار بن الاسود کافر نے۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کس صاحبزادی کے جنازہ میں غزوۂ بدر کی وجہ سے شریک نہ ہو سکے ؟ ۱۶۰۶۔
ج ۔ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کے۔

انبیاء کو بھی موت آنی ہے
مگر اتنی کہ فقط آنی ہے
پھر اسی آن کے بعد انکی حیات
مثل سابق وہی جسمانی ہے
اس کی ازواج کو جائز ہے نکاح
اس کا ترکہ بٹے جو فانی ہے

پیش حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

marfat.com

اہلبیت اطہار رضی اللہ عنہم

س : حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کے دونوں شہزادوں کے اسم گرامی بتایئے۔

ج ۔ حضرت سیدنا امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما۔ ۱۶۰۷

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس نسل دنیا میں کس سے چلی ؟ (۱۶۰۸)

ج ۔ حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما سے۔

س : امام حسن رضی اللہ عنہ کے ولادت کی تاریخ بتایئے ؟ (۱۶۰۹)

ج ۔ ۱۵ رمضان ۳ھ بروز منگل۔

س : حضرت امام حسن کی کنیت کیا تھی ؟ (۱۶۱۰)

ج ۔ ابو محمد۔

س : حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو زہر کس چیز میں ملا کر دیا گیا۔ (۱۶۱۱)

ج ۔ پانی کی صراحی میں۔

س : زہر دینے والی خبیثہ کون تھی ؟ ۱۶۱۲

ج ۔ دلالہ الیسوئیہ جسے والی مدینہ مروان بن حکم نے تیار کیا تھا۔ اور اس کی آمد و رفت آپ کے گھر میں زیادہ تھی۔ اس قرین قیاس سے قاتلہ بھی ثابت ہوتی ہے۔

س : حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی شہادت کب واقع ہوئی ؟ (۱۶۱۳)

ج ۔ ۲۹ صفر المظفر کو۔

س : وقت شہادت حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کی عمر کیا تھی۔ ۱۶۱۴

ج ۔ ۶۷ یا ۶۸ سال کی۔

س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی ولادت کب ہوئی ؟ (۱۶۱۵)

ج ۔ ۵ رشعبان ۴ھ کو مدینہ منورہ میں۔

marfat.com

س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی کنیت اور لقب بتایئے ؟ ۱۶۱۶
ج . کنیت ابو عبداللہ اور لقب شہید اعظم، سبط، سید وغیرہ تھے۔
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے کن بھائی کا لقب علمبردار تھا۔ ۱۶۱۷
ج . حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا۔
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے صاحبزادوں کے اسمائے گرامی بتایئے۔ ۱۶۱۸
ج . علی اکبر، علی اوسط، علی اصغر، عبداللہ، محمد جعفر، رضی اللہ عنہم
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے کن صاحبزادے کی اولاد سید کہلاتی ہے ۱۶۱۹
ج . حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی۔
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی چاروں شہزادیوں کے اسمائے گرامی بتایئے۔ ۱۶۲۰
ج . فاطمہ کبریٰ، فاطمہ صغریٰ، سکینہ، زینب رضوان اللہ عنہن.
س : حضرت فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا کے شوہر کا اسم گرامی بتایئے ۱۶۲۱
ج . حضرت حسن مثنیٰ رضی اللہ عنہ
س : دنیا میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی نسل آپ کے کن بیٹی کے صاحبزادوں سے چل رہی ہے ؟ ۱۶۲۲
ج . حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی۔
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت علی اکبر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام بتایئے ؟ ۱۶۲۳
ج . حضرت لیلیٰ بن مرہ بن مسعود ثقفی۔
س : حضرت علی اوسط امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کی والدہ کا اسم گرامی کیا تھا ؟ ۱۶۲۴۔
ج . حضرت شہربانو رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام بتایئے ؟ ۱۶۲۵:

marfat.com

ج ۔ آپ کی والدہ کا نام محقق نہیں ہے۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ وہ قوم عرب اور نسل بنی تضاعہ سے تھیں۔

س : حضرت فاطمہ کبریٰ و فاطمہ صغریٰ رضی اللہ عنہا کن کی بطن سے ہیں؟ ۱۶۲۶

ج ۔ حضرت ام اسحاق جو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی تھیں۔

س : حضرت سکینہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ماجدہ کا نام بتایئے۔ ۱۶۲۷

ج ۔ رباب بنت امرء القیس بن عدی (قبیلہ عدی سے تھیں)

س : حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے والد مکرم کا اسم گرامی بتایئے ۱۶۲۸

ج ۔ حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ کے والد مکرم کا اسم گرامی بتایئے۔ ۱۶۲۹

ج ۔ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ۔

س : ہشام بن عبدالملک کے خلاف سب سے پہلے بغاوت کا علم کس نے بلند کیا؟ ۱۶۳۰

ج ۔ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے۔

س : حضرت زینب خواہر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا روضہ کہاں ہے۔ ۱۶۳۱

ج دمشق سے ۴ کوس کے فاصلہ پر قریۂ زینب میں۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ان نواسی کا نام بتلایئے جو میدان کربلا میں اپنے بھائی کے ساتھ موجود تھیں۔ ۱۶۳۲

ج ۔ حضرت سیدہ زینب رضی اللہ عنہا۔

س : بارہ اماموں کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۱۶۳۳۔

(۱) حضرت علی (۲) حضرت امام حسن بن علی کنیت ابو محمد۔ (۳) امام حسین بن علی کنیت ابو عبداللہ (۴) حضرت علی بن حسین کنیت ابو محمد لقب سجاد و زین العابدین (۵) محمد بن علی بن حسین کنیت ابو جعفر لقب باقر (۶) امام جعفر کنیت ابو عبداللہ لقب

marfat.com

صادق (۷) موسیٰ بن جعفرؒ الصادق کنیت کاظم (۸) علی بن موسیٰ بن جعفر کنیت ابوالحسن (۹) محمد بن علی موسیٰ کنیت ابوجعفر (۱۰) علی بن محمد بن علی ابوالحسن ثالث بھی کہتے ہیں لقب ہادی اور عسکری ہے۔ حسین بن علی بن محمد بن علی الرضا کنیت ابو محمد لقب زکی (۱۲) محمد بن حسین بن علی بن محمد بن علی الرضا کنیت ابوالقاسم رضوان اللہ علیہم اجمعین۔

غزوات و سرایا!!

س : غزوہ کسے کہتے ہیں؟ (۱۶۳۴)

ج ۔ جس جنگ میں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم بذات خود شریک ہوئے ہوں۔

س : غزوہ کی جمع کیا ہے۔ (۱۶۳۵)

ج ۔ غزوات۔

س : سریہ کسے کہتے ہیں؟ (۱۶۳۶)

ج ۔ جس میں نبی دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم بذات خود شریک نہ ہوئے ہوں بلکہ دشمن کے مقابلے میں صحابۂ کرام کو روانہ فرمایا ہے۔

س : سریہ کی جمع کیا ہے؟ (۱۶۳۷)

ج ۔ سرایا۔

س : وہ غزوات جس میں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم شریک ہوئے کتنے ہیں؟ (۱۶۳۸)

ج ۔ ۲۷، اور بعض نے ۲۹ بتایا ہے۔ (بخاری شریف ص ۵۶۳ ج ۲)

س : سرایا کی تعداد بتایئے؟ (۱۶۳۹)

ج ۔ ۴۷ اور بعض نے ۵۶ بتایا ہے۔

marfat.com

سامان حرب آقا صلی اللہ علیہ وسلم

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تلواریں کتنی تھیں ؟ ۱۶۴۰

ج ۔ نو (۹) ماثورہ یہ پہلی تلوار (۲) القضب (۳) ذوالفقار اس کے بیچ میں دھار تھی (۴) قلعی یہ قلع کے نام سے منسوب تھی ۔ (۵) البتا کاٹنے والی ۔ (۶) الحتف (موت) (۷) مخذم کاٹنے والی ۔ (۸) رسوب پیٹ میں گھس جاتی تھی (۹) قضیب ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے زرہوں کی تعداد کیا تھی ؟ ۱۶۴۱ ۔

ج ۔ سات (۷) ذات الفضول (۲) ذات الوشاح (۳) ذات الحواشی (۴) اسفندیہ ۔ یہ ایک شہر کی طرف منسوب تھی ۔ (۵) فضہ (۶) البترا یہ چھوٹی تھی ۔ (۷) خرنق (بچہ خرگوش)

س : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کمانوں کی تعداد اور نام بتلائیے ؟ ۱۶۴۲

ج ۔ چھ ۔ الزوراء (۲) الروحا ۔ (۳) الصفراء (۴) شوحط (۵) کتوم (۶) سداد ۔

س : شہنشاہ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گھوڑے کتنے تھے ؟ ۱۶۴۳

ج ۔ بیس ۔

س : سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نیزوں کی تعداد کتنی تھی ؟ ۱۶۴۴

ج ۔ چھ ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے ڈھالوں کی تعداد کتنی تھی ؟ ۱۶۴۵ ۔

ج ۔ چھ ۔

marfat.com

س : تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خنجر کتنے تھے؟ ۱۶۴۶۔
ج ۔ بارہ۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اونٹنیاں کتنی تھیں ؟ ۱۶۴۷۔
ج ۔ ۴۵۔ اونٹنیاں۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکش کا نام بتلایئے ؟ ۱۶۴۸۔
ج ۔ فورق۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس تلوار کا نام بتاؤ جسے ملکہ بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی بارگاہ میں پیش کیا تھا؟ ۱۶۴۹۔
ج ۔ الرسوب۔
س : مصر کے بادشاہ مقوقس نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کون سا گھوڑا بھیجا تھا؟ ۱۶۵۰۔
ج ۔ الکنراز۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بکریوں کی تعداد بتایئے ؟ ۱۶۵۱
ج ۔ شو۔ (ابوداؤد صـ ۱۹ حدیث ۳)
س : شاہ نجاشی نے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جو خچر بھیجا تھا اس کا نام بتلایئے ؟ ۱۶۵۲۔
ج ۔ دلدل۔
س : بوقت وصال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کون سی زرہ رہن رکھی تھی ؟ ۱۶۵۳
ج ۔ ذات الفضول۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی زرہ ذات الفضول کس کے پاس رہن تھی۔
ج ۔ ابوشحمہ یہودی کے پاس۔ ۱۶۵۴
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے کس غزوہ میں شرکت فرمایا ؟ ۱۶۵۵۔

marfat.com

ج ۔ غزوۂ ابواء یا ودّان میں۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے آخری غزوہ کون سا تھا؟ ۱۶۵۶۔
ج ۔ غزوۂ تبوک۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے اپنے چچاؤں کے ساتھ کس جنگ میں شرکت فرمایا؟ ۱۶۵۷۔
ج ۔ جنگ فجار میں جبکہ عمر مبارک ۱۵۔ یا ۱۶ سال تھی۔
س : ان ۹ مشہور غزوں کا نام بتلایئے جس میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے شرکت فرمائی۔ ۱۶۵۸
ج ۔ (۱) بدر۔ (۲) اُحد (۳) المریسیع (۴) خندق (۵) قریظہ۔ (۶) خیبر۔ (۷) فتح مکہ (۸) حنین۔ (۹) طائف (حاشیہ بخاری ۵۶۲)
س : ان غزوں کا نام بتایئے جن میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے چادر پاک کا علم بنایا گیا۔ ۱۶۵۹۔
ج : غزوۂ بدر، خیبر، اور فتح مکہ کے موقع پر۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کا رنگ کیسا تھا؟ ۱۶۶۰
ج ۔ سفید۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دفاعی مقاصد کے لئے فوجی مظاہروں اور چھاپہ مار دستوں کے بھیجنے کا سلسلہ کب شروع فرمایا؟ ۱۶۶۱
ج ۔ سنہ ۷ ساتویں ماہ میں۔

ترے در کا درباں ہے جبریل اعظم
ترا مدح خواں ہر نبی و ولی ہے

marfat.com

غزوۂ بدر اور اس کے تعلق سے

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس جنگ میں کنکریاں پھینکی تھی ؟ ۱۶۶۲

ج ۔ غزوۂ بدر میں ۔ (احوال الانبیاء صہ ۱۲۹)

س : غزوۂ بدر میں مسلمان جاں نثاروں کی تعداد کیا تھی ؟ ۱۶۶۳۔

ج ۔ ۳۱۳۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا غزوۂ بدر کے بعد مدینہ میں فاتحانہ داخلہ کب ہوا ؟ ۱۶۶۴۔

ج ۔ بروز شنبہ ۲۰ رمضان ۲ سنہ ہجری میں۔

س : اس میدان جنگ کا نام بتلائیے جس میں جنگ شروع ہونے سے قبل غیب داں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کافروں کے گرنے کی جگہ بتادی اور ویسا ہی ہوا ؟ ۱۶۶۵

ج ۔ جنگ بدر۔

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود

س : جنگ بدر میں امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا مقابلہ کس کافر سے ہوا ؟ ۱۶۶۶

ج ۔ شیبہ سے آپ نے اسے قتل کر دیا۔

س : غزوۂ بدر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے مقابلے میں کون سا کافر آیا ؟

ج ۔ ولید۔ ۱۶۶۷

س : غزوۂ بدر میں حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کا مقابلہ کس کافر سے ہوا۔ ۱۶۶۸

marfat.com

ج ۔ عتبہ سے، آپ زخمی ہوگئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مل کر اس کو قتل کیا

س غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی مدد میں آنے والے فرشتوں کی تعداد کیا تھی؟ ۱۶۶۹۔

ج : ایک ہزار جو سفید پگڑیوں میں تھے۔

س : غزوۂ بدر میں مسلمان کتنے شہید ہوئے؟ ۱۶۷۰

ج ۔ ۱۴۔ جن میں ۶ مہاجرین اور ۸ انصار تھے جن کے خون نے اسلام کے پودے کو ہمیشہ نہ مرجھانے والی شادابی عطا فرمادی۔

س : غزوۂ بدر میں شامل ہونے والوں میں کتنے مہاجرین اور کتنے انصار تھے؟ ۱۶۷۱

ج ۔ ۷۷ مہاجرین اور ۲۳۶ انصار تھے (خزائن العرفان، آل عمران ص۲۵)

س : مدینہ سے مقام بدر کا فاصلہ کتنا ہے؟ ۱۶۷۲

ج ۔ ۸۰ میل کا، بدر ایک گاؤں کا نام ہے جہاں زمانہ جاہلیت میں میلہ لگتا تھا۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے مٹھی بھر کنکریاں پھینکنے سے کافروں کے پاؤں کس غزوہ میں لڑکھڑا گئے۔ ۱۶۷۳

میں ترے ہاتھوں کے صدقے کیسی کنکریاں تھیں وہ
جن سے اتنے کافروں کا دفعتاً منہ پھر گیا

ج ۔ غزوۂ بدر میں۔

س : غزوۂ بدر میں مشرکین کا سردار کون تھا۔ ۱۶۷۴

ج ۔ عتبہ بن ربیعہ۔ (خزائن العرفان آل عمران ص۲۵)

س : غزوہ بدر میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کون صحابی فرما رہے تھے؟ ۱۶۷۵۔

marfat.com

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق و حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہما۔

س : ابوجہل بدبخت کہاں قتل ہوا ؟ ۱۶۷۶

ج ۔ غزوۂ بدر میں۔

س : غزوۂ بدر میں ابوجہل کا سر کاٹنے والے صحابی کا اسم گرامی بتلایئے

ج ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ۱۶۷۷

س : غزوۂ بدر کو قرآن مجید میں کس نام سے یاد کیا گیا ہے۔ ۱۶۷۸

ج ۔ یوم الفرقان سے۔

س : غزوۂ بدر سے حاصل ہونے والی اس تلوار کا نام بتاؤ جسے آقا صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ پسند فرماتے تھے۔ ۱۶۸۹

ج ۔ ذوالفقار۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان چچا کا اسم گرامی بتایئے جنہوں نے غزوۂ بدر کے دن مشرکین کے لشکر کو کھانا کھلانے کی ذمہ داری لی تھی ؟ ۱۶۸۰۔

ج ۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ (قبول اسلام سے قبل)

س : غزوۂ بدر کے سب سے کم عمر جانباز مجاہدین کے اسمائے گرامی بتایئے

ج ۔ رافع اور سمرہ رضی اللہ عنہما۔

س : غزوۂ بدر میں ابوجہل اور دوسرے سرداران قریش کے ساتھ کتنے آدمی قتل ہوئے اور کتنے گرفتار ہوئے ؟ ۱۶۸۱۔

ج ۔ ۷۰ آدمی مارے گئے اور ۷۰ ہی قید ہوئے۔

س : اسیران بدر کی قسمت کا فیصلہ سنانے کے لیے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کا مشورہ قبول فرمایا اور وہ کیا تھا ؟ ۱۶۸۳

marfat.com

ج - حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا، جنہوں نے عرض کیا کہ لوگوں سے فدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے۔

س : غزوہ بدر کے مجاہدین کا سامان رب کیا تھا؟ ۱۶۸۴۔

ج - ۷۰ اونٹ دو گھوڑے ۶ زرہیں۔ اور آٹھ تلواریں۔

س : جنگ بدر میں اپنے سگے بھائی کو قتل کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتائیے ۱۶۸۵

ج - حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ۔

س : غزوۂ بدر کے سب سے پہلے شہید کا اسم گرامی بتائیے؟ ۱۶۸۶۔

ج - حضرت سیدنا سعید رضی اللہ عنہ۔

س : غزوۂ بدر میں اپنے سگے ماموں کو کس صحابی نے قتل کیا؟ ۱۶۸۷۔

ج - حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س : غزوۂ بدر کس تاریخ میں واقع ہوا؟ ۱۶۸۸

ج - ۱۷ رمضان کو۔

س : غزوۂ بدر میں مہاجرین کی جانب سے صاحب رائت کون صحابی تھے

ج - حضرت علی رضی اللہ عنہ - (خزائن العرفان۔ آل عمران ص ۲۵) ۱۶۸۹

سفر طائف و غزوۂ طائف

س : غزوۂ طائف میں کل کتنے مسلمان شہید ہوئے؟ ۱۶۹۰۔

ج - صرف بارہ۔

س : اس شہر کا نام بتاؤ جہاں کے مشرکین نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر پتھروں

marfat.com

کی بارش کی؟ ۱۶۹۱ء

ج ۔ طائف

س : طائف کے مشہور جنگجو قبیلے کے سردار کا اسم گرامی بتایئے جنہوں نے مسلمانوں کو محاصرہ اٹھانے پر مجبور کر دیا تھا؟ ۱۶۹۲ء

ج ۔ حضرت مالک بن عوف رضی اللہ عنہ (قبل قبول اسلام)

س : طائف کے اس بزرگ کا نام بتایئے جو خوابوں کی تعبیر اور علم نجوم میں مہارت رکھتے تھے۔ ۱۶۹۳

ج ۔ اسحاق بن موسیٰ۔

س : بوقت غلبۂ کفار طائف، آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو امن دینے والے شخص کا اسم گرامی کیا تھا؟ ۱۶۹۴

ج ۔ حضرت عداس رومی رضی اللہ عنہ (قبول اسلام سے قبل)

س : حضرت عداس رومی رضی اللہ عنہ کس کے غلام تھے۔ ۱۶۹۵

ج ۔ ربیعہ نصاریٰ کے۔

س : طائف کے قریب اس کنواں کا نام کیا ہے جس میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے لعاب دہن ڈالا جس کا پانی آج تک میٹھا ہے۔ ۱۶۹۶

ج ۔ بیر تغلہ۔

س : غزوۂ طائف کس سنہ میں پیش آیا؟ ۱۶۹۷ء

ج ۔ شوال ۸ھ میں۔

س : غزوۂ طائف میں محاصرے سے قبل کون صحابی اسقدر زخمی ہو گئے تھے کہ زندگی کی امید پڑ گئی تھی؟ ۱۶۹۸

ج ۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ۔

س : سفر طائف میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کون صحابی تھے جو زخمی

marfat.com

بھی ہو گئے تھے؟ ۱۶۹۹

ج ۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

س رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا محاصرہ کس سنہ ہجری و عیسوی میں کیا؟ ۱۷۰۰

ج ۔ ۱۵ رشوال ۸ سنہ ہجری پانچ فروری سنہ ۶۳۰ء میں۔

غزوۂ اُحد

س : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک کس غزوہ میں شہید ہوئے؟ ۱۷۰۱

ج ۔ غزوۂ احد میں۔

س : غزوہ احد کب واقع ہوا؟ ۱۷۰۲۔

ج ۔ ہجرت کے تیسرے سال ۱۱ شوال بروز ہفتہ کو۔

س : احد کے شگاف پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کی سالاری میں پچاس مجاہدین کو متعین فرمایا تھا؟ ۱۷۰۳۔

ج ۔ حضرت عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہما کی۔

س : جنگ احد میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم پر کتنے حملے ہوئے؟ ۱۷۰۴

ج ۔ ستر۔

س : غزوۂ احد کے سلسلے میں قرآن پاک کی کتنی آیتیں نازل ہوئیں؟ ۱۷۰۵

ج ۔ ساٹھ۔

س : غزوۂ احد میں کتنے مسلمانوں نے جام شہادت نوش فرمایا؟ ۱۷۰۶

marfat.com

س : کتنے مجاہدین نے چار ہزار دشمنان توحید کو شکست فاش دی۔
ج ۔ سات سو مجاہدین نے۔ ۱۷۰۷
س : غزوۂ احد کے اسلامی پرچم کے علمبردار کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۱۷۰۸
ج ۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ۔
س : احد کی طرف روانہ ہونے والے لشکر میں سے وہ کون سا شخص تھا جو تھوڑی دور جانے کے بعد اپنے تین سو ساتھیوں کے ساتھ الگ ہو گیا تھا؟ ۱۷۰۹
ج ۔ رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی۔
س : غزوۂ احد میں کس صحابی کی تیر اندازی پر خوش ہو کر آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیر چلاؤ تم پر میرے ماں باپ قربان؟ ۱۷۱۰
ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
س : غزوۂ احد کے موقع پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو اپنی تلوار عطا فرمائی کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں؟ ۱۷۱۱
ج ۔ حضرت ابو دجانہ رضی اللہ عنہ۔
س ۔ غزوۂ احد کے موقع پر مشرکین کے سردار کو کس نے قتل کیا تھا؟
ج ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔
س : غزوہ احد کے موقعہ پر شہنشاہ دارین صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کا خون چوس کر صاف کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۷۱۲
ج ۔ حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہ ۱۷۱۳
س : حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہ کس جلیل القدر صحابی کے والد مکرم تھے۔ ۱۷۱۴۔
ج ۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے۔

marfat.com

س : غزوۂ احد کے موقعہ پر رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے زندہ شہید کا خطاب کس کو عطا فرمایا؟ ۱۴۱۵۔

ج ۔ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : غزوۂ احد میں کس صحابی نے اپنے باپ کو قتل کیا؟ ۱۴۱۶۔

ج ۔ حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے (اپنے باپ جراح کو قتل کیا)

س : غزوۂ احد میں حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد اسلامی علم کس نے ہاتھ میں لے لیا؟ ۱۴۱۷۔

ج ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔

س : غزوۂ احد میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کی پھوٹی ہوئی آنکھ کو اپنے لعاب دہن سے درست فرمایا کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں۔

ج ۔ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ۔

س : غزوۂ احد کے موقع پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار مبارک سے خود کی کڑیاں دانتوں سے کس نے نکالا؟ ۱۴۱۸ ۱۴۱۹

ج ۔ حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے۔

س : وہ خاتون جو اپنے بھائی، باپ، بیٹے، شوہر کے شہید ہونے کے باوجود آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی خیریت کی خواہاں تھیں کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟ ۱۴۲۰

ج ۔ قبیلہ دینار سے۔ (یہ واقعہ غزوۂ احد میں پیش آیا)

س : غزوۂ احد میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے سوار دستوں کا افسر کس صحابی کو بنایا تھا؟ ۱۴۲۱۔

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کو۔

س : بوقت روانگی غزوۂ احد آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کا حاکم کس کو

marfat.com

مقرر فرمایا تھا؟ ۱۷۲۲۔

ج ۔ حضرت عبداللہ ابن مکتوم رضی اللہ عنہ کو۔

س : غزوۂ احد میں دونوں ہاتھوں سے تلوار چلانے والے صحابی کا اسم گرامی بتلیے؟ ۱۷۲۳

ج ۔ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ۔

س : غزوۂ احد میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے پہریدار کون صحابی تھے؟

ج ۔ حضرت محمد بن سلمہ رضی اللہ عنہ ۱۷۲۴

س : جنگ احد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو پہاڑ کی ذد پر متعین فرماتے وقت کیا حکم دیا تھا؟ ۱۷۲۵

ج کسی صورت میں اس جگہ کو خالی مت ہونے دینا۔

س : وہ کون سا پہلا اظہارِ فخر تھا جس کو رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے پسند فرمایا؟ ۱۷۲۶۔

ج غزوۂ احد میں ابو دجانہ رضی اللہ عنہ کا آپکی تلوار لے کر اکڑ کر چلنا۔

صلح حدیبیہ

س : صلح حدیبیہ کن کے درمیان ہوئی؟ ۱۷۲۷۔

ج ۔ رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور سرداران قریش کے درمیان۔

س : صلحنامۂ حدیبیہ لکھنے والے کاتب کا اسم گرامی بتلیے؟ ۱۷۲۸۔

ج ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : حدیبیہ کے موقعہ پر صحابہ کرام کی تعداد کتنی تھی؟ ۱۴۲۹۔
ج ۔ پندرہ سو۔ ۱۵۰۰۔
س : صلح حدیبیہ کے موقعہ پہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر پہ جو بیعت لی اسے کیا کہتے ہیں؟ ۱۴۳۰۔
ج ۔ بیعت رضوان۔
س : صلح حدیبیہ کو قرآن مجید میں کس نام سے یاد کیا گیا ہے؟ ۱۴۳۱
ج ۔ فتح مبین سے۔
س : صلح کے شرائط قریش کی جانب سے کس نے پیش کئے؟ ۱۴۳۲
ج ۔ حضرت سہیل نے (قبول اسلام سے قبل)
س : صلح حدیبیہ کے بعد ہجرت کر کے آنے والے کون صحابی ہیں جنہیں چوتھی شرط صلحنامہ کے مطابق آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس فرمادیا ۱۴۳۳
ج ۔ حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ۔
س : بعد فراغت صلحنامہ حدیبیہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے کون سے اہم کام کا آغاز فرمایا؟ ۱۴۳۴۔
ج ۔ سلاطین کے نام تبلیغی خطوط۔
س : بوقت تحریر صلحنامہ حدیبیہ کس آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے پر اعتراض کیا تھا۔ ۱۴۳۵
ج ۔ قریش کے سفیر سہیل بن عمرو نے۔
س : صلح حدیبیہ میں شرائط کیا تھی؟ ۱۴۳۶۔

۱۔ اس سال آپ حج و عمرہ کو نہ آئیں اور یہیں سے واپس ہو جائیں
۲۔ چاہیں تو اگلے سال آکر قضاء کریں مگر ۳ دن سے زیادہ نہ ٹھہریں اور ایک تلوار کے علاوہ کوئی ہتھیار ساتھ میں نہ ہو۔

marfat.com

۳۔ دس سال ہمارے اور آپ کے درمیان امن رہے گا۔ اگر کوئی
۴۔ آدمی ہماری اجازت کے بغیر آپ کے پاس آجائے تو واپس کر دیں
مگر آپ کا آدمی ہمارے پاس آئے گا تو ہم اسے واپس نہ کریں گے۔

س : صلح حدیبیہ کی چوتھی شرط پر شدت سے کس نے اعتراض کیا تھا؟ ۱۷۲۷

ج ۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے۔

س : صحنامہ حدیبیہ کے وقت قریش مکہ کے سفیر سہیل بن عمرو کے صاحبزادے جو مسلمان ہو چکے تھے زنجیروں سمیت مکہ سے بھاگ کر وہاں پہونچے صلحنامہ کی چوتھی شرط کے مطابق انہیں واپس کرنا پڑا کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے؟ ۱۷۳۸۔

ج ۔ حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ۔

غزوۂ خندق

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ غزوۂ خندق کس سنہ ہجری میں واقع ہوئی؟

ج ۔ ذی قعدہ ۵ھ ہجری میں۔ ۱۷۳۹

س : جنگ خندق میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک بڑے بہادر کو قتل کیا تھا؟ آپ اس بہادر کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۱۷۴۰

ج ۔ عمرو بن عبدود جو خندق عبور کر آیا تھا۔

س : غزوۂ خندق کا دوسرا نام بتایئے؟ ۱۷۴۱۔

ج ۔ غزوۂ احزاب۔

marfat.com

س : غزوۂ احزاب کے موقعہ پر خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا؟ ۱۷۴۲

ج ۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے

س : غزوۂ احزاب کے موقعہ پر جو خندق کھودی گئی اس کا عرض وطول بتلایئے؟ ۱۷۴۳۔

ج ۔ ۳ میل لمبی اور تقریباً ۵ گز چوڑی۔

س : غزوۂ خندق میں مسلمانوں کے کتنے مجاہدین شہید ہوئے؟ ۱۷۴۴۔

ج ۔ صرف چھ۔

س : غزوۂ خندق میں مشرکین کے کل کتنے آدمی قتل ہوئے؟ ۱۷۴۵۔

ج ۔ صرف ۴۔

س : غزوۂ احزاب کے موقعہ پر مدینہ کے اطراف میں خندق کتنے دنوں میں کھودی گئی؟ ۱۷۴۶۔

ج ۔ بیس دن میں اور بعض نے صرف چھ روز بتایا ہے۔

س : حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے پہریدار کس غزوہ کے موقعہ پر تھے۔ ۱۷۴۷

ج ۔ غزوۂ خندق کے موقعہ پر۔

س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسلسل چار نمازیں کس غزوہ کے موقعہ پر قضا ہوئیں! ۱۷۴۸۔

ج ۔ غزوۂ خندق کے موقعہ پر۔

س : جنگ خندق کے موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی نصرت وحمایت کس طرح فرمائی۔ ۱۷۴۹

ج ۔ تیز ہوا کے ذریعہ سے۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کرسے

marfat.com

س : شمشیر ذوالفقار کس غزوہ کے موقعہ پر باندھی تھی ؟ ۱۷۵۰۔

ج ۔ غزوۂ احزاب کے موقعہ پر۔

س : غزوۂ احزاب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کب تشریف لے گئے اور مدینہ واپس کب ہوئے ؟ ۱۷۵۱

ج ۔ ۸ ذی قعدہ شنبہ کو پیر کے دن تشریف لے گئے اور ۲۳ ذیقعدہ شنبہ بروز چہار شنبہ واپس مدینہ تشریف لائے تھے ۔ ۱۷۵۲

س : کس غزوہ میں ۱۶۰۰ مجاہدین نے ۲۴ ہزار مسلح لشکر کے پرخچے اڑا دیئے ۱۷۵۳

ج ۔ غزوۂ خندق میں۔

س ۔ جنگ احزاب کے خاتمے پر جب قریش اور ان کے حلیف ناکام و نامراد واپس لوٹ گئے تو آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا۔

ج ۔ اب ہم ان (قریش) پر چڑھائی کریں گے اور وہ ہم پر چڑھائی نہ کر سکیں گے۔ ۱۷۵۴

غزوہ خیبر

س : غزوۂ خیبر کے موقعہ پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کون سا قلعہ فتح کرنے کے لئے مقرر فرمایا۔ ۱۷۵۴

ج ۔ قلعہ قموس۔

س : غزوۂ خیبر کس سنہ ہجری میں واقع ہوا ؟ ۱۷۵۵۔

ج : ۷ ہجری میں۔

س : غزوۂ خیبر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے۔ ۱۷۵۶

marfat.com

ج ۔ صرف پندرہ ۱۵۔

س : غزوۂ خیبر میں کتنے یہودی مسلمانوں کے ہاتھوں قتل کئے گئے؟ ۱۷۵۷

ج ۔ ترانوے ۹۳۔

س : غزوۂ خیبر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟ ۱۷۵۸

ج ۔ سولہ سو۔

س : کس غزوہ کے موقعہ پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے کھانے میں زہر ملایا گیا

ج ۔ غزوۂ خیبر کے موقعہ پر۔ ۱۷۵۹

س : غزوۂ خیبر کے مال غنیمت میں سے ایک گدھا آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ میں آیا تھا اس کا نام بتایئے۔ ۱۷۶۰

ج ۔ یزید بن شہاب۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام یعفور رکھا۔ اس کی نسل سے ستر انبیاء نے سواری کی اور آخر میں آپ نے کی۔ گدھے نے خود کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے اجداد کہا کرتے تھے کہ ہماری نسل میں آخری پیغمبر کی سواری بننے کا شرف حاصل ہوگا۔

نوٹ:۔ مرزائی حضرات اس گدھے سے سبق حاصل کریں۔

س : غزوۂ خیبر کے موقعہ پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو کھانے میں زہر کس نے دیا تھا؟ ۱۷۶۱

ج ۔ سلام بن مشکم یہودی کی بیوی زینب نے۔

س آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس غزوہ کے موقعہ پر مسلمانوں کو گدھے کا گوشت کھانے سے منع فرمایا؟ ۱۷۶۲۔

ج : غزوۂ خیبر کے موقعہ پر۔

س غزوہ خیبر میں رئیس خیبر کو کس نے قتل کیا؟ ۱۷۶۳

ج حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔

marfat.com

س : درخیبر کس نے اکھاڑا ۱۷۶۴۔
ج ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔
س : درخیبر کا وزن کتنا تھا؟ ۱۷۶۵
ج ۔ آٹھ سو من۔
س : غزوۂ خیبر میں قلعہ کے دروازے کو پیٹھ پر رکھ کر مسلمانوں کو اس کے اوپر سے قلعہ میں کس نے داخل فرمایا؟ ۱۷۶۶۔
ج ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔
س : محرم ۷ھ میں جب آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے یہودیوں پر لشکر کشی کا ارادہ فرمایا تو کن کو لشکر میں شامل ہونے کا حکم فرمایا؟
ج ۔ آپ نے فرمایا کہ خیبر کی جنگ میں صرف وہ لوگ شامل ہوں جو بیعت رضوان میں شریک تھے۔ ۱۷۶۷

غزوۂ تبوک

س : غزوۂ تبوک میں شرکت نہ کرنے والے صحابہ کتنے تھے؟ جنہوں نے عذر خواہی کے لئے اپنے آپ کو مسجد نبوی کے ستون سے اپنے کو باندھ رکھا تھا؟ ۱۷۶۸۔
ج ۔ سات۔ جن میں حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سرفہرست تھے۔
س : غزوۂ تبوک میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟ ۱۷۶۹۔
ج ۔ ستر ہزار ،،
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے حیات مبارکہ کے آخری غزوہ کا نام بتایئے؟ ۱۷۷۰

marfat.com

ج ۔ غزوۂ تبوک۔

س : غزوۂ تبوک کے سفر میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا چابک کس صحابی کو لگ گیا تھا؟ ۱۷۷۱

ج ۔ حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ نے آخر وقت میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا عرض کیا؟ ۱۷۷۲

ج ۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم میں بدلہ چاہتا ہوں۔ ۱۷۷۳

س : حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کے جسم کے کس حصہ پر وہ چابک لگا تھا؟

ج : شانہ اور پشت پر۔ ۱۷۷۴

س : حضرت آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے چابک لانے کا کس صحابی کو حکم دیا۔

ج : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو چابک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر موجود تھا۔ ۱۷۷۵

س : بدلہ لینے کی غرض سے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے جب پشت مبارک پیش کیا تو کیا ہوا؟

ج ۔ عکاشہ رضی اللہ عنہ نے آپ کے مہر نبوت کو چوم لیا۔

س : وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے غزوۂ تبوک کے موقعہ پر ۴۰ ہزار درہم پیش کیا

ج ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ۔ ۱۷۷۶

س : گرمی کی شدت سے مسلمانوں نے ایک غزوہ کے موقعہ پر اونٹ ذبح کرکے ان کی آنتوں کا پانی پیا کیا آپ اس غزوہ کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج : غزوۂ تبوک۔ ۱۷۷۶

س : امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایک غزوہ کے موقعہ پر اپنا پورا اثاثہ پیش کر دیا تھا اس غزوہ کا نام بتایئے؟ ۱۷۷۷

ج : غزوۂ تبوک۔

پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس صدیق کے لئے ہے خدا کا رسول بس

marfat.com

س : غزوہ تبوک کے موقعہ پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے مال کا کس قدر نذرانہ پیش کیا تھا ؟ ۱۷۷۹۔

ج ۔ پورے اثاثہ کا نصف حصہ۔

س : غزوۂ تبوک کس سنہ ہجری میں واقع ہوا۔ ۱۷۸۰

ج ۔ سنہ ۹ھ میں۔

جنگ موتہ

س : بتائیے جنگ موتہ کب ہوا ؟ ۱۷۸۱

ج ۔ جمادی الاولیٰ سنہ ۸ھ میں

س : جنگ موتہ میں مسلمانوں کی تعداد کیا تھی ؟ ۱۷۸۲

ج ۔ صرف تین ہزار۔

س : جنگ موتہ میں کفار و مشرکین کی تعداد کیا تھی ؟ ۱۷۸۳

ج ۔ تقریباً ڈیڑھ لاکھ۔

س : جنگ موتہ کیوں پیش آیا ؟ ۱۷۸۴

ج ۔ حاکم بصرہ کے پاس دعوت اسلام پہنچانے والے حارث بن عمیر رضی اللہ عنہ کو عمر بن شرجیل نے شہید کر دیا تھا جس کی وجہ سے جنگ موتہ پیش آیا۔

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کس جنگ میں شہید ہوئے ۱۷۸۵

ج ۔ جنگ موتہ میں۔

س : حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے دونوں ہاتھ کس جنگ میں شہید ہوئے ؟ ۱۷۸۶۔

ج : جنگ موتہ میں شہید ہوئے۔

marfat.com

س : جنگ موتہ میں تین سالاروں کی شہادت کے بعد ایک ایسے مجاہد کے ہاتھ میں علم دیا گیا جن کی سیاسی بصیرت اور جوانمردی کی وجہ سے جنگ جیت لی گئی۔ کیا آپ ان صحابی کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں؟ ۱۷۸۷

ج ۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

س : جنگ موتہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق یکے بعد دیگرے تین سالاروں کی شہادت واقع ہوئی، ان کے اسمائے گرامی بتایئے ۱۷۸۸

ج ۔ (۱) زید بن حارثہ (۲) جعفر بن ابی طالب (۳) عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

جنگ حنین

س : وہ کون سا پہلا موقعہ تھا جبکہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارکہ سے بے ساختہ جنگی ترانہ صادر ہوا؟ ۱۷۸۹

ج ۔ غزوۂ حنین میں جب لشکر اسلام میں سراسیمگی پھیل گئی تھی۔

انا النبی لا کذب — انا ابن عبدالمطلب

س : جنگ حنین کب واقع ہوا؟ ۱۷۹۰۔

ج ۔ ۸ھ ہجری میں۔

س : جنگ حنین میں فرشتوں کے عمامہ کا رنگ کیسا تھا؟ ۱۷۹۱۔

ج ۔ سبز (ہرا)

س : جنگ حنین کا دوسرا نام بتایئے؟ ۱۷۹۲۔

ج جنگ ہوازن۔

marfat.com

س : جنگِ حنین کے موقعہ پر صحابہ کرام کی تعداد کتنی تھی۔ ۱۷۹۳

ج ۔ ۱۲ ہزار۔

س : جنگ حنین کے اسیروں میں سے اس قیدی کا نام بتایئے جن کا نام سنکر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا بچپن یاد آ گیا اور آنسو بہہ نکلے۔ ۱۷۹۴

ج ۔ آپ کی رضاعی بہن شیما بنت الحارث۔

س : غزوۂ حنین میں جب بنو ہوازن کی تیراندازی سے مسلمانوں کے پاؤں اکھڑ گئے اور وہ میدان چھوڑنے پر آمادہ ہو گئے۔ کون کون سے صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ثابت قدم رہے ؟ ۱۷۹۵

ج ۔ حضرت ابوبکر، عمر، علی عباس، فضل بن عباس قثم بن عباس اسامہ بن زید، ایمن بن عبید، مغیرہ بن حارث، عبید المطلب رضی اللہ عنہم۔

فتح مکہ

س : فتح مکہ کے وقت حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ نے کہاں اذان کہی۔

ج ۔ خانہ کعبہ کی چھت پر۔ ۱۷۹۶

س : فتح مکہ کی تاریخ بتایئے ؟ ۱۷۹۷

ج ۔ ۱۹ یا ۲۰ رمضان کو۔

س : بوقت فتح مکہ مسلمانوں کی تعداد کیا تھی ؟ ۱۷۹۸۔

ج ۔ دس ہزار۔

س : فتح مکہ کے وقت آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کے بہت بڑے دشمن

marfat.com

کے مکان کو امان خانہ بنا دیا تھا کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں

ج ۔ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ۔

س : مکہ کے فتح کے وقت کعبہ کے اندر کتنے بت نصب تھے؟ ۱۸۰۰

ج ۔ ۳۶۰۔ ۱۸۰۱۔

س : فتح مکہ کے دن سب سے پہلے امارت کا شرف کس صحابی کو حاصل ہوا؟ ۱۸۰۲۔

ج ۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو۔

س : فتح مکہ کی بیعت میں کتنی عورتیں شامل تھیں؟ ۱۸۰۳

ج ۔ ۱۵ ۔ عورتیں۔

س ۔ فتح مکہ کے موقعہ پر بوقت داخل شہر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کون سی سورہ تلاوت فرما رہے تھے؟ ۱۸۰۴۔

ج ۔ سورۂ فتح۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کے بعد خانۂ کعبہ کی چابی کس کے حوالہ کی اور کیا فرمایا؟ ۱۸۰۵۔

ج ۔ حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کے آپ نے فرمایا کہ یہ چابی تمہارے پاس قیامت تک رہے گی۔

س : فتح مکہ کے موقعہ پر رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عام معافی کا اعلان کن الفاظ میں فرمایا؟ ۱۸۰۶۔

ج ۔ لاتثریب علیکم الیوم انتم الطلقاء آج میری طرف سے تم پر کوئی بدلہ نہیں جاؤ تم سب آزاد ہو۔

س : فتح مکہ کے وقت غیب داں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو کن دو عظیم اور محفوظ سلطنت کا وعدہ فرمایا؟ ۱۸۰۷۔

marfat.com

ج ۔ فارس اور روم۔

س : ۸ھ میں جب لشکر اسلام مکہ میں فاتحانہ حیثیت سے داخل ہوا تو خاص علم نبوی کس کے ہاتھ میں تھا؟ ۱۸۰۸۔

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں۔

متفرق غزوات و سرایا

س : وہ کون سا غزوہ ہے جو دو بار واقع ہو۔ ۱۸۰۹۔

ج ۔ غزوۂ حضرت علی رضی اللہ عنہ

س : غزوۂ بواط جو دوسرا سریہ ہے اس میں کتنے صحابہ شریک ہوئے ۱۸۱۰

ج ۔ دو سو۔

س : جنگ یمامہ میں کتنے حافظ قرآن شہید ہوئے؟ ۱۸۱۱۔

ج ۔ تقریباً سات سو۔

س : حافظ قرآن صحابہ زیادہ تر کس جنگ میں شہید ہوئے؟ ۱۸۱۲

ج ۔ جنگ یمامہ میں۔

س : پہلا سریہ جس میں حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ شریک ہوئے کتنے مسلمانوں پر مشتمل تھا؟ ۱۸۱۳۔

ج ۔ ۳۰۔ مجاہدین پر جو قریش کے قافلہ کو روکنے کے لئے روانہ ہوئے تھے۔

س : سب سے پہلے سریہ کا نام بتایئے؟ ۱۸۱۴۔

ج ۔ سریۂ سیف البحر۔

marfat.com

س : سب سے آخری سریہ کا نام بتایئے ؟ ۱۸۱۵۔
ج ۔ دومۃ الجندل۔
س : بنو ہوازن سے مقابلہ کرنے کے لئے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس سے اسلحہ ادھار لیا تھا ؟ ۱۸۱۶۔
ج ۔ حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ سے جو اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔
س : ۶ھ میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس سریہ کے لئے دو سو صحابہ کرام کو روانہ فرمایا ؟ ۱۸۱۷۔
ج ۔ جنگ غابہ میں جس میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنیوں کو لٹیروں نے لوٹ لیا تھا اور یہ قبیلہ غطفان کے لوگ تھے۔
س ۔ غزوہ دومۃ الجندل کب پیش آیا ؟ ۱۸۱۸
ج ۔ ۵ھ ہجری میں۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنیوں کے لٹیروں پر حملہ کر کے واپس لانے والوں میں ایک صحابی کا نمایاں کردار تھا ان کا اسم گرامی بتایئے ؟
ج ۔ حضرت سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ۔
س : مسلمانوں نے ایرانیوں سے پہلی فتح عظیم کس جنگ میں حاصل کی ؟ ۱۸۱۹
ج ۔ جنگ یورپ میں۔
س : بنو ہوازن کے مقابلے کے لئے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کتنے مجاہدین تھے ؟ ۱۸۲۰
ج ۔ بارہ ہزار۔
س : پانچویں سنہ ہجری میں جنگ کے بغیر کون سا غزوہ وقوع ہوا ؟ ۱۸۲۱
ج ۔ دومۃ الجندل۔
س : غزوہ ذات الرقاع کب پیش آیا ؟ ۱۸۲۲

marfat.com

ج ۔ ۵ھ میں۔

س : صلوٰۃ خوف کس غزوہ میں مشروع ہوئی؟ ۱۸۲۳۔

ج ۔ غزوۂ ذات الرقاع میں اس غزوہ میں مسلمانوں نے برہنہ پا ہونے
: کی وجہ سے پاؤں میں چیتھڑ لپیٹے تھے۔

س ۔ غزوۂ مریسع کب واقع ہوا؟ ۱۸۲۴۔

ج : ۲ر شعبان ۵ھ ہجری میں (مریسع بنی خزاعہ کے ایک تالاب
کا نام تھا۔ اور اسی کو غزوۂ بنی المصطلق بھی کہتے ہیں۔)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کس غزوہ کے موقع پر اپنی والدہ کی قبر پر تشریف
لے گئے اور رونے لگے؟ ۱۸۲۵۔

ج ۔ غزوۂ بنی الحیان کے موقعہ پر۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کو اور کب بنی قریظہ کا محاصرہ کرنے
کا حکم دیا تھا؟ ۱۸۲۶۔

ج ۔ ۲۲ ذی قعدہ ۵ھ کو جنگ احزاب ختم ہوتے ہی حضرت علی
رضی اللہ عنہ کو علم دے کر مقدمۃ الجیش کی حیثیت سے روانہ فرمایا
تھا۔

مدعیان نبوت

س : قبول اسلام کے بعد مرتد ہو کر نبوت کا دعویٰ کس نے کیا؟ ۱۸۲۷۔

ج ۔ مسیلمہ کذاب نے۔

س : مسیلمہ کذاب نے دعوائے نبوت کہاں کیا تھا؟ ۱۸۲۸۔

ج علاقہ یمن و یمامہ میں۔

marfat.com

س : مسیلمہ کذاب کس خلیفہ کے دور خلافت میں قتل کیا گیا ہے؟ ۱۸۲۹
ج ۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں۔
س : مسیلمہ کذاب کو کس نے قتل کیا؟ ۱۸۳۰۔
ج ۔ وحشی بن حرب قاتل حمزہ رضی اللہ عنہ نے۔
س : مسیلمہ کذاب نے اپنا لقب کیا رکھا تھا؟ ۱۸۳۱۔
ج ۔ رحمٰن الیمامہ۔
س : نبوت کا دعویٰ کرنے والی ایک جھوٹی عورت نے نبوت کا دعویٰ کرنے والے مسیلمہ کذاب سے شادی کی کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟
ج ۔ سجاح بنت حارث۔ مگر یہ بعد میں مسلمان ہو گئی۔ ۱۸۳۲
س : مسیلمہ کذاب کے فوجوں کی تعداد کیا تھی؟ ۱۸۳۳
ج ۔ ۴۰ یا ۷۰ ہزار پختہ کار جنگجو۔
س : نبوت کے جھوٹے دعویدار اسود عنسی نے اپنا لقب کیا رکھا تھا؟ ۱۸۳۴۔
ج ۔ رحمٰن الیمین اور اصل نام عبہلہ بن کعب تھا۔ جبکہ اسے ذوالخمار بھی کہا جاتا تھا۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے دو روز پیشتر جس جھوٹے نبی کو اسلامی دستے نے ہلاک کیا اس کا نام بتایئے ۱۸۳۵۔
ج ۔ اسود عنسی۔
س : بنو اسد کے ایک شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا کیا آپ اس جھوٹے نبی کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۱۸۳۶
ج ۔ طلیحہ بن خویلد۔
س : یمن کے اس شخص کا نام بتایئے جس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور اپنا نام لا لکھا ۱۸۳۷
ج ۔ اصل نام معلوم نہ ہو سکا لیکن وہ کہتا تھا لا نبی بعدی میرے بعد

marfat.com

لا نبی ہوگا وہ لَا میں ہی ہوں۔

س : حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں کس نے نبوت کا دعوٰی کیا! ۱۸۳۸

ج ۔ مختار ثقفی نے۔

س : مرزا غلام احمد قادیانی نے کس سنہ ہجری میں نبوت کا دعوٰی کیا۔ سنہ ۱۳۰۰ھ کے اوائل میں جس کے متبعین آج بھی موجود ہیں۔ ۱۸۳۹

ج ۔ نبوت کا دعوٰی کرنے والوں کی تعداد کیا تھی ؟ ۱۸۴۰۔

تقریباً اٹھارہ ۱۸

س : وفد بنو حنفیہ کے اس شخص کا نام بتایئے جس نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ نبوت میں مجھے بھی شریک فرمائیں۔ ۱۸۴۱

ج ۔ مسیلمہ کذاب نے (جس نے بعد میں نبوت کا دعوٰی کیا)

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے پر جھوٹی نبوت کا عَلَم کس نے بلند کیا؟

ج ۔ مسیلمہ کذاب نے۔ ۱۸۴۲

دشمنان اسلام اور سازشیں

س : اس مسجد کا نام بتایئے جس کی مسماری کا حکم نازل ہوا؟ ۱۸۴۳

ج ۔ مسجد ضرار جو فتنہ برپا کرنے اور اسلام کے خلاف تخریب کاری کے لئے تعمیر کی گئی تھی۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعہ ایک مسجد میں نماز پڑھنے سے

marfat.com

س : روک دیا گیا اس کا نام بتایئے۔ ۱۸۴۴۔
ج ۔ مسجد ضرار۔
س ۔ مسجد ضرار کس منافق کے حکم اور مشورہ سے تعمیر ہوئی؟ ۱۸۴۵۔
ج ۔ ابو عامر کے۔
س : مسجد ضرار کتنے لوگوں نے مل کر تعمیر کیا تھا؟ ۱۸۴۶۔
ج ۔ ۱۲۔ لوگوں نے۔
س : ابولہب کی بیوی ایک بار آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا سر کچلنے کے لئے پتھر لائی بتایئے وہ کون سا موقعہ تھا؟ ۱۸۴۷۔
ج ۔ سورۂ لہب کے نزول کے بعد۔
س : ابولہب کی خبیثہ بیوی کا نام بتایئے؟ ۱۸۴۸۔
ج ۔ ام جمیلہ اصل نام اروٰی حرب بن امیہ تھا۔
س : ابولہب کے دونوں بیٹوں کا نام بتایئے؟ ۱۸۴۹۔
ج ۔ عتبہ، عتیبہ۔
س : ابولہب کیسے مرا؟ ۱۸۵۰۔
ج ۔ جذام اور چیچک کی بیماریوں سے۔
س : عتیبہ بن ابولہب کیسے مرا۔؟ ۱۸۵۱
ج ۔ اس کو شیر نے پھاڑ ڈالا۔
س : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں یہودیوں کا سب سے بڑا عالم کون تھا؟ ۱۸۵۲۔
ج ۔ کعب بن اشرف۔
س : وہ کون سا قبیلہ تھا جس کے لوگوں نے ایک بڑا سا پتھر پہاڑ سے گرا دیا تاکہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو جائیں۔؟ ۱۸۵۳۔

marfat.com

ج ۔ قبیلۂ ثقیف۔

س : خانۂ کعبہ میں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت مبارکہ پر حالت نماز میں اونٹ کی اوجھڑی کس نے رکھی تھی؟ ۱۸۵۴۔

ج ۔ ابو جہل کے کہنے پر عقبہ نے۔

س : سب سے پہلے مسلمان سے عیسائی ہونے والے بدنصیب شخص کا نام بتایئے؟ ۱۸۵۵۔

ج ۔ عبیداللہ بن جحش۔

س : رئیس المنافقین کس کا لقب تھا؟ ۱۸۵۶۔

ج ۔ عبداللہ بن ابی کا۔

س : احمد مختار صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب کا انتقال کب ہوا ۱۸۵۷۔

ج ۔ سنہ نبوت میں۔

س : جنگ بدر کے دن مشرکین مکہ کی ضیافت میں ابو جہل نے کتنے اونٹ ذبح کروائے؟ ۱۸۵۸۔

ج ۔ دس اونٹ۔

س : ابو جہل کے باپ کا نام بتایئے؟ ۱۸۵۹

ج ۔ ہشام۔

س : ابو جہل کا اصل نام کیا تھا؟ ۱۸۶۰۔

ج ۔ عمرو بن ہشام۔

س : ابو جہل کی کنیت کیا تھی؟ ۱۸۶۱

ج ۔ ابوالحکم۔

س آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں علمائے یہود نے اپنے نمائندوں کو کون تین سوالات کے دریافت کرنے کے لئے بھیجے تھے؟ ۱۸۶۲۔

marfat.com

(۱) زمانہ گذشتہ میں وہ کون لوگ تھے جو بادشاہ کے ڈر سے بھاگے تھے؟
(اصحاب کہف)

(۲) زمین کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک چکر لگانے والے شخص کا نام (حضرت سکندر ذوالقرنین)

(۳) روح کے بارے میں (ویسئلونک عن الروح قل الروح من امر ربی۔)

س : خانہ کعبہ کے اندر حالت نماز میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے گلے میں ایک بدبخت نے چادر کا پھندا ڈال کر کھینچا کیا ایسے کمبخت کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج ۔ عقبہ بن ابی معیط۔ ۱۸۶۳

س : نبی برحق صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کس نے کیا؟ ۱۸۶۴

ج ۔ لبید بن اعصم یہودی اور اس کی بیٹیوں نے۔

س : ابولہب کا لغوی معنی بتایئے؟ ۱۸۶۵

ج شعلہ۔

تیرے قدموں میں جو ہیں غیر کا منہ کیا دیکھیں
کون نظروں پہ چڑھے دیکھ کے تلوا تیرا
مفت پالا تھا کبھی کام کی عادت نہ پڑی
اب عمل پوچھتے ہیں ہائے نکما تیرا
موت نزدیک گناہوں کی تہیں میل کے خول
آ برس جا کہ نہالے یہ پیاسا تیرا

marfat.com

خلفائے راشدین

اسلام تیری نبض نہ ڈوبے گی حشر تک
تیری رگوں میں خوں ہے رواں چار یار کا

خلیفۂ اوّل حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

کس نے دیکھا اور سُنا صدیق اکبر کی طرح
اے زمانہ! ہے تو لا صدیق اکبر کی طرح

گھر کا کس نے کل اثاثہ رکھ دیا پیش نبی
کس نے گھر کو تج دیا صدیق اکبر کی طرح

کس کو دنیا میں بنائے مصطفےٰ اپنا خلیل
ہمنشیں کوئی نہ تھا صدیق اکبر کی طرح

س : سب سے پہلے خلیفۂ راشد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۸۶۶ء۔
ج ۔ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ۔
س : یارِ غار کس صحابی کا لقب ہے؟ ۱۸۶۷ء
ج ۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا۔
س : خلیفۂ اول حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال کب ہوا؟ ۱۸۶۸
ج ۔ ۲۲ر جمادی الآخر ۱۳ھ بوقت غروب آفتاب بروز منگل ۶۳۴ء۔
س : امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کیلئے کیا گئی پہلی بیعت

marfat.com

کو کیا کہتے ہیں؟ ۱۸۶۹

ج ۔ بیعت عام۔

س : حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو کس نے خرید کر آزاد فرمایا؟ ۱۸۷۰

ج ۔ امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

س : مردوں میں سب سے پہلے ایمان لانیوالی شخصیت کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۸۷۱

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی دعوت پر کون کون حضرات ایمان لائے؟ ۱۸۷۲

ج ۔ حضرت عثمان بن عفان، زبیر بن العوام، عبدالرحمن بن عوف، سعد بن ابی وقاص، طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہم۔

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ قبول اسلام سے قبل کس نام سے پکارے جاتے تھے؟ ۱۸۷۳

ج ۔ عبدالکعبہ سے۔

س : حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اصل نام بتایئے جو بعد قبول اسلام رکھا گیا؟ ۱۸۷۴

ج ۔ عبداللہ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

ج ۔ ابوبکر کی محبت امت میری پر فرض ہے ۱۸۷۵

س ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو زہر کس میں دیا گیا؟ ۱۸۷۶

ج : چاولوں میں۔

س : حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی؟ ۱۸۷۷

ج ۔ ابوبکر۔

marfat.com

س : امیر المومنین حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا لقب بتایئے؟
ج ۔ عتیق اور صدیق۔ ۱۸۷۸
س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے؟
ج ۔ حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ ۱۸۷۹۔
س حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟ ۱۸۸۰
ج عثمان بن عامر۔
س امیر المومنین حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی والدہ کا اسم گرامی بتایئے۔
ج ۔ سلمیٰ بنت صخر بن کعب۔ ۱۸۸۱
س : حضرت ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کس عمر میں اسلام قبول کیا
ج ۔ ۳۷ یا ۳۸ سال کی عمر میں۔ ۱۸۸۲
س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملک شام کے سفر کے دوران بحیرہ راہب نے کیا پیشگوئی فرمائی تھی؟ ۱۸۸۳۔
ج ۔ آخری پیغمبر کے تم وزیر بنو گے اور بعد وصال خلافت کے حقدار ہو گے؟
س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس کتنے درہم تھے جسے بتول اسلام کے بعد صدقہ کر دیا۔ ۱۸۸۴
ج ۔ ۴۰ ہزار درہم۔
س : شیخ صدیقی نجیب الطرفین جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہیں ان کی پہچان کیا ہے؟ ۱۸۸۵
ج ۔ پاؤں کے غسالہ سے سانپ کے کاٹے ہوئے زہر کے اثرات زائل ہو جاتے ہیں۔
س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے کون داماد عشرہ مبشرہ میں داخل ہیں؟ ۱۸۸۶۔
ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی کون صاجزادی حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کی نکاح میں داخل تھیں ؟ ۱۸۸۷۔

ج ۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت اسما بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا نے کتنی عمر پائی ؟ ۱۸۸۸

ج ۔ تقریباً سو سال۔

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ایک صاجزادی امہات المومنین میں سے ہیں کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں ؟ ۱۸۸۹

ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا۔

س : وہ کون صحابی ہیں جن کی چار پشتیں شرف صحابیت سے مشرف ہوئیں ؟ ۱۸۹۰۔

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے کن صاجزادے کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں مصر کا گورنر بنایا ؟ ۱۸۹۱۔

ج ۔ حضرت محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کو۔

س : حضرت محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے قاتل کا نام بتلایئے ؟ ۱۸۹۲

ج ۔ صادیہ بن ضریج۔

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی پہلی بیعت کس نے لی ؟ ۱۸۹۳۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے۔

س : مواخات میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کس کے بھائی بنائے گئے ؟

ج ۔ حضرت خارجہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ کے۔ ۱۸۹۴

س : امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی عمر کتنے سال کی ہوئی ؟ ۱۸۹۵۔

marfat.com

ج ۔ تریسٹھ سال کی ۶۳

س : خلیفۂ اوّل کی مدت خلافت بتایئے ؟ ۱۸۹۶۔

ج ۔ دُو سال تین ماہ چھبیس دن۔

س : حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج ۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔ ۱۸۹۷

س : حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کس چیز کی تجارت کرتے تھے۔

ج ۔ کپڑے کی۔ ۱۸۹۸

س : ہجرت کے بعد حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مدینہ کے بازار میں کس مقام پر کپڑے کا کارخانہ قائم فرمایا تھا؟ ۱۸۹۹

ج ۔ مقام سخ پر۔ (جمال مصطفےٰ) ص ۲۸ ۳۷۔

س : حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ان کاتب کا اسم گرامی بتایئے جنہوں نے ترتیب قرآن کی خدمت انجام دی۔ ۱۹۰۰

ج ۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ۔

س : سب سے پہلے قرآن کو مصحف کے نام سے موسوم کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۹۰۱۔

ج ۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔

س : قرآن مجید کے منتشر مضامین کو کتابی صورت کس کے عہد خلافت میں دی گئی؟ ۱۹۰۲

ج ۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے۔

س : حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا روضہ کہاں واقع ہے؟ ۱۹۰۳

ج ۔ حجرۂ عائشہ میں۔ بہلوئے آقا صلی اللہ علیہ وسلم۔

marfat.com

س : امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سب سے افضل شخصیت کا اسم گرامی بتایئے۔
ج ۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ۔ ۱۹۰۴
س : حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دورِ جاہلیت میں کتنی شادیاں کیں
ج ۔ دو، اول قتیلہ بنت عبد العزیٰ سے جو زندگی میں ہی وصال کر گئیں،
: دوسری زوجہ ام رومان بنت عامر کنانی ہیں۔ ۱۹۰۵
س ۔ حضرت اسماء اور عبد اللہ رضی اللہ عنہما کی والدہ کا نام کیا تھا ۱۹۰۶
ج : حضرت قتیلہ بنت عبد العزیٰ
س ۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ نے بعد قبول اسلام کتنی شادیاں کیں؟
ج ۔ دو۔ اول اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے دوسری حبیبہ بنت خارجہ
بن زید انصاری رضی اللہ عنہما سے۔ ۱۹۰۷
س : محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہما کی والدہ کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۱۹۰۸۔
ج ۔ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا خلیفہ اول کے نکاح میں
داخل ہونے سے قبل کن کی زوجیت میں تھیں؟ ۱۹۰۹۔
ج ۔ حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے۔
س : حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد کی کل عمر کتنے سال ہوئی؟ ۱۹۱۰
ج ۔ ۹۷ سال کی۔
س : حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے وصال کے بعد آپکے والد ماجد کتنے سال زندہ رہے
ج ۔ ۶ سال کچھ دن۔ ۱۹۱۱
س : حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے وصال کے بعد حضرت اسماء بنت رضی اللہ عنہا
سے کس کی ولادت ہوئی؟
ج ۔ حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی۔
س : حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی والدہ کی کنیت کیا تھی؟ ۱۹۱۲

marfat.com

ج ۔ ام الخیر۔

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ان بیوہ کا اسم گرامی بتایئے جن سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نکاح فرمایا؟ ۱۹۱۳

ج : حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا۔

س ۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں نبوت کے جھوٹے دعویداروں کی تعداد کتنی تھی؟ ۱۹۱۴

ج ۔ پانچ۔

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں کون سا فتنہ پیدا ہوا؟ ۱۹۱۵

ج ۔ ارتداد کا۔

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو قرآن جمع کرنے کا مشورہ کس نے دیا؟ ۱۹۱۶

ج ۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے۔

س : سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا تعلق قریش کے کس خاندان سے تھا! ۱۹۱۷۔

ج ۔ بنی تیم سے۔

س : امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے تینوں صاحبزادیوں کے اسم گرامی بتایئے! ۱۹۱۸

ج ۔ حضرت اسماء حضرت عائشہ، حضرت ام کلثوم۔ رضوان اللہ عنہن۔

س : ۹ھ سے پہلے اسلامی امیر حج کا اسم گرامی بتایئے! ۱۹۲۰۔

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

س : راہ خدا میں سب سے پہلے مال خرچ کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۹۲۱

marfat.com

ج : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے علالت شدیدہ کی وجہ سے نماز کی امامت کا حکم کس کو دیا تھا؟ ۱۹۲۲۔
ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو۔
س : حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کا لقب کیا تھا؟ ۱۹۲۳
ج ۔ ذات النطاقین
س : ذات النطاقین کی وجہ تسمیہ بتلایئے؟ ۱۹۲۴۔
ج ۔ ہجرت کی رات اپنے کمر بند سے توشہ باندھنے کا شرف حاصل کیا تھا
(اسمائے رجال مشکوٰۃ)
س : امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خلافت سنبھالنے کے بعد دو اہم کون سے کارنامے انجام دیئے؟ ۱۹۲۵
ج : حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے لشکر کی روانگی اور مانعین زکوٰۃ و مرتدین کے یلغار کا مقابلہ۔
س : سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے فرزندان محترم کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۱۹۲۶۔
ج ۔ حضرت عبداللہ، حضرت عبدالرحمٰن، حضرت محمد رضی اللہ عنہم۔
س : ایک صحابی نے غزوہ تبوک کے موقع پر اپنا پورا مال و اسباب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کر دیا کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں۔ ۱۹۲۷
ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
س : رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مقدسہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کتنی نمازوں کی امامت فرمائی؟ ۱۹۲۸

marfat.com

ج ۔ سترہ نمازوں کی۔

س : ایک ایسے بھی صحابی گذرے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کی جانب سے جبرئیل علیہ السلام سلام لے کر آئے کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے ؟ ۱۹۲۹

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

س : وہ کون صحابی ہیں جو خلیفہ ہونے کے باوجود بیت المال کا چھ ہزار روپیہ قرض تھے۔ ۱۹۳۰۔

ج ۔ امیرالمؤمنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

س : بوقت وصال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، آپ کے مال میں کونسا زاید مال تھا ؟ ۱۹۳۱

ج ۔ ایک غلام، ایک لونڈی، دو اونٹنیاں۔

س : حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا دولت خانہ کس محلہ میں تھا۔

ج ۔ محلہ بنو جمیح میں۔ ۱۹۳۲

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو وصیت کے مطابق غسل کس نے دیا۔ ۱۹۳۳۔

ج ۔ آپ کی زوجہ محترمہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا نے۔

خلیفۂ دوم

حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ

ہے قدر اللہ اکبر کس قدر فاروق اعظم کی
ثنا کرتے ہیں قدسی عرش پر فاروق اعظم کی

marfat.com

اگر بعد محمد مصطفےٰ کوئی نبی ہوتا !!
نبوت خلق میں ہوتی فاروق اعظم کی

س : اسلام کے دوسرے خلیفہ راشد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۹۳۴
ج ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ۔

س : امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا ؟ ۱۹۳۵
ج ۔ فاروق اعظم۔

س : راتوں میں بھیس بدل کر رعایا کے حالات معلوم کرنے والے خلیفہ کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۱۹۳۶
ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے قبول اسلام سے قبل اسلام لانے کے جرم میں اپنی حبس بہن کو لہولہان کیا ان کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۱۹۳۷۔
ج ۔ فاطمہ بنت خطاب رضی اللہ عنہا۔

س : قرآن پاک کی کس آیت کی تلاوت نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو اسلام لانے پر مجبور کر دیا ؟ ۱۹۳۸۔
ج ۔ سبح للہ ما فی السموات والارض یحی ویمیت وھو علیٰ کل شی قدیر۔ ط

س : کس خلیفہ کے عہد کو دور فتوحات کہا جاتا ہے ؟ ۱۹۳۹۔
ج ۔ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد کو۔

س : آیت حجاب کا نزول کس کی خواہش پر ہوئی ؟ ۱۹۴۰۔
ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی۔

س : خلیفۂ دوم کی مدت خلافت بتایئے ۱۹۴۱
ج ۔ ۱۰ سال ۶ ماہ۔

marfat.com

س : تیر و تلوار لے کر اعلانیہ ہجرت کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۱۹۴۲
ج ۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ۔
س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے والد گرامی کا نام بتایئے ۱۹۴۳
ج ۔ خطاب بن نفیل۔
س : حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام بتایئے ؟ ۱۹۴۴۔
ج ۔ حنتمہ بنت ہشام۔
س : حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کس سنہ ہجری میں خلافت کی مسند پر رونق افروز ہوئے ؟ ۱۹۴۵۔
ج ۔ جمادی الاخریٰ سنہ ۱۳ھ میں۔
س : سب سے پہلے مساجد کو قندیلوں سے روشن کرنے والے خلیفہ کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۱۹۴۶
ج ۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ۔
س : تراویح کی نماز باجماعت بیس رکعت کس خلیفہ کے عہد میں شروع ہوئی ؟ ۱۹۴۷۔
ج ۔ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے۔
س : سب سے پہلے مسجد حرام کی توسیع کس خلیفہ نے کروایا ؟ ۱۹۴۸۔
ج ۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حجاز سے یہودیوں کو کس نے نکالا ؟ ۱۹۴۹
ج ۔ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔
س : دریائے نیل کے نام اس کے جاری ہونے کے لئے خط لکھنے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے ۔ ۱۹۵۰۔

marfat.com

ج ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ۔
س : دریائے نیل کے جاری ہونے کے لئے اہل مصر کیا کرتے تھے؟ ۱۹۵۱
ج ۔ ایک دوشیزہ کی بھینٹ چڑھاتے تھے۔
س : دریائے نیل کے خشک ہونے اور دوشیزہ کی قربانی کے رسم کی اطلاع حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کس نے دی۔؟ ۱۹۵۲۔
ج ۔ مصر کے گورنر حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے۔
س : وہ کون سے صحابی ہیں جنہوں نے اپنے دشمن اسلام ماموں کو قتل کر دیا۔
ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔ ۱۹۵۳
س : حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی؟ ۱۹۵۴۔
ج ۔ ابو الحفص۔
س : حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کب واقع ہوئی؟ ۱۹۵۵
ج ۔ یکم محرم الحرام ۲۴ھ کو۔
س : حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی شہادت کس حالت میں ہوئی؟ ۱۹۵۶۔
ج ۔ حالت نماز فجر۔
س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی تدفین کہاں عمل میں آئی؟ ۱۹۵۷۔
ج ۔ خاص روضۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں پہلوئے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ۔
س : حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو روضۂ رسول میں دفن ہونے کی اجازت
ج ۔ کس نے دی؟ ۱۹۵۸
ج : حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے۔
س ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قاتل کا نام بتاؤ؟ ۱۹۵۹۔
ج ۔ (ابو لؤلؤ) فیروز مجوسی کلجو مغیرہ کا غلام تھا۔

marfat.com

س : ابولؤلؤ مجوسی کے حملہ کے بعد نماز فجر کس نے پڑھائی؟ ۱۹۶۰

ج ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے۔

س : خلیفۂ دوم حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی کل کتنے سال کی عمر ہوئی؟

ج ۔ تریسٹھ ۶۳ سال کی ہوئی۔ ۱۹۶۱

س : حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو آپ کے بہن بہنوئی کے قبول اسلام کی اطلاع کس نے دی؟ ۱۹۶۲۔

ج ۔ حضرت نعیم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے۔

س : حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں کتنی مسجدیں تعمیر ہوئیں؟ ۱۹۶۳

ج ۔ چار ہزار مسجدیں۔ نماز پنجگانہ کے لیے اور نو جامع مسجدیں۔

س : ایک ہزار چھتیس ۱۰۳۶ شہر مع مضافات کس کے عہد خلافت میں فتح ہوئے؟ ۱۹۶۴۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے۔

س : مکہ اور مدینہ کے درمیان ہر منزل پر کنویں اور سرائے بنوانے والے خلیفہ کا اسم گرامی بتایئے؟ ۱۹۶۵۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

س : حدود حرم شریف میں نشانات کس خلیفہ نے لگوائے؟ ۱۹۶۶۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س : مسائل دینیہ سے ناواقف تاجروں کو بازار اسلامیہ میں تجارت سے کس نے منع فرمایا؟ ۱۹۶۷

ج ۔ حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے۔

س : حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں کس کا

marfat.com

وظیفہ دو لاکھ درہم سالانہ مقرر فرمایا تھا؟ ۱۹۶۹

ج ۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا۔

س : حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ازواج مطہرات کا سالانہ وظیفہ کس قدر مقرر فرمایا تھا۔ ۱۹۷۰۔

ج ۔ دس دس ہزار درہم۔

س : بیت المال کس خلیفہ نے قائم فرمایا؟ ۱۹۷۱

ج ۔ امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س : مجاہدین کی پینشن سب سے پہلے کس نے مقرر فرمایا؟ ۱۹۷۲۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س : سب سے پہلے دفتر کس خلیفہ نے قائم فرمایا؟ ۱۹۷۳۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س : مردم شماری کا کام دنیا میں سب سے پہلے کس خلیفہ نے انجام دلوایا؟ ۱۹۷۴

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س : سب سے پہلے شرابی پر سزا کی حد کس نے جاری کیا؟ ۱۹۷۵۔

ج ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔

س : مقبوضہ علاقوں کو صوبوں میں تقسیم کی حکمت کس خلیفہ کی ہے؟ ۱۹۷۶

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی۔

س : ملکوں کی پیمائش کے لئے باقاعدہ اصول کس نے بنایا؟ ۱۹۷۷۔

ج ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔

س : مملکت اسلامیہ میں جیل اور پولیس کا محکمہ سب سے پہلے کس نے قائم فرمایا؟ ۱۹۷۸۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س : حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ۱۹۷۹

marfat.com

ج ۔ حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ نے۔
س : حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کس کے بہنوئی تھے ؟ ۱۹۸۰
ج ۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے۔
س : امیرالمومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فاروق اعظم کا خطاب کس نے عطا فرمایا ؟ ۱۹۸۱۔
ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے۔
س : سب سے پہلے اعلانیہ خانہ کعبہ میں نماز کس نے پڑھی ؟ ۱۹۸۲۔
ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س : کوفہ، بصرہ، موصل، فسطاط جیسے شہر کس نے آباد کرائے ۱۹۸۳۔
ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س : حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ایران کا بادشاہ کون تھا ؟ ۱۹۸۴
ج ۔ یزدگرد۔
س : سب سے پہلے گھوڑوں کی زکوٰۃ کس نے وصول کروایا ۱۹۸۵۔
ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س : کوڑے کی سزا اور درّے کی ایجاد کس صحابی نے کیا ؟ ۱۹۸۶
ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س : جنازہ میں چار تکبیروں پر لوگوں کو کس نے جمع کیا ؟ ۱۹۸۷۔
ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے
س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی زوجۂ اوّل کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۱۹۸۸
ج ۔ حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی تیسری زوجہ کا نام بتلایئے ۱۹۸۹
ج ۔ قریبہ بنت ابی امیہ مخزومی۔

marfat.com

حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ عنہا سے پیدا ہونے والی اولاد کے اسمائے گرامی بتایئے ؟ ۱۹۹۰

ج ۔ حضرت عبداللہ، عبدالرحمٰن اکبر، حفصہ، رضی اللہ عنہم۔

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنی کس زوجہ کو اسلام قبول نہ کرنے کے جرم میں طلاق دے دیا تھا ؟ ۱۹۹۱۔

ج ۔ دوسری بیوی ملیکہ بنت جرول خزاعی۔

س : حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی چوتھی زوجہ کا نام کیا تھا ؟ ۱۹۹۲

ج ۔ ام حکیم بنت حارث۔

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بعد ہجرت مدینہ شریف میں کس سے نکاح فرمایا ؟ ۱۹۹۳۔

ج ۔ حضرت جمیلہ بنت عاصم انصاری رضی اللہ عنہا سے۔

س : امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ کی چھٹی زوجہ کا اسم گرامی بتایئے ۱۹۹۴

ج ۔ حضرت ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی ساتویں زوجہ محترمہ کا نام بتایئے ؟ ۱۹۹۵

ج ۔ عاتکہ بنت زید بن عمرو

س : حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا تعلق قریش کے کس قبیلہ کی شاخ سے تھا ؟ ۱۹۹۶

ج ۔ بنو عدی سے۔

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر قاتلانہ حملہ کب ہوا ؟ ۱۹۹۷

ج ۔ ۲۷ ذی الحجہ ۲۳ھ میں۔

س : علم فقہ کی بنیاد کس صحابی نے رکھی ؟ ۱۹۹۸

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔

س : حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے وصال کے وقت

marfat.com

جن چھ مقتدر حضرات کی مجلس شوریٰ قائم فرمایا ان کے اسمائے گرامی بتایئے۔؟ ۱۹۹۸

ج ۔ حضرت عثمان غنی ، حضرت علی، عبدالرحمٰن بن عوف، طلحہ، زبیر بن العوام سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم۔

س : مجلس مشاورت کے ارکان نے خلیفہ کے انتخاب کی ذمہ داری کس کو تفویض فرمایا تھا ؟ ۱۹۹۹۔

ج ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو (رضی اللہ عنہ)

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کس منافق کا سر قلم فرمایا تھا؟ ۲۰۰۰

ج ۔ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کو تسلیم نہ کرنے والے بشر نامی منافق کا۔

س : فجر کی اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم کا اضافہ کس کی خواہش پر ہوا ؟ ۲۰۰۱۔

ج ۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خواہش پر۔

س : نماز کے لیئے اذان کی تجویز سب سے پہلے کس نے پیش کی؟ ۲۰۰۲۔

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ۔

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں فتح ایران کے بعد کونسا حکمراں ملک چھوڑ کر بھاگ گیا ؟ ۲۰۰۳۔

ج ۔ یزدگرد۔

س : وہ کون صحابی ہیں جو خلیفہ ہونے کے باوجود پھٹا ہوا کرتا، اور پھٹا ہوا عمامہ استعمال فرماتے تھے ؟ ۲۰۰۴

ج ۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جنکے کرتے میں بارہ پیوند تھے۔

س : بیت المقدس میں داخلے کے وقت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ،

marfat.com

کے کرتے میں کتنے پیوند تھے۔ ۲۰۰۵

ج ۔ چودہ ۱۴۔

س : ان تینوں چھاؤنیوں کے نام بتاؤ جس کو امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے قائم فرمایا تھا؟ ۲۰۰۶

ج الکوفہ، البصرہ، الفسطاط (نوٹ) شہر کوفہ بابل کے کھنڈرات کے قریب دریائے فرات کے کنارے پر آباد کیا گیا۔ جس کا معنی ہے ریت کا ٹیلہ، اور الفسطاط کا معنیٰ ہے خیمہ گاہ۔ یہ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے لئے نصب کیا گیا تھا۔ ایک چڑیا کے گھونسلہ بنا لینے کی وجہ سے خیمہ کو نہ اجاڑا گیا۔ بعدہٗ اسی نام سے شہر منسوب ہو گیا۔

س : حضرت ساریہ رضی اللہ عنہ کے لشکر کی رہنمائی دوران خطبہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہاں سے کیا اور فاصلہ کتنا تھا؟ ۲۰۰۷

ج ۔ مدینہ منورہ سے۔ نماز جمعہ کے خطبہ کے دوران جہاں سے لشکر گاہ کی مسافت ایک ماہ کی تھی۔

س : سب سے پہلے امیر المومنین کا لقب کس کو ملا؟ ۲۰۰۸

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو۔

شفاعت کرے حشر میں جو رعنا کی
سوا تیرے کس کو یہ قدرت ملی ہے

marfat.com

خلیفۂ سوم

حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ

اے غنی دل اے مرے دل دار عثمان غنی
اے غریبوں کے دھنی غمخوار عثمان غنی
کتنے احسان ہیں تمہارے اے زمانہ کے غنی
قوم کی خاطر ہوئے نادار عثمان غنی

س : اسلامی تاریخ کے تیسرے خلیفۂ راشد کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۲۰۰۹

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

س : جامع القرآن کس صحابی کا لقب ہے ؟ ۲۰۱۰

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا۔

س : ہجرت حبشہ اولیٰ اور ثانی دونوں میں شریک ہونے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۰۱۱

ج . امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔

س : ذوالنورین کس خلیفہ کا لقب ہے ؟ ۲۰۱۲

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا۔

نور کی سرکار سے پایا دوشالا نور کا ہو مبارک تم کو ذوالنورین جوڑا نور کا

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت سب سے پہلے کس نے کی ؟ ۲۰۱۳

ج . عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے۔

marfat.com

س : ملک افریقہ کس خلیفہ کے عہد میں فتح ہوا؟ ۲۰۱۴

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے۔

س : حضرت عثمان غنی کے دور خلافت میں آپ کے خلاف سرگرم باغی کون تھا؟ ۲۰۱۵

ج . عبداللہ بن سبا یہودی۔

س : وہ کون صحابی ہیں جنھیں غزوۂ بدر میں شرکت کے بغیر مال غنیمت سے حصہ بھی ملا اور بدری صحابہ میں شمار بھی کئے جاتے ہیں؟ ۲۰۱۶

ج . حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے والد کا نام بتایئے؟ ۲۰۱۷

ج . عفان۔

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟ ۲۰۱۸

ج . دردی بنت کریز اور بعض نے اروی بتایا ہے۔

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی نکاح میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی کون کون صاحبزادیاں یکے بعد دیگرے داخل ہوئیں؟ ۲۰۱۹

ج . حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہما۔

س : حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا وصال کب ہوا؟ ۲۰۲۰

ج . سنہ ۹ ہجری میں۔

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو جامع القرآن کیوں کہا جاتا ہے؟ ۲۰۲۱

ج . آپ نے پوری امت کو ایک ہی لغت پر قرآن پڑھنے پر جمع فرمایا۔

س : کس خلیفہ کی والدہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی زاد بہن تھیں؟ ۲۰۲۲

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی۔

marfat.com

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا کہ ان سے ملائکہ شرم کرتے ہیں؟ ۲۰۲۳

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے متعلق۔

س : غزوۂ تبوک کے موقع پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کتنے اونٹ پیش کیے؟ ۲۰۲۴

ج . ایک ہزار مع ساز و سامان۔

س : اس کنواں کا نام بتایئے جس کو خرید کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مسلمانوں کے لئے وقف فرمایا؟ ۲۰۲۵

ج . بیررومہ پہلے نصف حصہ ۱۲ ہزار درہم میں بعد میں بقیہ نصف حصہ ۸ ہزار درہم میں خریدا۔ (راحت القلوب ص۱۶۲)

س : حضرت لوط علیہ السلام کے بعد اللہ تعالیٰ کے لئے سب سے پہلی ہجرت کس نے کیا؟

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپکی زوجہ محترم بنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ ۲۰۲۶

س : سب سے پہلے مؤذنوں کی تنخواہ کس نے مقرر فرمائی؟ ۲۰۲۷

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔

س : امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟ ۲۰۲۸

ج . غلے کی تجارت۔

س : جمعہ کی نماز میں دو اذانوں کا رواج کس خلیفہ نے قائم کیا؟ ۲۰۲۹

ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے (بخاری شریف ص۱۲۴)

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے تبلیغ اسلام کیلئے جو وفد ہندوستان روانہ فرمایا اس کے سالار کا نام بتایئے؟ ۲۰۳۰

ج . حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سابق گورنر کوفہ۔

marfat.com

س : وفد کے لوگ سب سے پہلے ہندوستان میں کہاں داخل ہوئے؟
ج : مالابار میں۔ ۲۰۳۱
س : امیر وفد کی زبانی آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات سننے کے بعد مالابار کا راجہ مسلمان ہوا اس کا نام بتایئے؟ ۲۰۳۲
ج : راجہ زمورن۔
س : اہل مصر نے کس خلیفۂ راشد پر پانی بند کر رکھا تھا؟ ۲۰۳۳
ج : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر۔
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر کتنے دنوں تک پانی بند کر دیا تھا؟
ج : متواتر چھ روز تک۔ ۲۰۳۴
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دولت کدہ پر پہرہ دینے والے حضرات کا نام بتایئے
ج : حضرت امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما۔ ۲۰۳۵
س : قاتل عثمان غنی رضی اللہ عنہ، کا نام بتایئے؟ ۲۰۳۶
ج : کنانہ ابن بشیر یا اسود التجیبی (عمدۃ القاری ص۵)
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج : حضرت زبیر بن مطعم نے اور بعض نے حضرت زبیر بن العوام کو بتایا ہے رضی اللہ عنہما
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کب واقع ہوئی؟
ج : ذوالحجہ ایام تشریق میں اور بعض نے ۱۸ ذوالحجہ بتایا ہے۔ ۲۰۳۷
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا روضہ کہاں واقع ہے؟ ۲۰۳۸
ج : جنت البقیع کے ایک حصہ حش کوکب میں۔
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی پوری زندگی کتنے سال کی ہوئی؟
ج : ۸۲ سال کی۔ ۲۰۳۹
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں، مصری، کوفی،

marfat.com

اور بصری بلوائیوں نے باغیانہ طور پر مدینہ شریف کا محاصرہ کب کیا؟
ج . شوال ۳۴ھ ہجری میں۔ ۲۰۴۱
س : بوقت شہادت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کیا کر رہے تھے؟
ج . قرآن پاک کی تلاوت۔ ۲۰۴۲
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی وہ کون سی زوجہ ہیں جنکی انگلی بلوائیوں نے کاٹ ڈالا تھا؟ ۲۰۴۳
ج . حضرت نائلہ رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو دنیا میں جنتی ہونے کی بشارت کتنی مرتبہ دی گئی ہے؟ ۲۰۴۴
ج . تین مرتبہ۔
س : تاریخ اسلام میں سب سے پہلے بحری فتوحات کس نے حاصل کیا؟
ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔ ۲۰۴۵
س : بحری لڑائی کی ابتدا کس نے کیا۔ ۲۰۴۶
ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔
س : فارس، خراسان، سجستان، افریقہ، سواحل شام اور بحر روم جیسے عالمے کس کے عہد میں فتح ہوئے؟ ۲۰۴۶
ج : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے۔
س : سندھ اور بلوچستان کے متعدد علاقوں میں اسلامی علم کس کے عہد خلافت میں لہرائے؟ ۲۰۴۷
ج . حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے۔
س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا تعلق قریش کے کس قبیلے سے تھا؟ ۲۰۴۸

marfat.com

ج : قبیلہ بنی امیہ سے۔

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت پر جنوں نے کتنے دنوں تک نوحہ کیا اور اشعار پڑھتے رہے؟ ۲۰۴۹

ج : تین ۳ روز تک مسجد نبوی کی چھت پر۔

س : وہ کون خوش نصیب صحابی ہیں جنکی نکاح میں ایک نبی کی دو صاحبزادیاں داخل ہوئیں؟ ۲۰۵۰

ج : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کس کی تحریک پر اسلام قبول کیا؟

ج : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی۔ ۲۰۵۱

خلیفۂ چہارم

حضرت سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ

حضرتِ شیرِ خدا مولیٰ علی مولیٰ علی — رہبر دین پیشوا مولیٰ علی مولیٰ علی
قادری ہوں یا کہ چشتی آپ سب کے پیشوا — آپکے کوچے سے نکلی ہر گلی مولیٰ علی مولیٰ علی

س : اسلام کے چوتھے خلیفہ راشد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۰۵۲

ج : حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

س : امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے والد کا نام بتلایئے ۲۰۵۳

ج : ابو طالب بن عبد المطلب۔

marfat.com

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام کیا تھا ؟ ۲۰۵۴

ج : فاطمہ بنت اسد۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کتنے بھائی تھے ؟ ۲۰۵۵

ج : چار۔ عقیل، جعفر، طالب، علی رضی اللہ عنہم

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کے والدین نے آپ کا نام کیا رکھا ؟ ۲۰۵۶

ج : والد نے عبداللہ اور والدہ نے زید۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نام علی کس نے رکھا ؟ ۲۰۵۷

ج : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی ؟ ۲۰۵۸

ج : ابوالحسن، ابوتراب۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سب سے بڑی کرامت بتایئے ؟ ۲۰۵۹

ج : پاؤں رکاب میں رکھتے وقت قرآن مجید کی تلاوت شروع فرماتے اور دوسرا پاؤں رکاب میں پہونچنے سے پہلے ختم فرماتے

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دادا کا نام بتایئے۔ ؟ ۲۰۶۰

ج : عبدالمطلب۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کس واحد غزوہ میں شریک نہ ہوسکے ؟ ۲۰۶۱

ج : غزوۂ تبوک میں۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذریعہ معاش کیا تھا ؟ ۲۰۶۲

ج : زراعت کے علاوہ اذخر نامی خودرو گھاس جنگل سے کاٹ کر مدینہ میں بیچتے تھے۔

س : دنیا کا وہ کو نسا واحد انسان ہے جسکی ولادت خانۂ کعبہ میں ہوئی ؟ ۲۰۶۳

ج : حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ جس کرسی پر تشریف فرما کر مقدمات کا فیصلہ کرتے اس کا نام بتلایئے ۲۰۶۴

ج . شرط اللہ۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی کون صاحبزادی داخل تھیں ؟ ۲۰۶۵

ج . حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دوسری زوجہ محترمہ کا اسم گرامی بتلایئے ؟

ج . ام البنین بنت خرام رضی اللہ عنہا۔ ۲۰۶۶

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تیسری زوجہ محترمہ کا اسم گرامی بتلایئے ؟

ج . حضرت لیلیٰ بنت مسعود رضی اللہ عنہا۔ ۲۰۶۷

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی پانچویں زوجہ محترمہ کا اسم گرامی کیا تھا ؟

ج . امامہ بنت ابی العاص زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (رضی اللہ عنہم) ۲۰۶۸

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی چھٹی زوجہ محترمہ کا نام کیا تھا۔ ۲۰۶۹

ج : خولہ بنت جعفر حنفیہ رضی اللہ عنہما۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ساتویں زوجہ محترمہ کا نام بتلایئے ؟ ۲۰۷۰

ج . حضرت سعیدہ بنت عروہ رضی اللہ عنہما۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آٹھویں زوجہ محترمہ کا نام کیا تھا ؟ ۲۰۷۱

ج : صہبا بنت زبیعہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت عباس، جعفر، عبداللہ، اور عثمان رضی اللہ عنہم کی والدہ کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۲۰۷۲

ج . ام البنین بنت خرام رضی اللہ عنہا۔

marfat.com

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبداللہ اور ابوبکر رضی اللہ عنہما کی والدہ کا نام بتایئے ؟ ۲۰۷۳

ج . لیلیٰ بنت مسعود رضی اللہ عنہا

س : حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کی بطن سے پیدا ہونے والوں کے اسمائے گرامی بتایئے ؟ ۲۰۷۴

ج . محمد اصغر، یحییٰ رضی اللہ عنہم۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے محمد اوسط کی والدہ کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۰۷۵

ج . حضرت امامہ بنت ابی العاص زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (رضی اللہ عنہما)

س : محمد اکبر المعروف بہ محمد بن حنفیہ بن علی رضی اللہ عنہما کی والدہ کا اسم گرامی بتایئے ؟

ج . خولہ بنت جعفر حنفیہ رضی اللہ عنہما۔ ۲۰۷۶

س : ام الحسن، ملتہ الکبریٰ، ام کلثوم رضی اللہ عنہم کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۰۷۷

ج . سعیدہ بنت عروہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت رقیہ بنت علی رضی اللہ عنہا کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی بتایئے ؟

ج . صہبا بنت ربیع رضی اللہ عنہا۔ ۲۰۷۸

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے باب العلم کس کو فرمایا۔ ۲۰۷۹

ج . حضرت علی اللہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی ولادت کب ہوئی ؟ ۲۰۸۰

ج . ۱۳ رجب بروز جمعہ۔

س : حضرت علی رضی اللہ کی شہادت کب واقع ہوئی ؟ ۲۰۸۱

marfat.com

ج . ۲۱ ۔رمضان ۳۶ سنہ ہجری کو ۔

س : قاتل حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نام بتایئے ؟ ۲۰۸۲

ج . ابن ملجم ۔

س : ابن ملجم قاتل حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا تھا ۔ ۲۰۸۳

ج . عبدالرحمن ۔

س : بتایئے ابن ملجم کہاں کا رہنے والا تھا ۔ ۲۰۸۴

ج . مصر کا ۔

س : اس فاحشہ کا نام بتاؤ جس کی شرط پوری کرنے کیلئے ابن ملجم نے امیرالمومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا ؟ ۲۰۸۵

ج . قطامہ ۔

س : قطامہ کا تعلق کس قبیلے سے تھا ؟ ۲۰۸۶

ج . قبیلہ تیم الرباب سے ۔

س : قطامہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کروانے کی وجہ کیا بتائی ؟

ج . لشکر علی رضی اللہ عنہ نے جنگ نہروان میں قطامہ کے ۱۲ رشتہ داروں کو قتل کیا تھا ۔ ۲۰۸۷

س : قطامہ نے ابن ملجم کو اپنا مہر کیا بتایا تھا ۔ ۲۰۸۸

ج . ۳ ہزار نقد ایک خوبصورت کنیز اور حضرت علی کرم اللہ وجہ کا قتل

س : ابن ملجم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کس حالت میں شہید کیا ؟ ۲۰۸۹

ج . سجدہ سے سر اٹھاتے وقت تلوار سے حملہ کیا ۔

س : قتل علی رضی اللہ عنہ میں ابن ملجم کے ساتھ شریک ہونے والے دونوں بدبختوں کے نام بتاؤ ۔ ۲۰۹۰

ج . شبیب خبیث اور وردان خبیث یہ دونوں خارجی تھے ۔

marfat.com

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قاتل کو کس نے گرفتار کروایا۔ ۲۰۹۱
ج . اس کے چچا زاد بھائی نے۔
س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کو غسل کس نے دیا؟ ۲۰۹۲
ج . حضرت عبداللہ بن جعفر نے جبکہ محمد بن حنفیہ پانی ڈالتے رہے (رضی اللہ عنہم)
س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ۲۰۹۳
ج . حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے۔
س : حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہ، کا روضہ کہاں واقع ہے۔ ۲۰۹۴
ج . نجف اشرف میں۔
س : سب سے پہلے خلیفہ جن کے والدین ہاشمی تھے ان کا اسم گرامی بتایئے؟
ج : حضرت علی رضی اللہ عنہ۔ ۲۰۹۵
س : حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنا دارالخلافہ مدینہ سے کوفہ کب منتقل فرمایا۔ ۲۰۹۶
ج . ۳۶ سنہ ہجری میں
س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں تین جنگیں واقع ہوئی ہیں ان کے نام بتایئے؟ ۲۰۹۷
ج . جنگ جمل، جنگ صفین، جنگ نہروان،
س : جنگ جمل کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہ نے اپنا دارالخلافہ کس شہر کو بنایا۔ ۲۰۹۸
ج : کوفہ کو۔
س : حضرت علی کرم اللہ وجہ کی پوری زندگی کتنے سال کی ہوئی؟
ج . ۶۳ (ترسیٹھ) سال کی۔ ۲۰۹۹

marfat.com

س : امیرالمومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت بتایئے؟

ج . پونے پانچ سال۔ ۲۱۰۰

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے کتنے دنوں کے بعد کوفہ دارالخلافہ بنا؟

ج . ساڑھے چھ ماہ بعد۔ ۲۱۰۱

س : عبداللہ بن سبا یہودی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے خلاف سرگرم باغی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کا بانی کس جنگ میں قتل ہوا۔ ۲۱۰۲

ج . جنگ نہروان میں۔

س : شہنشاہ دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے سردی اور گرمی سے متاثر نہ ہونے کی دعا بتایئے کس کیلئے فرمائی تھی؟ ۱۲۰۳

ج . حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے؟

جنگ جمل و صفین

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

س : جنگ صفین کن کے درمیان واقع ہوا؟ ۲۱۰۴

ج . حضرت علی و امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان۔ ۲۱۰۵

س : جنگ صفین میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لشکر کی تعداد کیا تھی؟

marfat.com

ج : ۹۰ ہزار۔

س : جنگ صفین میں سے کتنے مسلمان شہید ہوئے ؟ ۲۱۰۶

ج : تقریباً ۹ نوے ہزار۔

س : حضرت علی و حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے درمیان کون سی جنگ ہوئی ؟ ۲۱۰۷

ج : جنگ جمل۔

س : جنگ جمل کس سنہ ہجری میں واقع ہوا ؟ ۲۱۰۸

ج : جمادی الاخریٰ ۳۶ سنہ ہجری میں۔

س : جمل کا نام جنگ جمل کیوں پڑا ؟ ۔ ۲۱۰۹

ج : جنگ جمل میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی جمل (اونٹ) کو زیادہ اہمیت حاصل تھی۔

س : جنگ جمل میں کتنے مسلمان شہید ہوئے ؟ ۲۱۱۰

ج : ۱۳ ہزار

س : جنگ صفین کے راستے میں چشمے سے ایک بڑے چٹان کو کس نے ہٹایا ؟ ۲۱۱۱

ج : حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔

س : صفین کے راستے کے کنیسہ کے اس راہب کا نام بتاؤ جس نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دست حق پرست پر اسلام قبول کیا ؟ ۲۱۱۲

ج : شمعون بن یوحنا۔

س : شمعون بن یوحنا نے تاخیر سے اسلام قبول کرنے کی وجہ کیا بتائی ؟ ۲۱۱۳

marfat.com

ج : کتاب میں لکھا ہے کہ اس چٹان کو ہٹا کر چشمہ نکالنے والا اس کینسے کا فاتح ہوگا اور وہ یا تو رسول الٰہی ہوگا یا داماد رسول ہوگا۔

س : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے؟

ج : حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ۔ ۲۱۱۴

س : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا خون آلود پیراہن اور آپ کی اہلیہ کی کٹی ہوئی انگلی کہاں رکھا تھا؟ ۲۱۱۵

ج : دمشق کی جامع مسجد کے ممبر پر لٹکا دیا تھا۔

س : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مجتہد ہونا بخاری شریف میں کس راوی سے مروی ہے؟ ۲۱۱۶

ج : حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے۔

س : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا وصال کب ہوا۔ ۲۱۱۷

ج : ۶۰ ساٹھ ہجری میں۔

س : محکمۂ ڈاک کا باقاعدہ انتظام کس صحابی نے کیا؟ ۲۱۱۸

ج : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے۔

س : تاریخ اسلام کو کتابی شکل میں تدوین فرمانے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۱۱۹

ج : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

س : سب سے پہلے اذان کے لئے مینارہ کس نے بنوایا؟ ۲۱۲۰

ج : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے۔

س : وہ کون صحابی ہیں جن کی چار پشتوں میں خلافت چلی آرہی تھی؟

ج : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔ ۲۱۲۱

marfat.com

س : مسلم حکمرانوں میں سب سے پہلے بحری بیڑہ کس نے تیار کروایا؟
ج . حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے۔ ۲۱۲۲

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ عرصہ تک کون صحابی کاتب وحی رہے؟ ۲۱۲۳
ج . حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔

س : سب سے پہلے سوار ہو کر رمئی جمار کس نے کیا؟ ۲۱۲۴
ج . حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے۔

س : اول ملوک اسلام کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۱۲۵
ج . حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔

س : جنگ نہروان میں خوارج کے خلاف حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی فوج کے پیدل دستے کا کمانڈر کس کو بنایا تھا؟ ۲۱۲۶
ج . حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کو۔

صحابۂ کرام

حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ

س : وہ کون صحابی ہیں جن کا کلیجہ دانتوں سے چبایا گیا؟ ۲۱۲۷
ج . حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا کلیجہ کس نے چبایا؟ ۲۱۲۸
ج . ہندا نے۔

marfat.com

س : ہندا کے شوہر کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۱۲۹
ج : حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ۔
س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا کلیجہ کس جنگ میں دانتوں سے چبایا گیا؟
ج : غزوۂ احد میں۔
۲۱۲۹
س : ہندہ کے باپ کا نام بتاؤ؟ ۲۱۳۰
ج : عقبہ۔
س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے کتنے سال بڑے تھے۔؟ ۲۱۳۱
ج : چار سال۔
س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی؟ ۲۱۳۲
ج : ابوعمارہ اور ابویعلی۔
س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے قاتل کا نام بتایئے؟ ۲۱۳۳
ج : وحشی بن حرب۔
س : وحشی بن حرب کا دوسرا نام کیا تھا؟ ۲۱۳۴
ج : ابو دسمہ۔
س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتے میں کون تھے؟ ۲۱۳۵
ج : آپ کے چچا تھے۔
س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کس سنہ ہجری میں شہید ہوئے؟
ج : ۳ سنہ ہجری میں۔ ۲۱۳۶
س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی نمازہ جنازہ کس نے پڑھائی؟
ج : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ ۲۱۳۷

marfat.com

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے جنازہ میں کتنی تکبیریں پڑھیں؟ ۲۱۳۸

ج . ۷۰ (ستر)

س : سید الشہدا کا لقب کس صحابی کو عطا ہوا؟ ۲۱۳۹

ج . حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : وحشی بن حرب کس کے غلام تھے؟ ۲۱۴۰

ج . جبیر بن مطعم کے۔

س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۲۱۴۱

ج . کوہِ احد کے دامن میں۔

س : اسلامی فوج کے سب سے پہلے کمانڈر کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۱۴۲

ج . حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی خاندان کے کس شہید کی نماز جنازہ پڑھائی؟ ۲۱۴۳

ج . حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی۔

س : رحمت دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلامی پرچم سب سے پہلے کس کو عطا فرمایا؟ ۲۱۴۴

ج . حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کو

س : وہ کون صحابی ہیں جنھوں نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو اصل صورت میں دیکھا؟ ۲۱۴۵

ج . حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی زوجہ کا نام بتایئے؟ ۲۱۴۶

ج . سلمیٰ بنت عمیس رضی اللہ عنہا

س : حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کی زوجہ حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی بطن سے کس کی ولادت ہوئی؟ ۲۱۴۷

ج . حضرت عمارہ رضی اللہ عنہ کی جنکی نسبت سے آپکی کنیت ابو عمارہ ہے۔

marfat.com

حضرت سیدنا بلال حبشی رضی اللہ عنہ

س : حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کہاں کے رہنے والے تھے؟ ۲۱۴۸

ج ۔ حبشہ "ایران" کے۔

س : حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کے والد کا نام بتلایئے؟ ۲۱۴۹

ج ۔ رباح۔

س : حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟ ۲۱۵۰

ج ۔ حمامہ۔

س : غلاموں میں سب سے پہلے اسلام کی دولت سے مشرف ہونے والے صحابی کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۲۱۵۱

ج ۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کس کے غلام تھے؟ ۲۱۵۲

ج ۔ امیہ بن خلف کے۔

س : غلاموں میں کافروں نے سب سے زیادہ کس کو تکلیف پہنچائی؟

ج ۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو۔ ۲۱۵۳

س : اسلام کے مؤذن اوّل کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۲۱۵۴

ج ۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ۔

س : سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھریلو خدمات انجام دینے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۱۵۵

ج ۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۲۱۵۶

marfat.com

ج ۔ دمشق کے قبرستان باب الصغیر میں۔

س : حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ قیامت کے دن کس حالت میں کس سواری پر آئیں گے؟ ۲۱۵۷

ج ۔ اونٹنی پر اذان پڑھتے ہوئے۔

س : سب سے پہلے غلام کون ہوئے؟ ۲۱۵۸

ج ۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ۔

حضرت سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

س : سیف اللہ (اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار) کس صحابی کا لقب تھا؟۔ ۲۱۵۹

ج ۔ حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کا۔

س : حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ نے کس سنہ ھ میں اسلام قبول کیا؟ ۔ ۲۱۶۰

ج ۔ ۸ھ میں۔

س : حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو کس جنگ کے موقع پر معزولی کا پروانہ ملا۔؟ ۲۱۶۱

ج ۔ جنگ یرموک میں۔

س : حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کی معزولی کا پروانہ لیجانے والے قاصد کا نام بتایئے؟ ۲۱۶۲

ج ۔ یرفا نامی حبشی غلام، جسے خلیفۂ دوم نے آزاد فرمایا تھا۔

marfat.com

س : حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو کس خلیفہ نے معزول فرمایا؟
ج ۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔ ۲۱۶۳
س : قبول اسلام کے بعد حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے کس جنگ میں حصہ لیا؟ ۔ ۲۱۶۴
ج ۔ جنگ موتہ میں۔
س : وہ بت خانہ جہاں عزّیٰ نامی دیوی تھی کس نے منہدم کیا؟ ۲۱۶۵
ج ۔ حضرت خالد بن ولید نے۔ (رضی اللہ عنہ)
س : لات نامی بت توڑنے کا فریضہ کس نے انجام دیا؟ ۲۱۶۶
ج ۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی جانب مبلغ و معلم بنا کر کس صحابی کو روانہ فرمایا؟ ۲۱۶۷
ج ۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو۔
س : حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ہمراہ کن حضرات نے اسلام قبول کیا؟ ۲۱۶۸
ج ۔ حضرت عثمان بن طلحہ، حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما نے۔
س : جنگ موتہ میں حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں کتنی تلواریں ٹوٹی؟ ۲۱۶۹
ج ۔ نو تلواریں۔
س : حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۲۱۷۰
ج ۔ حمص کی جامع مسجد میں۔
س : وہ کون صحابی ہیں جن کی قبر کے سرہانے آج بھی تلوار اور ڈھال لٹک رہی ہے؟ ۲۱۷۱

marfat.com

ج ۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن الولید کو سیف اللہ کا خطاب کب عطا فرمایا تھا؟ ۲۱۷۲
ج ۔ جنگ موتہ کے بعد۔

زلزلے جن سے شہنشاہوں کے دربار دل میں تھے بجلیوں کے آشیانے جنکی تلواروں میں تھے

حضرت سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

اور جنگِ قادسیہ

دشت تو دشت ہے دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے

س : دریائے دجلہ میں گھوڑے دوڑانے والے مجاہدین کے سالار کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۱۷۳
ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ
س : مسلمانوں کی جانب سے پہلا تیر مشرکین پر کس نے چلایا؟ ۲۱۷۴
ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے۔
س : جنگ قادسیہ میں ایرانی لشکر کا سپہ سالار کون تھا؟ ۲۱۷۵
ج ۔ سلطنت ایران کا وزیر دفاع رستم۔
س : جنگ قادسیہ میں مسلمانوں کے سپہ سالار کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۱۷۶
ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : رستم پر پیچھے سے حملہ کس نے کیا تھا؟ ۲۱۷۸

ج ۔ حضرت ہلال بن علقمہ رضی اللہ عنہ نے۔

س : جنگ قادسیہ کے اس نقاب پوش مجاہد کا اسم گرامی بتایئے جس نے قید خانہ میں واپس آنے کا وعدہ کر کے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے گھوڑے پر سوار ہو کر ایرانیوں کی صفوں کو درہم برہم کر دیا؟ ۲۱۷۹

ج ۔ حضرت ابو محجن ثقفی رضی اللہ عنہ۔

س : جنگ قادسیہ میں جو ایرانی جھنڈا تھا آپ کیا اس جھنڈے کا نام بتلا سکتے ہیں؟ ۲۱۸۰

ج ۔ درفش۔

س : جنگ قادسیہ میں ایرانی پرچم کس کے ہاتھ لگا۔ ۲۱۸۱

ج ۔ حضرت ضرار بن الخطاب۔ رضی اللہ عنہ کے۔

س : حضرت ضرار بن خطاب رضی اللہ عنہ کو ایرانی پرچم پر سرنگوں کرنے کے عوض میں کتنے درہم دیئے گئے؟ ۲۱۸۲

ج ۔ ۳۰۔ ہزار۔

س : رستم کا لباس اور اس کا جنگی سامان کس مجاہد صحابی کو ملا؟ ۲۱۸۳

ج ۔ قاتل رستم حضرت ہلال بن علقمہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : قادسیہ کی جنگ میں کل کتنے مجاہدین شہید ہوئے؟ ۲۱۸۴

ج ۔ ۴۰ ہزار۔

س : دریائے دجلہ میں گھوڑا دوڑانے والے مجاہدین کی تعداد کیا تھی؟

ج ۔ ۶۰ ہزار۔ ۲۱۸۵

س : جنگ قادسیہ کے دوران ایرانی دار السلطنت کہاں تھی؟ ۲۱۸۶

marfat.com

ج ۔ مدائن، جو قادسیہ سے ۳۰ میل کے فاصلہ پر تھا۔

س : دریائے دجلہ جس دن مسلمانوں نے عبور کیا تھا اس دن کو تاریخ اسلام میں کیا کہا جاتا ہے؟ ۲۱۸۷

ج ۔ یوم الماء

س : بعد جنگ قادسیہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے کس شہر کی بنیاد ڈالی؟ ۲۱۸۸

ج ۔ شہر بصرہ کی جہاں دجلہ فرات سے ملتا ہے۔

س : حضرت سیدنا سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج ۔ شہر حمص کے اندر۔ ۲۱۸۹

س : شہر حمص کے اندر کتنے صحابی شہداء کے مزارات ہیں؟ ۲۱۹۰

ج ۔ تقریباً تین سو۔

س : جنگ قادسیہ میں اسلامی فوجی کمانڈر کا مقابلہ کس سے ہوا؟

ج ۔ ایرانی سپہ سالار رستم سے ۲۱۹۱

س : حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی؟ ۲۱۹۲

ج ۔ ابو اسحٰق۔

س : مؤرخین کے نزدیک اسلام کی حمایت میں پہلی خونریزی کس صحابی کے ہاتھوں عمل میں آئی؟ ۲۱۹۳

ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں جب ایک اونٹ کی ہڈی سے مشرک کے سر پر مارا۔

س : عراقی سرزمین پر شہر مدائن کے ایوانِ کسریٰ میں پہلی نماز جمعہ کس نے ادا فرمائی؟ ۲۱۹۴

ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟ ۲۱۹۵
ج ۔ تیر بنا کر بیچتے تھے۔
س : رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام میں سے کس کے لئے مستجاب الدعوات ہونے کی دعاء فرمائی تھی؟ ۲۱۹۶
ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ۔

حضرت سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

س : وہ کون صحابی ہیں جو گورنر ہونے کے باوجود چٹائیاں بنا کر گذارہ کرتے تھے؟ ۲۱۹۷
ج ۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ۔
س : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کہاں کے گورنر تھے؟ ۲۱۹۸
ج ۔ مدائن کے۔
س : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۲۱۹۹
ج ۔ مدائن میں دیوار محل نوشیرواں کے قریب۔
س : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟ ۲۲۰۰
ج ۔ سلمان الخیر۔
س : سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے ایرانی شخص کا نام بتایئے۔ ۲۲۰۱
ج ۔ حضرت سلمان فارسی۔ رضی اللہ عنہ۔
س : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے قدیم مذہب میں کس کی عبادت ہوتی تھی؟ ۲۲۰۲

marfat.com

ج ۔ ابلق نامی گھوڑے کی۔

س : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا قدیم نام بتلایئے ؟ ۲۲۰۳

ج ۔ مابہ بن بوذخشان (حاشیہ اصح السیر صـ۱۴۴)

س : حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے اپنے آقا سے آزاد ہونے کے لئے کون سی شرط طے کی تھی۔؟ ۲۲۰۴

ج ۔ ۴۰ اوقیہ سونا اور تین سو پودے لگانا۔ جسے صحابہ کرام نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے پورا فرمایا۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کے بارے میں فرمایا کہ میرے اہلبیت سے ہیں کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں ؟ ۲۲۰۵

ج ۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ۔

حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

س : وہ کون سے صحابی ہیں جن کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے ؟ ۲۲۰۶

ج ۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

س : آزاد غلاموں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے صحابی کا نام بتلایئے۔

ج ۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔ ۲۲۰۷

س : بتلایئے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے لکھنا کیسے سیکھا۔؟ ۲۲۰۸

ج ۔ بدر کی لڑائی میں گرفتار شدگان قیدیوں کے ذریعہ۔ (سیرۃ النبی صـ۱)

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کی کس شاخ سے تھیں ؟ ۲۲۰۹

ج ۔ شاخ بنو معن سے۔

marfat.com

س : حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کس غلام کو آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا تھا ؟ ۲۲۱۰

ج ۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام بتایئے ؟ ۲۲۱۱

ج ۔ سعدی بنت ثعلبہ

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی ؟ ۲۲۱۲

ج ۔ ابو اسامہ۔

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کا اسم گرامی بتایئے۔ جو صحابی تھے۔ ۲۲۱۳

ج ۔ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ۔

س : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ بولے بیٹے کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۲۱۴

ج ۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

س : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم مطبخ صحابی کا اسم گرامی بتایئے ؟

ج ۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ۔ ۲۲۱۵

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبرانی زبان سیکھنے کا حکم کس صحابی کو دیا۔ ؟ ۲۲۱۶

ج : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے وصال سے قبل جو لشکر شام کی طرف روانہ فرمایا تھا اس لشکر کے سالار کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۲۱۷

ج ۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو لٹیروں نے اغوا کر کے کس بازار میں فروخت کیا تھا ؟ ۲۲۱۸

marfat.com

ج ۔ بازارِ عکاظ میں۔

س : حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ ایک بہت بڑے لشکر کے ساتھ شام کی طرف روانہ ہوئے ؟ ۲۲۱۹

ج ۔ ۲۶ر صفر ۱۱ھ بروز دوشنبہ کو۔

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو کس نے خرید لیا تھا کس کیلئے؟ ۲۲۲۰

ج ۔ حکیم بن حزام نے اپنی پھوپھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے۔

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی والدہ آپ کو بچپن میں اپنے قبیلہ بنو معن کے پاس لے جا رہی تھیں تو کس جماعت نے لوٹ لیا تھا؟ ۲۲۲۱

ج ۔ بنو قین کی ایک جماعت نے۔

س : حکیم بن حزام نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو کتنے درہم میں خریدا تھا؟ ۲۲۲۲

ج ۔ چار سو درہم میں۔

حضرت سیدنا حنظلہ رضی اللہ عنہ

س : غسیل الملائکہ کس صحابی کا لقب ہے؟ ۲۲۲۳

ج ۔ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کا۔

س : شادی کی پہلی رات بھی نہ گذارنے والے صحابی اسلام کی راہ میں شہید ہو گئے۔ کیا ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں؟ ۲۲۲۴

ج ۔ حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کس جنگ میں شہید ہوئے؟ ۔ ۲۲۲۴

marfat.com

ج ۔ غزوۂ احد میں۔

س : حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ کا اسم گرامی بتلایئے؟
جمیلہ بنت عبداللہ ابی بن سلول رضی اللہ عنہا۔ ۲۲۲۵

حضرت سیّدنا زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ

س : اسلام کی راہ میں سب سے پہلے تلوار اٹھانے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۲۲۶

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی کون صحابی تھے؟

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ۔ ۲۲۲۷

س : وہ کون صحابی ہیں جن کا چچا اسلام لانے کے جرم میں چٹائی میں لپیٹ کر دھونی دیتا تھا؟۔ ۲۲۲۸

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ

س : حواری رسول صلی اللہ علیہ وسلم کن صحابی کو کہا جاتا ہے۔؟ ۲۲۲۹

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کو۔

س : افریقہ کس صحابی کی جنگی تدبیر سے فتح ہوا؟ ۲۲۳۰

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کی۔

س : حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ نے افریقہ کے جس بادشاہ کو قتل کیا اس کا نام بتلایئے؟ ۲۲۳۱

ج جرجیس۔

marfat.com

حضرت سیّدنا عبّاس رضی اللہ عنہ

س : مشرکین مکہ پر خرچ کرنے کے لئے حضرت عباس رضی اللہ عنہ بدر کے دن کتنا سونا لے کر شریک ہوئے تھے؟ ۲۲۳۲

ج ۔ ۲۰ اوقیہ (ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے)

س : حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ان بھتیجوں کا نام بتایئے جن کے زر فدیہ کا بار آپ پر رکھا گیا تھا؟ ۲۲۳۳

ج ۔ حضرت عقیل و نوفل بن حارث۔

س : حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا تھی؟ ۲۲۳۴

ج ۔ ابوالفضل۔

س : حضرت عباس رضی اللہ عنہ عم رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ۲۲۳۵

ج ۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے۔

س : خاتم المہاجرین کس کا لقب ہے؟ ۲۲۳۶

ج ۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا۔

س : حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد عورتوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والی خاتون کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۲۳۷

ج ۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ ام الفضل رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت عباس رضی اللہ عنہ رشتہ میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے کون تھے؟ ۲۲۳۸

ج ۔ آپ کے چچا تھے۔

marfat.com

س : رئیس المفسرین کس صحابی کا لقب ہے ؟ ۲۲۳۹
ج ۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا۔
س : خیرالامۃ کس کا لقب تھا؟ ۲۲۴۰
ج ۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا۔

متفرق صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اور انکے تعلق سے

س : صحابی کسے کہتے ہیں۔ ۲۲۴۱
ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت میں ایمان کی حالت میں رہ کر خاتمہ
س : بالخیر ہونے والے صحابی ہیں۔
س ۔ تابعی کسے کہتے ہیں ؟ ۲۲۴۲
ج : جو ایک عرصہ تک کسی صحابی کی صحبت میں رہے ہوں۔
س ۔ صحابۂ کرام سے بغض وحسد رکھنے والا کیسا ہے ؟ ۔ ۲۲۴۳
ج ۔ فاسق، گمراہ، بددین۔
س : داماد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے گرامی بتایئے ؟ ۲۲۴۴
ج ۔ حضرت ابوالعاص، سیدنا عثمان غنی، وسیدنا علی رضی اللہ عنہم
س : اسلام کے نامور جرنیل کون صحابہ گذرے ہیں ؟ ۲۲۴۵
ج ۔ حضرت ابوعبیدہ بن جراح، حضرت عمرو بن عاص، حضرت یزید بن سفیان، حضرت مثنیٰ بن حارثہ، حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہم
س : صحابہ میں شیخین سے مراد کون کون حضرات ہیں ؟ ۲۲۴۶ ۔

marfat.com

ج ۔ حضرت سیدنا ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما۔

س : خلفائے راشدین کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۲۲۴۷

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق اعظم، حضرت عثمان غنی، حضرت علی، حضرت امام حسن مجتبیٰ اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہم

س : ان صحابۂ کرام کے اسمائے گرامی بتایئے جنہیں غیب داں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا ہی میں جنت کی بشارت دی ہے؟ ۲۲۴۸

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت زبیر بن العوام حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت سعید، حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہم۔

وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا
اس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام

س : اس شاعر کا اسم گرامی بتایئے جن کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ممبر خالی کر دیا تھا؟ ۲۲۴۹

ج ۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا شاعر خاص کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟ ۲۲۵۰

ج ۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ

س : ام المومنین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کی سگی بہن کس صحابی کے نکاح میں داخل تھیں؟ ۲۲۵۱

ج ۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے نکاح میں۔

س : وہ کون صحابی ہیں جو بحیثیت داعی یثرب (مدینہ) سب سے پہلے

marfat.com

تشریف لے گئے؟ ۲۲۵۲

ج ۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ۔

س : وہ کون صحابی ہیں جنہیں ان کے والد قبول اسلام سے قبل دو دو درہم کا جوڑا خرید کر پہناتے تھے؟ ۲۲۵۳

ج ۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ۔

س : امیرین سے مراد کون صحابی ہیں؟ ۲۲۵۴

ج ۔ حضرت علی و حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما۔

س : اس پہلے شاعر کا اسم گرامی بتائیے جو کہ میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے چند آیتیں سن کر مسلمان ہو گئے؟ ۲۲۵۵

ج ۔ حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ۔

س : ذوالنور کس صحابی کا لقب تھا؟ ۲۲۵۶

ج ۔ حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ کا۔

س : حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ۲۲۵۷

ج ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود نے۔ (رضی اللہ عنہ)

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا تم تنہا رہو گے تنہا انتقال کرو گے اور حشر میں تنہا اٹھائے جاؤ گے؟ ۲۲۵۸

ج ۔ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کے بارے میں۔

س : وہ کون صحابی ہیں جنہیں خلیل رسول کہا جاتا ہے؟ ۲۲۵۹

ج ۔ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ۲۲۶۰

س : قرآن پاک کی تلاوت سب سے پہلے بلند آواز میں قریش کے سامنے کس نے کیا۔ ۲۲۶۲

marfat.com

ج ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے مقام ابراہیم پر سورۂ رحمٰن کی تلاوت کی۔

س : مسیح الاسلام کس صحابی کا لقب تھا ؟ ۲۲۶۲

ج ۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا۔

س : وہ کون صحابی ہیں جو اپنا رومال آگ میں ڈال کر صاف کیا کرتے تھے ؟ اور وہ رومال کیسا تھا ؟۔ ۲۲۶۳

ج ۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ آپ کے رومال سے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا چہرہ مبارکہ صاف فرمایا تھا؟

س : وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے اپنی بہن کے مشورہ سے اسلام قبول کیا۔

ج ۔ حاتم طائیؒ کے صاحبزادے حضرت عدی رضی اللہ عنہ ۔ ۲۲۶۴

س : عرب کے مشہور سخی حاتم طائیؒ کے بیٹے جو صحابی تھے ان کا اسم گرامی بتائیے۔

ج ۔ حضرت عدی رضی اللہ عنہ۔ ۲۲۶۵

س : ناجیہ کا لقب کس صحابی کو کب عطا ہوا ؟ ۲۲۶۶

ج ۔ حضرت ذکوان رضی اللہ عنہ کو۔ قریش سے جب آپ کو نجات ملی تو آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ لقب عطا فرمایا۔ (مشکوٰۃ۔ صـ۶۲۰)

س ۔ آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے امین الامت کا خطاب کس کو عطا فرمایا ؟ ۲۲۶۷

ج ۔ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو۔ (مشکوٰۃ صـ۶۰۸)

س : حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کتنے سال تک مسلسل اسلام کے خلاف دشمن فوج کی کمان کرتے رہے۔ ؟ ۲۲۶۸

ج ۔ سات سال تک۔

س : حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی کنیت اور اصل نام بتایئے ؟ ۲۲۶۹

ج ۔ اصل نام صخر تھا۔ آپ کی کنیت دو تھی۔ ابوسفیان اور ابوحنظلہ۔

س : اسلام لانے سے قبل حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے مسلمانوں

marfat.com

کے خلاف کن جنگوں کی قیادت کی؟ ۲۲۷۰

ج ۔ جنگ خندق اور جنگ احد کی۔

س : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟ ۲۲۷۱

ج ۔ فقیہ الامت۔

س : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کس جنگ میں شہید ہوئے؟ ۲۲۷۲

ج ۔ جنگ احد میں۔ (سیرۃ البخاری ص ۲۶۶)

س : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ضیافت مع صحابہ کرام کس موقعہ پر کیا۔ ؟ ۲۲۷۳

ج ۔ غزوۂ خندق کے موقعہ پر۔

س : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے غزوۂ خندق کے موقعہ پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی ضیافت میں کیا اہتمام فرمایا؟ ۲۲۷۴

ج ۔ ایک صاع جو کا آٹا اور ایک بکری کے بچے کا گوشت۔

س : حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے جس کھانے سے اہل خندق کی ضیافت کی اس میں کیسے برکت پیدا ہوئی؟ ۲۲۷۵

ج ۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن ڈالنے کی وجہ سے۔

س : گھوڑے سے بھی تیز رفتار دوڑنے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے۔

ج ۔ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ۔ ۲۲۷۶

س : حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کس خلیفہ کے نامور نواسہ تھے۔

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے۔ ۲۲۷۷

س : حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے لاش کی بے حرمتی کس نے کی؟ ۲۲۷۸

ج ۔ حجاج بن یوسف نے۔

marfat.com

س : وہ کون صحابی ہیں جن کی شکل میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کبھی کبھی تشریف لاتے تھے؟ ۲۲۷۹

ج ۔ حضرت دحیۃ الکلبی رضی اللہ عنہ۔ (اسمائے رجال مشکوٰۃ)

س : جنگل کا راستہ شیر کی نگرانی میں طے کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۲۸۰

ج ۔ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟ ۲۲۸۱

ج ۔ مہران۔ (کنز العمال، ص۶۹۲ ج ۱۱) اور حیوٰۃ الحیوان ص۵، پر رومان لمہان، مہران، عمیر لکھا ہے۔ ۲۲۸۲

س : حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کس قبیلے کے رئیس اعظم تھے؟

ج ۔ قبیلہ اوس کے (سیرۃ النبی اول ص۳۰۶) ۲۲۸۳

س : وہ کون صحابی ہیں جن کی قبر سے صحابہ کرام نے خوشبو نکلتے محسوس کیا؟ ۲۲۸۴

ج ۔ حضرت عبیدہ بن حارث مطلبی رضی اللہ عنہ۔

س : تختۂ دار پر چڑھنے سے پہلے دو رکعت نماز نفل سب سے پہلے پڑھنے والے صحابی کا اسم گرامی کیا ہے۔ ۲۲۸۵

ج ۔ حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ۔

س : بلیغ الارض کس صحابی کا لقب ہے؟ ۲۲۸۶

ج ۔ حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ کا

س : ایک صحابی کی لاش زمین نگل گئی تاکہ مشرکین اس پر قابو نہ پا سکیں کیا آپ کو ان کا نام معلوم ہے؟ ۲۲۸۷

ج ۔ حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : وہ کون صحابی ہیں جنہیں ثقل سماعت تھا (یعنی اونچا سنتے تھے) ۲۲۸۸
ج ۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ
س : حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ کی قبر کہاں واقع ہے؟ ۲۲۸۹
ج ۔ دمشق کے بالائے کوہ محلہ میدان میں۔
س : حضرت طلحہ و زبیر رضی اللہ عنہما کے مزارات کہاں واقع ہے۔ ۲۲۹۰
ج ۔ بصرہ کے نخلستان میں۔
س : حضرت طلحہ و زبیر رضی اللہ عنہما کی شہادت کس جنگ میں ہوئی۔ ۲۲۹۱
ج ۔ حضرت طلحہ جنگ جمل میں شہید ہوئے اور حضرت زبیر واپس ہو رہے تھے تو راستے میں ابن جرموز نے شہید کر دیا۔ رضی اللہ عنہما۔
س : مصطفےٰ کمال پاشا سے پہلے ترکی بادشاہوں کے تاجپوشی کی رسم کہاں ادا ہوتی تھی؟ ۲۲۹۲
ج ۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مزار پر۔
س : قیصر روم کے عہد میں قسطنطنیہ کے یہودی و عیسائی بارش کی طلب کے لیے دعا کرنے کس صحابی کی قبر پر جاتے تھے؟ ۲۲۹۳
ج ۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے۔
س : حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟ ۲۲۹۴
ج ۔ خالد بن زید (سیرۃ النبی اول ص ۲۷۹)
س : حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۲۲۹۵
ج ۔ قسطنطنیہ میں۔ فصیل کے نیچے۔
س : حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۲۲۹۶
ج ۔ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا۔
س : مسجد نبوی میں سب سے پہلے قندیلوں کے ذریعہ روشنی کا انتظام کس

marfat.com

صحابی نے کیا؛ ۲۲۹۷

ج ۔ حضرت تمیم ابن اوس داری رضی اللہ عنہ نے (ابن ماجہ ص۵۶)

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر مبارکہ کس صحابی کو عطا فرمایا؛ جو شاعر بھی تھے۔ ۲۲۹۸

ج ۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کو۔

س : بعد وصال حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی عطا کردہ چادر مبارکہ کتنے کتنے میں خریدا؛ ۲۲۹۹

ج ۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے ۲۰ ہزار درہم میں۔ (۲۰,۰۰۰)

: نوٹ :۔ یہ چادر سلاطین روم میں اب بھی باقی ہے۔

س ۔ الفاظ اذان خواب میں سننے والے کتنے صحابہ کرام تھے؛ ۲۳۰۰

ج : سات' مگر سب سے پہلے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حضرت عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا۔

س ۔ الفاظ اذان خواب میں کس نے سنائے؛ ۲۳۰۱

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔

س : خطیب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب کس کو حاصل ہے؛ ۲۳۰۲

ج ۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو۔

س : حضرت ضحاک ابن سفیان رضی اللہ عنہ کا لقب بتلیئے؛ ۲۳۰۳

ج ۔ سیاف رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔

س : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کن صحابی کو منافقوں کے نام بتا دیئے تھے؛ ۲۳۰۴

ج ۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : صاحب السر یعنی رازدار رسول علیہ السلام کس کا لقب تھا؛ ۲۳۰۵

marfat.com

ج ۔ حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ کا۔
س : وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے ایک وقت کی بھی نماز نہ پڑھی اور شہید ہو کر جنتی ہو گئے؟ ۲۳۰۶
ج : حضرت اُصیرم بن ثابت اشہلی رضی اللہ عنہ۔
س ۔ کس صحابی کی مہمان نوازی اللہ تعالیٰ نے پسند فرمائی؟ ۲۳۰۷
ج : حضرت ابوطلحہ بن زید بن سہیل رضی اللہ عنہ کی۔
س : رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک سے دفن ہونے والے صحابی کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۲۳۰۸
ج ۔ حضرت عبداللہ ذوالبجادین رضی اللہ عنہ
س : اسلام لانے کے جرم میں مشرکین مکہ کس صحابی کو جلتے ہوئے کوئلے پر لٹا کر اذیت پہنچاتے تھے؟ ۲۳۰۹
ج ۔ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کو۔
س : صحابۂ کرام میں سے سب سے آخر میں کس کا وصال ہوا؟ ۲۳۱۰
ج ۔ حضرت ابوالطفیل عامر بن واثلہ اللیثی رضی اللہ عنہ کا۔
س : خلیفۂ برحق ہونے والے حضرات کو کیا کہتے ہیں؟ ۲۳۱۱
ج ۔ خلفائے راشدین۔
س : خلفائے راشدین کی خلافت کو کیا کہا جاتا ہے؟ ۲۳۱۲
ج ۔ خلافت راشدہ۔
س : یہودیوں کے سب سے بڑے عالم کا اسم گرامی بتلایئے جنہوں نے اسلام قبول کیا؟ ۲۳۱۳
ج ۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ۔ ۲۳۱۴
س : حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا اسم گرامی بتایئے؟۔

marfat.com

ج ۔ حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما۔

س : اسلام کی راہ میں ایک ہی گھر کے افراد مشرکوں کے ظلم وستم کا نشانہ بنے ان کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۲۳۱۵

ج ۔ حضرت یاسر اور انکی زوجہ سمیہ، اور صاحبزادے عمار رضی اللہ عنہم۔

س : حضرت عمار اور ان کے اہل خانہ کو کس نے تختۂ مشق بنایا؟ (رضی اللہ عنہ)

ج ۔ ابوجہل نے۔ ۲۳۱۶

س : قرآن پاک کی وہ کون سی آیت ہے جو حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی؟ ۲۳۱۷

ج ۔ ومن یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ۔

س : قبیلہ بنی تمیم کے لوگ کن صحابۂ کرام کا تمسخر ان کی غربت کی وجہ سے کرتے تھے؟ ۲۳۱۸

ج ۔ حضرت عمار حضرت بلال، صہیب رومی، سلمان فارسی رضی اللہ عنہم کا۔

س : حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟ ۲۳۱۹

ج ۔ آپ مالی کا کام کرتے تھے

س : وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے فتح مکہ کی تیاری کی اطلاع بذریعہ خط مکہ روانہ کیا تھا؟ ۲۳۲۰

ج ۔ حضرت حاطب بن بلتعہ رضی اللہ عنہ

س : حضرت حاطب بن بلتعہ رضی اللہ عنہ کا خط مکہ لیجانے والی عورت کا نام بتایئے

ج ۔ خاندان بنی ہاشم کی باندی سارہ جسے راستے ہی میں روضہ خاخ کے مقام پر گرفتار کرلیا گیا۔ ۲۳۲۱

س : حضرت ارقم رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ۲۳۲۲

marfat.com

ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص نے۔ (رضی اللہ عنہ)
س : کس صحابی کی نماز جنازہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی میں پڑھائی۔
ج ۔ حضرت سہل بن بیضا رضی اللہ عنہ کی۔ ۲۳۲۳
س : اسلام کی راہ میں سب سے پہلے شہید ہونے والے صحابی کا اسم گرامی بتلیئے!
ج ۔ حضرت حارث بن ابی ہالہ رضی اللہ عنہ۔ ۲۳۲۴
س : سب سے زیادہ احادیث کس صحابی سے مروی ہیں؟ ۲۳۲۵
ج ۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے۔
س : کس صحابی کے مکان میں خواب آلود رات میں بیداری کا چراغ ٹمٹایا کرتا تھا۔ ۲۳۲۶
ج ۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جن کے یہاں تہجد کا اہتمام ہوتا تھا۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپ کے صدمے سے کس صحابی کا انتقال ہوا؟ ۲۳۲۷
ج ۔ حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کا۔
س ۔ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کے چرانے کی خدمت کس صحابی کے سپرد تھی؟ ۲۳۲۸
ج ۔ حضرت یسار رضی اللہ عنہ کے۔
س : ازواج مطہرات کے نگراں صحابی کا اسم گرامی بتلیئے؟ ۲۳۲۹
ج ۔ حضرت اسید بن حضیر سعدی رضی اللہ عنہ۔
س : ازواج مطہرات کی حفاظت پر کون صحابی معمور رہا کرتے تھے؟
ج ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ۔ ۲۳۳۰
س : حضرت رشید بن مغیرہ رضی اللہ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟ ۲۳۳۱
ج ۔ لوہار تھے۔
س : حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ کا پیشہ بتلیے کیا تھا؟ ۲۳۳۲

marfat.com

ج ۔ آپ مالی کا کام کرتے تھے۔

س : دوسی قبیلے کے لوگوں نے کس صحابی کے اشعار سے متاثر ہو کر اسلام قبول کیا۔؟ ۲۳۳۲

ج ۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے

س : شاتم رسول (گالی دینے والی، اسما دبنت مروان بن امیہ بن زید کو کس نابینا صحابی نے قتل کیا؟ ۲۳۳۳

ج ۔ حضرت عمیر بن عدا لخطمی رضی اللہ عنہ نے۔

س : سواح ہای بت توڑنے کا حکم بارگاہِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کس کو ہوا؟ ۲۳۳۴

ج ۔ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو۔

س : منات کے توڑنے پر کون مامور کئے گئے تھے؟ ۲۳۳۵

ج ۔ حضرت اسعد بن فیروز رضی اللہ عنہ۔

س : وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں چند شعر کہے جس کی برکت سے ایک دانت بھی نہ گرے۔ ۲۳۳۶

ج ۔ حضرت نائلہ رضی اللہ عنہ۔ عمر ایک سو بیس سال کی ہوئی۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کو توریت پڑھ کر کون صحابی سنایا کرتے تھے؟

ج ۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ۔ ۲۳۳۷

س : ضیغم اسلام کس صحابی کا لقب تھا؟ ۲۳۳۸

ج ۔ حضرت مزار سعدی رضی اللہ عنہ کا۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ انگوٹھی مبارکہ جو آپ بطور مہر استعمال فرماتے تھے کس صحابی کی انگلی سے کنوئیں میں گر گئی تھی؟ ۲۳۳۹

ج : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے۔

س : انگشتری رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے جس کنوئیں میں

marfat.com

گہری اس کا نام بتایئے ؟ ۲۳۴۰

ج ۔ بیرار یس نامی کنوئیں میں۔

س : جنت البقیع میں سب سے پہلے کس صحابی کی تدفین عمل میں آئی؟ ۲۳۴۱

ج ۔ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی۔ ۲۳۴۲

س : وہ کون صحابی ہیں جو قرآن مجید کے آخری وحی کے کاتب ہوئے؟ ۲۳۴۳

ج ۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی زوجہ محترمہ کا نام بتایئے ؟ ۲۳۴۴

ج ۔ حضرت خولہ بنت حکیم۔

س ۔ شگفتہ مزاح (ہنسی مذاق کرنے والے) صحابی کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۲۳۴۵

ج : حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ۔

س : روزانہ کدو بطور سنت کون صحابی استعمال کرتے تھے ؟ ۲۳۴۶

ج ۔ حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے شادی فرمانے کے بعد دعوت ولیمہ کا اہتمام کون صحابی کیا کرتے تھے ؟ ۲۳۴۷

ج ۔ حضرت عمرو بن الجموع رضی اللہ عنہ۔

س : عرب میں قحط سالی کے ایام میں حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کس صحابی کے وسیلے سے دعا کرتے تھے ؟ ۲۳۴۸

ج ۔ حضرت سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کے وسیلے سے۔

س : حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے گھر کے کل اثاثہ کی قیمت کتنی تھی۔

ج ۔ ستو درھم ۲۳۴۹

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے رجل صالح کس صحابی کو فرمایا ؟ ۔ ۲۳۵۰

ج ۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو۔

marfat.com

س : وہ کون صحابی ہیں جن کے لئے فتح مکہ کے بعد بارگاہ رسول علیہ السلام سے قتل کا حکم جاری ہو گیا تھا؟ ۲۳۵۱

ج ۔ حضرت عکرمہ بن ابوجہل رضی اللہ عنہ، آپ کی زوجہ حکیمہ بنت حارث نے امن طلب کر لیا بعدہٗ اسلام کی لازوال دولت سے مشرف ہو گئے۔

س : حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے گھر کے کل اثاثہ کی قیمت بتائیے۔

ج دو درہم سے زیادہ نہ تھی۔ ۲۳۵۲

س ۔ وہ کون صحابی ہیں۔ جو مصر کا گورنر ہونے کے باوجود پریشان منہ اور پابرہنہ ہوتے تھے۔ ۲۳۵۳

ج : حضرت فضالہ رضی اللہ عنہ

س ۔ حمص کے گورنر کون صحابی تھے جو اپنا وظیفہ راہ خدا میں صرف کر کے فقیرانہ زندگی گذارتے تھے۔ ۲۳۵۴

ج : حضرت سعید بن عامر رضی اللہ عنہ۔

س ۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں کوفہ کا گورنر کس کو بنایا تھا۔ ۲۳۵۵

ج : حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو۔

س : وہ کون صحابی ہیں جو فاتح سجستان ہونے کے باوجود ارش یں جھاڑو سے گلیاں صاف کیا کرتے تھے۔ ۲۳۵۶

ج ۔ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ۔

س : اسلام کے بہت بڑے دشمن کے بیٹے جو صحابی تھے ان کا اسم گرامی بتلیئے؟ ۲۳۵۷

ج ۔ حضرت عکرمہ بن ابوجہل رضی اللہ عنہ۔

س : ہجوم عاشقاں میں سے وہ کون صحابی ہیں جو مسواک قلم کی طرح کانوں میں

marfat.com

لگائے رہتے تھے۔ ۲۳۵۸

ج : حضرت ارقم رضی اللہ عنہ۔

س : مسجدوں سے دور صحرا اور ریگستانوں میں چلتی پھرتی مسجد بنا کر نماز کے ذریعہ شوق عبودیت پوری کرنے والے صحابی کے اسمائے گرامی بتائیے۔

ج ۔ حضرت عبداللہ بن عمر اور انس بن مالک رضی اللہ عنہما۔ ۲۳۵۹

س : غزوۂ احد میں جمال نبوت کے شیدائی خورشید نبوت کا ہالہ بن کر دائیں بائیں آگے پیچھے سے حملہ روکنے والے صحابی کا اسم گرامی بتائیے! ۲۳۶۰

ج ۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ

س : امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کن صحابی کو صاحب اُحد کہتے تھے۔ ۲۳۶۱

ج ۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : وہ کون صحابی ہیں جو لنگڑا ہونے کے باوجود غزوۂ احد میں شریک ہو کر شہید ہوئے؟ ۲۳۶۲

ج ۔ حضرت عمرو بن جموع رضی اللہ عنہ

س : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اسلام لانے میں کتنے نمبر پر تھے

ج ۔ چھٹے نمبر پر۔

۲۳۶۳

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے کس نے کون سا ایسا سوال کیا کہ ان سے پہلے کسی نے نہ کیا! ۲۳۶۴

ج ۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے: "آپ کا زیادہ شفاعت کا حقدار کون ہوگا"

س : حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا اصل نام کیا تھا؟ ۲۳۶۵

marfat.com

ج ۔ عبداللہ بن قیس۔

س : وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے حضرت دانیال علیہ السلام کے جسد خاکی کی زیارت کی ۔ ۲۳۶۶

ج ۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت دانیال علیہ السلام کے جسد خاکی کو کفنا کر خوشبو لگا کر جنازہ پڑھنے کے بعد کس نے دفن کیا؟ ۲۳۶۷

ج ۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا فرمایا تھا؟ ۲۳۶۸

ج ۔ ابو موسیٰ مجسم علم ہیں۔

س : وہ کون صحابی ہیں جن کو لحن داؤدی کا ایک حصہ ملا تھا؟ ۲۳۶۹

ج ۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ۔

س : معرکۂ بدر الکبریٰ کے فتح کی خوشخبری مدینہ پہونچانے کے لئے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کن صحابۂ کرام کو روانہ فرمایا تھا؟ ۲۳۷۰

ج ۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما کو۔

س : ذوالقعدہ ۲ھ میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر ثانیہ کیلئے تشریف لیجاتے وقت اپنا نائب مدینہ میں کس کو بنایا تھا؟ ۲۳۷۱

ج ۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : سریۂ رجیع میں کفار نے دھوکہ دیکر کن دو صحابہ کو گرفتار کر لیا تھا؟

ج ۔ حضرت خبیب بن عدی و حضرت زید بن دثنہ رضی اللہ عنہما کو ۲۳۷۲

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بیس ۲۰ رکعت نماز تراویح کی جماعت قائم فرما کر کس کو امام بنایا تھا؟ ۲۳۷۳

marfat.com

ج ۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو۔

س : نجاشی بادشاہ نے ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو کس کے زیر نگرانی میں حبشہ سے روانہ کیا تھا ؟ ۲۳۷۴

ج ۔ حضرت شرجیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ کے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے قمیص عاریتاً کس صحابی سے لی تھی۔ ۲۳۷۵

ج ۔ حضرت شرجیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ سے۔

س : دربار نجاشی میں ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے بوقت نکاح اپنا وکیل کس کو بنایا تھا ؟ ۲۳۷۶

ج ۔ حضرت خالد بن سعید رضی اللہ عنہ (مہاجر حبشہ) کو۔

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا کہ عرش رحمٰن بھی جھوم گیا۔ ۲۳۷۷

ج ۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے لیے۔

س : حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ کا سر قلم کرنے والے کو سو اونٹ دینے کا اعلان کس نے کیا تھا ؟ ۲۳۷۸

ج ۔ سلافہ بنت سعد نے آپ کے سر کا پیالہ بنا کر اس میں شراب پینے کا عہد کیا تھا لیکن اس کا یہ عہد پورا نہ ہو سکا۔

س : اللہ تعالیٰ نے حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ کے لاش کی حفاظت کس طرح فرمائی ؟ ۲۳۷۹

ج ۔ بَروں کو مقرر فرمایا جس نے احاطہ کر رکھا اور رات میں پانی کا سیلاب آیا لاش کو بہالے گیا۔

س : امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عراق کی زمینوں کی پیمائش کا کام کس کے سپرد فرمایا تھا۔ ؟ ۲۳۸۰

marfat.com

ج ۔ حضرت عثمان بن حنیف و حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہما کے۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کو یمن کا بہترین شخص فرمایا؟ ۲۳۸۱

ج ۔ حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کو۔

س : امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کس صحابی کو امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یوسف کہا کرتے تھے؟ ۲۳۸۲

ج ۔ حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کو۔

س : قبول اسلام سے قبل ایک صحابی کا نام ڈاکہ زنی غارتگری کی وجہ سے دہشت پڑ گیا تھا ان کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۳۸۳

ج ۔ حضرت عمرو بن معدی کرب رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی کنیت بتایئے؟ ۲۳۸۴

ج ۔ ابو الیقظان۔

س : کونہ کی سرزمین کو اپنے دامن میں لینے کا کس صحابی کو پہلا موقعہ میسر آیا۔

ج ۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو۔ ۲۳۸۵

س : حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے۔ ۲۳۸۶

س : ۴۴ھ میں غلاقہ قفص بلوچستان کس صحابی نے فتح کیا؟ ۲۳۸۷

ج ۔ حضرت سہل بن عدی خزرجی انصاری رضی اللہ عنہ نے۔

س : خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں کتنے صحابہ کرام وارد برصغیر ہوئے اور ارض ہند کے بعض علاقوں میں تبلیغ دین کا فریضہ انجام دیا؟ ۲۳۸۸

ج ۔ ۱۲ صحابہ کرام

س : شہد کی مکھی خدائی فوج کا ایک جزء ہے۔ یہ مثل کب مشہور ہوئی؟ ۲۳۸۹

marfat.com

ج ۔ حضرت قیقاع رضی اللہ عنہ نے جب شہد لاتے ہوئے گدھوں اور خچروں پر تلوار سے حملہ کیا:

س : ماوراء النہر میں سب سے پہلے نماز ادا کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۲۳۹۰

ج ۔ حضرت حکم بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ

س : وہ کون صحابی ہیں جن کی اولاد کو سب سے پہلے ترکہ عصبیہ شرعی ملا۔

ج ۔ حضرت سعد بن زید رضی اللہ عنہ۔ ۲۳۹۱

س : اصدق المومنین کا خطاب کس صحابی کو ملا؟ ۲۳۹۲

ج ۔ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کو۔

س : وہ کون خوش نصیب صحابی ہیں جن کو سلام رب قدیر کی جانب سے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچا۔

ج ۔ حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ۔ ۲۳۹۳

س : بتلایئے سب سے پہلے مہاجرین کے مکان کے لیے زمین کس نے دی؟ ۲۳۹۴

ج ۔ حضرت حارثہ بن نعمان رضی اللہ عنہ نے (سیرۃ النبی اول ص۴۸۵)

س : جنت کی لاتج میں حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کی لاش تختۂ دار سے اتارنے والے صحابۂ کرام کے اسمائے گرامی بتلایئے؟ ۲۳۹۵

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام اور مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہما اور بعض نے عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ کو بتایا ہے؛

س : سب سے پہلے جمعہ کے دن لوگوں کو جمع کر کے پند و نصائح کس صحابی نے کیا؟ ۲۳۹۶۔

ج ۔ حضرت کعب بن لوی رضی اللہ عنہ نے۔

marfat.com

س : رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نعلین پاک اٹھانے اور تکیہ شریف درست کرنے کی سعادت اور وضو کے لئے پانی پیش کرنے کی خدمت کس کو حاصل تھی؟ ۲۳۹۷

ج ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کن چار شخصیتوں کے بارے میں فرمایا کہ قرآن ان سے سیکھو۔ ۲۳۹۸

ج ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود۔ سالم مولیٰ ابی حذیفہ، ابی بن کعب، معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم۔

س : حضرت خباب رضی اللہ عنہ کا پیشہ کیا تھا؟ ۲۳۹۹

ج ۔ آپ لوہاری کا کام کرتے تھے۔ تلوار اور دیگر سامان بہت ہی عمدہ تیار فرماتے تھے۔

س : ذوالشہادتین کا لقب کس صحابی کو حاصل تھا؟ ۲۴۰۰

ج ۔ حضرت خذیمہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : ذوالجناحین کا لقب کس صحابی کو عطا ہوا؟ ۲۴۰۱

ج ۔ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کو۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارکہ میں فتویٰ دینے والے صحابۂ کرام کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۲۴۰۲

ج ۔ حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی، مولیٰ علی، عبدالرحمٰن بن عوف، ابی بن کعب، عبداللہ بن مسعود، معاذ بن جبل، عمار بن یاسر، حذیفہ بن الیمان، زید بن ثابت، سلمان فارسی، ابوالدرداء، ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہم۔

س : مقام ابراہیم کو مصلیٰ کس صحابی کی خواہش پر بنایا گیا۔ ۲۴۰۳

ج : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی

marfat.com

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں کس صحابی کو آگے بیٹھنے کی جگہ ملتی تھی؟

ج ۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو (ثقل سماعت کی وجہ سے)

ج ۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی۔

س : وہ کون صحابی ہیں جو جنت کا پھل سب سے پہلے کھائیں گے! ۲۴۰۴

ج ۔ حضرت ابو الدحداح رضی اللہ عنہ۔ (کنز العمال ص ۵۶، ج ۱۱)

س : حوض کوثر پر سب سے پہلے سیراب ہونے والے صحابی کا اسم گرامی بتائیے۔

ج ۔ حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ۔

س : قیامت کے دن سب سے پہلے فرشتے کس صحابی سے مصافحہ کریں گے؟ ۲۴۰۶

ج ۔ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کن صحابہ کرام کے بارے میں فرمایا "فداك امی وابی" ۲۴۰۷

ج ۔ حضرت زبیر و حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہما کے بارے میں

س اسلام میں سب سے پہلے بعد ہجرت کن کی ولادت ہوئی؟ ۲۴۰۸

ج : حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کی۔

س ۔ بعد ہجرت مدینہ انصار میں کن کی ولادت ہوئی؟ ۲۴۰۹

ج ۔ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی۔

س : عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں واجب القتل مجرموں کا سر کون صحابہ کرام قلم کرتے تھے؟ ۲۴۱۰

ج ۔ حضرت علی، حضرت زبیر بن العوام، حضرت مقداد بن عمرو، حضرت محمد بن مسلمہ، حضرت عاصم، حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ عنہم۔

س : حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کتنے دنوں میں یہودیوں کی کتاب پڑھ لیے تھے؟ ۲۴۱۱

ج ۔ ۱۵ دن میں۔

marfat.com

س : بیت اللہ شریف میں ایک صحابی اسقدر خشوع و خضوع کے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے کہ جانور سوکھا درخت سمجھ کر بیٹھ جایا کرتے تھے وہ کون ہیں؟

ج ۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ جو غار ثور میں ہجرت کے موقعہ پہ دودھ پہنچاتے تھے کس غزوہ میں شہید ہوئے

ج ۔ غزوۂ بدر، احد میں شریک ہوئے اور غزوۂ بیر معونہ میں عامر بن الطفیل نے شہید کیا اور فرشتوں نے آپ کو دفن کیا۔

س : بروز قیامت علمائے کرام کا امام کس صحابی کو بنایا جائے گا۔ ۲۴۱۳

ج ۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو (کنز العمال ص ۲۷)

س : بوقت وصال آقا صلی اللہ علیہ وسلم صحابۂ کرام کی تعداد کیا تھی؟ ۲۴۱۴

ج ۔ تقریباً ایک لاکھ ۲۴ ہزار۔

س : اصحاب الہجرتین کن لوگوں کو کہا جاتا ہے؟ ۲۴۱۵

ج ۔ جن لوگوں نے پہلے حبشہ کی طرف بعدہٗ مدینہ کی طرف ہجرت کی۔

س : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ آنے والوں میں سے پہلے کس کا وصال ہوا؟ ۲۴۱۶

ج ۔ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کا۔

س : سید الشہداء کون لوگ ہیں؟ ۲۴۱۷

ج ۔ خلفائے راشدین، سیدنا امام حسین، امیر حمزہ، مختلف معانی سے (رضی اللہ عنہم)

س : قیامت کے دن مختلف جھنڈے کن لوگوں کے ہاتھ میں ہوں گے۔ ۲۴۱۸

ج ۔ صبر کا جھنڈا امام حسین، سخاوت کا جھنڈا عثمان غنی، شجاعت کا علی، رضوان اللہ عنہم کے ہاتھوں میں ہوں گے۔

س : روضۂ رسول علیہ السلام کس نے بنایا؟ ۲۴۱۹

ج ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے۔

marfat.com

س : شبینہ ایک رکعت میں ختم کرنے والے حضرات کے اسمائے گرامی بتلیئے ! ۲۴۲۰

ج ۔ حضرت عثمان غنی، سعید بن جبیر اور امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہم

س : ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کوہ اُحد پر پاؤں مارتے ہوئے فرمایا احد ٹھہر جا۔ تجھ پر ایک نبی ایک صدیق دو شہید ہیں۔ دونوں شہید کون تھے ؟ ۲۴۲۱

ج ۔ حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما۔

ایک ٹھوکر میں احد کا زلزلہ جاتا رہا !
رکھتی ہیں کتنا وقار اللہ اکبر ایڑیاں

س : ان صحابی کا اسم گرامی بتایئے جو ایک ہی رات میں قرآن مجید ختم فرمائے۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سات روز میں ختم کرنے کا حکم دیا۔ ۲۴۲۲

ج ۔ حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ۔

س : فتح مکہ کے بعد اہل مکہ کو قرآن کی تعلیم دینے کے لیے کن صحابہ کا تقرر فرمایا گیا۔؟ ۲۴۲۳

ج ۔ حضرت عبداللہ بن عمرو۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کا۔

س : حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بعد عرب کے سب سے زیادہ دولت مند شخص کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۴۲۴

ج ۔ حضرت عبداللہ بن عوف رضی اللہ عنہ۔

س : کس صحابی کی رائے سے محرم کو اسلامی سال کا اول ماہ قرار دیا گیا؟

ج ۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی رائے سے۔ ۲۴۲۵

س : حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کس صحابی کی رائے سے سنہ ہجری کا

marfat.com

آغاز کیا؟ ۲۴۲۵

ج ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رائے ہے۔

س : دنیا کا سب سے پہلا امان نامہ کس کو ملا؟ ۲۴۲۶

ج ۔ حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ کو۔

س : عہدِ رسالت میں قرآن حکیم حفظ کرنے والے پانچوں صحابہ کرام کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۲۴۲۷

ج ۔ عبداللہ بن مسعود، معاذ بن جبل، ابی بن کعب، سالم، زید بن ثابت رضی اللہ عنہم۔

س : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلے اسلام ظاہر کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۴۲۸

ج ۔ حضرت خباب بن العرص تمیمی رضی اللہ عنہ۔

س : سب سے پہلے احادیث جمع کرنے والے صحابی کا اسم گرامی بتایئے ۲۴۲۹

ج ۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما۔

س : سب سے پہلے اسلام میں مسجد کس نے بنائی؟ ۲۴۳۰

ج ۔ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے۔

س : سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں نعت کی لڑیاں کس نے پروئیں۔ ۲۴۳۱

ج ۔ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے۔

س : حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر پر نشان کے لیے پتھر اٹھا کر کس نے قبر پر رکھے۔ ۲۴۳۲

ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

س : مدینہ میں سب سے پہلے کس کے قتل کے جرم میں ایک غلام اور ایک لونڈی

marfat.com

کو پھانسی دی گئی۔ ۲۴۳۳

ج ۔ حضرت ام ورقہ بنت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے قتل کی سزا میں۔
(الاستعباب ص ۱۹۶۵)

س : امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔ ۲۴۳۴

ج ۔ پانچ سو انتالیس ۵۳۹ (مشکوٰۃ شریف)

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو کتنے دفعہ سپہ سالار بنایا گیا؟

ج ۔ نو مرتبہ۔ ۲۴۳۵

س : حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے عہد کی سب سے پہلی جنگ کا نام بتایئے؟ ۲۴۳۶

ج ۔ جنگ یرموک۔

س : حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کون سا کاروبار کرتے تھے؟ ۲۴۳۷

ج ۔ تجارت کپڑے کی۔

س اسلامی سپہ سالاروں میں سب سے کم عمر سپہ سالار کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۴۳۸

ج ۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کاتبین کی تعداد بتایئے؟ ۲۴۳۹

ج ۔ تیرہ ۱۳ ۔

س : وہ کون صحابی ہیں جن کے جنازہ میں فرشتوں کا ازدہام دیکھ کر ایک یہودی مسلمان ہو گیا؟ جس کی عمر ستر سال کی تھی۔ ۲۴۴۰

ج ۔ حضرت سہل تستری رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت عمر بن حصین و زبیر رضی اللہ عنہما کون سا پیشہ اختیار کیے تھے

ج ۔ قصاب تھے گوشت بیچتے تھے۔ ۲۴۴۱

marfat.com

س : کیا بتا سکتے ہیں کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کے لئے فداک امی و ابی کب فرمایا تھا؟ ۲۴۴۲

ج ۔ غزوۂ خندق کے موقعہ پر جب انہوں نے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق یہود بنی قریظہ کی خبر لانے کے پر خطر کام کو سرانجام فرمایا تھا

س : وہ کون صحابی ہیں جن کے متعلق آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اسکا وارث ہوں اور وہ میرا وارث ہے۔ ۲۴۴۳

ج ۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت عمر فاروق کی بہن حضرت فاطمہ بنت خطاب اور ان کے شوہر سعید بن زید رضی اللہ عنہم۔ کو قرآن مجید کون صحابی پڑھایا کرتے تھے؟

ج ۔ حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ ۲۴۴۴

س : ایران کے شہر نہاوند میں فاتح اسلامی لشکر کی قیادت میں کس داخل ہوا تھا؟ ۲۴۴۵

ج ۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی قیادت میں۔

س : وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے سورۂ نساء کی تلاوت سننے کے بعد شدت تاثیر سے رونے لگے۔؟ ۲۴۴۶

ج ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کے بارے میں فرمایا "آسمان کسی ایسے شخص پر سایہ فگن نہیں ہوا اور زمین نے کسی ایسے شخص کو اپنے کندھوں پر نہیں بٹھایا جو ان سے زیادہ سچی زبان رکھتا ہو؟ ان کا اسم گرامی بتایئے؟ ۔ ۲۴۴۷

ج ۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ۔

س : مشہور صحابی حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ محترمہ کا حضور ۸

marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا رشتہ تھا؟ ۲۴۴۹

ج ۔ آپ کی اہلیہ محترمہ حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی زاد بہن تھیں۔ اور ام المومنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی بہن تھیں۔

س : سنہ ۹ھ (عام الوفود - وفدوں کی آمد کا سال) میں جب بہراء کا وفد مدینہ منورہ میں پہونچا تو اس وفد کے میزبان کون تھے؟ ۲۴۵۰

ج ۔ حضرت مقداد رضی اللہ عنہ۔

س : غزوہ بدر کے موقعہ پر کس صحابی کے سر پر زرد عمامہ دیکھ کر سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ آج مسلمانوں کی مدد کے لئے فرشتے بھی زرد عمامہ باندھ کر آسمان سے اترے ہیں؟ ۲۴۵۱

ج ۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کے سر پر۔

س : انجمن صحابہ میں وہ کون خوش نصیب باپ بیٹے ہیں جو دونوں حب رسول کہلاتے تھے؟ ۲۴۵۲

ج ۔ حضرت زید بن حارثہ اور آپ کے صاحبزادے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہما۔

س : کفار مکہ نے حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ پر جو مظالم ڈھائے تھے ان میں سے کسی ایک کا تذکرہ کیجئے؟ ۲۴۵۳

ج ۔ آپ کے کپڑے اتروا کر دہکتے ہوئے انگارے پر لٹاتے اور سینہ پر بھاری پتھر رکھ دیتے۔ اور اس طرح زخموں سے خون اور پیپ بہتا کہ انگارے سرد ہو جاتے۔

س : حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی نگاہ کیسی تھی؟ ۲۴۵۴

ج ۔ اتنی تیز کہ صبح کے اندھیرے میں بھی تیر کا نشانہ دیکھ لیتے تھے۔

س : ان تین صحابۂ کرام کے اسمائے گرامی بتایئے جن کے متعلق حضور صلی اللہ

marfat.com

علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جنت تین آدمیوں کا اشتیاق رکھتی ہے ۲۴۵۵

ج ۔ حضرت علی، حضرت عمار، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہم۔

س : حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب اسلام میں داخل ہوئے تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟ ۲۴۵۶

ج ۔ "انک غلام معلم" (تم تعلیم یافتہ لڑکے ہو)

س : غزوۂ حنین کے موقع پر ایک مٹھی خاک لانے کا حکم آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کو دیا۔ ۲۴۵۷

ج ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو۔

س : معرکہ نہاوند (ایران) میں جب لشکر اسلام کے امیر حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے فرمان کے مطابق امیر لشکر کون صحابی ہوئے؟ ۲۴۵۸

ج ۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ۔

س : کفار مکہ کی ترغیب پر ایک صحابی نے قبل از اسلام اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لی تھی تاکہ بانی اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز تک نہ پہنچے کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے۔ ۲۴۵۹

ج ۔ حضرت طفیل دوسی رضی اللہ عنہ۔

س : بتایئے صدیق انصار کون صحابی تھے؟ ۲۴۶۰

ج ۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ جو قبیلہ اوس کے سردار تھے

س : اس جلیل القدر صحابی کا اسم گرامی بتلایئے؟ جن کی تبلیغ سے ان کا قبیلہ ایک ہی دن میں مسلمان ہو گیا؟ اور یہ شرف صرف ان ہی کو حاصل ہے! ۲۴۶۱

ج ۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ابو قتادہ کس صحابی کی کنیت تھی۔ ۲۴۶۲
ج ۔ حضرت حارث بن ربعی انصاری رضی اللہ عنہ کی۔
س : بتایئے حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کا لقب کیا تھا؟ ۲۴۶۳
ج ۔ فارس رسول اللہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہسوار)
س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ جنگ جمل میں حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کس کی طرف تھے۔ ۲۴۶۴
ج ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف۔
س : غزوۂ بدر پر روانہ ہونے سے قبل مسجد نبوی میں کس صحابی نے پرجوش تقریر کی تھی؟ ۲۴۶۵
ج ۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے۔
س : بتایئے حضرت ابو طلحہ زید بن سہل رضی اللہ عنہ نے کس کی تحریک پر اسلام قبول کیا تھا؟ ۲۴۶۶
ج ۔ مشہور صحابیہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہ کی تحریک پر۔
س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ میزبان رسول کس صحابی کا لقب تھا؟ ۲۴۶۷
ج ۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا۔
س : جن دنوں باغیوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے مکان کا محاصرہ کر رکھا تھا ان دنوں مسجد نبوی میں مسلمانوں کی امامت کون صحابی کرتے تھے؟۔ ۲۴۶۸
ج ۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ۔
س : خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنا مشہور علم "رایۃ الایمان" کس کے سپرد کیا تھا؟ ۲۴۶۹
ج ۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے۔

marfat.com

س : اس جلیل القدر صحابی کا اسم گرامی بتایئے جن کو ان کے قید کرنے والوں نے متعدد بار انگور کھاتے دیکھا تھا حالاں کہ ان دنوں مکہ میں انگور کا نام ونشان تک نہ تھا۔ ۲۴۷۰

ج ۔ حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ عنہ

س : بتایئے کفار مکہ نے حضرت زید بن دثنہ رضی اللہ عنہ کو جب سولی پر لٹکایا تو آپ کا مبارک سر کس نے قلم کیا؟ ۲۴۷۱

ج ۔ صفوان بن امیہ کے غلام قسطاس نے۔

س ایک صحابی نے شہید ہونے کے بعد خواب میں ایک مسلمان سے کہا تھا کہ فلاں نے میری زرہ اتاری ہے، خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے کہو واپس لے لیں مجھ پر اتنا قرض ہے، خلیفۃ الرسول (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ) زرہ بیچ کر قرض ادا کر دیں اور میرا فلاں غلام آزاد کر دیں چنانچہ ایسا ہی کیا گیا کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے۔ ۲۴۷۲

ج ۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ۔

س : کیا آپ بتا سکتے کہ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ (پہلے داعی اسلام) کے مدینہ منورہ میں فریضہ تبلیغ کے دوران کون میزبان تھے۔ ۲۴۷۳

ج ۔ حضرت اسعد بن زراہ رضی اللہ عنہ۔

س : کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کو کس مسجد کا امام بنایا تھا؟ ۲۴۷۴

ج ۔ مسجد بنی عبدالاشہلی کا۔

س : حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے آخری لمحات میں اپنے جانشین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو کون سی خصوصی وصیت کی تھی؟۔ ۲۴۷۵

ج ۔ بنو شیبان کے سردار حضرت مثنی بن حارث رضی اللہ عنہ کی مدد کیلئے

marfat.com

فوج روانہ کریں تاکہ وہ ایرانیوں کا مقابلہ کر سکیں۔ (حضرت مثنیٰ بن حارثہ رضی اللہ عنہ وہاں موجود تھے)

س : جنگ جسر کے اس نامور مجاہد کا اسم گرامی کیا ہے۔ جنہوں نے ٹوٹے ہوئے پل کو دوبارہ تیار کرنے تک ایرانیوں کے زبردست فوج کو اپنے مختصر ساتھیوں کے ساتھ روکے رکھا تھا ۲۴۷۶

ج ۔ حضرت مثنیٰ بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

س : وہ کون سے جنگجو صحابی ہیں جنہوں نے جھوٹے نبی طلیحہ بن خویلد اسدی کے خلاف صف آرا ہو کر مقام سمیرا پر شکست فاش دی اور واپسی پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال مبارک کی خبر سنتے ہیں؟ ۲۴۷۷

ج ۔ حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ۔

س : وہ کون سے مشہور جنگجو صحابی ہیں جن سے رومی ہیبت کھاتے تھے اور جن کا لقب ٹیڑ گیا تھا۔ برہنہ جنگجو۔ ۲۴۷۸

ج ۔ حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ۔

س : شام کی جنگجوں میں حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ ایک بار گرفتار ہو گئے تھے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ جب انہیں آزاد کرانے رومیوں کے مقابلے پر پہونچے تو دیکھا ایک نقاب پوش سوار لشکر اسلام کے آگے ہے اور رومیوں کا صفایا کر رہا ہے کیا آپ بتلا سکتے ہیں کہ وہ کون سوار تھے؟ ۲۴۷۹

ج ۔ حضرت ضرار بن ازور کی بہن خولہ بنت ازور رضی اللہ عنہا۔

س : وہ کون صحابی ہیں جو روٹیوں کو مل کر چیونٹیوں کے بلوں میں ڈالا کرتے تھے؟ ۲۴۸۰

ج ۔ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : حضرت ابو سفیان رضی اللہ عنہ کی آنکھیں کن جنگوں میں کام آئیں؟

ج ۔ ایک جنگ یرموک میں دوسری محاصرۂ طائف میں۔ ۲۴۸۱

س : حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کے لئے حجازی عمر کی بددعا، کی تھی جس سے اس کی عمر طویل ہو گئی تھی اور طرح طرح کی پریشانیوں میں گرفتار ہو گیا تھا بتایئے وہ کون تھا اور ایسا کیوں ہوا۔ ۲۴۸۲

ج ۔ اسامہ بن قتادہ جس نے تہمت لگائی تھی کہ وہ نہ جہاد پر جاتے ہیں اور نہ مال غنیمت کی تقسیم برابر کرتے ہیں!

س : جنگ بدر میں ایک صحابی اپنی دستار میں شتر مرغ کی کلغی لگائے لڑ رہے تھے ان کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۴۸۳

ج ۔ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ۔

س : غزوۂ احد میں قریش کے ایک مشہور جنگجو عثمان بن ابی طلحہ کو کس صحابی نے قتل کیا تھا اور ان کا نعرہ کیا تھا۔ ۲۴۸۴

ج ۔ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ نے اور آپ نے نعرہ لگایا تھا۔ "یہ لے میں ساقیٔ حجاج (عبدالمطلب) کا بیٹا ہوں۔

س : امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے امیہ بن خلف کو اپنا غلام دے کر حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو آزاد کروایا تھا کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں۔ ۲۴۸۵

ج ۔ قسطاس رومی جو اہل مکہ کے نزدیک بہت قیمتی تھا؟

س : عیدین اور نماز استسقاء کے موقعہ پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے برچھا کون صحابی چلا کرتے تھے؟ ۲۴۸۶

ج ۔ حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ

س : وہ کون صحابیہ ہیں جو شوہر بھائی بیٹے کی غزوۂ احد میں شہید ہونے

marfat.com

کی خبر سنکر بھی لوگوں سے پوچھ رہی تھیں کہ بتایئے میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کیسے ہیں؟ ۲۴۸۷

ج ۔ حضرت ہند، بھائی کا نام، حضرت عبداللہ بن عمرو بن حرام شوہر کا نام عمر بن جموح بیٹے کا نام خلاد بن عمرو بن جموح ہے (رضی اللہ عنہم)

س : مدائن کی گورنری میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کتنی تنخواہ لیتے تھے۔

ج ۔ کوئی تنخواہ نہ تھی، صرف دو وقت کا کھانا اور گدھے کے لئے چارہ۔ ۲۴۸۸

س : اصحاب صفہ کی تعلیم کے نگراں صحابی کا اسم گرامی بتلائیے۔ ۲۴۸۹

ج ۔ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ۔

س : سجستان کی فتح میں ۴۰ ہزار قیدی حاصل کرنے والے مجاہد کا اسم گرامی بتلیئے؟ ۲۴۹۰

ج ۔ حضرت ربیع بن زیاد حارثی رضی اللہ عنہ۔

س : غزوۂ بدر کے بعد صفوان بن امیہ نے مدینہ منورہ ایک شخص کو بھیجا تھا۔ تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیں مگر وہاں پہونچنے کے بعد انہوں نے اسلام قبول کر لیا ایسا کیوں ہوا؟ ۲۴۹۱

ج ۔ وہ حضرت عمیر بن وہب رضی اللہ عنہ تھے جن کے دل کی بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتادی تو وہ حیرت زدہ ہو گئے۔

س : جنگل میں جب حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کا ایک شیر سے آمنا سامنا ہوا تو آپنے شیر سے کیا کہا تھا؟ ۲۴۹۲

ج ۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام ہوں یہ سنتے ہی شیر نے گردن جھکالی۔

س : "الصادقہ" نام کے مجموعہ حدیث کے مرتب کون صحابی ہیں؟ ۲۴۹۳

ج ۔ حضرت عبداللہ بن عمر بن العاص رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س : ان چاروں بھائیوں کے اسمائے گرامی بتائیے جنہوں نے دارارقم میں ایک ساتھ اسلام قبول کیا؛ ۲۴۹۴

ج ۔ حضرت عاقل، حضرت ایاس، حضرت خالد، حضرت عامر رضی اللہ عنہم۔

س ایک صحابی نے مالک بن مالک نامی جن کی تحریک پر اسلام قبول کیا تھا ان کا اسم گرامی بتائیے؛ ۲۴۹۵

ج : حضرت خُرَیم بن فاتک الاسدی رضی اللہ عنہ

س ۔ ایک صحابی نے جو بنی سلیم میں سے تھے اپنے قبیلے کے بت سواع کے سر پر دو لومڑیوں کو دیکھ کر بت توڑ ڈالا تھا اور دامن اسلام میں داخل ہو گئے کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے؛ ۲۴۹۶

ج ۔ حضرت راشد بن عبدالرب رضی اللہ عنہ۔

صحابیات رضوانَ اللہِ عنہنّ

س : اسلام کی راہ میں سب سے پہلے شہید ہونے والی صحابیہ کا اسم گرامی بتائیے

ج ۔ حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا۔ ۲۴۹۷

س : اپنے دور میں مرثیہ گوئی میں ایک صحابیہ مقام رکھتی تھیں ان کا اسم گرامی بتائیے؛ ۲۴۹۸

ج ۔ حضرت خنساء رضی اللہ عنہا۔

س : وہ کون سی صحابیہ ہیں جو پہلی ہجرت حبشہ میں اپنے شوہر کیساتھ شریک ہوئیں اور بعد میں ام المومنین ہونے کا شرف حاصل کیا؛ ۲۴۹۹

ج ۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا۔

marfat.com

س : وہ کون سی انصاریہ ہیں جن کے بھائی کی لاش کا مثلہ کیا گیا؟ ۲۵۰۰
ج ۔ حضرت فاطمہ بنت عمرو بن حزام انصاریہ رضی اللہ عنہا۔
س : اسلام لانے کے جرم میں کن صحابیہ کو مشرکین بدکاری پر مجبور کرتے تھے۔ ۲۵۰۱
ج ۔ حضرت میسکہ و حضرت امیمہ رضی اللہ عنہا کو۔
س : امہات المومنین میں سے ان ام المومنین کا اسم گرامی بتلایئے جنہوں نے اپنے باپ کو اپنے شوہر کے بستر پر بیٹھنے سے منع کر دیا۔
ج ۔ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے اپنے والد ابوسفیان رضی اللہ عنہ کو جب آپ حالت کفر میں تھے۔ ۲۵۰۲
س : وہ کون صحابیہ ہیں جن کے گھی کے مٹکے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دم کر دیا تو اتنی برکت ہوئی کہ خلیفۂ دوم کے عہد خلافت تک اسی مٹکے سے گھی کھاتی رہیں؟ ۲۵۰۳
ج ۔ حضرت ام اوس رضی اللہ عنہا۔
س : جنگ خندق میں ایک صحابیہ بھی شامل تھیں ان کا اسم گرامی بتایئے
ج ۔ حضرت رفیدہ رضی اللہ عنہا۔ ۲۵۰۴
س : سب سے پہلی مہاجر خاتون کا نام بتایئے؟ ۲۵۰۵
ج ۔ حضرت رسیعہ کی بیوی لیلیٰ بنت حشمہ
س : ان چاروں صحابیات کے اسم گرامی کیا ہیں جن کو قرآن مجید مکمل یاد تھا یا جو حافظہ تھیں۔ ۲۵۰۶
ج ۔ حضرت عائشہ صدیقہ، ام سلمہ، حفصہ، ام رقہ بن نوفل رضوان اللہ عنہن۔
س : وہ کون صحابیہ ہیں جن کی بینائی زائل ہونے کے بعد مشرکین

marfat.com

کے طعنہ کی وجہ سے واپس آگئی۔ ۲۵۰۷

ج ۔ حضرت زنیرہ رومیہ رضی اللہ عنہا جو بنو مخزوم کی لونڈی تھیں۔

س : ایک یہودی عورت نے مکان کی چھت سے بھاری پتھر گرا کر کس صحابیہ کے بیٹے کو شہید کر دیا تھا۔ ۲۵۰۸

ج ۔ حضرت ام خلاد انصاریہ کے بیٹے خلاد کو (رضی اللہ عنہما)

س : زمانہ جاہلیت میں حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا کی شادی کس سے ہوئی تھی۔ ۲۵۰۹

ج ۔ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے بھائی حارث بن حرب سے۔

س : حارث کے انتقال کے بعد حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کس کے نکاح میں داخل ہوئیں؟ ۲۵۱۰

ج ۔ عوام بن خویلد کے، جن سے زبیر، صائب، عبدالکعبہ پیدا ہوئے۔

س : ام سلیم رضی اللہ عنہا نے ابوطلحہ سے نکاح کے وقت کیا مہر تسلیم کیا۔ ۲۵۱۱

ج ۔ ام سلیم نے فرمایا میرا مہر ابوطلحہ کا اسلام قبول کرنا ہے۔

س : حضرت فضہ رضی اللہ عنہا کس کی کنیز تھیں۔ ۱۵۱۲

ج ۔ حضرت سیدہ فاطمہ زہرہ بتول رضی اللہ عنہا کی۔

س : حضرت ام کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بعد وصال غسل کس صحابیہ نے دیا۔ ۲۵۱۳

ج ۔ لیلہ ثقیفہ رضی اللہ عنہا نے۔

س : جنگ یرموک کے معرکہ میں خیمہ کی چوب سے کس نے ۱۲ رومیوں کو قتل کیا تھا۔ ۲۵۱۴

ج ۔ حضرت اسما بنت زید رضی اللہ عنہا نے۔

س : معرکۂ احد میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سینہ سپر ہو کر دائیں

marfat.com

س : بائیں لڑنے والی صحابیہ کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۲۵۱۵

ج ۔ حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا کے وہ کون صاحبزادے ہیں جنہیں یمامہ اور عمان کے راستہ میں مسیلمہ کذاب نے شہید کر کے جسم کا ہر اعضا الگ کر دیا تھا۔ ۲۵۱۶

ج ۔ حضرت حبیب رضی اللہ عنہا۔

س : مسیلمہ کذاب کو قتل کرنے کے لئے حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کے لشکر میں کون صحابیہ شامل تھیں۔ ۲۵۱۷

ج ۔ حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا۔

س : عرب کے مشہور سخی حاتم طائی کی بیٹی جو صحابیہ تھیں ان کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۵۱۸

ج ۔ حضرت سفانہ رضی اللہ عنہا۔

س : حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کا اصل نام کیا تھا ؟ ۲۵۱۹

ج ۔ فاختہ۔ (اسمائے رجال مشکوٰۃ ص ۶۲۳)

س : عورتوں میں سب سے پہلے مشرک کو کس صحابیہ نے قتل کیا ؟ ۲۵۲۰

ج ۔ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے جو آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی تھیں

س زمانۂ رسالت میں عورتوں کو غسل دینے والی صحابیہ کا اسم گرامی بتایئے ؟

س : حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا جن کا لقب غسالہ اور اصل نام نسیبہ تھا (بخاری ص ۱۶۸ ج ۲) ۲۵۲۱

ج ۔ دختر صحرا کس صحابیہ کو کہا جاتا ہے۔

س : حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا کو۔ ۲۵۲۲

marfat.com

س : حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا کا اصل نام بتلایئے؟ ۲۵۲۳
ج ۔ برکت ۔ (سیرۃ النبی اوّل ص ۱۶۹)
س : ان صحابیہ کا اسم گرامی بتایئے جنہیں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے سے قبل بے تحاشہ زدوکوب کیا کرتے تھے۔
ج ۔ حضرت لبینہ رضی اللہ عنہا جو آپ کی لونڈی تھیں۔ ۲۵۲۴

تابعین

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیر التابعین کا خطاب کس جلیل القدر شخصیت کو عطا فرمایا۔ ۲۵۲۶
ج ۔ حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ کو۔
س : حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ کس ملک کے رہنے والے تھے۔
ج ۔ ملک یمن قصبہ قرن کے۔ ۲۵۲۷
س : حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کی دعا سے کتنے گنہگاروں کی مغفرت ہوئی؟ ۲۵۲۵
ج ۔ قبیلہ ربیعہ اور مضر کے بھیڑوں کے بالوں کے برابر۔
س : غزوۂ احد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک شہید ہونے پر کس نے اپنے دانت شہید کر دیئے؟ ۲۵۲۸
ج ۔ حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ نے۔
س : سرکار دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا خرقہ شریف کس بزرگ ہستی کو دینے کی وصیت کی۔ ۲۵۲۹

marfat.com

ج ۔ حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ کو۔

س : حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ کی بارگاہ میں آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت کے مطابق خرقہ شریف پہنچانے کا شرف کس کو حاصل ہوا۔ ۲۵۳۰

ج ۔ حضرت عمر فاروق اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کو۔

س : اس بزرگ ہستی کا اسم کیا ہے جن کی شکل میں ستر ہزار فرشتے بروز حشر پیدا کئے جائیں گے؟ ۲۵۳۱

ج ۔ حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : اموی حکومت کے وہ کون تابعی ہیں جو سندھ کے والی مقرر ہوئے؟۔ ۲۵۳۲

ج ۔ حضرت ابن اسید بن اخنس رحمۃ اللہ علیہ۔

س : محمد بن قاسم کے ساتھ وارد سندھ ہونے والے تابعی کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۲۵۳۳

ج ۔ حضرت ابو شیبہ جوہری واسطی رحمۃ اللہ علیہ۔ (اصل نام یوسف بن ابراہیم تمیمی تھا۔)

س : مکران کی جنگ میں جو اس وقت ہندوستان کا ایک شہر تھا۔ کس تابعی نے شرکت کیا؟ ۲۵۳۴

ج ۔ حضرت اعشیٰ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حجاج بن یوسف نے مکران کی سیاحت کرنے والے کس تابعی سے سندھ کے حالات معلوم کئے؟ ۲۵۳۵

ج ۔ حضرت ابوایوب بن زید ہلالی رحمۃ اللہ علیہ سے۔

س : حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں اسلامی لشکر کے امیر

marfat.com

کی حیثیت سے وارد سندھ ہونے والے تابعی کا اسم گرامی
بتلایئے؟ ۲۵۳۶

ج ۔ حضرت تاغر دعر رحمۃ اللہ علیہ۔

س : ۳۸ھ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حکم سے حدود ہند میں
کون تابعی داخل ہوئے!۔ ۲۵۳۷

ج ۔ حضرت حارث بن مرہ عبدی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : عبیداللہ بن زیاد نے مفتوحہ بلاد ہند کا والی کسے مقرر فرمایا؟ ۲۵۳۸

ج حضرت حری بن حری باہلی رحمۃ اللہ علیہ کو۔

س ۔ وہ کون تابعی ہیں جو فتح سندھ کے موقعہ پر محمد بن قاسم کے
ساتھ تھے؟ ۲۵۳۹

ج : حضرت زائدہ بن عمیر تابعی رحمۃ اللہ علیہ۔

س ۔ جہاد سندھ میں محمد بن قاسم کے ساتھ دست و بازو رہنے والے
تابعی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۵۴۰

ج : حضرت زیاد بن حواری عمی رحمۃ اللہ علیہ۔

س ۔ مشہور تابعی حضرت عباد بن زیاد بن ابوسفیان رحمۃ اللہ علیہ
سجستان سے بلاد ہند میں کب داخل ہوئے؟ ۲۵۴۱

ج ۔ ۴۴ھ میں، کچھ، اور قندھار کے علاقوں میں غیر
مسلموں سے جنگ بھی کیا۔

س : محمد بن قاسم نے راجہ داہر کا سر عراق کی جس جماعت کے ساتھ روانہ کیا تھا
اس جماعت کے امیر کا نام بتایئے؟

ج ۔ حضرت ابو تمیس زیاد بن رباح قیسی بصری رحمۃ اللہ علیہ۔

marfat.com

سانحہ کربلا، اور قاتلان اہلبیت

س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کہاں واقع ہوئی۔
ج ۔ کرب وبلا میں۔ ۲۵۴۲
س : واقعہ کربلا کس تاریخ میں رونما ہوا ۲۵۴۳
ج ۔ دس محرم الحرام ۶۱ سنہ ہجری بروز جمعہ۔
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی کون بہن کربلا میں آپ کے ساتھ موجود تھیں۔؟ ۲۵۴۴
ج ۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا۔
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنا نائب بنا کر کربلا سے سب سے پہلے کس کو روانہ فرمایا تھا
ج ۔ حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کو۔ ۲۵۴۵
س : حضرت امام مسلم بن عقیل رضی اللہ عنہ کی شہادت کب واقع ہوئی ۲۵۴۶
ج ۔ ۳ ذالحجہ کو۔
س : حضرت مسلم رضی اللہ عنہ کے دونوں شہزادوں کے نام بتایئے جو کوفہ میں شہید ہوئے۔؟ ۲۵۴۷
ج ۔ حضرت محمد، ابراہیم رضی اللہ عنہما۔؟
س : محمد اور ابراہیم رضی اللہ عنہما کو کس بدبخت نے شہید کیا۔؟ ۲۵۴۸
ج ۔ حارث نے۔
س : حضرت امام مسلم رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں سب سے پہلے کس کے یہاں قیام فرمایا تھا۔ ۲۵۴۹

marfat.com

ج۔ مختارین عبید ثقفی کے یہاں۔

س: شہزادۂ امام مسلم رضی اللہ عنہ کس کے یہاں پناہ گزیں تھے؟ ۲۵۵۰

ج۔ حضرت قاضی شریح کے یہاں۔

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے کوفہ روانہ ہونے کی تاریخ

س: بتایئے؟ ۲۵۵۱

ج۔ تین ذالحجہ۔

س: خیمۂ اہل بیت پر پہلا تیر کس بدبخت نے چلایا؟ ۲۵۵۲

ج۔ عمرو بن سعد نے۔

س: عمر بن سعد کون تھا۔؟ ۲۵۵۳

ج۔ جلیل القدر صحابی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا ناخلف بیٹا تھا۔

س: ساحلِ فرات پر حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے کس تاریخ میں اپنا خیمہ نصب فرمایا؟ ۲۵۵۴

ج۔ ۷ محرم الحرام کو۔

س: یزیدیوں نے حسینیوں پر پانی کس تاریخ میں بند کیا؟ ۲۵۵۵

ج۔ ۷ محرم الحرام سے۔

س: امام حسین رضی اللہ عنہ کے رفقاء کی تعداد کیا تھی؟ ۲۵۵۶

ج۔ صرف ۷۲ نفوس قدسیہ۔

س: رفقائے امام حسین رضی اللہ عنہ میں اہل بیت اطہار کتنے تھے؟

ج۔ اکیس ۲۱۔ ۲۵۵۷

س: دریائے فرات پر یزیدی پہرداروں کی تعداد کتنی تھی؟ ۲۵۵۸

ج۔ ۴۰ ہزار اشقیا۔

marfat.com

س : حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ جو شیر خوار تھے کس بدبخت نے تیر چلایا؟
ج ۔ حرملہ بن کاہل ملعون نے ۲۵۵۹
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو کس نے شہید کیا۔؟ ۲۵۶۰
ج ۔ شمر ملعون نے۔
س : قاتل حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں غیب داں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا تھا۔؟ ۲۵۶۱
ج ۔ حسین کا قاتل ایسا شخص ہوگا جس کی پیٹھ پر برص کے داغ اور سور کے بالوں کی طرح بال ہوں گے۔
س : بوقت شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کی عمر کیا تھی؟ ۲۵۶۲
ج ۔ ۵۶ سال ۵ ماہ ۵ دن۔
س : حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے کن دو شہزادوں کی شہادت کربلا میں ہوئی؟ ۲۵۶۳
ج ۔ حضرت علی اکبر و علی اصغر رضی اللہ عنہما کی۔
س : بوقت شہادت حضرت علی اکبر رضی اللہ عنہ آپکی عمر کیا تھی؟ ۲۵۶۴
ج ۔ ۱۸ سال کی۔
س : اہل بیت اطہار میں سے ایک شہزادے نے چھ ماہ کی عمر میں جام شہادت نوش فرمایا کیا آپ اس شہزادے کا نام بتا سکتے ہیں۔؟ ۲۵۶۵
ج ۔ حضرت علی اصغر رضی اللہ عنہ۔
س : حضرت ام کلثوم خواہر امام پاک و حضرت سکینہ بنت حسین رضی اللہ عنہما کی قبریں کہاں واقع ہے؟ ۲۵۶۶
ج ۔ دمشق کے احاطۂ قبرستان میں۔
س : دریائے فرات کے کنارے کون سی بستی میں تن بے سر فرزندان

marfat.com

امام مسلم رضی اللہ عنہ کی زیارت ہوتی ہے۔؟ ۲۵۶۷

ج . قصبہ مصیب میں۔

س : شہدائے کربلا میں سے اس شہید کا اسم گرامی کیا ہے جو لڑتے ہوئے تین میل ؟ کربلا سے پورب شہید ہوئے ؟ ۲۵۶۸

ج . امام حسین کے بھانجے حضرت عون رضی اللہ عنہ

س : حضرت حر رضی اللہ عنہ کا مزار کربلا سے کتنی دوری پر واقع ہے ؟ ۲۵۶۹

ج . تین میل کے فاصلہ پر۔

س : حضرت شہر بانو زوجۂ امام حسین رضی اللہ عنہما کے والد کا نام بتایئے؟ ۲۵۷۰

ج . شاہِ ایران یزدجر۔

س : شہدائے کربلا کے ۷۲ سر کس جگہ دفن ہیں؟ ۲۵۷۱

ج . دمشق کے قبرستان میں۔

س : سر حسین رضی اللہ عنہ کو جسم مقدس سے کس نے جدا کیا؟ ۲۵۷۲

ج . خولی بن یزید نے۔

س : شہادت حسین رضی اللہ عنہ کے بعد قبیلہ طے کے ایک شخص نے جنوں کو نوحہ کرتے سنا کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ جن کن الفاظ میں نوحہ کرتے تھے؟ ۲۵۷۳

ج . مسح الرسول جبینہ فلہ یریق فی الخدود۔
ابواہ من علینا وجد خیر الجدود ،

ترجمہ :۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی پیشانی پر بوسہ دیا جس کے رخسار تاباں اور درخشاں ہیں۔ اور ان کے اجداد، اعلیٰ، وخیر، خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔

س : حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے نانا کا نام بتایئے؟ ۲۵۷۴

marfat.com

ج . یزدگرد ایران کا بادشاہ جو نوشیرواں کی اولاد سے تھا۔

س : سرزمین روم کے ایک غازی نے ایک کنیسہ پر ایک شعر لکھا دیکھا تھا۔ اس شعر کو بتایئے کیا تھا؟ ۲۵،۵

ج . اترجوامۃ قتلت حسینا۔ شفاعتہ جدہ یوم المیعاد۔
ترجمہ۔ کیا وہ قوم جس نے حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا ان کے جدامجد سے بروز حشر شفاعت کی امید رکھتی ہے۔

س : سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو مکہ جانے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟

ج . حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ نے۔ ۲۵،۶

س : کربلائے معلی کس اسلامی ملک میں واقع ہے؟ ۲۵،۷

ج . عراق میں۔

حُسینیت اور انجامِ یزیدیت

نہ یزید کا وہ ستم رہا نہ ظلم ابن زیاد کا
جو رہا تو نام حسین کا جسے زندہ رکھتی ہے کربلا
قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

س : قاتلانِ اہل بیت کو دوزخ میں کسقدر عذاب دیا جائے گا؟

ج . آتشیں تابوت میں مقفل کرکے جہنم میں رکھے جائیں گے۔ ۲۵،۸

س : سربائے شہدا میں سے بنو ہوازن کو کتنے سر ملے تھے۔ ۲۵،۹

marfat.com

ج . ۲۲ ۔

س : ابن اشعث اور نبی اسعد کے حصے میں کتنے سر آئے تھے؟ ۲۵۸۰

ج . ابن اشعث کے حصے میں تیرہ ۱۳ نبی اسعد کے حصے میں چھ ۶ ۔

س : بقیہ سروں کی تقسیم یزیدیوں نے کس طرح کی ؟ ۲۵۸۱

ج . ۱۴ بنی تمیم پانچ ایک اور قبیلہ کو اور ۱۲ سر اہل لشکر میں تقسیم ہوئے ۔

س : سر مظلوم کربلا کس بدبخت کو دیگر پہلے ہی روانہ کر دیا تھا؟ ۲۵۸۲

ج . خولی بن یزید کو ۔

س : کس سانحہ عظیم کے موقع پر دن میں تارے نظر آئے اور آسمان نے خون برسائے ؟ ۲۵۸۳

ج . بعد واقعات کربلا ۔

س : گلشنِ فاطمی کو تاراج کرنے کے بعد ابن سعد کربلا میں کتنے دن ٹھہرا ؟ ۲۵۸۴

ج . دو دن (۱۲ محرم الحرام تک)

س : شہیدوں کے سروں کو نیزوں پر بلند کر کے گشت کرنے کا حکم کس نے دیا؟ ۲۵۸۵

ج . ابن سعد نے ۔

س : حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اور شاہی حرم محترم اہلبیت کو کربلا سے کس طرح روانہ کیا گیا ؟ ۲۵۸۶

ج . اونٹوں کی ننگی پیٹھ پر سوار کر کے سب کی نکیل حضرت عابد بیمار کے ہاتھ میں دیکر پیدل روانہ کیا ۔

س : مقام حران کے کس یہودی نے سر امام سے تلاوت قرآن پاک کی آواز سنی تھی ؟ ۲۵۸۷

marfat.com

ج . یحییٰ یہودی نے اور اسی کرامت کی وجہ سے وہ داخلِ اسلام ہوگیا۔
س : سر امام حسین رضی اللہ عنہ سے قرآن مجید کی تلاوت کونسی آیت تلاوت ہو رہی تھی ؟ ۲۵۸۸

ج . وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون ط
س : امام حسین رضی اللہ عنہ کے لبہائے مبارکہ پر چھڑی مس کر کے گستاخی کون کر رہا تھا ؟ ۲۵۸۹

ج . یزید پلید۔
س : یزید کی حرکت نازیبا دیکھ کر کس صحابی نے اعتراض کیا تھا ؟ ۲۵۹۰

ج . حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے
س : کربلا کا خونی منظر کس بدبخت کی گورنری میں وقوع پذیر ہوا ؟

ج . عبداللہ بن زیاد بدنہاد کی۔ ۲۵۹۱
س : لٹا ہوا قافلہ اہلبیت کربلا کس تاریخ میں دوبارہ پہونچا۔ ۲۵۹۲

ج . ۲۰ صفر المظفر کو۔
س : لاشہائے شہداء کتنے دنوں کے بعد دفن کئے گئے ؟ ۲۵۹۳

ج . ۳ روز کے بعد مگر لاشوں کا کچھ نہیں بگڑا۔
س : وہ گوشت جو بوقت طعام یزیدی خون بن گیا تھا کس کا تھا ؟ ۲۵۹۴

ج . اہل بیت اطہار سے چھینے ہوئے اونٹ کا۔
س : وہ کون سا شہر ہے جسکا حاکم منصور بن الیاس نے یزیدی لشکر کا استقبال کیا ؟ ۲۵۹۵

ج . نصیبین۔
س : شہزادیوں کے استقبال کے جرم میں شہر نصیبین کا کیا حشر ہوا ؟ ۲۵۹۶

marfat.com

ج . قہرالٰہی کی بجلی گری جس سے سارا شہر جل کر خاک ہوگیا۔

س : واقعۂ کربلا کے بعد سب سے پہلے کوفہ پر چڑھائی کرکے کس نے حملہ کیا۔

ج . حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ نے۔ ۲۵۹۷

س : حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ کے بعد قاتلان اہل بیت اطہار سے کس نے بدلہ لیا؟ ۲۵۹۸

ج . مختار بن ثقفی نے۔

س : ابن سعد کے ساتھ نواسۂ رسول علیہ السلام کے مقابلہ میں آنے والوں کے قتل کا حکم کس نے دیا؟ ۲۵۹۹

ج . مختار ثقفی نے۔

س : مختار ثقفی نے سب سے پہلے کن یزیدیوں کے قتل کا حکم دیا ۲۶۰۰

ج : شمر اور ابن سعد کے۔

س : مختار ثقفی نے کس یزیدی کا ہاتھ پاؤں کٹوا کر ڈلوا دیا تھا؟ ۲۶۰۱

ج . خولی بن یزید کا جس نے امام پاک کے سر مبارک کو نیزے پر بلند کیا تھا۔

س : مختار ثقفی کون تھا؟ ۲۶۰۲

ج . یہ وہ شخص ہے جس نے یزیدیوں سے بدلہ لیکر محب اہل بیت کا ثبوت دیا اور بعد میں نبوت کا دعوی کیا۔

س : یزید پلید جس کی وجہ سے سن مصطفےٰ کو تاراج کیا گیا کس کا بیٹا تھا؟

ج . کاتب وحی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ناخلف بیٹا۔ ۲۶۰۳

س : یزید کتنے دنوں تک تخت حکومت پر بیٹھ کر ظلم و ستم کرتا رہا؟ ۲۶۰۴

ج . ۴ چار سال تک

س : یزید کے بعد کون تخت نشین ہوا؟ ۲۶۰۵

marfat.com

ج . معاویہ بن یزید مگر صرف چند منٹ کے لئے۔

س : معاویہ بن یزید نے تخت شاہی کو کیوں ٹھکرا دیا؟ ۲۶۰۶

ج : سلطنت کی اہلیت صرف خلفائے راشدین میں تھی اس وجہ سے میں دستبردار ہوتا ہوں۔

س : اس ظالم کا نام بتایئے جس کی قبر پر گزرنے والا پتھر مارتا ہے؟ ۲۶۰۷

ج . یزید پلید قاتل اہلبیت۔

س . موصل کے اس حاتم کا نام بتایئے جس نے کہا کہ جسکے دامن پر قتل اولاد رسول کا خون ہو اس کے ٹھہرنے کیلئے موصل میں کوئی جگہ نہیں ہے؟ ۲۶۰۸

ج . حاکم عمادالدولہ۔

س : یزید کو کس نے قتل کیا تھا؟ ۲۶۰۹

ج . رومی النسل راہب کی حسینہ لڑکی نے لاش تین روز تک جیل کوں کی خوراک بنی رہی۔

س : مختار ثقفی نے کتنے یزیدیوں کو قتل کیا تھا؟ ۲۶۱۰

ج . تقریباً چھ ہزار

س : یزید کی لاش کو کس جگہ دفن کیا گیا؟ ۲۶۱۱

ج . شہر دمشق کے باہر حمص کے قریب دشت حوارین میں۔

س : کیا یزید خلیفہ تھا؟ ۲۶۱۲

ج . جی نہیں خود ساختہ بادشاہ تھا۔

س : یزیدی فوج کے مسجد نبوی پر حملے اور بے حرمتی سے کون صحابی زار و قطار رو رہے تھے؟ ۲۶۱۳

ج . حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ۔

marfat.com

س: یزیدی فوج کے مدینہ پر حملے سے کتنے سردار ان قریش اور حافظ قرآن شہید ہوئے؟ ۲۶۱۴

ج. تقریباً سات سو حافظ قرآن اور ۷۰ سرداران قریش۔

س: واقعاتِ کربلا کے بعد شہر کوفہ کو کس نے اور کیوں ویران کیا؟ ۲۶۱۵

ج. امیر تیمور نے اس کا کہنا تھا کہ جہاں خاندان نبوت کا خون کیا گیا ہو میں اسے آباد نہیں دیکھنا چاہتا ہوں۔

س: حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام نے سرِ امام کو سلام عرض کرنے کا حکم کسکو دیا تھا ۲۶۱۶

ج۔ رئیس شہر معمورہ عزیز یہودی کو

س: رئیس شہر معمورہ عزیز یہودی کے ساتھ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے کس کنیز کا عقد فرمایا؟ ۲۶۱۷

ج. حضرت شیرین آزاد کردہ امام حسین رضی اللہ عنہ کا

س: رئیس شہر معمورہ عزیز یہودی کس کے دست حق پرست پر مشرف باسلام ہوا؟ ۲۶۱۸

ج. حضرت زین العابدین رضی اللہ عنہ کے (شہر کے سارے لوگ حلقہ بگوش اسلام ہو گئے)۔

س: قتل حسین کا دعویٰ کرنے والے کس یزیدی کو یزید نے دکھاوے کی غرض سے قتل کروایا؟ ۲۶۱۹

ج. بشیر بن مالک کو جس کو شمر نے پہلے ہی روانہ کر دیا تھا۔

س: بعد واقعات کربلا یزید نے کس بدبخت کو مدینہ پر حملہ کرنے کے لئے روانہ کیا تھا؟ ۲۶۲۰

ج. مسرف بن عقبہ کو۔

س: یزید نے مدینہ تاراج کرنے کیلئے کتنی فوج روانہ کی تھی؟ ۲۶۲۱

marfat.com

ج . تقریباً ۲۰ ہزار۔

س : یزیدی فوج نے مدینہ میں کتنے مسلمانوں کو شہید کیا؟ ۲۶۲۲

ج . تقریباً ستر سو جن میں مہاجرین و انصار اور صحابہ و تابعین شامل تھے

س بتلیئے وہ کون صحابی ہیں جنکی داڑھی کے بال کو مدینہ پر حملہ کے دوران یزیدیوں نے اکھاڑا؟ ۲۶۲۳

ج . حضرت سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ۔

س : یزیدی فوج کا کمانڈر مسرف بن عقبہ کس عذاب میں گرفتار ہوکر مرا؟ ۲۶۲۴

ج . اس کا پیٹ مواد سے بھر گیا تھا۔

س : مسرف بن عقبہ کے مرنے کے بعد یزیدی فوج کا چارج کس نے سنبھالا؟ ۲۶۲۵

ج . حصین بن نمیر نے۔

اولیائے کرام

سرکار سیدنا غوث الاعظم دستگیر رحمۃ اللہ علیہ

پوچھیے کیا ہو شہ جیلاں کے فضائل آسی
ہر فضیلت کے وہ جامع ہیں نبوت کے سوا

س . حضرت غوث الاعظم دستگیر رحمۃ اللہ علیہ کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۶۲۶

marfat.com

ج . حضرت سیدنا صالح زنگی دوست رحمۃ اللہ علیہ۔
س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی کیا تھا؟ ۲۶۲۷
ج : حضرت فاطمہ ام الخیر رحمہ اللہ تعالیٰ علیہا
س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے نانا کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۶۲۸
ج . حضرت عبداللہ صومعی رحمۃ اللہ علیہ۔
س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے حیات پاک میں بغداد کے خلیفہ کون لوگ ہوئے؟ ۲۶۲۹
ج . القادر باللہ ابوالعباس، القائم بامر اللہ ابوجعفر عباسی۔
س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام بتایئے؟ ۲۶۳۰
ج . سیدنا شیخ عبدالقادر محی الدین جیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔
س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد کا اصل نام کیا تھا؟ ۲۶۳۱
ج . حضرت موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ۔
س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت کیا تھی؟ ۲۶۳۲
ج . ابوصالح۔
س : سیدنا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کب ہوئی؟ ۲۶۳۳
ج . یکم رمضان المبارک بروز جمعہ ۴۷۰ھ یا ۴۷۵ھ کو
س : اس عظیم ہستی کا اسم گرامی بتایئے جنھوں نے بسم اللہ خوانی کے موقع پر استاذ مکمل ۷ پارے سنا دیئے؟ ۲۶۳۴
ج . شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ۔
س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کا روضہ کہاں واقع ہے؟ ۲۶۳۵

marfat.com

ج . بغداد شریف (عراق) میں

س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کس لقب سے مشہور ہیں؟ ۲۶۳۶

ج . غوث الاعظم دستگیر، بڑے پیر دستگیر وغیرہ سے۔

س : فتوح القلوب، غنیۃ الطالبین کس کی تصنیف ہے۔؟ ۲۶۳۷

ج . حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی۔

س : سرکار غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا فقہ میں زیادہ ترجمانی کس امام کی جانب تھا؟ ۲۶۳۸

ج . حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کی طرف۔

س : ۴۰ سال تک متواتر عشاء کی وضو سے فجر کی نماز کس نے ادا کی؟

ج . سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ نے۔ ۲۶۳۹

س : سرکار غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۶۴۰

ج . عارف باللہ شیخ ابو سعید مخزومی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے اولاد کی تعداد بتایئے؟ ۲۶۴۱

ج . بعض نے ۴۹ بتایا ہے ۲۷ صاحبزادے اور ۲۲ صاحبزادیاں، اور بعض نے ۹ بتایا ہے اور ایک صاحبزادی۔

س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے صاحبزادے کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۶۴۲

ج . سیدنا شیخ عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ۔

س : میرا قدم تمام اولیاء کی گردنوں پر ہے یہ قول کس بزرگ ہستی کا ہے؟ ۲۶۴۳

ج . سیدنا سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کا۔

marfat.com

س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کہاں ہوئی ؟ ۲۶۴۴

ج طبرستان کے شہر جیلان کے قصبہ نیف میں۔

س : وہ کون سے بزرگ ہیں جن کے حکم سے قمری بولنا اور کبوتری نے انڈے دینا شروع کر دیا ؟ ۲۶۴۵

ج . سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ۔

س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ وصال بتایئے ؟ ۲۶۴۶

ج . ۱۱ ربیع الآخر

س : سرکار غوث رحمۃ اللہ علیہ کے کتنے نے کس بزرگ کے شیر کو پھاڑ ڈالا تھا ؟ ۲۶۴۷

ج . حضرت سیدنا شیخ احمد جام رحمۃ اللہ علیہ کے۔

کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا
شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کتا تیرا

س : ایک وقت میں ستر مریدوں کے یہاں افطار میں موجود رہنا

ج . کس بزرگ ہستی کی مشہور کرامت ہے ؟ ۲۶۴۸

سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی۔

س : کیا غوث کا ہر زمانہ میں موجود ہونا ضروری ہے ؟ ۲۶۴۹

ج . جی ہاں بغیر غوث کے آسمان و زمین قائم نہیں رہ سکتے۔

س : سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ نے اپنا خرقہ شریف کس کو عطا فرمایا تھا ؟ ۲۶۵۰

ج . حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو

س : لقب زنگی دوست سے کون مراد ہیں ۲۶۵۱

ج . سرکار غوث پاک کے والد سیدنا ابو صالح رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

marfat.com

س . سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ نے کروستانی پادری کے کہنے پر جس
: مردہ کو زندہ فرمایا تھا اس نے اپنے بارے میں آپ سے کیا بتایا؟
ج . میں حضرت دانیال علیہ السلام کے وقت کا ہوں اور انہیں
کی مذہب پر مجھے موت آئی۔ ۲۶۵۲

ہند کے راجہ یعنی میرے خواجہ

خواجۂ ہند وہ دربار ہے اعلیٰ تیرا
کبھی محروم نہیں ملنگنے والا تیرا

س : حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں
واقع ہے ؟ ۲۶۵۳
ج . اجمیر شریف میں۔
س : خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کہاں ہوئی؟ ۲۶۵۴
ج . شہر سجستان یا قصبہ سیستان میں ۵۳۶ھ میں اور بعض
نے ۵۳۷ھ ہجری بتایا ہے۔
س : حضرت خواجۂ پاک رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا اسم گرامی
بتایئے ؟ ۲۶۵۵
ج . خواجہ غیاث الدین رحمۃ اللہ علیہ۔
س : والد محترم کے ترکہ سے خواجۂ پاک کو کیا چیزیں ملی تھی؟ ۲۶۵۶
ج . ایک باغ اور پن چکی۔
س : غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۶۵۷

marfat.com

ج . حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حضرت خواجہ پاک رحمۃ اللہ علیہ اجمیر شریف کس سنہ ہجری میں تشریف لائے؟ ۲۶۵۸

ج . ۵۶۱ھ میں۔

س : حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ جب اجمیر تشریف لائے تو وہاں کس کی حکومت تھی۔ ۲۶۵۹

ج . راۓ پتھورا کی۔

س : حضرت غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی زوجہ محترمہ کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۶۶۰

ج . حضرت بی بی امتہ اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

س : حضرت خواجہ پاک رحمۃ اللہ علیہ کی صاحبزادی کا نام بتایئے؟

ج . حضرت حافظہ جمال رحمہ اللہ تعالیٰ۔ ۲۶۶۱

س : حضرت بی بی حافظہ جمال کے شوہر شیخ رضی اللہ رحمہما اللہ تعالیٰ کا مزار کہاں واقع ہے ۲۶۶۲

ج . ناگور شریف میں۔

س : حضرت خواجہ پاک رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادگان کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۲۶۶۳

ج . شیخ فخرالدین، شیخ حسام الدین، شیخ ابوسعید رحمہ اللہ علیہم

س : حضرت خواجہ ہندوستان حضرت غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا؟ ۲۶۶۴

ج . چھ ۶ رجب ۶۳۳ سنہ ہجری کو اور بعض نے ۶۳۷ سنہ ہجری بتایا ہے

س : سرکار غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کیسی پر بوقت جنازہ کونسا

marfat.com

جملہ پڑھا گیا؟ ۲۶۶۵

ج . هٰذا حبیب اللّٰہ مات فی حب اللّٰہ ۔ یہ اللہ کا دوست ہے اور اللہ کی محبت میں دنیا سے جا رہا ہے۔

س : اس بزرگ ہستی کا نام بتایئے جس نے ایک پیالہ میں پورا ناساگر کو بھر لیا؟ ۲۶۶۶

ج . حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ

س : اجمیر کی گلیوں میں زائرین کی رہبری اور بھولوں کو راستہ بتانے کی خدمت کون بزرگ انجام دیتے ہیں؟ ۲۶۶۷

ج . حضرت عبداللہ بیابانی رحمۃ اللہ علیہ جو شب جمعہ میں بارگاہِ خواجہ میں حاضری دیتے ہیں۔

س : خواجہ پاک کی نگاہِ ولایت نے کس جادوگر کو اسلام میں داخل ہونے پر مجبور کر دیا تھا؟ ۲۶۶۸

ج . عبداللہ بیابانی کو جنکا نام جوگی جیپال تھا۔

س : خواجۂ پاک نے اپنے باغ کے انگور کے خوشے سے ایک بزرگ کی تواضع کیا تھا کیا آپ ان بزرگ کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۲۶۶۹

ج . مجذوب حضرت براہیم قندوری رحمۃ اللہ علیہ۔

س : ان دونوں سرغنہ دیوں کا نام بتایئے؟ جنھوں نے اسلام قبول کیا۔؟ ۲۶۷۰

ج . شادی اور اجے پال (جوگی جیپال)

marfat.com

حضرت سیدنا شیخ خواجہ فریدالدین گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کا اصلی نام تبلیئے ۔ ۲۶۷۰

ج ۔ قاضی مسعود ۔

س : حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے اجداد کہاں کے رہنے والے تھے ؟ ۲۶۷۱

ج . بخارا اور غزنی کے دیس سے ہندوستان آئے ۔

س : حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کے سردار کا نام بتایئے ؟ ۲۶۷۲

ج . قاضی شعیب ۔

س : حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام تبلیئے ؟ ۲۶۷۳

ج . قاضی سلیمان ۔

س : وہ کون سے بزرگ ہیں جن کی والدہ جانماز کے نیچے ان کے لئے شکر کی پڑیا رکھ دیتی تھیں ؟ ۲۶۷۴

ج . خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ ۔

س : شیخ العالم حضرت فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ حصولِ تعلیم کے لئے کہاں تشریف لے گئے ؟ ۲۶۷۵

ج . ملتان ۔

س : حضرت خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے پیر مرشد کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۶۷۶

marfat.com

ج . خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی کیا تھا؟ ۲۶۷۷

ج . حضرت خواجہ معین الدین چشتی حسن سنجری رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت خواجہ قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟

ج . پرانی دہلی قطب مینار کے قریب۔ ۲۶۷۸

س : خواجہ قطب الدین علیہ الرحمۃ کے دربار سے تقسیم ہونے والا تبرک کیا کہلاتا ہے؟ ۲۶۷۹

ج . کاک جو تنور میں پکایا جاتا ہے۔

س : حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟ ۲۶۸۰

ج . ۵۸۳ھ مہرولی دہلی میں جبکہ معتبر یہ ہے کہ آپ اوش ترکستان میں پیدا ہوئے

س : حضرت خواجہ فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے بھائی کا نام بتایئے؟

ج : شیخ نجیب الدین متوکل رحمۃ اللہ علیہ۔ ۲۶۸۱

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ

س : محبوب الٰہی کس بزرگ ہستی کا لقب ہے؟ ۲۶۸۲

ج . حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کا

س : "ہنوز دلی دور است" کس جلیل القدر ہستی کا مشہور جملہ ہے ۲۶۸۲

marfat.com

ج . حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کا۔

س : حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کے اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟ ۲۶۸۳

ج . بخارا کے فتنہ چنگیزی کے دوران لاہور تشریف لائے۔

س : حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۶۸۴

ج . حضرت خواجہ سید احمد رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی کیا تھا؟ ۲۶۸۵

ج . حضرت بی بی زلیخا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہا

س : حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کا خاندان ہندوستان میں کہاں آباد ہوا؟ ۲۶۸۶

ج : یوپی کے مشہور ضلع بدایوں میں۔

س . حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کس عمر میں دہلی تشریف لائے؟

ج : ۱۶ سال کی عمر میں۔ ۲۶۸۷

س : حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی ہمشیرہ کا نام کیا تھا؟

ج . حضرت بی بی جنت۔ ۲۶۸۸

س : حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتایئے؟

ج . خواجہ شیخ فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ۔ ۲۶۸۹

س : حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا۔ ۲۶۹۰

ج . ربیع الثانی ۷۲۵ھ ہجری میں۔

س : حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی جائے پیدائش بتایئے؟ ۲۶۹۱

marfat.com

ج : اترپردیش کے ضلع بدایوں کے محلہ پٹنکی ٹولہ یہ مکان ایک ہندو کی ملکیت میں اب بھی باقی ہے۔

س : حضرت محبوب الٰہی کے مزار پاک پر جانے سے قبل کس بزرگ ہستی کے مزار پر حاضری ضروری ہے؟ ۲۶۹۲

ج . حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کے۔

س : حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کس سنہ میں پیدا ہوئے؟ ۲۶۹۳

ج . ۶۵۱ھ ہجری میں۔

س : حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟ ۲۶۹۴

ج . ابوالحسن۔

س : حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کے والد کا نام کیا تھا؟ ۲۶۹۵

ج . امیر سیف الدین۔

س : حضرت امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتایئے؟

ج . خواجہ نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ: ۲۶۹۶

حضرت خواجہ علاؤالدین صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ کا پورا نام بتایئے؟ ۲۶۹۷

ج . خواجہ علاء الدین علی احمد صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حضرت صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ کے ماموں کا اسم گرامی بتایئے؟

ج : خواجہ فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ۔ ۲۶۹۸

س : حضرت صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کب ہوئی؟ ۲۶۹۹

marfat.com

ج . ۱۹ ربیع الاول سنہ ۵۹۲ ہجری بوقت شب جمعرات اور بعض نے ۱۳ ربیع الاول سنہ ۶۹۰ ہجری بتایا ہے۔

س : صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد کا نام بتایئے؟ ۲۷۰۰

ج . سید شاہ عبدالرحیم۔

س : صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ جس حجرہ سے دو سال باہر تشریف نہ لائے وہ کہاں واقع ہے؟ ۲۷۰۱

ج . پاک پٹن شریف میں ہے۔

س : حضرت صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ کو کہاں کی ولایت تفویض کی گئی؟ ۲۷۰۲

ج . کلیر شریف کی۔

س : حضرت صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ نے کلیر شریف میں کہاں قیام فرمایا؟ ۲۷۰۳

ج : گولر کے درخت کے نیچے۔

س : حضرت صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنا خرقہ شریف اور خلافت کس کو عطا فرمایا؟ ۲۷۰۴

ج . حضرت حافظ شمس الدین ترک رحمۃ اللہ علیہ کو۔

س : صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے خلیفہ شمس الدین ترک کو کہاں کی ولایت تفویض فرمائی ۲۷۰۵

ج . پانی پت کرنال کی۔

س : کائنات ولایت میں سے ایک ایسے بھی ولی گذرے ہیں جنھوں نے اپنے جنازہ کی نماز خود ہی پڑھائی ہے کیا آپ اس بزرگ ہستی کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں؟ ۲۷۰۶

marfat.com

ج . حضرت صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ۔

س : ایک بزرگ چالیس سال تک گولر کی شاخ پکڑے حالت قیام میں رہے کیا آپکو انکا اسم گرامی معلوم ہے ؟ ۲۷۰۷

ج . حضرت خواجہ علاؤالدین صابر پاک رحمۃ اللہ علیہ۔

حضرت اورنگ زیب عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ

س : شہنشاہِ ہندوستان حضرت اورنگ عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کے والد کا نام بتایئے ؟ ۲۷۰۸

ج . شاہ جہاں۔

س : حضرت اورنگ رحمۃ اللہ علیہ نے دہلی سے بنارس آکر جس برہمن دوشیزہ کو انصاف دلایا اس کا نام بتایئے ؟ ۲۷۰۹

ج . شکنتلا دیوی۔

س : شکنتلا دیوی کے باپ کا نام بتایئے ؟

ج . لالہ رام، کاشی کے پنڈتوں کا مشہور جاگیر دار۔ ۲۷۱۰

س : شکنتلا دیوی اورنگ زیب رحمۃ اللہ علیہ کے دربار میں کس لباس میں گئی تھی ؟ ۲۷۱۱

ج . مغل شہزادے کے لباس میں۔

س : اس کوتوال کا نام بتاؤ جس نے شکنتلا دیوی کو اپنے حرم میں آنے پر

marfat.com

مجبور کیا۔ ۲۷۱۲

ج . محمد ابراہیم خان یا شوکت علی۔

س : بتایئے شہنشاہ اورنگ زیب رحمۃ اللہ علیہ نے شکنتلا دیوی کو کسطرح انصاف دلایا؟ ۲۷۱۳

ج . خونخوار ہاتھیوں کے پاؤں میں کوتوال کو بندھوا کر دو سمتوں میں دوڑایا۔

س : پنڈت لالہ رام کے چبوترے پر جہاں اورنگ زیب رحمۃ اللہ علیہ نے نماز ادا کی کونسی تاریخی مسجد بنی ہے۔؟ ۲۷۱۴

ج . تاریخی نام دھیرا کی مسجد،

س : شہنشاہِ اورنگ زیب رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا؟

۳، مارچ ۱۷۰۷ء ۔ ۲۷۱۵

حضرت بوعلی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت بوعلی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام بتایئے کیا تھا؟

ج . شیخ شرف الدین۔ ۲۷۱۶

س : بوعلی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ کس کی اولاد سے ہیں؟ ۲۷۱۷

ج . حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی۔

س : بوعلی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ کے والدہ ماجدہ کا نام بتایئے؟

ج . بی بی حافظہ جمال ہمشیرہ مولانا سید نعمت اللہ ہمدانی کرمانی ۔ ۲۷۱۸

marfat.com

س : بوعلی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد عراق سے ہندوستان کب تشریف لائے ؟ ۲۷۱۹

ج . ۶۰۰ سنہ ہجری میں۔

س : حضرت بوعلی شاہ قلندر رحمۃ اللہ علیہ کہاں پیدا ہوئے ؟ ۲۷۲۰

ج . پانی پت کرنال میں اور وہیں روضۂ مبارکہ واقع ہے۔

حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ
و حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کی تاریخ بتایئے ۲۷۲۱

ج . دوشنبہ ۲۶ رجمادالثانی ۱۰۱۲ سنہ ہجری۔

س : حضرت خواجہ باقی باللہ فانی فی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے ؟ ۲۷۲۲

ج . بیرونی فصیل شاہ جہاں آباد نہر جدیدہ کے قریب دہلی میں۔

س : حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۷۲۳

ج . حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے عہد میں دہلی کا بادشاہ کون تھا جس نے دین میں فتنہ برپا کر رکھا تھا ؟ ۲۷۲۴

ج . مغل حکمراں شہنشاہ اکبر۔

marfat.com

ج . حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو قید خانہ میں کس نے ڈالا
مغل حکمران جہاں گیر نے۔

س : شہنشاہ اکبر کے فتنۂ دین الٰہی کا تدارک کس نے کیا؟ ۲۷۲۵

ج . حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے

س : حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا پورا نام بتایئے؟ ۲۷۲۶

ج . شیخ سید احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : سلسلۂ نقشبندیہ کے بانی کون بزرگ گذرے ہیں؟ ۲۷۲۷

ج . حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کہاں پیدا ہوئے؟ ۲۷۲۸

ج . سرہند میں۔

س : سرہند کی بنیاد کن دو بزرگوں نے رکھی؟ ۲۷۲۹

ج . حضرت بوعلی شاہ قلندر و امام رفیع الدین رحمہما اللہ تعالیٰ نے۔

حضرت مولانا جلال الدین رومی
و حضرت شمس تبریز رحمۃ اللہ علیہما

س : اس جلیل القدر ہستی کا اسم گرامی کیا ہے؟ جسکے قبر کی زیارت متواتر
سات روز تک ہوتی رہی؟ ۲۷۳۰

ج . حضرت مولا جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت مولانا جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ کی اس کتاب کا
نام بتاؤ جس کی وجہ سے آپکا نام آج بھی زندہ ہے؟ ۲۷۳۱

marfat.com

ج . مثنوی شریف ۔

س : حضرت مولانا جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کو کس بزرگ نے دریا میں ڈال دیا

ج . حضرت شمس تبریز رحمۃ اللہ علیہ نے ۔ ۲۷۳۹

س : حضرت شمس تبریز رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کا نام بتایئے ؟ ۲۷۴۰

ج . علاء الدین ۔

س : حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کس صحابی کی نسل سے تھے

ج . امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نسل سے تھے ۔ ۲۷۴۱

س : حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کہاں اور کب پیدا ہوئے ؟ ۲۷۴۲

ج . بلخ میں ۶۰۴ھ ہجری ۔

حضرت ابراہیم بن ادہم و رابعہ بصریہ رحمہما اللہ تعالیٰ

س : حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ کہاں کے بادشاہ تھے ؟ ۲۷۴۳

ج . بلخ کے ۔

س : دنیاوی ملک و سلطنت چھوڑ کے یاد خدا میں مصروف ہو جانے والے بزرگ کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۷۴۴

ج : حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ ۔

س . خطاب تاج الرجال سے کون مشہور تھیں ۔ ۲۷۴۵

marfat.com

ج . حضرت رابعہ بصریہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

س : اس پارسا خاتون کا اسم گرامی بتلایئے جن کی طواف کے لئے کعبہ خود ہی آگیا ؟ ۲۷۳۲

ج . حضرت رابعہ بصریہ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

س : حضرت رابعہ بصریہ رحمہ اللہ تعالیٰ کو کس کے ہاتھ فروخت کیا گیا ؟ ۲۷۳۳

ج . قزاقوں کے۔

س : حضرت خواجہ ابراہیم بن ادھم رحمۃ اللہ تعالیٰ کا مدفن کہاں ہے ؟

ج . کوہِ شام (ماہِ نامہ علیحضرت دسمبر ۸۸ء) ۲۷۳۴

حضرت منصور حلاّج و خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ کا سر قلم کیوں کیا گیا ؟

ج . انا الحق کہنے کے جرم میں۔ ۲۷۳۵

س : حضرت منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ کے مقدمہ کا آخری فیصلہ کب ہوا ؟ ۲۷۳۶

ج . ۸ ذیقعدہ ۳۰۹ سنہ ہجری کو

س : حضرت منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ کتنے سال تک قید میں رہے ؟ ۲۷۳۷

ج . آٹھ سال تک۔

س : حضرت منصور حلاج رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے ؟ ۲۷۳۸

marfat.com

ج . دوسرے حصہ شہر بغداد میں۔

س : حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ امہات المومنین میں سے کن ام المومنین کی سہیلی تھیں ؟ ۲۷۴۶

ج . حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی۔

س : ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا دودھ پینے والے بزرگ کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۷۴۷

ج . حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ نے کس سے علم و فیض حاصل کیا؟

ج . حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے۔ ۲۷۴۸

کیوں رضا آج گلی سونی ہے اٹھ مرے دھوم مچانے والے



سائلو دامن سخی کا تھام لو کچھ نہ کچھ انعام ہو ہی جائے گا

اے رضا ہر کام کا اک وقت ہے
دل کو بھی آرام ہو ہی جائے گا

marfat.com

حضرت بایزید بسطامی وذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہما

س : وہ کون سے بزرگ ہیں جو سب کاموں کو چھوڑ کر والدین کی رضامندی مقدم رکھتے تھے ؟ ۲۷۴۹

ج . حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

س : کس بزرگ نے فرمایا کہ جب خدا کا قرب حاصل ہو گیا تو کعبہ میرا طواف کرتا ہے ؟ ۲۷۵۰

ج . حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ

س : اس بزرگ ہستی کا اسم گرامی بتایئے جنہوں نے پتھر دیا تو سونا بن گیا ؟ ۲۷۵۱

ج . حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ

س : کس بزرگ کے لوگ منکر رہے بعد وصال حالات سے واقفیت ہوئی ؟ ۲۷۵۲

ج . حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ

س : حضرت ذالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کو کس خلیفہ نے گرفتار کروایا ؟ ۲۷۵۳

ج . خلیفہ متوکل عباسی نے ۔

س : حضرت ذوالنون رحمۃ اللہ علیہ کی پیشانی پر بعد وصال کون سا جملہ پڑھا گیا

ج : یہ اللہ کے خلیل ہیں اور عشق الٰہی کی سے تلوار سے فوت ہوئے ۔ ۲۷۵۴

marfat.com

حضرت سید حاجی وارث علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

س : حاجی وارث علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کا قدیم وطن بتایئے ؟ ۲۷۵۵

ج . نیشاپور۔

س : حاجی سید وارث علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۷۵۶

ج . سید قربان علی۔

س : وارث پاک رحمۃ اللہ علیہ کا روضہ کہاں ہے ؟ ۲۷۵۷

ج . دیوی شریف بارہ بنکی یوپی میں۔

س : وہ کون سے حاجی ہیں جنھوں نے احرام پہن کر کبھی نہ اُتارا ؟

ج . حاجی سید وارث علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ ۔ ۲۷۵۸

سرکار سیدنا سالار مسعود غازی رحمۃ اللہ علیہ

مرے شہید اگر جیت لے تو غازی ہے
یہ راہ وہ ہے کہ دونوں میں سرفرازی ہے

س : سرکار غازی میاں رحمۃ اللہ علیہ بہرائچ کب تشریف لائے ؟

ج . شعبان ۴۲۳ھ ہجری میں۔ ۲۷۵۹

س : سرکار غازی میاں علیہ الرحمۃ کے والد محترم کا اسم گرامی

marfat.com

بتائے۔؟ ۲۷۶۰

ج ۔ سید ساہو سالار رحمتہ اللہ علیہ۔

س : سید سرکار مسعود غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ کے والد ماجد کی قبر کہاں واقع ہے؟ ۲۷۶۱

ج ۔ ستر کھ بارہ بنکی یوپی۔ میں۔

س : سرکار غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی تبلیئے؟ ۲۷۶۲

ج حضرت ستر معلّی۔

س ۔ سرکار غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ کس مشہور بادشاہ کے بھانجے تھے؟ محمود غزنوی کے۔ ۲۷۶۳

ج : حضرت غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ نے سب سے پہلے بہرائچ کس کو روانہ فرمایا؟

س ۔ رجب کو توال اور سالار سیف الدین کو۔ ۲۷۶۴

ج : سرکار غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ پر کتنے راجاؤں نے مل کر حملہ کیا اکیس۔

س ۔ سرکار غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ کے حلق نازپر کس بدبخت نے تیر چلایا تھا؟ ۲۷۶۵

ج : سہیل دیونے۔

س ۔ سرکار غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ کی تاریخ وصال تبلیئے! ۲۷۶۶

ج ۔ ۱۴ رجب ۴۲۴ھ ۱۰ جون ۱۰۳۴ء۔

س : سرکار غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ کی تاریخ ولادت تبلیئے؟ ۲۷۶۷

ج ۔ ۱۵ فروری ۱۰۱۵ء ۴۰۵ھ۔

س : آستانہ سرکار غازی میاں رحمتہ اللہ علیہ سے کس قسم کے مریضوں کو شفا ملتی ہے؟ ۲۷۶۸

marfat.com

ج ۔ جذامی، ابرص، پاگل، نیز نابیناؤں کو آنکھیں بھی عطا ہو جاتی ہیں۔
س : سرکار غازی میاں رحمۃ اللہ علیہ کا مزار مقدس کہاں واقع ہے؟
ج ۔ یوپی کے مشہور ضلع بہرائچ شریف میں۔ ۲۷۶۹

متفرق اولیائے کرام

س : وہ کون سی مقدس ہستی ہے جس نے تصوف کے گلشن میں حب الٰہی کی نغمہ سرائی کی؟ ۲۷۷۰
ج ۔ حضرت رابعہ عدویہ رحمہا اللہ تعالیٰ۔
س : سلسلۂ سہروردیہ کس ذات گرامی سے منسوب ہے؟ ۲۷۷۱
ج ۔ حضرت شیخ بہاؤ الدین رحمۃ اللہ علیہ سے۔
س : حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے ماموں کا اسم گرامی بتلایئے جو خود ایک بہت بڑے ولی تھے؟ ۲۷۷۲
ج ۔ حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ۔
س : حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتلایئے۔
ج ۔ حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ۔ ۲۷۷۳
س : ایک سال حج دوسرے سال جہاد تیسرے سال تجارت کر کے منافع دوستوں اور فقیروں میں تقسیم کر دیتے کیا آپ کو ان بزرگ کا اسم گرامی معلوم ہے؟ ۲۷۷۴
ج ۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ۔
س : کوفہ شہر کی رہنے والی وہ کون معزز ہستی ہے جن کی بکریاں اور بھیڑ

marfat.com

ایک ساتھ چرتے تھے؟ ۲۷۷۵

ج ۔ حضرت میمونہ سودا رحمہ اللہ تعالیٰ۔

س : کس بزرگ کے طفیل میں چھ لاکھ حاجیوں کا حج قبول ہوا؟ ۲۷۷۶

ج ۔ حضرت علی بن موفق رحمۃ اللہ علیہ (مرچی کا کام کرتے تھے)

س : حضرت علی بن موفق رحمۃ اللہ علیہ کے کس عمل نے انہیں یہ بلند رتبہ عطا فرمایا۔ ۲۷۷۷

ج ۔ ۳۰ ہزار درہم بچائے حج کو جانے کے اپنے پڑوسی کو دے دیا جس کے بچے ساتویں فاقہ کے بعد مردار کا گوشت کھا رہے تھے۔ ۲۷۷۸

س : سلطان غیاث الدین کے عہد کے دو مشہور بزرگوں کے اسمائے گرامی بتائیے؟ ۲۷۷۹

ج ۔ خواجہ فرید الدین گنج شکر، بہاؤ الدین زکریا ملتانی رحمہما اللہ تعالیٰ۔

س : حضرت ابو الحسن داتا گنج فیض بخش رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۲۷۸۰

ج ۔ لاہور پاکستان میں۔

س : عرب کے لوگ شیخ الہند کس بزرگ کو کہا کرتے تھے؟ ۲۷۸۱

ج ۔ حضرت شیخ سلیم چشتی رحمۃ اللہ علیہ کو۔

س : وہ کون سے بزرگ ہیں جنہوں نے صرف بسم اللہ پڑھا اور کہا اسی میں سب کچھ ہے؟ ۲۷۸۲

ج ۔ حضرت مینا شاہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حضرت مینا شاہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا؟ ۲۷۸۳

ج ۔ ۸۷۰ھ میں۔

س : شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے۔ ۲۷۸۴

marfat.com

ج ۔ قریب شاہ جہاں آباد۔

س : شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا۔ ۲۷۸۵

ج ۔ ۱۷ یا ۱۸ رمضان شب جمعہ ۷۵۷ھ ہجری۔

س : سیف اللسان کس بزرگ ہستی کا لقب ہے؟ ۲۷۸۶

ج ۔ حضرت لال شہباز قلندر رحمتہ اللہ علیہ کا۔

س : حضرت مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی رحمتہ اللہ علیہ کے والد محترم کا اسم گرامی بتائیے؟ ۲۷۸۷

ج ۔ حضرت مولانا ابو السلاطین سلطان سید ابراہیم شاہ قدس سرہٗ

س : حضرت مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی رحمتہ اللہ علیہ کس شہر کے بادشاہ تھے؟ ۲۷۸۸

ج ۔ شہر سمنان کے۔

س : حضرت مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی رحمتہ اللہ علیہ کا مزار کہاں پر واقع ہے؟ ۲۷۸۹

ج ۔ شہر اجودھیا کے قریب ضلع فیض آباد کچھوچھہ میں۔

س : وہ کون سے بزرگ ہیں جن کا پاؤں قبر سے آج بھی باہر ہے۔ ۲۷۹۰

ج ۔ حضرت سید محمد ایوب کردی رحمتہ اللہ علیہ جو دمشق کے دامن کوہ میں آرام فرما ہیں۔

س : حسان ثانی کس بزرگ کا لقب ہے؟ ۲۷۹۱

ج ۔ حضرت مولانا اسمٰعیل نبہانی رحمتہ اللہ علیہ کا۔

س : اللہ تعالیٰ ہفت اقلیم چاروں جہتوں کی حفاظت اپنے کن نیک بندوں سے کرتا ہے؟ ۲۷۹۲

ج ۔ اوتاد کے ذریعہ

س : حضرت ابو بکر شبلی و حضرت بہلول دانا رحمہما اللہ کے مزارات کہاں واقع ہیں

marfat.com

ج دوسرے حصہ شہر بغداد میں۔

س : بتایئے حضرت جنید بغدادی رحمتہ اللہ علیہ کون سا کاروبار کرتے تھے ؟

ج ۔ کپڑے کی تجارت۔ ۲۷۹۳

س : حضرت بشر حافی رحمتہ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتایئے۔

ج ۔ حضرت علی خشرم رحمتہ اللہ علیہ جو آپ کے ماموں تھے۔ ۲۷۹۴

س : یورپ کی حد دنیا میں رہنے والے اوتاد کا اسم گرامی بتایئے ؟

ج ۔ حضرت عبدالحیٔ رحمتہ اللہ علیہ۔ ۲۷۹۵

س : دوسرے اوتاد پچھم دنیا کے کنارے رہتے ہیں ان کا اسم گرامی بتایئے

ج ۔ حضرت عبدالحلیم رحمتہ اللہ علیہ۔ ۲۷۹۶

س : حضرت عبدالقادر رحمتہ اللہ علیہ نام کے اوتاد دنیا کے کس کنارے پر متعین ہیں۔ ۲۷۹۷

ج ۔ دکھن کنارے پر۔

س : حد دنیا کے اتر کنارے رہنے والے اوتاد کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۷۹۸

ج ۔ حضرت عبدالمرید رحمتہ اللہ علیہ۔

س : امامین مائحت غوث کے اسمائے گرامی بتایئے ؟ ۲۷۹۹

ج ۔ حضرت عبدالرب و حضرت عبدالملک رحمہما اللہ تعالیٰ

س : وہ کون سے محدث ہیں جنہیں حدیث بالمواجہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہوئی ؟۔ ۲۸۰۰

ج ۔ حضرت مولانا بدرالدین محدث رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ۔

س : حضرت خواجہ شیخ شہاب الدین سہروردی رحمتہ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے ؟ ۲۸۰۱

ج بیرون شہر بغداد شمالی حصے میں۔

س : مٹی کے گھروندوں کو محل بہشتی بتا کر کس نے فروخت کیا ؟ ۲۸۰۲

marfat.com

ج ۔ حضرت بہلول دانا رحمۃ اللہ علیہ نے۔
مجھ کو تم دیوانہ بتاتے ہو میں وہ ہوشیار ہوں
پاؤں جب طوف حرم میں تھک گئے سر پھر گیا

س : حضرت بہلول دانا رحمۃ اللہ علیہ کے ریت کے بنے ہوئے گھروندوں کو کس نے اور کتنے میں خریدا؟ ۲۸۰۳

ج ۔ بادشاہ ہارون رشید کی بیوی ملکہ زبیدہ نے ایک درہم میں۔

س : حضرت گیسو دراز رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا؟ ۲۸۰۴

ج ۔ محمد۔

س : وہ کون سے بزرگ ہیں جنہوں نے تیس سال تک مسجد حرام میں قیام فرمایا مگر کسی نے ان کو کھاتے پیتے نہیں دیکھا۔ ۲۸۰۵

ج ۔ حضرت ابو حماد اسود رحمۃ اللہ علیہ۔

س : محدث اعظم پاکستان علامہ سردار احمد صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا؟ ۲۸۰۶

ج ۔ شعبان المعظم ۱۳۸۲ھ مطابق دسمبر ۱۹۶۲ء میں کراچی لائل پور جو موجودہ فیصل آباد ہے سپرد خاک ہوئے۔

س : وہ کون سے ولی ہیں جن کا ہاتھ چومنے کی برکت سے ایک شرابی کی اصلاح و مغفرت ہو گئی؟ ۲۸۰۷

ج ۔ امام السیاحین سیدنا ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ۔

س : ایک برگزیدہ ہستی جو اپنے پڑوسی کے مکان کے پرنالے سے گرنے والی غلاظت صاف کیا کرتے تھے جس کی وجہ سے پڑوسی مشرف بہ اسلام ہو گیا کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے؟ ۲۸۰۸

ج ۔ حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ۔

marfat.com

س : وہ کون سے دلی کامل ہیں جو ایک بار سو رہے تھے اور ایک سانپ نرگس کی شاخ لے کر مگس رانی کر رہا تھا۔ ۲۸۰۹

ج ۔ حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ۔

ائمہ کرام

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ

س : فقہ کے کل کتنے امام گذرے ہیں؟ ۲۸۱۰

ج ۔ چار (۴)

س : چاروں اماموں کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۲۸۱۱

ج حضرت امام اعظم ابو حنیفہ، امام شافعی، امام مالک، امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ علیہم۔

س : حنفی فقہ کس امام سے منسوب ہے؟ ۲۸۱۲

ج حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے۔

س : حنفی کسے کہتے ہیں؟ ۲۸۱۳

ج ۔ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی تقلید کرنے والے کو۔

س : حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۸۱۴

ج ۔ ثابت۔

marfat.com

س : امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام کیا تھا۔ ۲۸۱۵

ج ۔ نعمان بن ثابت۔

س : امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کہاں کے رہنے والے تھے۔ ۲۸۱۶

ج ۔ کوفہ کے۔

س : امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کس بادشاہ کے عہد میں پیدا ہوئے؟ ۲۸۱۷

ج ۔ عبدالملک بن مروان کے۔

س : امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے عہد میں کون کون صحابہ بقید حیات تھے۔ ۲۸۱۸

ج ۔ حضرت انس بن مالک، عبداللہ بن ابی اوفی، سہیل بن الساعدی، ابو الطفیل عامر بن واثلہ اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہم۔

س : حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو بیت المقدس شریف کا مجاور رہنے کا شرف کتنے دنوں حاصل رہا؟ ۲۸۱۹

ج ۔ چھ سال تک۔

س : امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا؟ ۲۸۲۰

ج ۔ سنہ ۱۵۰ھ یا سنہ ۱۵۲ھ میں

س : امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد امام محمد رحمۃ اللہ علیہ علم حدیث پڑھنے کے بعد کس کے حلقۂ درس میں داخل ہوئے؟ ۲۸۲۱

ج ۔ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے۔

س : حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو کس نے قید کروایا؟ ۲۸۲۲

ج ۔ خلیفہ منصور کے اشارہ پر ابن ہبیرہ نے۔

س : خلیفہ منصور نے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو قید کیوں کروایا؟ ۲۸۲۳

ج ۔ منصبِ قضاء ٹھکرانے کی وجہ سے۔ ۲۸۲۴

marfat.com

س : امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو ابن ہبیرہ کی پیش کش ٹھکرانے کی وجہ سے کون سی سزا ملی۔؟ ۲۸۲۵

ج ۔ ظلم وستم ڈھا کر زدوکوب کیا۔

س : ابن ہبیرہ کس دور میں تھا؟ ۲۸۲۶

ج ۔ دور اموی میں۔

س : امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا مزار مقدس بغداد میں کس جگہ واقع ہے؟ ۲۸۲۷

ج ۔ قبضہ منظم میں مقبرہ خیزران کے اندر۔

س : امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کب ہوئی؟ ۲۸۲۸

ج ۔ ۸۰ھ میں۔

س : امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا پیشہ کیا تھا؟ ۲۸۲۹

ج ۔ کپڑے کی تجارت۔

س : حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے کا نام بتایئے؟ ۲۸۳۰

ج ۔ حماد بن ابو حنیفہ رحمہما اللہ تعالیٰ

س : حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے حلقۂ درس کے جانشیں کون حضرات ہوئے؟ ۲۸۳۱

ج ۔ حضرت امام زفر بعدہٗ امام ابو یوسف رحمہما اللہ علیہما۔

س : حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے کوفہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کیا سوال کیا تھا؟ ۲۸۳۲

ج ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کی چیونٹی نر تھی یا مادہ؟

س : حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کے جواب نہ دینے پر امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کیا فرمایا

ج ۔ چیونٹی مادہ تھی اس لیے کہ قرآن میں مؤنث کا صیغہ نملۃ آیا ہے ۲۸۳۳

س : حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ آغاز فقہ کے وقت کس کے تلمذ میں آئے؟

ج ۔ حضرت حماد رحمۃ اللہ علیہ کے۔ ۲۸۳۴

marfat.com

س : کوفہ کا حاکم یزید بن عمر بن ہبیرہ امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے سپرد کونسا کام کرنا چاہتا تھا؟ ۲۸۳۴

ج ۔ سرکاری مہر تاکہ آپ کی مہر کے بغیر کوئی کام جاری نہ ہو سکے۔

س : مذہب اہلسنت والجماعت کا بانی کون ہے؟ ۲۸۳۵

ج ۔ ابو الحسن اشعری رحمتہ اللہ علیہ کو شمار کیا جاتا ہے۔ (شرح عقائد ص)

س : کیا امام اعظم ابو حنیفہ کی ملاقات امام شافعی اور امام احمد بن حنبل سے ہوئی؟ ۲۸۳۶

ج ۔ نہیں ہوئی۔

س : بتایئے امام اعظم ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کس فن میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔

ج ۔ فن انجنیئرنگ میں۔ ۲۸۳۷

س علم فقہ میں شیخین سے مراد کون حضرات ہیں۔ ۲۸۳۸

ج ۔ حضرت امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ تعالیٰ۔

س : ائمہ اربعہ میں سے امام اعظم رحمتہ اللہ علیہ سے ملاقات کس امام سے ہوئی۔

ج ۔ صرف امام مالک رحمتہ اللہ علیہ سے۔ ۲۸۳۹

س : فقہ میں صاحبین سے کون حضرات مراد لیے جاتے ہیں، ۲۸۴۰

ج ۔ حضرت امام محمد و امام ابو یوسف جو امام اعظم کے شاگرد ہیں رحمہم اللہ علیہم

حضرت امام مالک رحمتہ اللہ علیہ

س : حضرت امام مالک رحمتہ اللہ علیہ کہاں اور کب پیدا ہوئے؟۔ ۲۸۴۱

ج ۔ مدینہ منورہ ۹۳ھ میں۔

marfat.com

س : فقہ مالکی کس امام سے منسوب ہے؟ ۲۸۴۲

ج ۔ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے۔

س : حضرت امام مالک امام اعظم رحمہما اللہ سے کتنے سال چھوٹے تھے۔

ج ۔ صرف ۱۲ سال۔ ۲۸۴۳

س : حضرت مالک رحمۃ اللہ علیہ کا وصال بتایئے کب ہوا؟ ۲۸۴۴

ج ۔ ۲۰۴ھ اور بعض نے ۱۷۹ھ بتایا ہے۔

س : حدیث کا مجموعہ مؤطا کس کی یادگار ہے؟ ۲۸۴۵

ج ۔ حضرت امام مالک کی اور دوسرا مؤطا امام محمد کی (رحمہما اللہ علیہما)

س : حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں میں کون امام ائمہ اربعہ میں شامل ہیں؟ ۲۸۴۶

ج ۔ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا آبائی وطن بتایئے؟ ۲۸۴۷

ج ۔ یمن کا قبیلہ ذی اصبح ہے اسی وجہ سے آپ کو اصبحی کہتے ہیں۔

س : حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے والدین کے اسمائے گرامی بتایئے

ج ۔ والد کا نام انس والدہ کا نام عالیہ بنت شریک ہے۔ ۲۸۴۸

س : حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے پردادا کا اسم گرامی کیا تھا۔

ج ۔ حضرت ابوعامر عہد نبوت ہی میں مشرف بہ اسلام ہو گئے تھے مگر شرف صحابیت اور دیدار نبوی سے محروم رہے۔ ۲۸۴۹

س : حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے چچا اپنے وقت کے محدث تھے ان کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۸۵۰

ج ۔ حضرت ابوسہل نافع رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے استاذ حدیث کا اسم گرامی

marfat.com

بتلیئے؛ ۲۸۵۱
ج . حضرت نافع مولیٰ ابن عمر رحمۃ اللہ علیہ۔
س : حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی کنیت کیا تھی؛ ۲۸۵۲
ج . ابو عبداللہ۔
س : سینکڑوں بار دوران درس حدیث خوفناک بچھو نے ڈنک مارا احادیث کی تعظیم میں پہلو تک نہ بدلا۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ واقعہ کس امام سے تعلق رکھتا ہے۔ ۲۸۵۳
ج حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے۔

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ

س : ناصر الحدیث کس امام کو کہا جاتا ہے؛ ۲۸۵۴
ج . حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کو۔
س : امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام بتلیئے؛ ۲۸۵۵
ج . محمد بن ادریس۔
س : شافعی کسے کہتے ہیں؛ ۲۸۵۶
ج . امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی تقلید کرنے والے کو۔
س : حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کب اور کہاں ہوئی۔
ج . ۱۵۰ھ میں ملک شام مقام غزہ میں۔ ۲۸۵۷
س : حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب اور کہاں ہوا؛ ۲۸۵۸
ج . رجب ۲۰۴ھ مصر میں۔

marfat.com

س : حضرت امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کی پرورش کہاں ہوئی؟ ۲۸۵۹

ج ۔ مکہ مکرمہ میں۔

س : امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کی تابیئے کنیت کیا تھی۔ ۲۸۶۰

ج ۔ ابو عبداللہ۔

س : حضرت امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کے مشہور اساتذہ کرام کے اسمائے گرامی بتائیے؟ ۲۸۶۱

ج ۔ حضرت امام مالک، سفیان بن عینیہ، اور امام مسلم بن خالد الزنجی رحم اللہ علیہم۔

س : امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کے والد اور دادا و پردادا کا نام بتاتے ہوئے بتائیے کہ آپ عرب کے کس مشہور قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے۔ ۲۸۶۲

ج ۔ محمد بن حنبل بن ہلال قبیلہ رشیبان سے تعلق رکھتے تھے۔

س : فقہ اسلامی میں شافعی مسلک کا آغاز کب ہوا؟ ۲۸۶۳

ج ۔ نویں صدی عیسوی میں۔

س : فقہ شافعی کس امام سے تعلق رکھتا ہے۔ ۲۸۶۴

ج ۔ حضرت امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ سے۔

امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ

س : حضرت امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ کی پیدائش کہاں اور کب ہوئی؟

ج ۔ بغداد میں ۱۶۴ھ میں۔ ۲۸۶۵

س : امام احمد بن حنبل رحمتہ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا؟ ۲۸۶۶

marfat.com

ج ۔ ۲۴۱ھ میں ماہ ربیع الاول تھا۔

س : حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے فقہ کے سب سے بڑے شاگرد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۸۶۷

ج ۔ امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ۔

س : عباسی خلیفہ مامون کے عہد ۲۰۴ھ میں کون سا فتنہ پیدا ہوا؟ ۲۸۶۸

ج ۔ خلق قرآن کا۔

س : خلیفہ مامون کے انتقال کے بعد خلق قرآن کے مسئلہ میں زیادہ دلچسپی کس نے لیا؟ ۲۸۶۹

ج ۔ خلیفہ معتصم نے۔

س : معتزلی عباسی خلفاء کا مشیر کون معتزلی تھا۔ ۲۸۷۰

ج ۔ قاضی احمد بن ابی داؤد۔

س : قرآن کو مخلوق نہ تسلیم کرنے کے جرم میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ کیا سلوک ہوا؟ ۲۸۷۱

ج ۔ کوڑوں کا ضرب اس وقت تک جاری رہتا جب تک بیہوش نہ ہو جاتے

س : امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ پر قید و بند و سزائے تازیانہ کا سلسلہ کتنے ماہ تک جاری رہا؟ ۲۸۷۲

ج ۔ مسلسل ۲۸ ماہ تک۔

س : بتلایئے فقہ حنبلی کس امام سے منسوب ہے؟ ۲۸۷۳

ج ۔ حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے۔

طیبہ کے سوا سب باغ پامال فنا ہوں گے
دیکھو گے چمن والو جب عہد خزاں آیا

marfat.com

مجدّدینِ ملّت

س : مجدّد کے لئے کیا چیزیں ضروری ہوتی ہیں جس کی وجہ سے شناخت کیجاتی ہے؟ ۲۸۷۴

ج ۔ صدی کے آخر اور دوسری صدی کے اول میں اس کے علم وفضل کا شہرہ رہا ہو۔

س : پہلی صدی ہجری کے مجدد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۸۷۵

ج ۔ خلیفۂ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ وصال وولادت بتایئے؟ ۲۸۷۶

ج ۔ ولادت ۹۹ سنہ ہجری وفات ۱۰۱ سنہ ہجری میں ہوئی۔

س : دوسری صدی ہجری کے مجدد کا اسم گرامی کیا تھا؟ ۲۸۷۷

ج ۔ حضرت امام شافعی وسیدنا امام حسن بن زیاد رحمہما اللہ علیہما۔

س : گیارھویں صدی ہجری کے مجدد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۸۷۸

ج ۔ حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے زیادہ تر کس سلسلے میں خدمات انجام دی ہیں؟ ۲۸۷۹

ج ۔ اکبر کی کفریت کے خاتمے اور دین الٰہی کے خلاف توحید باری تعالیٰ پر لکھا بھی اور کام بھی انجام دیا۔

س : حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کب ہوئی؟ ۲۸۸۰

ج ۔ ۱۴ شوال ۹۷۱ سنہ ہجری جمعہ کی شب میں۔

marfat.com

س : بارہویں صدی ہجری کے مجدد دین کے اسمائے گرامی بتایئے؟ ۲۸۸۱

ج ۔ شہنشاہ ہندوستان محی الدین اورنگ زیب عالمگیر، شیخ غلام نقشبندی لکھنوی و سید شاہ کلیم الدین چشتی اور قاضی محب اللہ بہاری رحمہم اللہ علیہم۔

س : تیرھویں صدی ہجری کے مجدد کا اسم گرامی بتایئے۔ ۲۸۸۲

ج ۔ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

س : چودھویں صدی ہجری کے مجدد اعظم کا اسم گرامی بتایئے۔ ۲۸۸۳

ج : امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ۔

س ۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد شریعت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت اور خدمت کس کے سپرد کی گئی۔ ۲۸۸۴

ج ۔ علمائے ربانین و مجددین ملت کے۔

س : مجدد کسے کہتے ہیں۔ ۲۸۸۵

ج اپنے تجدیدی کارناموں سے امت مرحومہ کا دین اور آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کو زندہ کرے۔

میرے اعلیٰحضرت رضی اللہ عنہ

وادی رضا کی، کوہ ہمالہ رضا کا ہے
جس سمت دیکھیے وہ علاقہ رضا کا ہے (رضی اللہ عنہ)
اوروں نے بھی لکھا ہے بہت علم دین پر
اس صدی میں جو کچھ ہے تنہا رضا کا ہے

حق فرمایا حق سمجھایا حق کے علاوہ سب ٹھکرایا: حق کی نصرت حق کی رفعت حق کی عزت اعلیحضرت،

marfat.com

س : سیدنا سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کی ولادت کب ہوئی ؟ ۲۸۸۶
ج ۔ دس شوال ۱۲۷۲ھ ہجری ۱۴ جون ۱۸۵۶ء میں۔
س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت بریلی شریف کے کس محلہ میں ہوئی ؟ ۲۸۸۷
ج ۔ محلہ جسولی میں۔
س : اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۸۸۸
ج ۔ حضرت مولانا نقی علی خاں رحمۃ اللہ علیہ۔
س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ کا نام کیا تھا ؟ ۲۸۸۹
ج ۔ حسینی خانم بنت شیخ فضل احمد عثمانی۔
س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی زوجہ محترمہ کا نام بتلایئے ؟ ۲۸۹۰
ج ۔ ارشاد بیگم۔
س : سیدنا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا پورا نام کیا تھا۔ ۲۸۹۱
ج ۔ امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ۔
س : اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے شجرۂ نسب میں کس کو شجاعت جنگ کا خطاب حاصل تھا۔ ۲۸۹۲
ج ۔ محمد سعید اللہ خاں۔
س : امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا پیدائشی اور تاریخی نام بتایئے ؟ ۲۸۹۳
ج ۔ پیدائشی نام محمد، اور تاریخی نام المختار ہے۔
س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا نام احمد رضا کس نے تجویز کیا تھا
ج ۔ آپ کے جد امجد حضرت مولانا رضا علی خاں رحمۃ اللہ علیہ نے۔ ۲۸۹۴
س : اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ نے تیرھویں صدی ہجری کا زمانہ کس قدر پایا ؟ ۲۸۹۵

marfat.com

ج ۔ ۳۸ سال دو مہینہ ۲۰ دن۔

س : سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے چودھویں صدی ہجری کا زمانہ کس قدر پایا؟ ۲۸۹۶

ج ۔ ۳۹ سال ایک ماہ ۲۵ دن۔

س : بوقت بسم اللہ خوانی سیدنا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے کس حرف کے پڑھنے پر سکوت فرمایا؟ ۲۸۹۷

ج ۔ لام الف پر۔ فرمایا مفرد حروف کے بیچ میں مرکب کہاں سے آگیا جبکہ میں لام اور الف دونوں پڑھ چکا ہوں۔

س : سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے ناظرہ قرآن پاک کس عمر میں ختم فرمایا؟ ۲۸۹۸

ج ۔ چار سال کی عمر میں۔

س : چھ سال کی عمر میں بزبان فصیح میلاد پڑھنے والی ذات گرامی کا اسم گرامی بتلایئے؟ ۲۸۹۹

ج ۔ سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ۔

س : اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے کس عمر میں ہدایۃ النحو کی شرح عربی میں لکھی؟

ج ۔ آٹھ سال کی عمر میں ۔ ۲۹۰۰

س : سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے کس عمر میں عالمیت کی ڈگری حاصل کیا؟ ۲۹۰۱

ج ۔ ۱۳ سال ۱۰ مہینہ ۵ دن کی عمر میں۔

س : مجدد دین و ملت امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد ماجد سے کتنے علوم و فنون حاصل کئے؟ ۲۹۰۲

ج ۔ ۲۱ علم قرآن سے ابتدائی علم ہندسہ تک۔

marfat.com

س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے پہلا فتویٰ کس مسئلہ کا دیا۔ ۲۹۰۳
ج ۔ رضاعت کا۔

س : حضور سیدنا اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتلایئے ؟ ۲۹۰۴
ج ۔ استاذ العارفین حضرت مولانا سید آل رسول مارہروی رحمۃ اللہ علیہ
س : مجدد اعظم امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کتنے علوم و فنون پر مکمل دسترس رکھتے تھے ؟ ۲۹۰۵
ج ۔ انسٹھ ۵۹۔

س : سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے بریلی شریف میں کس مدرسہ کی بنیاد ڈالی۔ ۲۹۰۶
ج ۔ جامعہ منظر اسلام کی۔
س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمۂ قرآن پاک کو کیا کہا جاتا ہے۔
ج کنز الایمان۔ (ایمان کا خزانہ) ۲۹۰۷
س ۔ امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے کنز الایمان کیوں عطا فرمایا۔ ۲۹۰۸
ج : سرمایۂ حیات و ایمان کی سلامتی کے لئے۔
س : سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کا مجموعۂ فتویٰ کس نام سے موسوم ہے
ج ۔ فتاویٰ رضویہ کے نام سے۔ ۲۹۰۹
س : کنز الایمان کے مفسر کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۲۹۱۰
ج ۔ صدر الافاضل حضرت مولانا سید نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ۔
س : فتاویٰ رضویہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے۔ ۲۹۱۱
ج ۔ ۱۲ ضخیم جلدوں پر۔
س : دورِ حاضر میں اردو کے شائع شدہ ترجمۂ قرآن پاک میں سب سے

marfat.com

س : زیادہ مقبول اور قابل اعتماد کس کا ترجمہ سمجھا جاتا ہے؟ ۲۹۱۲
ج ۔ سرکار سیدنا امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کا ۔ (کنز الایمان)
س : امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے انگریزی گورنمنٹ کی طرفداری کرنے والوں کی مذمت میں کتنی کتابیں تصنیف کیں؟ ۲۹۱۳
ج ۔ سات کتابیں جس میں انگریزی ایجنٹوں کو بے نقاب کر دیا۔
س : مرزا غلام احمد قادیانی نے کس کے اشارہ پر نبوت کا دعویٰ کیا؟ ۲۹۱۴
ج ۔ انگریزوں کے اشارہ پر۔
س : اعلیحضرت رحمۃ اللہ علیہ نے قادیانی کے خیال باطلہ پہ کتنی کتابیں تصنیف فرمائی۔؟ ۲۹۱۵
ج ۔ چھ کتابیں ۔ اور ایک ماہنامہ "قہر الدیان علی المرتد القادیان" جاری کیا۔
س : زمین گھوم رہی ہے۔ آسمان کوئی چیز نہیں ہے اس کی رد میں اعلیٰحضرت نے ایک کتاب تصنیف فرمائی کیا آپ اس کتاب کا نام بتا سکتے ہیں؟
ج ۔ "فوز مبین در رد حرکت زمین"۔ ۲۹۱۶
س : سرکار سیدنا امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے "الدولۃ المکیۃ" کی تصنیف کہاں فرمائی؟ ۲۹۱۷
ج ۔ خانۂ کعبہ میں۔ صرف آٹھ گھنٹہ میں۔
س : سیدنا اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کے نعتیہ دیوان کا نام بتایئے؟ ۲۹۱۸
ج ۔ حدائق بخشش
س : وائس چانسلر علیگڈھ کس مسئلہ کے حل کے لئے جرمن جا رہا تھا جسے اعلحضرت رحمۃ اللہ علیہ نے حل فرما دیا؟ ۲۹۱۹
ج ۔ ریاضی کا ایک سوال تھا۔
س : اعلحضرت رحمۃ اللہ علیہ کا جواب سنکر وائس چانسلر علیگڈھ نے کیا کہا؟ ۲۹۲۰

marfat.com

ج ۔ میں علم لدنی کے بارے میں سنا کرتا تھا آج دیکھ بھی لیا۔

س : بدایوں شریف میں شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کے عرس کے موقعہ پر سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے کس موضوع پر چھ گھنٹہ خطاب فرمایا؛ ۲۹۲۱

ج ۔ سورۂ والضحیٰ پر۔

س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد آپ کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؛ ۲۹۲۲

ج ۔ اللہ تعالیٰ جب فرمائے گا اے آل رسول میرے لئے کیا لایا ہے تو میں عرض کردوں گا "الٰہی تیرے لئے احمد رضا کو لایا ہوں"۔

س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے پہلا حج والدین کے ساتھ کس سنہ میں ادا فرمایا

ج ۔ ۱۲۹۵ھ ۱۸۷۸ء میں۔ ۲۹۲۲

س : کس ذات گرامی نے ایک ماہ سے کم مدت میں قرآن پاک حفظ کرکے تراویح کی نماز میں سنا دیا؛ ۲۹۲۴

ج : سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے۔

۲۹۲۵

س ۔ حجۃ الاسلام کا لقب خانوادۂ اعلیٰ حضرت میں کس کو عطا ہوا؛

ج : اعلیٰحضرت کے شہزادے علامہ حامد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کو۔

س ۔ میرے اعلیٰحضرت عظیم البرکت رضی اللہ عنہ نے رسالت پہ قلم کیوں اٹھایا۔

ج ۔ مجددگی شان یہی ہوتی ہے کہ مزاج اور ماحول کے مطابق اپنا فریضہ انجام دے۔ چوں کہ اس وقت ناموس رسالت کی توہین کی جارہی تھی، شریعت و عظمت و تقدیس پر حملے ہو رہے تھے۔ ۲۹۲۶

س : تحریری طور پہ فتاویٰ حسام الحرمین کی تصدیق غیر منقسم ہندوستان میں کتنے علمائے کرام نے کی؛ ۲۹۲۷

marfat.com

ج ۔ ۲۶۸ مفسرین وفقہائے عظام ومحدثین عالی مقام ہے۔

س : احسام الحرمین کے سلسلے میں تصدیقات کرنے والوں میں مکہ اور مدینہ کے کتنے علمائے کرام تھے؟ ۲۹۲۸

ج ۔ ۳۳ر مفتیان عظام۔

س : مجدد اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے کتنے علوم وفنون پر کتنی کتابیں تصنیف فرمائی؟ ۲۹۲۹

ج ۔ ۷۰ علوم وفنون پر ایک ہزار سے زائد کتابیں۔

س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی اس نعت پاک کا ایک شعر سناؤ جس میں کئی زبانیں پائی جاتی ہیں؟ ۲۹۳۰

ج ۔ لمریات نظیرک فی نظر مثل تو نہ شد پیدا جانا

س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی کل عمر کتنے سال کی ہوئی؟ ۲۹۳۱

ج ۔ ۶۵ سال کی۔

س : سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کا روضہ کہاں واقع ہے؟ ۲۹۳۲

ج ۔ بریلی شریف میں۔

س : اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا عرس پاک کن تاریخوں میں منایا جاتا ہے ۲۹۳۳

ج ۔ ۲۴ر ۲۵ر صفر کو۔

س : اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وصال کی تاریخ قرآن پاک کی کس آیت سے اخذ فرمایا۔ ۲۹۳۴

ج ۔ ویطاف علیہم بآنیۃ من فضۃ واکواب ط

س : سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وصال کی خبر کتنے دن قبل دے دیا تھا؟ ۲۹۳۵

ج ۔ چار ماہ ۲۲ر دن قبل۔

marfat.com

س : کیا آپ کو یہ معلوم ہے کہ سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وصال کے آخری سال میں رمضان کا روزہ کہاں جاری رکھا ؟ ۲۹۳۶

ج ۔ بھوالی پہاڑ نینی تال پر چونکہ وہاں کا موسم سرد تھا اور اس سال کا رمضان مئی، جون میں پڑا تھا۔ پھر بھی ضعف و کمزوری کے باعث رخصت پر عمل نہ کیا۔

س : اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا؟ ۲۹۳۷

ج ۔ ۲۵ صفر ۱۳۴۰ ہجری کو۔

س : سرکار امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کس وقت ہوا ؟ ۲۹۳۸

ج ۔ ۲ بجکر ۳۸ منٹ پر عین جمعہ کے وقت حی علی الفلاح کی آواز سن کر مالک حقیقی سے جا ملے۔

س : بیت المقدس کے شامی بزرگ نے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں کس حالت میں پایا؟ ۲۹۳۹

ج ۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم مع اصحاب کس کے منتظر تھے۔

س : شامی بزرگ کے عرض کرنے پر کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم کس کا انتظار فرما رہے ہیں تو کیا جواب ملا؟ ۲۹۴۰

ج ۔ ہمیں احمد رضا کا انتظار ہے۔ جو ہندوستان کے بریلی شریف کے باشندے ہیں۔

س : اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں آنے والے شامی بزرگ کو کیا جواب ملا؟ ۲۹۴۱

ج آپ جس عاشق رسول کی ملاقات کے لئے بریلی تشریف لائے ہیں وہ ۲۵ صفر کو دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔

نوٹ :۔ یہی تاریخ شامی بزرگ کے خواب کی تھی۔

marfat.com

س : سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کو حسب وصیت غسل کس نے دیا۔
ج ۔ صدر الشریعۃ مولانا امجد علی رحمۃ اللہ علیہ اور جناب امیر حسن مرادآبادی نے مدد کی۔ ۲۹۴۲

س : حضور سیدنا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواضع سجدہ پر کافور کس نے ملا۔ ۲۹۴۳
ج ۔ حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ نے۔

س : سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کا کفن بچھانے کا شرف کس نے حاصل کیا؟ ۲۹۴۴
ج ۔ صدر الافاضل حضرت مولانا سید نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ نے۔

س : سرکار اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ کے جنازہ کی نماز کس نے پڑھائی؟ ۲۹۴۵
ج ۔ صدر الشریعۃ علامہ حکیم محمد امجد علی رضوی اعظمی مصنف بہار شریعت نے بحکم اعلیٰ حضرت۔

س : قرآن پاک کا شاندار ترجمہ کنز الایمان اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے کب کیا؟ ۲۹۴۶
ج ۔ ۱۹۱۱ء میں۔

س : خانقاہ رضویہ عالیہ برکاتی شریف کے کس جانب مسجد رضا واقع ہے؟ ۲۹۴۷
ج ۔ اتر جانب۔

قریہ بہ قریہ کو بہ کو، شہر بہ شہر جو بجو،
تیرا ہی ذکر ہے "رضا" کوچہ بہ کوچہ سو بہ سو

marfat.com

حضور سیدنا سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ

س : سرکار سیدنا مفتی اعظم ہند علیہ الرحمہ کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے ؟

ج ۔ سرکار سیدنا امام احمد رضا خاں رحمۃ اللہ علیہ۔ ۲۹۴۸

س : حضور مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام بتایئے ؟ ۲۹۴۹

ج ۔ محمد

س : سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ کا لقب کیا تھا ؟ ۲۹۵۰

ج ۔ آل رحمٰن پیر مرشد نے ابو البرکات محی الدین جیلانی رکھا اور مصطفےٰ رضا خاں سے مشہور ہوئے

س : سیدنا مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت باسعادت کب ہوئی ؟

ج ۔ ۲۲ ذی الحج ۱۳۱۰ھ میں۔ ۲۹۵۰

س : اس جلیل القدر ہستی کا نام بتاؤ جس نے ۱۹۷۱ء میں بغیر فوٹو پاسپورٹ حاصل کئے حج کا فریضہ انجام دیا۔ ۲۹۵۱

ج ۔ سیدنا مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ

س : ایک لاکھ سے زائد مفتی اعظم ہند کے قلم سے صادر ہونے والے فتاوٰی کے مجموعہ کا اصل نام بتلایئے ؟ ۲۹۵۲

ج ۔ فتاوٰی مصطفویہ جو تین جلدوں پر مشتمل ہے۔

س : سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ دنیائے شاعری میں کس نام سے پہچانے جاتے ہیں ؟ ۲۹۵۳

ج ۔ نوری کے نام سے۔

س : حضور مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ کے نعتیہ دیوان کا نام بتایئے ؟

ج ۔ سامان بخشش عرف گلستان نوری۔ ۲۹۵۴

س : حضور مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ کے اس نعت پاک کا ایک شعر سناؤ

marfat.com

جسے آپنے حرم شریف میں جا روپ کے بعد لکھا۔ ۲۹۵۵

ج ۔ ذخائر سے لائے وہ دن بھی نوری
مدینہ کی گلیاں بہارا کروں میں

س : ایمرجنسی کے دوران نسبندی کے عدم جواز کا فتویٰ بیباک کس مجاہد نے دیا؟ ۲۹۵۶

ج ۔ سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ نے۔

س : سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ۲۹۵۷

ج ۔ حضرت علامہ شاہ مختار اشرف صاحب قبلہ کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ نے۔

س : سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ کا آخری دیدار کرنے کے لئے کس قدر اہل عقیدت کا ہجوم تھا؟ ۲۹۵۸

ج ۔ تقریباً ۲۵ لاکھ انسانوں کا سیلاب خراج عقیدت کیلئے حاضر ہوا

س : حضور مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ کی تاریخ وصال بتائیے! ۲۹۵۹

ج ۔ ۱۴ محرم الحرام ۱۴۰۲ھ مطابق ۱۲ نومبر ۱۹۸۱ء بروز جمعرات شب ۱ بجکر ۵۵ منٹ پر اپنے معبود حقیقی سے جا ملے۔

۲۹۶۰

س ۔ سرکار مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ نے کتنے سال کی عمر میں مسند افتاء کو زینت بخشی۔ ۲۹۶۱

ج ۔ ۱۸ سال کی عمر میں اور مسلسل ۷۲ سال تک فتویٰ نویسی کا کام انجام دیتے رہے!

---

marfat.com

شیر بیشہ اہلسنّت رحمۃ اللہ علیہ

س : حضور شیر بیشۂ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد کا نام بتایئے؟
ج ۔ ابو الحفاظ نواب علی خان صاحب ۲۹۶۲
س : شیر بیشہ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۲۹۶۳
ج ۔ پیلی بھیت، یوپی، نینیتال کی ترائی میں جس کا پرانا نام کھانفطہ آباد ہے۔
س : شیر بیشۂ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ نے عربی کی ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کیا؟ ۲۹۶۴
ج ۔ مدرسہ فرقانیہ لکھنؤ میں۔
س : سیدنا شیر بیشۂ سنیت رحمۃ اللہ علیہ کے مدرسہ فرقانیہ سے نکلنے کا سبب کیا تھا؟ ۲۹۶۵
ج ۔ سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ کی کتاب تمہید الایمان کے مطالعہ نے نکلنے پر مجبور کر دیا؟
س : شیر بیشۂ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ کتنی عمر میں بریلی شریف تشریف لائے؟ ۲۹۶۶
ج ۔ ۱۶ سال کی عمر میں۔
س : مظہر اعلیٰ حضرت کس کا لقب ہے؟ ۲۹۶۷
ج ۔ شیر بیشۂ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ کا۔
س : سرکار شیر بیشۂ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ کا پورا نام بتایئے؟ ۲۹۶۸
ج ۔ ابو الفتح علامہ الشاہ مفتی حشمت علی خاں رحمۃ اللہ علیہ۔
س : شیر بیشۂ اہلسنت کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتایئے؟ ۲۹۶۹

marfat.com

ج ۔ سرکارِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ۔

س : شیرِ بیشۂ اہلسنت کا وصال کب ہوا؟ ۲۹۷۰

ج ۔ آٹھ محرم الحرام ۱۳۸۰ھ بمطابق ۳ جولائی ۱۹۶۰ء بروز یکشنبہ

س : حضور شیرِ بیشۂ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ کے برادرِ مکرم کا اسمِ گرامی بتلایئے جو خود بہت بڑے عالم تھے؟ ۲۹۷۱

ج ۔ مفتی ابو الظفر محب الرضا محبوب علی خاں رحمۃ اللہ علیہ۔

س : شیرِ بیشۂ اہلسنت رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کہاں ہوئی؟ ۲۹۷۲

ج ۔ لکھنؤ سے پورب قصبہ امیٹھی میں۔

آسمانی کتابیں

قرآن مجید

س : دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب کا نام بتایئے! ۲۹۷۳

ج ۔ قرآن مجید۔

س : قرآن مجید کس زبان میں نازل ہوا؟ ۲۹۷۴

ج ۔ عربی زبان میں۔

س : قرآن پاک کس پر نازل ہوا؟ ۲۹۷۵

ج ۔ نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

س : سب سے پہلے کونسی مکمل سورۃ نازل ہوئی؟ ۲۹۷۶

ج ۔ سورۂ فاتحہ۔

marfat.com

س : قرآن مجید کی طویل ترین سورۃ کا نام بتایئے ؟ ۲۹۷۷
ج ۔ سورۂ بقرۃ۔
س : سورۂ بقرۃ میں کتنی آئتیں اور رکوع ہیں ۔ ۲۹۷۸
ج ۔ دو سو چھیاسی ۲۸۶ آئتیں ۴۰ رکوع ہیں۔
س : سورۂ بقرہ میں کتنے حروف ہیں؟ ۲۹۷۹
ج ۔ ۲۵ ہزار ۵۰۰ (۲۵۵۰۰)
س : باب القرآن قرآن مجید کی کس سورۃ کو کہا جاتا ہے؟ ۲۹۸۰
ج ۔ سورۂ فاتحہ کو۔
س : سورۂ فاتحہ میں کتنی آئتیں اور کلمے ہیں۔ ۲۹۸۱
ج ۔ سات آئتیں اور ستائیس کلمے۔
س : سردار الآیات قرآن مجید کی کون سی آیت کہلاتی ہے ؟ ۲۹۸۲
ج ۔ آیۃ الکرسی
س : سورۂ رحمٰن کو کیا کہا جاتا ہے۔ ۲۹۸۳
ج ۔ عروس القرآن۔
س : زینت القرآن قرآن پاک کی کس سورۃ کو کہتے ہیں؟ ۲۹۸۴
ج ۔ سورۂ رحمٰن کو۔
س : قلب القرآن۔ قرآن پاک کی کون سی سورۃ کا نام ہے؟ ۲۹۸۵
ج : سورۂ یٰسین کا۔
س : ام القرآن، قرآن پاک کی کس سورۃ کا نام ہے؟ ۲۹۸۶
ج ۔ سورۂ فاتحہ کا۔
س : قرآن پاک کی سب سے چھوٹی سورۃ کا نام بتلایئے؟ ۲۹۸۷
ج ۔ سورۃ الکوثر۔

marfat.com

س ۔ قرآن پاک کی کون سی سورۃ میں ایک ہی زیر ہے ؟ ۲۹۸۸
ج ۔ سورۂ اخلاص میں
س : قرآن پاک کی پہلی سات سورہ کیا کہلاتی ہے۔ ۲۹۸۹
ج ۔ طوال۔
س : قرآن پاک میں سب سے کم کون سا حرف استعمال ہوا ہے؟ ۲۹۹۰
ج ۔ حرف ظ۔
س : قرآن پاک کا نزول کس مہینہ میں ہوا ؟ ۲۹۹۱
ج ۔ رمضان المبارک میں۔
س : قرآن پاک کس رات میں نازل ہوا۔ ؟ ۲۹۹۲
ج ۔ شب قدر میں۔
س : خاص عرش کے خزانہ سے قرآن پاک کے کون کون حصے نازل ہوئے؟
ج ۔ سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۃ البقرۃ کا آخری رکوع۔ ۲۹۹۳
س : قرآن پاک کا پہلا سجدہ کس پارہ میں ہے۔ ۲۹۹۴
ج ۔ نویں پارہ میں۔
س : قرآن پاک کا دوسرا سجدہ کس پارہ میں ہے۔ ؟ ۲۹۹۵
ج ۔ تیرھویں پارہ میں۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ختم نبوت کے سلسلے میں قرآن مجید کی کتنی آیتیں دلیل دے رہی ہیں۔ ؟ ۲۹۹۶
ج ۔ ننانوے (۹۹)
س : پورا قرآن مجید ایک ہی دفعہ میں نازل ہوا یا تھوڑا تھوڑا۔ ۲۹۹۷
ج ۔ پورا قرآن مجید ۲۳ سال کے عرصہ میں حسب ضرورت تھوڑا تھوڑا نازل ہوتا رہا۔

marfat.com

س : قرآن پاک کی سب سے پہلے کون سورۃ نازل ہوئی؟ ۲۹۹۸

ج ۔ سورۃ العلق کی چند آیتیں۔

س : قرآن پاک کی کونسی آیت ہے جس میں قرآن پاک کو بلا طہارت چھونے سے منع کیا گیا ہے! ۲۹۹۹

ج ۔ لا یمسہ الا المطہرون (پ ۲۷۔ سورۂ واقعہ آیت ۷۹)

س : سب سے آخر میں قرآن پاک کی کونسی آیت نازل ہوئی؟ ۳۰۰۰

ج ۔ واتقوا یوماً ترجعون فیہ ط

س : قرآن مجید کی آخری آیت کہاں نازل ہوئی؟ ۳۰۰۱

ج ۔ جمعۃ الوداع کے موقعہ پر۔ مکہ مکرمہ میں۔ ۳ ربیع الاول ۱۱ھ ہجری میں۔

س : قرآن پاک کی پہلی آیت کہاں نازل ہوئی؟ ۳۰۰۲

ج ۔ غارِ حرا میں۔

س : اسرارِ الٰہی اور حروف متشابہات قرآن پاک کے کن حروف کو کہا جاتا ہے؟ ۳۰۰۳

ج ۔ حروف مقطعات کو۔

س : میت کی تدفین کے بعد قرآن پاک کی کس سورۃ کی آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں؟ ۳۰۰۴

ج ۔ سورۃ البقرۃ کی۔

س : وہ کون سی سورۃ ہے جس کے شروع میں بسم اللہ نہیں ہے۔ ۳۰۰۵

ج ۔ سورۂ توبہ۔

س : قرآن پاک کی کون سی سورۃ سب سے آخر میں نازل ہوئی؟ ۳۰۰۶

ج ۔ سورۃ التوبہ۔

marfat.com

س : قرآن پاک کی کون سی سورتیں پہلی کتابوں میں تھیں ؟ ۳۰۰۷
ج ۔ آل عمران، کہف، ملک، قمر۔ (الاتقان ص۲، کنز الاعمال ص۵۹۳)
س : قرآن پاک کی کس سورۃ میں حرف ر کا استعمال نہیں ہوا۔ ۳۰۰۸
ج ۔ سورۂ اخلاص میں۔
س : کل کتنے پارے ہیں قرآن پاک میں۔ ۳۰۰۹
ج ۔ تیس ۳۰۔
س : قرآن مجید میں کتنی سورتیں ہیں ؟ ۳۰۱۰
ج ۔ ۱۱۴ ۔ (ایکسو چودہ)
س : قرآن پاک کے سجدوں میں کتنے سجدے مکی ہیں اور کتنے مدنی ؟ ۳۰۱۱
ج ۔ ۱۳ ، مکی ہیں اور ایک مدنی۔
س : قرآن مجید میں کل کتنے سجدے ہیں ؟ ۳۰۱۲
ج ۔ ۱۴ ۔ (چودہ)
س : قرآن مجید میں کتنی منزلیں ہیں ؟ ۳۰۱۳
ج ۔ سات۔
س : سونے کے تیرے پر لکھا ہوا قرآن کہاں موجود ہے ؟ ۳۰۱۴
ج ۔ پٹنہ کے حکومتی کتب خانہ میں جس کا وزن ڈھیڑ من ہے۔
س : قرآن پاک میں اعراب کس نے کب لگوائے ؟ ۳۰۱۵
ج ۔ ابو الاسود دائلی تابعی رحمۃ اللہ علیہ نے ۶۹ھ میں۔
س : قرآن مجید میں کل کتنے نبیوں کا ذکر آیا ہے ؟ ۳۰۱۶
ج ۔ ۲۶ ، چھبیس۔
س : سورۂ انعام کے نزول کے وقت آسمان سے کتنے فرشتے نازل ہوئے ؟ ۳۰۱۷
ج ۔ ستر ہزار فرشتے۔

marfat.com

س : باب القرآن قران مجید کی کس سورۃ کو کہتے ہیں؟ ۳۰۱۸
ج ۔ سورۃ الفتح کو۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل کے بیماروں پر کون سی سورتیں پڑھ کر دم کرتے تھے؟ ۳۰۱۹
ج ۔ سورۃ الفلق سورۃ الناس۔
س : قرآن مجید میں کل کتنی آیتیں ہیں! ۳۰۲۰
ج ۔ ۶۶۶۶ (چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ)
س : تعوذ کسے کہتے ہیں؟ ۳۰۲۱
ج ۔ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم ط کو۔
س : تسمیہ کسے کہتے ہیں؟ ۳۰۲۲
ج ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط کو
س : توریت میں سورہ ملک کا نام کیا تھا؟ ۳۰۲۳
ج ۔ المانعہ ۔(کنز الاعمال ص۵۹۳)
س : قرآن پاک کی کون سی آیتوں کا حصہ ہے جو توریت میں سات سو آیتوں کا درجہ رکھتی ہے! ۳۰۲۴
ج ۔ سورۂ جمعہ کی شروع آیت یسبح للہ ما فی السموات والارض وھو العزیز الحکیم۔ (الاتقان ص۵۳)
س : قرآن مجید کی کس سورۃ کا حصہ حضرت ابراہیم و حضرت موسیٰ علیہما السلام پر بھی نازل ہوا! ۳۰۲۵
ج ۔ سبح اسم ربک الاعلیٰ (سورۃ الاعلیٰ) (الاتقان ص۲۰۱)
س : قرآن پاک میں کتنے کافروں کا ذکر ہوا ہے۔ ۳۰۲۶
ج ۔ چھ کافروں کا۔

marfat.com

س : قرآن مجید میں کن کن قبیلوں کا ذکر آیا ہے؟ ۳۰۲۸
ج ۔ یاجوج ماجوج، عاد، ثمود، مدین، قریش۔ (الاتقان ص ۱۸۱/۲)
س : قرآن مجید کے آخری دونوں سجدے کس پارے میں ہیں؟ ۳۰۲۹
ج ۔ تیسویں پارہ میں۔
س : قرآن پاک کو تیس ۳۰ پاروں میں کس صحابی نے تقسیم کیا؟ ۳۰۳۰
ج ۔ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے۔
س : قرآن کی کس سورہ کا سب سے زیادہ نام ہے؟ ۳۰۳۱
ج ۔ سورۂ فاتحہ کا۔
س : قرآن پاک کے سب سے پہلے حافظ کا اسم گرامی بتایئے؟ ۳۰۳۲
ج ۔ رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم۔
س : قرآن پاک کی کس سورۃ کا پڑھنا ہر نماز میں ضروری ہے؟ ۳۰۳۳
ج ۔ سورۂ فاتحہ کا۔
س : مدنی سورتوں کی تعداد بتایئے؟ ۳۰۳۴
ج ۔ ۲۸۔
س : مکی سورتوں کی تعداد بتایئے؟ ۳۰۳۵
ج ۔ ۸۶۔
س : قرآن مجید کو زبانی یاد کرنے والے کو کیا کہتے ہیں۔ ۳۰۳۶
ج ۔ حافظ قرآن۔
س : قرآن پاک کو تجوید و ترتیل سے پڑھنے والے کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۰۳۷
ج ۔ قاری۔
س : قرآن پاک کی کس سورہ میں غزوۂ بدر کا تذکرہ آیا ہے؟ ۳۰۳۸
ج ۔ سورہ آل عمران میں۔
س : قرآن پاک میں سورتوں کا نام لکھنے کا طریقہ کس نے ایجاد کیا؟ ۳۰۳۹

marfat.com

ج ۔ حجاج بن یوسف نے۔ (خزائن العرفان۔ البقرۃ)
س : قرآن مجید کی کس سورہ کا نام داؤد ہے؟ ۳۰۴۰
ج ۔ سورۂ ص۔
س : سورۂ حاشیہ کا نام دوسرا کیا ہے؟ ۳۰۴۱
ج ۔ سورۂ شریعتہ
س : قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام، رافعہ، خافضہ (مومنوں کے رتبے کو بلند کرنے والی) کیا آپ کو معلوم ہے وہ کونسی سورۃ ہے۔
ج ۔ سورۂ یٰسین شریف۔
س : قرآن مجید کی کس سورۂ میں صرف ایک ہی "خ" ہے؟ ۳۰۴۳
ج ۔ سورۃ القدر۔
س : قرآن مجید کی کون سی سورۃ میں صرف ایک ہی "ت" آیا ہے؟ ۳۰۴۴
ج ۔ سورۃ الکوثر۔
س : قرآن پاک کی وہ کون سی آیت ہے جس میں قرآن مجید کو تجوید سے پڑھنے کا حکم ہے؟ ۳۰۴۵
ج ۔ ورتل القرآن ترتیلاً (سورہ مزمل)
س : سورہ مومن کا دوسرا نام بتایئے؟ ۳۰۴۶
ج ۔ غافر
س : تحویل قبلہ کے حکم کی آیت کس سورۃ میں ہے؟ ۳۰۴۷
ج ۔ سورۃ البقرۃ میں؟
س : سورۂ فاتحہ میں کتنے حروف ہیں۔ ۳۰۴۸
ج ۔ ۱۰۴ حروف۔
س : قرآن پاک کو قرآن کیوں کہتے ہیں؟ ۳۰۴۹

marfat.com

ج ۔ قرآن کا معنی ہے جمع ہونا۔ اور قرآن مجید میں سارے علوم و فنون جمع ہیں۔

س : نزول قرآن کا ذریعہ کیا تھا؟ ۳۰۵۰

ج ۔ وحی۔

س : قرآن پاک میں وہ آیات کتنے ہیں جن سے احکام و مسائل اخذ کئے جاتے ہیں؟ ۳۰۵۱

ج ۔ پانچ سو ہیں۔ ان کے علاوہ فضائل وغیرہ کی ہیں۔ (حاشیہ اصول الشاشی صہ)

س : قرآن پاک کی کتنی آیات اور سورتیں ایسی ہیں جو رات میں نازل ہوئیں۔ ۳۰۵۲

ج ۔ آیات اور سورتیں مل کر صرف ۱۲ بارہ (الاتقان صہ ۲۸)

س : بوقت نزول سورۂ فاتحہ آسمان سے کتنے فرشتے نازل ہوئے۔ ۳۰۵۳

ج ۔ ۳۰ ہزار (الاتقان صہ ۵)

س : بوقت نزول سورۂ کہف کتنے فرشتوں کا نزول ہوا! ۳۰۵۴

ج ۔ ۷۰ ہزار۔ (کنز الاعمال صہ ۱۷)

س : قرآن پاک کی پہلی منزل کہاں سے شروع ہو کر کہاں ختم ہوتی ہے؟ ۳۰۵۵

ج ۔ سورۂ فاتحہ سے شروع ہو کر سورۂ نساء پر ختم ہوتی ہے!

س : قرآن پاک کی دوسری منزل کہاں سے کہاں تک ہے! ۳۰۵۶

ج ۔ سورۃ المائدہ سے سورۃ التوبہ تک۔

س : قرآن مجید کی تیسری منزل کہاں سے شروع ہوتی ہے؟ ۳۰۵۷

ج ۔ سورۂ یونس سے۔

س : قرآن مجید کی چوتھی منزل کی ابتدا کس سورہ سے ہوتی ہے! ۳۰۵۸

ج ۔ سورہ بنی اسرائیل سے

س : سورہ نوح میں کل کتنے حروف ہیں؟

marfat.com

ج : ۹۹۹۔
س : قرآن مجید کی پانچویں منزل کہاں سے شروع ہو کر کہاں ختم ہوتی ہے؟
ج ۔ سورۃ الشعراء سے شروع ہو کر سورہ یٰسین پر ختم ہوتی ہے۔ ۳۰۵۹
س : سورۃ الصّٰفّٰت سے قرآن کی کون سی منزل شروع ہوتی ہے؟ ۳۰۶۰
ج ۔ چھٹی منزل۔
س : قرآن پاک میں کس مہینے کا نام آیا ہے؟ ۳۰۶۱
ج ۔ صرف ماہ رمضان کا۔
س : قرآن پاک کا ترجمہ سب سے پہلے فارسی زبان میں کس نے کیا؟ ۳۰۶۲
ج ۔ حضرت شیخ سعدی نے۔
س : قرآن مجید کی ساتویں اور آخری منزل کہاں سے شروع ہو کر کہاں ختم ہوتی ہے؟ ۳۰۶۳
ج ۔ سورۂ قٓ سے شروع ہو کر سورہ الناس پر ختم ہوتی ہے؟
س : قرآن مجید کی سورتوں میں بہت سی دعائیں ہیں مگر وہ کون سی سورۃ ہے جو پوری سورۃ دعا ہے؟ ۳۰۶۴
ج ۔ سورۃ انفاتحہ۔
س : قرآن مجید میں کتنے فرشتوں کے نام ذکر کئے گئے ہیں۔ ۳۰۶۵
ج ۔ ۱۲ فرشتوں کے۔ (الاتقان ص ۱۷۹)
س : قرآن مجید میں کتنے بتوں کے نام ذکر کئے گئے ہیں؟ ۳۰۶۶
ج ۔ ۱۴ (الاتقان ص ۱۸۱)
س : قرآن پاک کا ساتواں اور آٹھواں سجدہ کس پارہ میں ہے؟ ۳۰۶۷
ج ۔ انیسواں پارہ میں۔
س : قرآن مجید میں سب سے زیادہ استعمال کس حروف کا ہوا ہے!
ج ۔ حروف "نٓ" کا ستر ہزار مرتبہ۔ ۳۰۶۸

marfat.com

س : قرآن پاک میں کن کافروں کے نام آئے ہیں؟ ۳۰۶۹

ج ۔ قارون، جالوت، ہامان، فرعون، آذر، الیسیٰ، بشریٰ، حضرت یوسف علیہ السلام کو کنوئیں سے نکالنے والا۔

س : قرآن مجید میں لفظ بکہ کس شہر کے لئے استعمال ہوا ہے! ۳۰۷۰

ج ۔ شہر مکہ کیلئے

س : قرآن مجید میں نقطے کس نے لگوائے؟ ۳۰۷۱

ج ۔ حجاج بن یوسف نے۔

س : قرآن مجید میں کل کتنے حروف ہیں؟ ۳۰۷۲

ج ۔ دس لاکھ ۲۷ ہزار۔ (الاتقان ص ۹۳)

س : قرآن مجید میں الف کتنے مرتبہ آیا ہے! ۳۰۷۳

ج ۔ ۴۸ ہزار، سو ۴ مرتبہ۔

س : قرآن مجید میں ی کا استعمال کتنی دفعہ ہوا ہے! ۳۰۷۴

ج ۔ ۲۵ ہزار، سو ۱۱ مرتبہ۔

س : قرآن مجید میں کسی عورت کا نام نہیں مگر وہ کون سی خاتون ہیں جن کا نام متعدد جگہ آیا ہے۔ ۳۰۷۵

ج ۔ حضرت مریم رضی اللہ عنہا۔

س : قرآن مجید میں ملک، فرشتوں کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ۳۰۷۶

ج ۔ ۸۶ آیات میں ۸۸ بار آیا ہے؟

توریت

س : توریت کس نبی پر نازل ہوئی؟ ۳۰۷۷

marfat.com

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر۔

س : کتاب الزوج اور کتاب الخلوص کس کتاب کو کہتے ہیں ؟ ۳۰۷۸

ج ۔ توریت کو۔

س : توریت میں سورۂ آل عمران کا نام کیا ہے ؟ ۳۰۷۹

ج ۔ طیبہ۔ (الاتقان ص۱۷۲)

س : سورۂ کہف کو توریت میں کس نام سے یاد کیا گیا ہے ؟۔ ۳۰۸۰

ج ۔ العائلہ سے ۔ (الاتقان ص۱۷۲)

س : توریت میں سورۂ قمر کا نام کیا ہے۔ ۳۰۸۱

ج ۔ المبیضۃ (الاتقان ص۱۷۲)

س : توریت میں کتنی سورتیں تھیں ؟ ۳۰۸۲

ج ۔ ایک ہزار سورتیں ہر سورۃ میں ایک ہزار آیات (حاشیہ جلالین ص۱۶۵)

س : توریت کس زبان میں نازل ہوئی ؟ ۳۰۸۳

ج ۔ عبرانی زبان میں۔

س : توریت کس تاریخ میں نازل ہوئی ؟ ۳۰۸۴

ج ۔ ۶ رمضان اور بعض نے یوم النحر (دسویں ذی الحجہ بتایا ہے۔

س : توریت میں کتنی تختیاں تھیں۔ ۳۰۸۵

ج ۔ ۱۰ تختیاں جو جنت کے درخت سدرہ کی تھیں۔

زبور

س : زبور کس نبی پر نازل ہوئی ؟ ۳۰۸۶

marfat.com

ج ۔ حضرت داؤد علیہ السلام پر۔
س : زبور صحف ابراہیم کے کتنے سال بعد نازل ہوئی؟ ۳۰۸۷
ج ۔ ۲ سو سال بعد۔
س : زبور کس تاریخ میں نازل ہوئی؟ ۳۰۸۸
ج ۔ ۱۲۔ یا ۱۳۔ رمضان کو۔ (حاشیہ شرح عقائد ص۱۰۱)
س : زبور توریت کے کتنے سال بعد نازل ہوئی؟ ۳۰۸۹
ج ۔ ۴۸۲ سال کے بعد۔ (البدایہ والنہایہ ص۵۸)
س : زبور میں کتنی سورتیں تھیں؟ ۳۰۹۰
ج ۔ ۱۵۰ (الاتقان ص۵۸)
س : زبور کس زبان میں نازل ہوئی؟ ۳۰۹۱
ج ۔ سریانی زبان میں۔

انجیل مقدس

س : انجیل کس پیغمبر پر نازل ہوئی۔؟ ۳۰۹۲
ج ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر۔
س : انجیل کس تاریخ میں نازل ہوئی؟ ۳۰۹۳
ج ۔ ۱۲ یا ۱۳ رمضان کو۔ (عمدۃ القاری شرح بخاری ص۶)
س : انجیل زبور کے کتنے سال بعد نازل ہوئی؟ ۳۰۹۴
ج ۔ ایک ہزار پچاس سال کے بعد۔ (البدایہ والنہایہ ص۵۸)
س : انجیل کس زبان میں نازل ہوئی؟۔ ۳۰۹۵

marfat.com

ج ۔ سریانی زبان میں۔

س : کل آسمانی کتابوں کی تعداد بتایئے؟ ۳۰۹۶

ج ۔ ایک سو چار جن میں دس صحیفے ۴ کتابیں ہیں۔

س : چاروں آسمانی بڑی کتابوں کے نام بتلایئے؟ ۳۰۹۷

ج ۔ توریت، زبور، انجیل، قرآن مجید۔

س : کتنے نبیوں پر آسمانی کتابیں نازل ہوئیں؟ ۳۰۹۸

ج ۔ آٹھ۔ (شرح عقائد ص۱۰۱)

س : صحف ابراہیم کس تاریخ میں نازل ہوئی؟ ۳۰۹۹

ج ۔ رمضان کی پہلی تاریخ کو۔ (شرح بخاری، عمدۃ القاری ج۶)

س : دوسری چھوٹی آسمانی کتابوں کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۰۰

ج ۔ صحیفے۔

س : آسمانی مشہور کن کتابوں میں ترمیم و تنسیخ ہو چکا ہے؟ ۳۱۰۱

ج ۔ توریت، زبور، انجیل میں۔

ملائکہ

س : چاروں بڑے فرشتوں کے نام بتایئے؟ ۳۱۰۲

ج ۔ جبرئیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل علیہم السلام۔

س : فرشتے کیا چیز ہیں؟ ۳۱۰۳

ج ۔ انسان کی طرح اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق ہیں لیکن وہ نور سے پیدا کیے گئے ہیں؟۔

marfat.com

س : کیا ہر فرشتے پر ایمان لانا ضروری ہے؟ ۳۱۰۴

ج ۔ جی ہاں۔ سارے فرشتوں پر ایمان لانا ضروری ہے؟

س : سب سے پہلے خانہ کعبہ کا طواف کس نے کیا؟ ۳۱۰۵

ج ۔ فرشتوں نے۔

س : فرشتوں کے قبلہ کا نام بتلایئے؟ ۳۱۰۶

ج ۔ بیت المعمور۔

س : روح الامین کس فرشتے کا لقب ہے۔ ۳۱۰۷

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا۔

س : آسمان پر سب سے پہلے اذان کس نے دی؟ ۳۱۰۸

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے

س : حضرت جبرئیل علیہ السلام کا کام بتلایئے؟ ۳۱۰۹

ج ۔ اللہ تعالیٰ کا پیغام انبیاء تک پہنچانا۔

س : سب سے پہلے سبحان اللہ کس فرشتے نے کہا۔ ۳۱۱۰

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے۔

س : سید الملائکہ کا لقب کس فرشتے کو عطا ہوا؟ ۳۱۱۱

ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو

س : حضرت جبرئیل علیہ السلام کے گھوڑے کا نام بتایئے؟ ۳۱۱۲

ج ۔ حیزوم۔

س : قرآن پاک میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کو کن صفاتی ناموں سے یاد کیا گیا ہے۔ ۳۱۱۳

ج ۔ روح الامین اور روح القدس سے۔

س : حضرت میکائیل علیہ السلام کس کام پر معمور ہیں۔ ۳۱۱۴

marfat.com

ج ۔ بارش کا انتظام کرنے اور جاندار مخلوق کو رزق پہونچانے پر۔

س: حضرت میکائیل علیہ السلام کا اصل نام بتایئے؟

ج ۔ عبدالرزاق کنیت ابوالغنائم ہے۔ ۳۱۱۵

س: رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہونے والے فرشتے کا نام بتایئے جو آپ سے پہلے اور نہ بعد میں کسی کے پاس حاضر ہوگا

ج: حضرت اسرافیل علیہ السلام۔ ۳۱۱۶

س ۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام کا اصل نام بتایئے؟

ج: عبدالخالق کنیت ابوالمنافخ۔ ۳۱۱۷

س ۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام کس کام کے لئے متعین ہیں؟

ج: قیامت کے دن صور پھونکیں گے۔ ۳۱۱۸

س ۔ سب سے پہلے سبحان ربی الاعلیٰ کس نے پڑھا؟

ج: حضرت اسرافیل علیہ السلام نے۔ ۳۱۱۹

س ۔ وہ کون سے فرشتے ہیں جو مسلمان قبر پر قیامت تک تسبیح کرتے رہیں؟

ج: کراماً کاتبین۔ ۳۱۲۰

س ۔ روز حشر میدان حشر کی طرف بلانے والے فرشتہ کا نام بتایئے؟

ج ۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام

س: حضرت اسرائیل علیہ السلام کس جگہ کھڑے ہوکر لوگوں کو آواز دیں گے۔ ۳۱۲۱

ج ۔ بیت المقدس کی چٹان پر۔ (صاوی ص ۶۵ ج ۴)

س: حضرت عزرائیل علیہ السلام کا اصل نام کیا ہے؟ ۳۱۲۲

ج ۔ عبدالجبار کنیت ابویحییٰ۔

marfat.com

س : جاندار مخلوق کی روح قبض کرنے والے فرشتہ کا نام بتلیئے! ۳۱۲۳
ج ۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام۔
س : ملک الموت کس فرشتہ کا لقب ہے؟ ۳۱۲۴
ج ۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام کا۔
س : بندوں کے اچھے برے اعمال لکھنے والے فرشتوں کے نام بتایئے! ۳۱۲۵
ج ۔ کراماً کاتبین۔
س : قبر میں سوال کرنے والے فرشتوں کے نام کیا ہیں؟ ۳۱۲۶
ج ۔ منکر نکیر
س : شب قدر میں اعمال کا نسخہ جس فرشتہ کے حوالہ کیا جاتا ہے اس کا نام بتلیئے!
ج ۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام (روح المعانی ص۸۴) ۳۱۲۷
س : ملائکہ میں حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے پہلے سجدہ تعظیمی فرشتوں نے کیا!
ج ۔ حضرت جبرئیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل علیہم السلام نے پھر ملائکہ مقربین نے اور سجدہ زوال آفتاب سے عصر تک جاری رہا۔ ۳۱۲۸
س ۔ عرش کا طواف کرنے والے اور ملائکہ میں صاحب سیادت کون فرشتے ہیں
ج : کروبی۔ ۳۱۲۹
س ۔ حاملین عرش یعنی عرش کو اٹھانے والے کتنے فرشتے ہیں! ۳۱۳۰
ج ۔ آٹھ۔

فرشتہ

س : قیامت کے دن زمین سمیٹنے والے کا نام بتایئے۔ ! ۳۱۳۱
ج ۔ حضرت ریافیل علیہ السلام۔
س : بیت المعمور میں جو فرشتوں کا قبلہ ہے سب سے پہلے کون فرشتہ داخل ہوا
ج ۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام۔ ۳۱۳۲
س : فرشتوں کی خلق سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کس کو پیدا فرمایا؟ ۳۱۳۳
ج ۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام کو۔

marfat.com

افضل العبادات

منور ہے وہ دل جس میں الٰہی ذکر تیرا ہے!
نہیں جس دل میں تیری یاد اس دل میں اندھیرا ہے

س : کن وقتوں میں نماز پڑھنا ممنوع ہے! ۳۱۳۴

ج ۔ طلوع آفتاب، زوال آفتاب، غروب آفتاب۔

س : دعائے قنوت کس نماز میں پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۳۵

ج ۔ نماز وتر میں۔

س : تراویح کی نماز کس مہینے میں پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۳۶

ج ۔ رمضان المبارک میں۔

س : نماز تراویح کتنی رکعت پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۳۷

ج ۔ ۲۰ رکعت

س : مغرب کی کتنی رکعت اور کب پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۳۸

ج ۔ بعد غروب آفتاب سات ۷ رکعت۔

س : نماز مغرب میں کتنی رکعتیں فرض ہیں؟ ۳۱۳۹

ج ۔ ۳ رکعت۔

س : نماز میں رکوع میں جاکر کیا پڑھتے ہیں؟ ۳۱۴۰

ج ۔ سبحان ربی العظیم۔

س : نماز میں سجدہ میں جاکر کیا پڑھتے ہیں؟ ۳۱۴۱

ج ۔ سبحان ربی الاعلیٰ۔

س : نماز میں تشہد جو درود پڑھتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۴۲

ج ۔ درود ابراہیمی۔

marfat.com

س : ظہر کی نماز کل کتنی رکعت پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۴۳

ج . ۱۲ (بارہ)

س : نماز ظہر میں فرض کتنی رکعت نماز ہے؟ ۳۱۴۴

ج . ۴ چار رکعت۔

س : فجر کی نماز کتنی رکعتیں کون کون پڑھی جاتی ہیں؟ ۳۱۴۵

ج . ۴ چار رکعت دو سنت دو فرض۔

س : عشار میں کل کتنی رکعتیں پڑھی جاتی ہیں؟ ۳۱۴۶

ج . ۱۷ ستر رکعتیں۔

س : نماز وتر کس وقت کی نماز میں پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۴۷

ج . عشار میں۔

س : پانچوں وقت کی نمازوں کے نام بتایئے؟ ۳۱۴۸

ج . فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشار۔

س : نماز شروع کرنے کے وقت کانوں تک ہاتھ اٹھا کر کیا کہتے ہیں؟

ج . اللہ اکبر ۳۱۴۹

س : کانوں تک ہاتھ اٹھا کر اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ باندھنے کے عمل کو کیا کہا جاتا ہے؟ ۳۱۵۰

ج . تکبیر تحریمہ۔

س : ایک یا ایک سے زائد رکعتیں ہو جانے کے بعد جماعت میں شامل ہونے والے نمازی کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۵۱

ج مسبوق۔

س : نماز کی حالت میں کوئی غلطی کمی یا بیشی ہو جانے پر کیا کیا جاتا ہے؟ ۳۱۵۲

ج . سجدۂ سہو۔

س : نماز عصر میں فرض نماز کتنی رکعت پڑھی جاتی ہے۔

marfat.com

س : بجدۂ سہو میں کتنے سجدہ ہوتے ہیں؟ ۳۱۵۳
ج : چار رکعت۔

س : سجدۂ تلاوت میں کتنے سجدے ہیں؟ ۳۱۵۴
ج : دو سجدے۔

س : نماز کی حالت میں گھٹنے تک جھکنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۵۵
ج : صرف ایک۔

س : عید کی نمازیں فرض ہیں یا واجب۔
ج : رکوع

س : نماز عیدین میں کتنی زائد تکبیریں پڑھی جاتی ہیں؟ ۳۱۵۶
ج : واجب۔

س : امام کے پیچھے نماز پڑھنے والے کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۵۷
ج : چھ۔

س : مسافر کی نماز کا نام بتایئے؟ ۳۱۵۸
ج : مقتدی۔

س : وہ کون سی نمازیں ہیں جن کے لئے اذان نہیں؟ ۳۱۵۹
ج : نماز قصر۔

س : مسجد میں داخل ہوتے وقت کون سی نماز پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۶۰
ج : نمازِ جنازہ، اور عیدین کی نمازیں۔

س : مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے کون سا پاؤں اندر داخل کرنا چاہیئے؟ ۳۱۶۱
ج : تحیۃ المسجد۔

س : امام کے پیچھے نماز پڑھنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۶۲
ج : دایاں (سیدھا) اور باہر نکلتے وقت پہلے بایاں (الٹا) پاؤں نکالنا چاہیئے۔

ج : اقتداء۔

marfat.com

س : نماز پڑھتے وقت جو چیز سامنے رکھی جاتی ہے آڑ کی غرض سے اس کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۶۳

ج . سترہ۔

س : صلوٰۃ کا معنیٰ بتایئے؟ ۳۱۶۴

ج . نماز

س : بغیر رکوع و سجود کے کون سی نماز پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۶۵

ج . نماز جنازہ۔

س : نابالغ بچے پر نماز فرض ہے کہ نہیں؟ ۳۱۶۶

ج . نماز فرض نہیں ہے مگر پڑھنے پر آمادہ کرنا چاہیے۔

س : بارش کی طلب کے لئے کون سی نماز پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۶۷

ج . نماز استسقاء۔

س : قصر نماز کسے کہتے ہیں؟ ۳۱۶۸

ج . چار رکعت نماز فرض کو حالت سفر میں دو رکعت نماز پڑھنے کا نام قصر ہے۔

س : عاشورہ کی نماز کتنی رکعت پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۶۹

ج . ۴ رکعت۔

س : نماز میں سورۂ فاتحہ کا پڑھنا کیسا ہے؟ ۳۱۷۰

ج . واجب۔

س : سجدہ کتنے طرح کا ہوتا ہے؟ ۳۱۷۱

ج . دو قسم کا ایک سجدۂ عبادت جس میں مقصود بندگی ہو اور دوسرا سجدۂ تحیت جس میں مسجود کی تعظیم ہوتی ہے۔

س : رات میں پڑھی جانے والی دونوں نمازوں کے نام بتایئے؟ ۳۱۷۲

marfat.com

ج : مغرب وعشار۔
س : وہ کون سی نماز ہے جس کے لئے دو اذان پڑھی جاتی ہیں؟ ۳۱۷۳
ج : نماز جمعہ۔
س : روزِ جمعہ کو جمعہ کیوں کہتے ہیں؟ ۳۱۷۴
ج : اس دن نمازیوں کا اجتماع ہوتا ہے۔
س : جمعہ کی نماز کتنی رکعت پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۷۵
ج : ۱۴ (چودہ)
س : سورج گہن کی نماز کا نام بتایئے؟ ۳۱۷۶
ج : نماز کسوف۔
س : چاند گہن کی نماز کا نام کیا ہے؟ ۳۱۷۷
ج : نماز خسوف۔
س : نماز پنجگانہ کی فرضیت کب ہوئی۔ ۳۱۷۸
ج : جب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم معراج تشریف لیگئے۔
س : نماز میں ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۷۹
ج : قیام۔
س : سورج کے روشن ہونے کے بعد قبل زوال کونسی نماز پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۸۰
ج : چاشت۔
س : نماز اوابین کب پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۸۱
ج : بعد نماز مغرب۔
س : بعد طلوع آفتاب کونسی نماز پڑھی جاتی ہے؟ ۳۱۸۲
ج : نماز اشراق۔
س : نصف شب میں بیداری ہو کر جو نماز پڑھی جاتی ہے اسکا نام بتایئے؟ ۳۱۸۳
ج : نماز تہجد۔

marfat.com

س : نماز جنازہ مسلمانوں پر فرض ہے یا واجب ؟ ۳۱۸۳
ج ۔ فرض کفایہ ہے۔ بستی کے اگر ایک نے بھی پڑھ لی تو سب بری الذمہ ورنہ سب گنہگار
س : اس نمازی کو کیا کہتے ہیں جو نیت باندھنے سے لے کر سلام پھیرنے تک امام کی اقتدار میں رہا ہو۔ ۳۱۸۴
ج ۔ مدرک۔
س : اکیلے نماز پڑھنے والے نمازی کو کیا کہتے ہیں ؟ ۳۱۸۵
ج ۔ منفرد۔
س : کس صورت میں ننگے سر نماز پڑھنا واجب ہے ؟ ۳۱۸۶
ج ۔ مرد کو حالت احرام میں (کتب عامہ)
س : داخل مسجد کی اس جگہ کا نام بتلایئے جہاں نماز پڑھنا مکروہ ہے ؟ ۳۱۸۷
ج ۔ جس جگہ کو اپنے لئے خاص کر لیا ہو۔ (الاشتباہ والنظائر ص۴۰۲)
س : سب سے پہلے کون سی نماز پڑھی گئی ؟ ۳۱۸۸
ج ۔ نماز ظہر۔
س : وہ کون سا نمازی ہے جس کے لئے بحوقتہ نماز میں الحمد پڑھنا حرام ہے۔ ؟ ۳۱۸۹
ج ۔ مقتدی کو۔ (فتاویٰ رضویہ ص۲۴۷ ج ۳)
س : کب تین مقتدی نہ ہوں تو جماعت نہیں ہو سکتی ؟ ۳۱۹۰
ج ۔ جمعہ میں۔ (درمختار، شامی اول۔ ص۵۴۵)
س : کعبۃ اللہ کی جانب منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم کب ملا ؟ ۳۱۹۱
ج ۔ ۲ سنہ ہجری ماہ شعبان سے بروز پیر نماز ظہر سے۔
س : نماز کی فرضیت کب ہوئی ؟ ۳۱۹۲
ج ۔ ۱۲ سنہ نبوت میں۔
س : اس نماز کا نام بتاؤ جس میں قہقہہ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا ؟ ۳۱۹۳

marfat.com

ج : نماز جنازہ۔
س : سب سے پہلے جمعہ کے دن کا نام جمعہ کس نے رکھا؟ ۳۱۹۴
ج : حضرت کعب بن لوئی رضی اللہ عنہ نے۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر کتنے وقت کی نماز فرض تھی؟ ۳۱۹۵
ج : چھ وقت کی۔
س : نماز کی نیت کرنے کے بعد سب سے پہلے کیا پڑھا جاتا ہے؟ ۳۱۹۶
ج : ثناء
س : نماز میں رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونے کے عمل کا نام کیا ہے؟ ۳۱۹۷
ج : قومہ۔
س : نماز میں بیٹھ کر گھٹنے پر ہاتھ رکھ کر تشہد پڑھنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۹۸
ج : قعدہ۔
س : بلند آواز سے قراۃ والی نماز کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۱۹۹
ج : جہری نماز
س : کون سی نمازوں کی قضا پڑھی جاتی ہے؟ ۳۲۰۰
ج : صرف فرض نماز اور وتر۔ لیکن فجر نماز کی قضا اگر دوپہر سے قبل پڑھیں گے تو سنت و فرض دونوں کی قضا پڑھیں ورنہ صرف فرض کی۔
س : واجبات نماز بتلایئے کتنے ہیں؟ ۳۲۰۱
ج : اٹھارہ۔
س : نماز میں سنتیں کتنی ہیں؟ ۳۲۰۲
ج : ۲۳۔
س : بتایئے نماز عید کا وقت کب سے کب تک ہے؟ ۳۲۰۳
ج : سوا نیزے پر سورج بلند ہونے کے وقت سے نصف النہار شرعی تک۔

marfat.com

س : نماز جنازہ کی کتنی شرطیں ہیں ؟

ج ۔ پانچ، میت کا مسلمان ہونا، میت کا پاک ہونا، کفن کا پاک ہونا، سر ڈھکا ہونا۔ میت کا نمازیوں کے سامنے رکھا ہونا۔

س ۔ نماز استسقار پڑھنے کا واقعہ کس سنہ ہجری میں پیش آیا ؟

ج ۔ سنہ ۶ھ میں۔

س : نماز کسوف (سورج گہن کی نماز) کب شروع ہوئی ؟

ج ۔ سنہ ۶ھ میں

س : نماز کی شرطیں کتنی قسم پر کون کون ہیں ؟

ج ۔ نماز کی شرطیں دو قسم پر ہیں۔ (۱) ایک نماز فرض ہونے کی (۲) نماز صحیح ہونے کی۔

س : نماز فرض ہونے کی شرطیں بتایئے ؟

ج ۔ چار شرطیں ہیں، مسلمان ہونا۔ عقل و ہوش کا ٹھیک ہونا، بالغ ہونا وقت کا پایا جانا۔

س : نماز صحیح ہونے کی شرطیں کتنی اور کون کون ہیں ؟

ج ۔ چھ شرطیں ہیں۔ طہارت، ستر عورت، استقبال قبلہ، وقت، نیت اور تحریمہ۔

س : فرائض نماز بتایئے کتنے ہیں ؟

ج ۔ سات تکبیر تحریمہ، قیام، قرأت، رکوع، سجود، قعدۂ اخیرہ، خروج بصنعہ۔

س : جنازہ میں کتنے فرائض ہیں ؟

ج ۔ ۲ دو چار بار اللہ اکبر کہنا قیام یعنی کھڑا رہنا۔

marfat.com

رَمضانُ المبارک اَور اس کے تعلق سے

س : رمضان کے روزے کس سنہ ہجری میں فرض ہوئے؟ ۳۲۰۳

ج ۔ سنہ ۲ ہجری میں۔ اور بعض نے سنہ ۹ ہجری بتایا ہے۔

س : ماہ صیام کس مہینہ کو کہا جاتا ہے؟ ۳۲۰۴

ج ۔ رمضان المبارک کو۔

س : روزے کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ ۳۲۰۵

ج ۔ صوم

س : شہر اللہ کس مہینہ کو کہا جاتا ہے؟ ۳۲۰۶

ج ۔ رمضان شریف کو۔

س : سید الشہور کس مہینہ کا نام ہے؟ ۳۲۰۷

ج ۔ رمضان المبارک کا۔

س : نماز عید سے قبل مسلمان جس صدقہ کو ادا کرتے ہیں اسے کیا کہا جاتا ہے! ۳۲۰۸

ج ۔ صدقۂ فطر۔

س : ہزار مہینے سے بہتر و افضل کون سی رات کہی جاتی ہے! ۳۲۰۹

ج ۔ شب قدر۔

س : روزہ کھولنے کے عمل کو کیا کہا جاتا ہے؟ ۳۲۱۰

ج ۔ افطار۔

س : روزہ کی نیت سے قبل کھانے پینے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۲۱۱

ج ۔ سحری۔

marfat.com

س : شب قدر کس مہینہ میں آتی ہے؟ ۳۲۱۲
ج ۔ رمضان المبارک میں۔
س : صدقۂ فطر کب واجب ہوا؟ ۳۲۱۳
ج ۔ جس سال روزہ فرض ہوا۔
س : روزہ دار جنت کے کس دروازہ سے جنت میں داخل ہوں گے۔
ج ۔ باب الریان سے۔ ۳۲۱۴
س : سال کے مہینہ کی کن تاریخوں میں روزہ رکھنا حرام ہے؟ ۳۲۱۵
ج ۔ عید الفطر یکم شوال، ذی الحجہ کی دسویں، گیارھویں بارھویں۔
س : زکوٰۃ کی فرضیت کس سنہ ہجری میں ہوئی؟ ۳۲۱۶
ج ۔ ۲ھ میں
س : سود کی حرمت کس سنہ ہجری میں ہوئی؟ ۳۲۱۷
ج ۔ ۹ھ میں۔
س : رمضان کا نام رمضان کیوں ہے؟ ۳۲۱۸
ج ۔ رمضان ماخوذ ہے رمض سے (بمعنی جلنا) چونکہ یہ مہینہ بھی گناہوں کو جلا دیتا ہے یا یہ کہ ماخوذ ہے پیروں کا جلنا چوں کہ رمضان بھی تکلیف نفس اور جلن کا سبب ہے۔
س : رمضان المبارک کے روزے کس سنہ عیسوی میں فرض ہوئے؟ ۳۲۱۹
ج ۔ ۶۲۳ء میں۔

وضو تیمم اور اذان کے تعلق سے

س : وضو کے لیے پانی نہ ہو تو مٹی سے چہرہ اور ہاتھ کو پاک کرنے کے عمل

marfat.com

کا نام بتلایئے؟ ۳۲۲۰

ج ۔ تیمم

س : اذان کہنے کا آغاز کس سنہ ہجری میں ہوا؟ ۳۲۲۱

ج ۔ ۱ھ میں جبکہ بعض نے ۲ھ بتایا ہے۔

س : اذان کہنے والے کو کیا کہتے ہیں۔ ۳۲۲۲

ج ۔ مؤذن۔

س : مکبّر کسے کہتے ہیں۔ ۳۲۲۳

ج ۔ تکبیر کہنے والے کو۔

س : الصلوٰۃ خیر من النوم کس وقت کی اذان میں کہا جاتا ہے؟

ج ۔ اذان فجر میں۔ ۳۲۲۴

س : سنت طریقے سے ہاتھ منہ پاؤں اور سر کا مسح کرنے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۲۲۵

ج ۔ وضو۔

س : وضو میں گردن اور سر پہ ہاتھ پھیرنے کے عمل کا نام بتاؤ؟ ۳۲۲۶

ج ۔ مسح

س : وضو کن کن عبادتوں کے لئے فرض اور مستحب ہے؟ ۳۲۲۷

ج ۔ قرآن مجید چھونے کے لئے فرض ہے۔ اور زبانی پڑھنے کے لئے مستحب ہے۔

س : صاحب الاذان کس صحابی کا لقب ہے؟ ۳۲۲۸

ج ۔ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کا۔

س : تیمم کے احکام کب نازل ہوئے؟ ۳۲۲۹

ج ۔ ۵ھ میں۔

marfat.com

س : اذان دینا کن کن وقتوں میں سنت موکدہ ہے۔؟ ۳۲۳۰
ج ۔ پنج وقتہ اور نماز جمعہ کے لئے (ہدایہ اولین صفحہ)
س : مؤذن کی فضیلت حدیث کی روشنی میں بیان کیجئے؟ ۳۲۳۱
ج ۔ اگر لوگوں کو معلوم ہوتا کہ اذان کہنے میں کتنا ثواب ہے تو اس پر باہم تلواریں چلتیں۔ (بہار شریعت)
س : اذان میں کل کتنے کلمے ہیں؟ ۳۲۳۲
ج ۔ اذان فجر میں ۱۷۔ باقی میں ۱۵۔
س : سب سے پہلے اذان کس نے دی؟ ۳۲۳۳
ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام نے۔
س : عورتوں کے لئے اذان کہنا کیسا ہے؟ ۳۲۳۴
ج ۔ مکروہ تحریمی۔
س : آیت وضو کہاں نازل ہوئی! ۳۲۳۵
ج ۔ مدینہ منورہ میں مگر وضو مکہ میں ہی فرض ہو چکا تھا۔
س : عبادت کے لئے اگلی امت کے لوگ کیا کرتے تھے! ۳۲۳۶
ج ۔ اگلی امتوں میں بھی وضو کے احکام نازل تھے وہ وضو ہی کرتے تھے۔
س : آیت وضو کس سورۃ میں ہے؟ ۳۲۳۷
ج ۔ سورۂ مائدہ میں۔
س : فرائض وضو تبلیغی کتنے ہیں؟ ۳۲۳۸
ج ۔ چہرہ کا دھونا دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت دھونا، چوتھائی حصہ سر کا مسح کرنا ٹخنوں تک دونوں پاؤں کا دھونا۔
س : شافعی مسلک میں وضو کے کتنے فرائض ہیں ۳۲۳۹
ج ۔ چھ۔ نیت، چہرہ کا دھونا، دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا۔

marfat.com

سر کا مسح کرنا۔ دونوں پاؤں کو ٹخنوں تک دھونا، ترتیب۔

س : فرائض تیمم بتایئے کتنے ہیں؟ ۳۲۴۰

ج ۔ تین دل سے نیت کرنا، تمام منہ پر، ہاتھوں کا پھیرنا، دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت مسح کرنا

س : سب سے پہلے اذان کس وقت کہی گئی؟ ۳۲۴۱

ج ۔ فجر کے وقت۔

غسل و طہارت اور نجاستیں

س : غسل کی کتنی قسمیں ہیں؟ ۳۲۴۲

ج ۔ چار، فرض واجب، سنت، مستحب۔

س : فرائض غسل کتنے اور کون کون ہیں؟ ۳۲۴۳

ج ۔ تین۔ کلی کرنا، اچھی طرح ناک میں پانی پہنچانا، پورے بدن پر اس قدر پانی بہانا کہ کہیں خشک نہ رہ جائے؛

س : نجاست کی کتنی قسمیں ہیں؟ ۳۲۴۴

ج ۔ دو قسمیں، نجاست غلیظہ، اور نجاست خفیفہ۔

س : کپڑے میں لگی ہوئی نجاست کس طرح پاک کی جا سکتی ہے۔؟ ۳۲۴۵

ج ۔ کپڑے کو تین مرتبہ پانی سے خوب دھو کر اچھی طرح نچوڑے

س : تو کپڑا پاک ہو جاتا ہے۔ ۳۲۴۶

س : مسلک شافعی میں غسل کے کتنے فرائض ہیں؟ ۳۲۴۷

ج ۔ دو۔ نیت اور تمام بدن پر پانی بہانا۔

marfat.com

قیامت وحشر ونشر

س : قیامت کس دن کو کہتے ہیں؟ ۳۲۴۸

ج ۔ جس دن حضرت اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے

س : دجال کی پہچان کیا ہو گی؟ ۳۲۴۹

ج ۔ اس کی پیشانی پر ک ف ر لکھا ہوگا۔ مومنین دیکھتے ہی پہچان لیں گے۔

س : مرنے کے بعد حشر برپا ہونے تک کے زمانہ کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۲۵۰

ج ۔ عالم برزخ۔

س : قرآن پاک میں قیامت کے دن کا ذکر کن ناموں سے کیا گیا ہے؟ ۳۲۵۱

ج ۔ یوم الدین، یوم الحساب، یوم القیامۃ، یوم الفصل، یوم الآخر۔

س : قیامت کے دن دوزخ کے اوپر جس پل سے گذر ہوگا اس کا نام بتایئے؟ ۳۲۵۲

ج ۔ پل صراط۔

پاٹ وہ، کچھ دھار یہ، کچھ زار ہم
یا الٰہی کیوں کر اتریں پار ہم

س : صور کس دن پھونکا جائے گا؟ ۳۲۵۳

ج ۔ قیامت کے دن۔

س : قیامت کس دن قائم ہوگی؟ ۳۲۵۴

ج ۔ یوم عاشورہ جمعہ کے دن۔

س : صور پھونکے جانے کا تذکرہ قرآن حکیم کی سورہ مدثر میں کس

marfat.com

نام سے کیا گیا ہے! ۳۲۵۵

ج ۔ ناقور سے۔

س : قیامت کے دن صور کتنی مرتبہ پھونکا جائے گا؟ ۳۲۵۶

ج ۔ دو مرتبہ۔

س : آسمان و زمین کب فنا ہوں گے۔ ۳۲۵۷

ج ۔ قیامت آنے پر۔

س : میدان محشر کس زمین پر قائم ہوگا؟ ۳۲۵۸

ج ۔ ملک شام کی زمین پر۔ (مشکوٰۃ شریف صد ۴۷۲)

س : زمین سے اللہ تعالیٰ ایک عجیب شکل کا جانور پیدا فرمائے گا کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۳۲۵۹

ج : دابۃ الارض۔

س ۔ دابۃ الارض کہاں سے نکلے گا؟ ۳۲۶۰

ج : کوہ صفا سے۔

س ۔ ایک عجیب شکل کے جانور کا نام بتلایئے جو موسیٰ علیہ السلام کے عصا سے ایمان داروں کی پیشانی پر خط کھینچے گا؟ ۳۲۶۱

ج ۔ دابۃ الارض۔

س : قبروں سے لوگ کب اٹھیں گے! ۳۲۶۲

ج ۔ جب حضرت اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے۔

س : یاجوج ماجوج وحشی قوم کا اخراج کب ہوگا؟ ۳۲۶۳

ج ۔ قرب قیامت۔

صلی اللہ علیہ وسلم

اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا بڑھی ناز سے جب دعائے محمد

marfat.com

جنت اور جنتی

واسطہ پیارے کا ایسا ہو کہ جو سنی مرے
یوں نہ فرمائیں ترے شاہد کا وہ فاجر گیا

س : جنت کی سب سے بہترین اور عمدہ شراب کا نام بتلایئے؟ ۳۲۶۴

ج ۔ تسنیم

س : جنت کی پاکیزہ اور خوبصورت عورتیں کس نام سے یاد کی جاتی ہیں؟ ۳۲۶۵

ج ۔ حور سے۔

س : سلسبیل کس کا نام ہے؟ ۳۲۶۶

ج ۔ جنت کی ایک نہر کا۔

س : مومن کی موت پر زمین و آسمان کتنے روز تک روتے ہیں؟ ۳۲۶۷

ج ۔ بیس روز تک۔

س : مومن کی موت پر زمین کیوں روتی ہے؟ ۳۲۶۸

ج ۔ اس لئے کہ مومن رکوع و سجود سے زمین آباد رکھتا ہے۔

س : مومنین کی موت پر آسمان کیوں روتا ہے؟ ۳۲۶۹

ج ۔ اس لئے کہ مومن کی تسبیح آسمان پر پہنچتی ہے۔

س : جنت میں جنتیوں کو سب سے زیادہ خوشی کب ہوگی؟ ۳۲۷۰

ج ۔ دیدار الٰہی سے مشرف ہونے پر۔

س : جنت میں مومنوں کے خیمے کس طرح ہوں گے؟ ۳۲۷۱

ج ۔ موتی کے، جس کے اندر گہرائی بنی ہوئی ہے اوپر لمبائی ۶۰ میل چوڑائی بھی ۶۰ میل ہوگی۔

س : جنت کے پھل کس طرح ہوں گے؟ ۳۲۷۲

marfat.com

ج ۔ باہم مشابہ اور ذائقے میں جدا جدا۔

س : کیا جنت میں بازار بھی ہوں گے؟ ۳۲۷۴

ج ۔ جی ہاں ایک بازار بھی ہوگا جس میں لوگ جمعہ کے دن شریک ہوں گے۔

س : جنت کی چاروں نہروں کے نام بتلیئے؟ ۳۲۷۴

ج ۔ پانی کی نہر، دودھ کی نہر، شربت کی نہر، شہد کی نہر۔ ۳۲۷۵

س : جنت کی تمام نہروں میں سب سے بڑی اور مشہور کون سی نہر ہے؟

ج ۔ حوضِ کوثر، رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتیوں کو خاص ہے!

س : سب سے کم درجے کے جنتی کے لئے کتنے خدمت گار ہوں گے؟

ج ۔ دس ہزار۔ ۳۲۷۶

س : جنتی عورتوں کی خدمت پہ معمور خدمتگاروں کو کیا کہتے ہیں؟

ج ۔ غلماں۔ ۳۲۷۷

س : حوران جنت کی خاصیت بتایئے؟ ۳۲۷۸

ج ۔ اگر کوئی حور منہ نکال کر جھانکے تو پوری زمین خوشبو سے معطر ہو جائے
: اور چاند سورج کی روشنی غائب ہو جائے۔

س ۔ مومنین جنت کے دروازے تک کیسے پہونچیں گے؟ ۳۲۷۹

ج : سفید اونٹنی پر سوار ہو کر۔

س ۔ جنت کی خوشبو کیسی ہوگی؟ ۳۲۸۰

ج : انتہائی شاندار اور سو سال کے فاصلے سے پائی جائے گی؟

س ۔ اہل جنت کس قدر طویل القامت ہوں گے۔ ۳۲۸۱

ج ۔ ۶۰ ہاتھ لمبے۔

س : جنت کی وسعت کے بارے میں بتلایئے؟ ۳۲۸۲

ج ۔ آسمان و زمین کے برابر۔

marfat.com

س : جنت میں دروازے کتنے ہیں ؟ ۳۲۸۳
ج ۔ آٹھ دروازے ۔
س : جنتیوں کے لباس کس طرح ہوں گے ؟ ۳۲۸۴
ج ۔ باریک ریشم کے سفید کپڑے اور دبیز کپڑے ریشم اور چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے ۔
س : جنت عدن کسے کہتے ہیں ۔ ۳۲۸۵
ج ۔ یہ ایسی جنت ہے جہاں اللہ کے دوستوں کا ٹھکانا ہوگا اور وہاں نوازے جائیں گے ۔
س : جنت کی زمین اور دیواریں کیسی ہوں گی ؟ ۳۲۸۶
ج ۔ مٹی زعفران کی ، کنکریاں موتیوں اور یاقوت کی گارا مشک کا جبکہ اینٹیں سونے چاندی کی ۔
س : جنت میں مومنین کے محل کیسے ہوں گے ؟ ۳۲۸۷
ج ۔ موتی اور یاقوت اور زبرجد کے ۔
س : جنت کے اس درخت کا نام بتایئے جس کا سایہ ہر جنت میں ہوگا ۔
ج ۔ طوبیٰ ۔ ۳۲۸۸
س : درخت طوبیٰ جس جنت میں واقع ہے اس کا نام بتایئے ؟ ۳۲۸۹
ج ۔ جنت عدن ۔
س : جنت کے داروغہ کا نام بتایئے ؟ ۳۲۹۰
ج ۔ رضوان
س : مومن کا داخلہ جنت میں کس طرف سے ہوگا ؟ ۳۲۹۱
ج ۔ عرش کے داہنے طرف سے ۔
س : جنت الماویٰ کو اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے پیدا فرمایا ؟ ۳۲۹۲

marfat.com

ج ۔ نور سے۔
س : جنت میں کل کتنے درجے ہیں؟ ۳۲۹۳
ج ۔ سو ۱۰۰
س : جنت میں سب سے پہلے کس کا داخلہ ہوگا؟ ۳۲۹۴
ج ۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا۔
س : کس درخت کا پانی امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کسی نبی کی امت کو پینے کے لئے میسر نہ ہوگا۔؟ ۳۲۹۵
ج ۔ درخت طوبیٰ کا پانی ہے جسے ایک گھونٹ پینے سے کبھی پیاس نہ لگے گی۔

دوزخ

س : دوزخ میں کتنے دروازے ہیں؟ ۳۲۹۶
ج ۔ سات۔
س : جنت اور دوزخ کے درمیانی جگہ کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۲۹۷
ج ۔ اعراف۔
س : دوزخ کے نچلے طبقے کا نام بتایئے؟ ۳۲۹۸
ج ۔ ہاویہ۔
س : دوزخ کے طبقہ "دوم" کا نام کیا ہے؟ ۳۲۹۹
ج ۔ جحیم۔
س : سقر دوزخ کا کون سا طبقہ ہے؟ ۳۳۰۰
ج تیسرا۔

marfat.com

س : دوزخ کے چوتھے طبقے کا نام بتایئے؟ ۳۳۰۱

ج ۔ لظیٰ۔

س : دوزخ کے پانچویں طبقہ کا نام بتایئے۔ ۳۳۰۲

ج ۔ حطمہ۔

س : دوزخ کے چھٹے طبقہ کا نام بتایئے؟ ۳۳۰۳

ج ۔ سعیر۔

س : دوزخ کا ساتواں طبقہ کون سا ہے۔ ۳۳۰۴

ج ۔ جہنم۔

س : دوزخ میں کتنے فرشتے خدمت انجام دیتے ہیں؟ ۳۳۰۵

ج ۔ ۱۹۔ (انیس)

س : دوزخ کے دربان کا نام بتایئے! ۳۳۰۶

ج ۔ مالک۔

س : جہنمی جہنم کے داروغہ کو پکاریں گے تو کتنے سال کے بعد جواب پائیں گے! ۳۳۰۷

ج : ایک ہزار سال کے بعد۔

س ۔ اہل جہنم کی خوراک بتایئے؟ ۳۳۰۸

ج : تھوہڑ ایک خبیث اور کسیلا۔

س ۔ تھوہڑ کس قدر کڑواپن رکھتا ہے! ۳۳۰۹

ج : ایک قطرہ زمین پر گرا دیا جائے تو اہل دنیا کی زندگی خراب ہو جائے

س : دوزخ کے سلسلے میں بتایئے؟ ۳۳۱۰

ج ۔ دوزخ ایسا مقام ہے جس میں طرح طرح کے عذابات ہونگے۔ مثلاً سانپ، بچھو، وغیرہ۔

marfat.com

س : دوزخ کی آگ میں زیادہ شدت کب پیدا ہوگی ؟ ۳۳۱۲
ج ۔ روز قیامت سمندروں کے آگ بن جانے سے۔
س : کافر جہنم میں کس طرف سے ڈالے جائیں گے ؟ ۳۳۱۳
ج ۔ عرش کے بائیں جانب سے۔
س : جہنم کے سیاہ دھوئیں کو کس نام سے یاد کیا گیا ہے ؟ ۳۳۱۴
ج ۔ یحموم سے
س : جہنم میں ایک کنواں ہے اس کا نام بتلایئے ؟ ۳۳۱۵
ج ۔ الفلق۔

مسائل و عقائد

س : کیا ولی صحابی کے رتبہ کو پہونچ سکتا ہے ؟ ۳۳۱۶
ج ۔ ولی کتنا ہی مرتبہ والا کیوں نہ ہو کسی صحابی کے مقام و مرتبہ کو نہیں پہونچ سکتا۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کے بارے میں کیا فرمایا ہے ؟ ۳۳۱۷
ج ۔ صحابی کو برا نہ کہو اگر تم میں کوئی احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو ان کے برابر نہیں پہونچ سکتا ہے ؛
س : حضرات شیخین سیدنا ابو بکر صدیق و سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر تبرا کرنا کیسا ہے ؟ ۳۳۱۸
ج ۔ یقیناً کفر ہے۔ فقہائے کرام کے نزدیک۔
س : روافض کی تکفیر کیسی ہے ؟ ۳۳۱۹

marfat.com

ج ۔ ان کے عقائد کفریہ کی وجہ سے تکفیر واجب ہے

س : قرآن مجید کو ناقص ماننا کیسا ہے ؟ ۳۳۲۰

ج ۔ کفر ہے ۔

س : قرآن مجید کے کسی حرف یا زیر زبر کا تغیر و تبدل تسلیم کرنے والا کیسا ہے ؟ ۳۳۲۱

ج ۔ یقیناً کافر ہے ۔

س : نبی کو غیر نبی سے افضل بتانا کیسا ہے ؟ ۳۳۲۲

ج ۔ کفر ہے ۔

س : رام اور رحیم ایک ہی نام ہے ایسا کہنا کیسا ہے ؟ ۳۳۲۳

ج ۔ کفر ہے ۔

س : مال و اسباب کا جو حصہ شرعی طور پر غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟ ۳۳۲۴

ج ۔ زکوٰۃ ۔

س : فقہ حنفی میں بچے اور بچیاں کتنے سال میں بالغ ہو جاتے ہیں ؟ ۳۳۲۵

ج ۔ اٹھارہ سال میں لڑکے اور لڑکی ۱۷ سال میں، اور تمام علماء کے نزدیک دونوں پندرہ سال میں بالغ ہو جاتے ہیں ۔

س : اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے تقویٰ کی کتنی قسمیں بتائی ہیں ؟ ۳۳۲۶

ج ۔ سات، کفر سے بچنا، بدمذہبی سے بچنا، گناہ کبیرہ سے بچنا، گناہ صغائر سے محفوظ رہنا، شبہات سے بچنا، شہوات سے بچنا، غیر کی طرف التفات سے بچنا ۔

س : مردوں کے لیے انگوٹھی چاندی کی کتنے وزن کی درست ہے ؟ ۳۳۲۷

ج ۔ ساڑھے چار ماشہ سے کم کی ۔

marfat.com

س : کفار کی دوستی و موالات کیسی ہے؟ ۳۳۲۸
ج ۔ کفار کی دوستی حرام اور اللہ کے غضب کا سبب ہے۔
س : قرآن پاک کی قسم کھانا چاہیے کہ نہیں! ۳۳۲۹
ج ۔ جی نہیں۔ قسم کے لئے قرآن نہیں ہے بلکہ ہدایت لیلئے۔
س : ولی کسے کہتے ہیں؟ ۳۳۳۰
ج ۔ جو فرائض سے قرب الٰہی حاصل کر کے اطاعت الٰہی میں مشغول رہے۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی سن کر کیا کرنا چاہیئے؟ ۳۳۳۱
ج ۔ درود پڑھتے ہوئے انگوٹھے کو چوم لینا چاہیئے،
س : ولی کی پہچان کیا ہے؟ ۳۳۳۲
ج ۔ اتباع شریعت۔
س : کیا اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے؟ ۳۳۳۳
ج ہرگز نہیں اس کی ذات پاک دبے عیب ہے۔
س : اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر ہے! ۳۳۳۴
ج ۔ پانچ چیزوں پر۔ توحید، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج۔
س : اول کلمہ کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۳۳۵
ج کلمہ طیب
س : دوسرے کلمے کا نام بتایئے۔ ۳۳۳۶
ج ۔ کلمہ شہادت۔
س : کلمہ تمجید کون سا کلمہ ہے۔ ۳۳۳۷
ج ۔ تیسرا۔
س : چوتھے کلمے کا نام بتایئے؟ ۳۳۳۸
ج ۔ توحید۔

marfat.com

س : پنجسیم کلمہ کو کیا کہتے ہیں؟ ۳۳۳۹
ج ۔ استغفار۔
س : چھٹے کلمہ کا نام بتلیئے؟ ۳۳۴۰
ج ۔ ردِ کفر۔
س : اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا کیسا ہے؟ ۳۳۴۱
ج ۔ شرک ہے۔
س : اللہ تعالیٰ کی تسبیح کون سی مخلوق کرتی ہے؟ ۳۳۴۲
ج ۔ ساری مخلوق، سبح للہ مافی السمٰوات والارض ط
زمین و آسمان اللہ ہی کی تسبیح کرتے ہیں۔
س : اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا، نماز روزہ کرنا لیکن آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنا کیسا ہے۔ ۳۳۴۳
ج ۔ کفر ہے۔
س : اللہ تعالیٰ کو بھگوان، پربھو، ایشور یا اللہ میاں کہنا کیسا ہے۔
ج ۔ ناجائز و حرام ہے۔ ۳۳۴۴
س : اللہ تعالیٰ کو نہ ماننے والے لوگ کیا کہلاتے ہیں؟ ۳۳۴۵
ج ۔ کافر۔
س : منافق کسے کہتے ہیں؟ ۳۳۴۶
ج ۔ ایمان کا دعویٰ کر کے نماز روزے کا پابند ہو لیکن کفر کا اعتقاد رکھے۔
س : لوح محفوظ کیا چیز ہے؟ ۳۳۴۷
ج ۔ اللہ تعالیٰ نے عرش کے نیچے مروارید سے پیدا فرمایا ہے قیامت تک کی ساری چیزوں کا علم لکھا ہے۔

marfat.com

س : اسلام قبول کرنے کے بعد کفر کی طرف پلٹ جانے والے کو کیا کہتے ہیں۔؟ ۳۳۴۸

ج : مرتد۔

س : مخلوقات کی تسبیح بتایئے۔؟ ۳۳۴۹

ج ۔ سبحان اللہ بحمدہٖ۔

س : فاسق کسے کہتے ہیں ؟ ۳۳۵۰

ج ۔ جو کبیرہ گناہوں کا مرتکب ہو۔

س : کرامت کسے کہتے ہیں ؟ ۳۳۵۱

ج ۔ عقل انسانی کے خلاف اولیاء سے صادر ہونے والے حرکات وسکنات کو کرامت کہتے ہیں۔

کچھ یادیں

تصنیفات اور ادارے

س : انیس الارواح کس کی تصنیف ہے ؟ ۳۳۵۲

ج ۔ حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی۔

س : صحیح مسلم کس کی کتاب ہے ؟ ۳۳۵۳

ج ۔ حضرت امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی۔

س : بہار شریعت کس جلیل القدر ہستی کی شہرۂ آفاق تصنیف ہے،

ج ۔ حضرت صدر الشریعۃ رحمۃ اللہ علیہ کی۔ ۳۳۵۴

marfat.com

س : حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا اصل نام بتایئے! ۳۳۷۴

ج ۔ محمد بن اسمٰعیل بن ابراہیم بخاری رحمۃ اللہ علیہ۔

س : امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کب کہاں پیدا ہوئے! ۳۳۷۵

ج ۔ شہر بخارا میں ۱۹۴ھ میں ۱۳ شوال بعد نماز جمعہ۔

س : امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو زبانی کتنی حدیثیں یاد تھیں؟ ۳۳۷۶

ج ۔ چھ لاکھ۔

س : صحیحین حدیث کی کن کتابوں کو کہا جاتا ہے! ۳۳۷۷

ج ۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم کو۔

س : حدیث کی چھ مستند کتابوں کو کیا کہا جاتا ہے! ۳۳۷۸

ج ۔ صحاح ستہ۔

س : امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا وصال کب ہوا! ۳۳۷۹

ج ۔ ۲۵۶ھ میں۔

س : مسلمانوں کی قدیم یونیورسٹی کا نام بتایئے! ۳۳۸۰

ج ۔ جامعہ ازہر مصر۔

س : جامعہ ازہر مصر میں کتنے طلبہ کو بیک وقت تعلیم دی جاتی ہے ۳۳۸۱

ج ۔ دس ہزار۔

س : ہندوستان میں پہلی مسلم یونیورسٹی کہاں واقع ہے! ۳۳۸۲

ج ۔ یو۔پی، علیگڈھ میں۔

س : جامعہ ازہر مصر میں علوم دینیات کے علاوہ کون سا مخصوص فن سکھایا جاتا ہے! ۳۳۸۳

ج : فن قرأت۔

س : مولانا امجد علی رحمۃ اللہ علیہ نے فقہی مسائل پر کون سی کتاب

marfat.com

تصنیف فرماکر امت پر احسان فرمایا ہے؟

ج ۔ بہار شریعت۔

س : علامہ یا کفی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف کا نام بتایئے؛ ۳۳۸۴

ج ۔ روض الریاحین۔

حضرت طارق بن زیاد و موسیٰ بن نصیر رحمہما اللہ علیہما

س : ساحل یورپ پر کشتیاں جلانے والے مجاہدین کی تعداد کیا تھی؛

ج ۔ سات ہزار۔ ۳۳۸۵

س : اندلس میں یورپ کے ملکوں کو للکارنے والے مجاہدین کے مقابلہ میں یورپی فوج کی تعداد کیا تھی؛ ۳۳۸۶

ج ۔ تقریباً ایک لاکھ۔

س : اندلس فتح کرنے کے لئے فرانس کی سرحد میں داخل ہونے والے جرنیلوں کے نام بتایئے۔ ۳۳۸۷

ج ۔ امیر موسیٰ بن نصیر اور طارق بن زیاد یوسف بن تاشفین۔

س : اندلس کے ساحل پر فوج اتار کر کشتیاں جلانے کا حکم کس نے دیا۔

ج ۔ طارق بن زیاد نے۔ ۳۳۸۸

س : فاتح اندلس موسیٰ بن نصیر کتنے سال تک میدان جنگ میں لڑتے اور کوچ کرتے رہے؛ ۳۳۸۹

ج ۔ تقریباً ساٹھ سال تک۔

س : دوسرے فاتح اندلس حضرت موسیٰ بن نصیر امیر افریقہ کو بیڑیاں پہنا کر بھکاری کس نے بنایا؛ ۳۳۹۰

marfat.com

ج ۔ سلیمان بن عبدالملک نے۔

س : ہندوستان اور یورپ میں مسلمانوں کی افواج پہونچانے اور اسلامی پرچم لہرانے میں مسلم مورخوں کے نزدیک زیادہ تر کس کا ہاتھ تھا؟ ۳۳۹۱

ج ۔ قتیبہ بن مسلم کا۔ جس کو سلیمان بن عبدالملک نے پابند سلاسل کیا تھا۔

س : موسیٰ بن نصیر کے اس بیٹے کا نام بتلایئے جو قائم اللیل اور صائم النہار تھے جن کا سر قلم کرکے آپ کے سامنے قید خانہ میں پیش کیا گیا۔ ۳۳۹۲

ج ۔ امیر عبدالعزیز

س : فاتح سمرقند کس مجاہد کا لقب تھا؟ ۳۳۹۳

ج ۔ قتیبہ بن مسلم کا۔

س : ان تینوں جانباز امیر و سالار کا نام بتلایئے جنہیں ایک ہی قید خانہ میں موت واقع ہوئی؟ ۳۳۹۴

ج ۔ موسیٰ بن نصیر، طارق بن زیاد، قتیبہ بن مسلم۔

صلاح الدین ایوبی رحمۃ اللہ علیہ

س : اس فاتح بیت المقدس کا نام بتاؤ جس نے اپنے جنگی چالوں سے مغربی دنیا کو حیرت زدہ کر دیا؟ ۳۳۹۵

ج ۔ سلطان صلاح الدین ایوبی بن نجم الدین۔

س : سلطان صلاح الدین ایوبی کا مزار کہاں واقع ہے۔ ۳۳۹۶

marfat.com

ج ۔ جامع مسجد دمشق کے باب شمالی پر مقبرہ کے اندر۔

س : سلطان صلاح الدین ایوبی کے مزار پر سنگر کا انتظام کس کی جانب سے ہوتا ہے! ۳۳۹۷

ج ۔ سلطان روم کی طرف۔

س : صلیبی فرنگیوں اور صیہونی طاقتوں پر قہر الٰہی بن کر صلاح الدین ایوبی کب نازل ہوئے۔ ۳۳۹۸

ج ۔ ۵۸۸ھ میں۔

س : ایک مسیحی حاکم کی دعوت قبول کرتے ہوئے ایوبی نے اس سے کیا مطالبہ کیا تھا؟ ۳۳۹۹

ج ۔ میرے سپاہیوں کے لئے بھی وہی کھانا تیار کیا جائے جو میرے لئے تیار کیا جائے۔

س : سلطان نورالدین زنگی جو ایک عادل اور عاشق رسول حکمران تھے ان کی وفات کب ہوئی؟ ۳۴۰۰

ج ۔ ۵۶۹ھ ہجری مطابق ۱۱۷۳ء میں۔

س : صلاح الدین ایوبی کس قوم سے تعلق رکھتے تھے؟ ۳۴۰۱

ج ۔ قوم کرد سے

س : صلاح الدین ایوبی کے والد آپ کو کس کی بارگاہ میں دعا کیلئے لے گئے تھے! ۳۴۰۲

ج ۔ سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی بارگاہ میں اور آپنے دست مبارک سر پہ پھیر کر دعا فرمائی۔

جان و دل ہوش و خرد سب تو مدینے پہنچے ؛ تم نہیں چلتے رضا سارا تو سامان گیا

marfat.com

فاتح سندھ محمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ

س : محمد بن قاسم کہاں کے رہنے والے تھے! ۳۴۰۳

ج ۔ شہر طائف کے۔

س : محمد بن قاسم کہاں کا گورنر بنایا گیا؟ ۳۴۰۴

ج ۔ ملک فارس کا۔

س : حجاج بن یوسف نے راجہ داہر کے ظلم کے خاتمے کے لئے کس قبیلہ کی عورت کی فریاد پر لبیک کہتے ہوئے محمد بن قاسم کو روانہ کیا تھا۔ ۳۴۰۵

ج ۔ قبیلہ بنو عہ کی۔

س : حجاج بن یوسف نے پہلا فوجی دستہ سندھ کی طرف کس کی سالاری میں روانہ کیا؟ ۳۴۰۶

ج ۔ عبداللہ بن نبہان کی۔

س : محمد بن قاسم کے محکمہ جاسوسی کے سربراہ کا نام کیا تھا! ۳۴۰۷

ج ۔ شعبان ثقفی۔

س : دیبل کے قلعہ پر سب سے پہلے پہنچنے والے مجاہد کا نام بتایئے! ۳۴۰۸

ج ۔ صعدی بن خزیمہ کوفی

س : محمد بن قاسم کی فوجیوں میں سب سے پہلے کس سپاہی نے دریائے سندھ میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا؟ ۳۴۰۹

ج ۔ تراب جو بنی حنظلہ میں سے تھے دریا کی لہروں کی نذر ہو گئے۔

س : تاریخ سندھ کے اس مجاہد کا نام بتایئے جس نے راجہ داہر کے فوجی ہاتھیوں کی سونڈ کاٹ کر سپاہیوں کے حوصلے بلند کر دیئے تھے ۳۴۱۰

marfat.com

ج - ابواسحاق ناصری۔

س : راجہ داہر کو محمد بن قاسم کی فوج کے کس سپاہی نے ہلاک کیا؟ ۳۴۱۱

ج - قاسم بن ثعلبہ بن عبداللہ جو قبیلہ بنی طے سے تھے۔

س : محمد بن قاسم نے سندھ کب فتح کیا۔ ۳۴۱۲

ج - رمضان المبارک ۹۳ھ میں۔

س : محمد بن قاسم نے ملتان کب فتح کیا؟ ۳۴۱۳

ج - ۹۵ھ میں۔

س : فاتح سندھ و ہندوستان کو کس نے گرفتار کروایا؟ ۳۴۱۴

ج - سلیمان بن عبدالملک نے (ذاتی عناد کی بنیاد پر)

س : محمد بن قاسم بوقت انتقال قیدخانہ کتنے سال کے تھے؟ ۳۴۱۵

ج - ۲۲ سال کے۔

س : محمد بن قاسم کے والد کا نام بتلیئے؟ ۳۴۱۶

ج - قاسم بن یوسف۔

س : محمد بن قاسم کے چچا کا نام بتاؤ جو فن ضرب و حرب میں خوب ماہر تھا۔ ۳۴۱۷

ج - حجاج بن یوسف۔

س : محمد بن قاسم نے مال غنیمت کا جو پانچواں حصہ خلافت کیلئے روانہ کیا اس میں کون دو چیزیں خاصی اہمیت کی حامل تھیں۔ ۳۴۱۸

ج - راجہ داہر کا کٹا ہوا سر، اور اس کی خوبصورت بھانجی حسنہ۔

س : محمد بن قاسم کی فوجی منجنیق، عروس کے نشانہ باز کا نام بتایئے۔

ج - جعونہ سلمی۔ ۳۴۱۹

marfat.com

فاتح افریقہ یوسف بن تاشقین رحمۃ اللہ علیہ

س : درویش حکمراں یوسف بن تاشقین کہاں کے رہنے والے تھے؟
ج ۔ افریقہ کے۔ ۳۴۲۰

س : یوسف بن تاشقین کی بارگاہ میں اندلس فتح کرنے کی دعوت لیجانے والے وفد میں کون خصوصیت کے حامل تھے۔ ۳۴۲۱
ج ۔ قاضی ابو جعفر۔

س : تاریخ اسلام کے اس مجاہد کا نام بتاؤ جس نے اندلس کا مستقبل روشن کرنے کے لئے اپنے بیمار بچے کو چھوڑ کر دریا میں سفینہ ڈال دیا۔
ج ۔ یوسف بن تاشقین۔ ۳۴۲۲

س : یوسف بن تاشقین کی فوجیوں پر عین حالت نماز جمعہ میں کس نے حملہ کیا؟ ۳۴۲۳
ج ۔ الفانسو نے جس نے پورے اندلس پر قبضہ کر رکھا تھا

س : یوسف بن تاشقین نے اندلس میں جنگ زلاقہ کس تاریخ میں لڑی؟ ۳۴۲۴
ج ۔ ماہ رمضان ۴۸۰ھ میں یا ۴۷۹ھ ہجری میں۔

مسلمانوں کی سنہری تاریخ

نہیں تیرا نشیمن قصر سلطانی کے گنبد پر تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں پر

س : ہندوستان میں پہلی مسجد کس نے کہاں تعمیر کروایا؟ ۳۴۲۵
ج ۔ محمد بن قاسم نے دبیل میں مگر افسوس آج اسکا نشاں بھی باقی نہ رہا۔

marfat.com

س : ہندوستان میں سب سے پہلے مغنیق کس نے استعمال کیا ؟ ۳۴۲۶
ج ۔ عرب کے مسلمانوں نے۔
س : قرطبہ کی جامع مسجد۔ جو ساری دنیا کی عمارتوں میں گوناگوں خوبیوں کی حامل ہے اس کی بنیاد کس نے رکھی ؟ ۳۴۲۷
ج ۔ امیر عبدالرحمٰن الداخلی نے۔
س : قرطبہ کی دوسری شاندار عمارتوں میں کس عمارت کو فوقیت حاصل ہے ؟۔ ۳۴۲۸
ج ۔ مدینۃ الزہرا جسے اندلس کے خلیفہ اعظم عبدالرحمٰن ثالث نے تعمیر کروایا
س : اس جلیل القدر شخصیت کا اسم گرامی بتلایئے جسے مغربی دنیا عظیم فلسفی تصور کرتی ہے ؟ ۳۴۲۹
ج ۔ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔
س : دوربین سب سے پہلے کس شخص نے ایجاد کیا ؟ ۳۴۳۰
ج ۔ ابواسحاق ابراہیم نامی شخص نے۔
س : علم کیمیائی کا بانی اور بے شمار مرکبات کا موجد کون شخص گذرا ہے
ج ۔ جابر بن حیان۔ ۳۴۳۱
س : علم حیوانات اور نباتات پر لکھی جانے والی سب سے پہلی کتاب کے مصنف کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۳۴۳۲
ج ۔ عبدالملک اصمعی۔
س : الجبر کا موجد اور الجبر مقابلہ و علم الحساب کا مصنف سب سے پہلے کون شخص ہوا ؟ ۳۴۳۳
ج ۔ محمد بن موسیٰ خوارزمی۔
س : دنیا کا ٹیکنکل انجینرنگ اور علم میکانیت پر پہلی کتاب کس نے

marfat.com

لکھی ہے۔ ۳۴۳۴

ج ۔ احمد بن موسیٰ شاکر نے۔

س : زمین کا صحیح محیط معلوم کرنے والے پہلے سائنسداں کا نام بتایئے ۳۴۳۵

ج ۔ ابو عباس احمد محمد کثیر۔

س : مسلمانوں کا وہ کون سا پہلا فلسفی گذرا ہے جس نے مغربی دنیا کو حیرت زدہ کر دیا ہے۔ ۳۴۳۶

ج ۔ ابو یوسف یعقوب بن اسحاق کندی۔

س : علم الکلام کے بانی کا نام بتایئے؟ ۳۴۳۷

ج ۔ علامہ ابو الحسن اشعری رحمۃ اللہ علیہ۔

س : طبی امدادی، میزان طبعی، الکحل دریافت کرنے والے طب کے امام کا نام بتایئے۔ ۳۴۳۸

ج ۔ ابو بکر محمد زکریا رازی۔

س : حکیم ابو نصر محمد بن فارابی کو کس علم میں ماہر تسلیم کیا گیا ہے؟ ۳۴۳۹

ج ۔ علم، اخلاق، اور علم نفسیات میں۔

س : علم نور اور آنکھ کی پتلی کا محقق اور کیمرہ کا ایجاد کرنے والا کون شخص گذرا ہے؟ ۳۴۴۰

ج ۔ بو علی حسن ابن الہیثم۔

س : نباتات میں زندگی حیوانات میں قوت حس اور دماغی ارتقاء دریافت کرنے والے علم سماجیات و نفسیات اور اخلاقیات کے عظیم محقق کا نام بتایئے؟ ۳۴۴۱

ج ۔ احمد بن محمد علی مسکویہ۔

س : علم طبعیات اور علم الامراض اور علم الادویہ کے فنون کا موجد

marfat.com

اور جامع شخصیت، سائنسدانوں میں سب سے زیادہ کتابیں لکھنے والے شخص کا نام بتایئے! ۳۴۴۲

ج ۔ شیخ حسین عبداللہ بن علی سینا۔

س : دنیا کا پہلا جغرافیہ داں ماہر آثار قدیمہ وارضیات برصغیر کا پہلا مورخ سیاح، دھاتوں کی کثافت اضافی معلوم کرنے والے سائنسداں کا نام بتایئے؟ ۳۴۴۳

ج ۔ ابوریحان محمد بن احمد البیرونی۔

س : علم دین کے مجدد اور جدید فلسفۂ اخلاق کے بانی اور علم نفسیات وفلسفہ کے علم کے عظیم محقق کا اسم گرامی بتایئے؟

ج ۔ حجۃ الاسلام علامہ امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔ ۳۴۴۴

س : سب سے پہلے گھڑی دنیا میں کس نے ایجاد کروایا۔ ۳۴۴۵

ج ۔ خلیفہ ہارون رشید نے۔

س : چھپائی کی مشین کے موجد سب سے پہلے کون لوگ ہوئے ہیں؟

ج ۔ مسلمانان اندلس۔ ۳۴۴۶

س : سب سے پہلے بندوق کس نے بنائی؟ ۳۴۴۷

ج ۔ میر فتح اللہ شیرازی نے جس سے یکے بعد دیگرے پانچ آوازیں پیدا ہوتی تھیں۔

س : توپوں اور بارودوں کو سب سے پہلے کہاں کے لوگوں نے بنایا۔

ج ۔ اندلس کے مسلمانوں نے۔ ۳۴۴۸

گستاخ قلم

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے — پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

marfat.com

س : دیوبندی عالم کی کس کتاب میں لکھا ہے کہ امتی علم میں انبیاء سے بڑھ جاتے ہیں۔ (معاذاللہ) ۳۴۴۹

ج ۔ تحذیرالناس میں

س : محمد یا علی جس کا نام ہے کسی چیز کا مالک و مختار نہیں کس کتاب میں لکھا ہے ؟ (معاذاللہ) ۳۴۵۰

ج ۔ تقویۃ الایمان میں۔ صـ۲۸۔ طبع دیوبند۔

ملحدوں کا شک نکل جائے حضور
جانب مہ پھر اشارت کیجئے

س : صحابۂ کرام کو کافر کہنے والا سنت وجماعت سے خارج نہیں ہے کس مفتی کا فتوٰی ہے ؟ (معاذاللہ) ۳۴۵۱

ج ۔ رشید احمد گنگوہی کا۔ (فتوٰی رشیدیہ جلد ۲ صـ۱۴۱)

س : بزرگان دین کا تبرک کھانے سے دل مردہ ہو جاتا ہے کس کا فتوٰی ہے ؟ ۳۴۵۲

ج ۔ مولوی رشید احمد گنگوہی کا۔

جنوں کا نام خرد رکھ لیا خرد کا جنوں
جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے بڑے بھائی ہیں (معاذاللہ) کس کتاب میں ہے۔ ۳۴۵۳

ج ۔ تقویۃ الایمان میں صـ۴۲ (راشد کمپنی دیوبند)

س : اشرف علی تھانوی کی اس کتاب کا نام بتاؤ جس میں لکھا ہے کہ یہ کہنا کہ خدا چاہے گا تو یہ کام ہو جائے گا شرک ہے (معاذاللہ)

ج ۔ بہشتی زیور۔ ۳۴۵۴

marfat.com

س : محفل میلاد و سلام و قیام کو حرام کہنے والے فرقہ کا نام بتلایئے؟
ج ۔ دیوبندی، صلح کلی۔ ۳۴۵۵

دشمن احمد پہ شدت کیجئے
ملحدوں کی کیا مروت کیجئے

س : شادیوں کے موقعوں پر سہرا باندھنا مشرکانہ فعل ہے کس جماعت کا خیال ہے؟ ۳۴۵۶
ج ۔ وہابی دیوبندی کا۔
س : وہابی، دیوبندی، جماعت اسلامی یہ سب الگ الگ فرقے ہیں یا ایک ہی جماعت ہے؟ ۳۴۵۷
ج ۔ ایک ہی پلیٹ فارم کی متعدد لائنیں ہیں الگ الگ ناموں سے منسوب کر کے مسلک حق سے برگشتہ کیا جاتا ہے؟
س : خدائے پاک جھوٹ بول سکتا ہے (معاذ اللہ) کس رسالہ میں تحریر ہے؟ ۳۴۵۸
ج ۔ رسالہ یکروزی صـ۱۵۴ اسمٰعیل بحوالہ العذاب الشدید۔
س رسول خدا مر کر مٹی میں مل گئے (معاذ اللہ) عقائد باطلہ کی کس کتاب میں لکھا ہے؟ ۳۴۵۹
ج ۔ تقویۃ الایمان صـ۱۹ پر۔
س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی وسعت علم، شیطان اور ملک الموت کے مقابلہ میں کہ ہے کس ظالم نے لکھا ہے؟ (معاذ اللہ) ۳۴۶۰
ج ۔ مولوی رشید گنگوہی اور ان کے شاگرد مولوی خلیل احمد نے۔
(دیکھئے براہین قاطعہ صـ۵۵)

زمین کے لال و گل کی خبر نہیں جنکو وہ لوگ چاند ستاروں کی بات کرتے ہیں

marfat.com

س : جب نجد کے لوگوں نے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے دعا کی درخواست کی تو آپ نے نجد کے بارے میں کیا فرمایا ؟ ۳۴۶۱

ج ۔ نجد سے زلزلے اور فتنے اٹھیں گے اور وہیں سے شیطان کی جماعت نکلے گی۔

نوٹ :۔ نجد کا نام بدل کر ریاض رکھا گیا ہے جو سعودی کی دارالحکومت ہے۔
مثل فارس زلزلے ہوں نجد میں
ذکر آیات ولادت کیجئے

س : محمد بن عبدالوہاب نجدی کی اس کتاب کا نام بتایئے جس کا ترجمہ اسمٰعیل دہلوی نے کیا ہے ۔ ۳۴۶۲

ج ۔ کتاب التوحید۔

س : مولوی اسمٰعیل دہلوی کا مزاج کیسا تھا ؟ ۳۴۶۳

ج ۔ بدعت پسند۔

س : حضرت مولانا شاہ مخصوص اللہ محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تقویۃ الایمان کی رد میں کون سی کتاب لکھی ہے ؟ ۳۴۶۴

ج ۔ معیدالایمان۔

س : مولوی اسمٰعیل دہلوی کے باطل نظریات کی رد میں سب سے زیادہ کس کے شاگردوں نے حصّہ لیا۔ ۳۴۶۵

ج ۔ حضرت مولانا محدّث عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے۔

س : علامہ الشاہ فضل رسول بدایونی رحمۃ اللہ علیہ نے تقویۃ الایمان کی رد میں کون سی کتاب تصنیف فرمائی ؟ ۳۴۶۶

ج ۔ "سوط الرحمن علی قرن الشیطان" دوسرا نام بوارق محمدیہ ہے۔

س : مولانا عبدالرحمٰن فاروقی سلہٹی آسام نے مولوی نذیر حسین دہلوی

marfat.com

کی کتاب ثبوت الحق الحقیق کی تردید میں جو کتاب لکھی ہے اس کا نام بتایئے؟

ج ۔ سیف الابرار المسلول علی الفجار (فارسی زبان میں ہے)

س : حضرت مولانا خیرالدین مکی رحمۃ اللہ علیہ نے علمائے مکہ کی فرمائش پر کون سی کتاب تصنیف فرمائی؟ ۳۴۶۷

ج ۔ نجدی عقائد کی رد میں "النجم الرجم الشیطان" یہ کتاب دس جلدوں پر مشتمل ہے۔

س : مولانا ابوالکلام آزاد مکی کے والد گرامی کا اسم گرامی بتایئے

ج حضرت مولانا خیرالدین مکی رحمۃ اللہ علیہ۔ ۳۴۶۸

س ۔ مولانا خیرالدین مکی رحمۃ اللہ علیہ اپنے بیٹے ابوالکلام آزاد کے بارے میں کیا فرمایا کرتے تھے؟ ۳۴۶۹

ج : ابوالکلام آزاد سے ڈر لگتا ہے کیوں کہ بہت زیادہ ذہانت بسا اوقات گمراہی کا سبب بن جاتی ہے۔

س : مولوی اشرف علی تھانوی نے کس کتاب میں لکھا ہے کہ جیسا علم غیب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا ایسا جانور اور پاگل اور زید و عمر کو بھی حاصل ہے۔ ۳۴۷۰

ج ۔ حفظ الایمان ص۸ میں۔

س : محرم میں ذکر شہادت حسنین علیہما السلام کرنا سبیل لگانا شربت پلانا حرام ہے کہاں لکھا ہے۔؟ ۳۴۷۱

ج ۔ فتوٰی رشیدیہ جلد سوم ص۱۱۱۔

س : زاغ معروف (کوا) کو کھانے پر ثواب کس نے لکھا؟ ۳۴۷۲

ج ۔ رشید احمد گنگوہی نے۔ (فتوٰی رشیدیہ جلد دوم ص۱۳ پر ملاحظہ کیجیے)

marfat.com

عمر بھر شوق سے کھلتے رہے کالا کوا
ہم نے مرغا جو کھلایا تو پریشان گئے

س : عیدین میں معانقہ اور بغلگیر ہونے کو بدعت کس نے قرار دیا ہے
ج ۔ مولوی رشید احمد گنگوہی نے۔ فتاویٰ رشیدیہ صـ ۱۵۴ ج ۲ پر۔ ۳۴۷۳
س : مسجد میں چارپائی بچھانا مسافر و مقیم دونوں کے لئے درست ہے کہاں لکھا ہے ؟ ۳۴۷۴
ج ۔ فتاویٰ رشیدیہ میں جلد دوم صـ ۸۹ پر۔
س : رپورٹ وفد خلافت کمیٹی صـ ۱۵ پر محمد بن عبدالوہاب نجدی کا کون سا اقتباس درج ہے ! ۳۴۷۵
ج ۔ "اے باشندگان حجاز تم سب ہامان اور فرعون سے بڑھ کر کافر ہو تم سے اس طرح قتال کریں گے جس طرح کافروں سے کیا جاتا ہے ہم امیر حمزہ اور عبدالقادر کے پجاری ہو۔ معاذ اللہ

یارب ہو خیر اس دل آشفتہ کار کی
سمجھے ہے اضطراب کو صورت قرار کی

س : اگر میرے پاس دس ہزار روپیہ ہو تو سب کی تنخواہ کر دوں پھر سب خود ہی وہابی بن جائیں گے ایسا کہاں لکھا ہے ۔ ۳۴۷۶
ج ۔ الاضافۃ الیومیہ، جلد دوم صـ ۶۷ پر۔
س : تبلیغی جماعت کا اجتماع جو صوبہ بہار بتیا نام کے مشہور قصبہ میں ۱۹۶۸ء میں ہوا تھا کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس کا انتظام کس نے کس کے لئے کیا تھا ؟ ۳۴۷۷
ج ۔ جن سنگھ مہا سبھائی ہندوؤں نے مسلمانوں کے لئے۔ (یہ دھرم ہے اس جماعت والوں کا) پیام ملت کان پور ۱۵ فروری ۱۹۶۸ء۔

marfat.com

خداوندا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں
کہ سلطانی بھی عیاری ہے درویشی بھی عیاری

س : محمد بن عبدالوہاب نجدی نجد کے کس قبیلے سے تھا؟ ۳۴۷۸

ج ۔ بنو حنفیہ سے جو بدقسمت قبیلہ تھا۔ جہاں سے زلزلوں اور فتنوں نے جنم لیا۔

س : نجد کا جنوبی حصہ کیا کہلاتا ہے؟ ۳۴۷۹

ج ۔ العارض اس کا مشہور نام ریاض ہے جو سعودی کا یا یہ تخت ہے۔
۔ عارض کو جبل عامہ بھی کہتے ہیں؛

س : وہ کون سا گروہ ہے جس کا ایک کنارہ دہلی میں تو دوسرا نجد کے ریاض سے ملتا ہے؟ ۳۴۸۰

ج ۔ تبلیغی جماعت۔

س : مولانا محمد علی جوہر نے نجد اور نجدیوں کے بارے میں کیا کہا تھا؟ ۳۴۸۱

ج ۔ نجد اور نجدیوں کا یہی کارنامہ ہے کہ مسلمانوں اور صرف مسلمانوں کے خون سے ان کے ہاتھ رنگے ہوئے ہیں۔ (مقالات محمد علی ص۳۷)

س : واللہ العظیم مولانا تھانوی کا پیر دھو کر پینا نجات اخروی کا سبب ہے۔ کس دیوبندی عالم کا بیجا فرمان ہے؟ ۳۴۸۲

ج مولوی عاشق الٰہی میرٹھی۔ (تذکرۃ الرشید، اول ص۱۱۳)

اتنی نہ بڑھا پاکیٔ داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ، ذرا بند قبا دیکھ

س : اگر کوئی مرد کمسن عورت کے ساتھ جماع کرے تو غسل فرض نہ ہوگا بشرطیکہ منی نہ گرے۔ بہشتی زیور کے کس حصہ اور صفحے پر لکھا ہے۔

ج ۔ جلد دوم ص۱۲ پر۔ (معاذاللہ) ۳۴۸۳

marfat.com

نوٹ :۔ قارئین یہ عجیب مسئلہ پڑھ کر ضرور سر پیٹ لینے کو جی چاہے گا لیکن شرم نہ آئی حکیم الامت کو یہ ان کا خیال اور مسئلہ ہے جو اہلسنت والجماعت کو مشرک بتاتے ہیں اور قدم قدم پر شرک و بدعت کا فتویٰ دیتے ہیں۔

وہ اندھیرا ہی بھلا تھا کہ قدم راہ پہ تھے
روشنی لائی ہے منزل سے بہت دور مجھے

س : انبیائے عظام علیہم السلام میں صرف اتنا فرق ہے کہ انبیاء اسوتی کی طرف مبعوث ہوئے ہیں اور یہ بزرگ مظان کو قائم کرتے ہیں اور ان کو انبیاء کے ساتھ وہی نسبت ہے جو چھوٹے بھائیوں کو بڑے بھائیوں سے کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ کس کا قول ہے اور کہاں درج ہے ؟ ۳۴۸۴

ج ۔ سید احمد بریلوی (دیوبندی) کا بیان ہے۔ دیکھئے صراط مستقیم مرتبہ شاہ محمد اسمٰعیل ص ۳۷ مطبوعہ ملک سراج الدین لاہور۔

اور ہم پر مرے آقا کی عنایت یہ بھی
نجدیو ! کلمہ پڑھلنے کا بھی احسان گیا

س : تقویۃ الایمان ، فتاویٰ رشیدیہ ، فتاویٰ امدادیہ ، بہشتی زیور اور حفظ الایمان جیسی کتابوں کو چوراہے پر رکھ کر آگ دے دی جائے اور صاف صاف اعلان کر دیا جائے کہ ان کے مندرجات قرآن و سنت کے خلاف ہیں۔" دیوبندی جماعت کے کس عالم کا تبصرہ ہے۔ اور کہاں نقل ہے۔

ج ۔ مولانا عامر عثمانی (دیوبندی) کا بیان ہے (بحوالہ زلزلہ مصنفہ علامہ ارشد القادری مطبوعہ فیصل آباد ص ۱۸۳ تا ص ۱۸۵) ۳۴۸۵

س : محمد بن عبدالوہاب نجدی عقائد باطلہ اور خیالات فاسدہ رکھتا تھا

marfat.com

نیز وہ ایک ظالم بدعتی باغی خونخوار فاسق تھا، دیوبندی کی کس کتاب میں لکھا ہے؟ ۳۴۸۷

ج۔ شہاب الثاقب۔ ص۲۲۱۔ از مولانا سید احمد مدنی ۶۔ بی شاد اب کالونی حمید نظامی روڈ لاہور۔

س: مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں ہے، یہ اہانت آمیز جملہ کس نے کہاں لکھا ہے؟ ۳۴۸۸

ج۔ خلیل احمد انبیٹھوی نے (براہین قاطعہ ص۵۱ مطبوعہ دیوبند)

س: ضروریات دین کے انکار کرنے والے اور انبیا کی توہین کرنے والے کو کافر نہ کہنا کفر ہے یہ کہاں لکھا ہے؟ ۳۴۸۹

ج: اشد العذاب مصنفہ مولوی مرتضیٰ حسین ناظم دارالعلوم دیوبند ص۹۔۱۰)

س: جو شخص شیطان کے علم کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علم سے زائد کہے وہ کافر ہے۔ مرتد ہے۔ ملعون ہے۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ دیوبندی عالم کی کس کتاب میں لکھا ہے؟ ۳۴۹۰

ج۔ اشد العذاب ص۱۲۔۱۴، مصنفہ مولوی مرتضیٰ حسن ناظم دارالعلوم دیوبند۔

س۔ جو شخص یہ کہے کہ کسی غیر نبی پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اتنی ہے کہ جیسے بڑے بھائی کی چھوٹے بھائی پر ہوتی ہے۔ ایسا شخص دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ یہ فتویٰ کس کتاب میں درج ہے؟ ۳۴۹۱

ج۔ المہند علی المفند ص۲۳ مطبوعہ کتب خانہ رحیمیہ دیوبند۔

حضور علیہ السلام گنوار کی بات سن کر مارے دہشت کے بدحواس ہو گئے یہ جملہ کہاں لکھا ہے۔

marfat.com

ج ۔ تقویۃ الایمان ص۳۹ پر۔ مطبوعہ دیوبند مصنفہ مولوی محمد اسمٰعیل دہلوی۔

س : کسی عرس اور مولود میں شریک ہونا درست نہیں اور کوئی عرس اور مولود درست نہیں۔ کس گمراہ کن مفتی کا فتویٰ ہے! ۳۴۹۲

ج ۔ مولوی رشید احمد گنگوہی کا۔ (فتاوٰی رشیدیہ کامل ص۱۴۷)

کرے مصطفےٰ کی اہانتیں کھلے بندوں یہ یہ جرأتیں
کہ میں کیا نہیں ہوں محمدی ارے ہاں نہیں ارے ہاں نہیں

س : ایک مرتبہ مولانا تھانوی نے نمازیوں کے جوتوں کو شامیانے پر پھینک دیا تھا یہ حرکت نازیبا کہاں تحریر ہے! ۳۴۹۳

ج ۔ الافاضات الیومیہ، ناشر، مکتبہ دانش، دیوبند یو۔پی۔ جلد دوم، قسط ۱۰ ملفوظ ۸۳۷۔ صفحہ ۴۷۵۔

س : مولانا تھانوی صاحب نے اپنے بھائی کے سر پر پیشاب کر دیا تھا کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس مذموم حرکت کا تذکرہ کہاں ہے؟ ۳۴۹۴

ج ۔ الافاضات الیومیہ ناشر مکتبہ دانش یو۔پی۔ جلد ۲ قسط ۱۰ ملفوظ ۸۳۷۔ صفحہ ۴۷۵۔

س : دیوبندی حضرات اور اہلسنت والجماعت کے درمیان بنیادی اختلافات کا موجب کیا ہے؟ ۳۴۹۵

ج ۔ علمائے دیوبند کی صرف وہ عبارات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں کھلی توہین ہے۔ (فیصلہ کن مناظرہ ص۶)

س : اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔ یہ عبارت کہاں درج ہے

ج ۔ تحذیر الناس ص۲۴ مصنفہ مولانا قاسم نانوتوی۔ مکتبہ امدادیہ دیوبند۔

marfat.com

س : ایک مرید صادق خواب میں کلمہ لا الہٰ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ پڑھتا ہے۔ مولوی اشرف علی تھانوی نے مرید کے ایسا کلمہ پڑھنے پر کیا جواب دیا؟ ۳۴۹۷

ج ۔ "اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف رجوع کرتے ہو وہ متبع سنت ہے" رسالہ الامداد صہ ۵ کہ مطبوعہ تھانہ بھون ۔

س : نماز میں زنا کے وسوسے سے اپنی بیوی سے مجامعت کا خیال بہتر ہے اور شیخ اسی جیسے اور بزرگوں کی طرف خواہ جناب رسالت مآب ہی ہوں۔ اپنی ہمت لگا دینا۔ اپنے بیل اور گدھے کی صورت میں مستغرق ہونے سے بڑا ہے یہ ایمان سوز اور گمراہ کن عبارت کہاں درج ہے

ج ۔ صراط مستقیم صہ ۱۳۶۔ مترجم اردو محمد اسمٰعیل دہلوی کتب خانہ رحیمیہ دیوبند۔ یوپی ۔ ۳۴۹۸

س ۔ تقویۃ الایمان کی مشہور عبارت اس شہنشاہ کی توہین ہے کہ ایک آن میں ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑوں نبی اور ولی جن فرشتہ و محمد کے برابر پیدا کر ڈالے اس کی تردید میں کس نے کون سی کتاب لکھی ہے؟ ۳۴۹۹

ج ۔ خاتم المحکمار مولانا فضل حق خیرآبادی رحمۃ اللہ علیہ نے امتناع النظیر نامی کتاب لکھی ہے۔

س : بارگاہ انبیاء میں گستاخی کفر ہے چاہے اس سے قائل کی مراد توہین کی نہ ہو کس نے لکھا ہے۔ ۳۵۰۰

ج ۔ جناب مولانا محمد انور کشمیری نے۔ (بحوالہ الحق المبین سید احمد کاظمی)

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریادیں کرتے
نہ کھلتے راز سربستہ نہ یوں رسوائیاں ہوتیں

marfat.com

متفرق مختلف معلومات کے تعلق سے

س : عربوں نے سب سے پہلے ہاتھی کب دیکھا تھا ؟ ۳۵۰۱

ج ۔ جنگ ذات السلاسل کے بعد۔

س : مسجد اقصیٰ کو عرق گلاب سے کب دھویا گیا؟ ۳۵۰۲

ج ۔ سلطان صلاح الدین ایوبی کے بیت المقدس فتح کرنے کے بعد۔

س : جودی پہاڑی کہاں واقع ہے ؟ ۳۵۰۳

ج ۔ کوہستانی سلسلہ ارارات میں۔

س : اللہ تعالیٰ نے کس نبی کی قوم کو خیر الامم فرمایا ؟ ۳۵۰۴

ج ۔ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو۔

س : تاریخ اسلام میں پہلا جمعہ کب ادا کیا گیا ؟ ۳۵۰۵

ج ۔ ۱۲ ربیع الاول ۱ھ میں۔

س : شداد نے جو جنت بنوائی تھی اس کا نام بتایئے ؟ ۳۵۰۶

ج ۔ باغ ارم۔

س : اصحاب الاخدود سے کون لوگ مراد ہیں ؟ ۳۵۰۷

ج ۔ جنہوں نے دولت و حشمت کے نشے میں مسلمانوں ہی کی طرح ایمان لانے والوں کو آگ سے بھرے گڑھوں میں جلا کر تکلیفیں پہنچائیں۔

س : نجران کے یہودی بادشاہ ذونواس نے عیسائیوں کے مذہب ترک نہ کرنے پر کتنے لوگوں کو جلتے ہوئے گڑھے میں ڈلوایا تھا؟ ۳۵۰۸

ج ۔ تقریباً ۲۰ ہزار عیسائیوں کو۔

س : قاہرہ مصر کے عجائب گھر میں جس فرعون کی لاش رکھی ہے اس کا نام بتایئے ؟ ۳۵۰۹

marfat.com

ج ۔ رعمیس۔
س : فرعون کا لغوی معنیٰ بتلیے؟ ۳۵۱۰
ج ۔ سورج دیوتا کی اولاد۔
س : جالوت جسے داؤد علیہ السلام نے قتل کیا اس کے سپر کا وزن بتلیئے؟ ۳۵۱۱
ج ۔ ۳۰ من۔
س : صلیب و ہلال کی جنگیں کن کے درمیان واقع ہوئیں؟ ۳۵۱۲
ج ۔ مسلمان اور عیسائیوں کے۔
س : جامع مسجد دمشق کس نے تعمیر کروایا؟ ۳۵۱۳
ج ۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے۔
س : وہ کون سا شہر ہے جہاں ہر مکان کے اندر نہر جاری ہے۔ ۳۵۱۴
ج ۔ شہر دمشق۔
س : شہر مصر کے اہل پیشہ کے شور وغل کی آواز کتنے فاصلہ تک جاتی ہے۔؟ ۳۵۱۶
ج ۔ دس کوس تک۔
س : محمد علی پاشا کا مزار کہاں واقع ہے؟ ۳۵۱۷
ج ۔ سلاطین مصر کے پرانے قلعہ کی جامع مسجد میں۔
س : کس انسان کو کس انسان کی طرف دیکھنا عبادت ہے؟ ۳۵۱۸
ج ۔ بیٹے کو والدین کی طرف۔
س : زمین پر پہلا درخت کس چیز کا ہوا؟ ۳۵۱۹
ج ۔ کھجور کا۔
س : اللہ تعالیٰ نے زمین کو کس چیز پر بچھایا ہے؟ ۳۵۲۰

marfat.com

ج ۔ ایک مچھلی کی پشت پر جس کا نام 'یہموت' ہے یا لوتیا۔ (حیوٰۃ الحیوان)
س : جنات کی آبادی تخلیق آدم سے کتنے سال قبل تھی ! ۳۵۲۱ ص ۳۸۲/۲
ج ۔ دو ہزار سال۔
س : شہر الحرام کے نام سے کون مہینے جانے جاتے ہیں ؟ ۳۵۲۲
ج ۔ محرم، رجب، ذیقعدہ، ذالحجہ۔
س : دنیا کی سب سے پہلی عبادت گاہ کا نام بتایئے ؟ ۳۵۲۳
ج ۔ کعبہ شریف۔
س : قرآن پاک میں کن دو ایسے فرشتوں کا ذکر آیا ہے جو لوگوں کو ایسا علم سکھاتے تھے جس کا سیکھنے والا کافر ہو جاتا تھا ؟ ۳۵۲۴
ج ۔ ہاروت و ماروت۔
س : امام اسمٰعیل بن امام جعفر صادق رحمہا اللہ تعالیٰ کے نام سے کون سا فرقہ وجود میں آیا ؟ ۳۵۲۵
ج ۔ فرقۂ اسمٰعیلیہ۔
س : گائے کی عبادت سب سے پہلے کس قوم نے کی۔ ۳۵۲۶
ج ۔ بنی اسرائیل نے۔
س : گائے کی عبادت کے لئے خوبصورت بچھڑا کس نے بنایا تھا ؟ ۳۵۲۷
ج ۔ سامری جادوگر نے۔
س : دنیا بھر کے پانی میں سب سے افضل کون سا پانی ہے ؟ ۳۵۲۸
ج ۔ آب زم زم۔
س : کیا آب زم زم سے بھی افضل کوئی پانی ہوا ہے ؟ ۳۵۲۹
ج ۔ وہ پانی جو آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں سے جاری ہوا تھا۔ انگلیاں ہیں فیض پر ٹوٹے ہیں یا سے جھوم کر ندیاں پنجاب رحمت کی ہیں جاری واہ واہ

marfat.com

س : دریائے نیل کے کنارے سب سے پہلے پھانسی دینے والا ہاتھ پاؤں کاٹنے والا کون شخص گذرا ہے؟ ۳۵۳۱

ج ۔ فرعون۔

س : طوفان نوح علیہ السلام کے بعد حجر اسود کس پہاڑی میں محفوظ رہا؟

ج ۔ جبل ابو قیس میں۔ ۳۵۳۲

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کے کتنے سال بعد سنہ ہجری کا نفاذ ہوا؟ ۳۵۳۳

ج : پندرہ سال کے بعد۔

س ۔ دنیا میں سب سے پہلے اینٹ کس شخص نے بنوایا؟ ۳۵۳۴

ج ۔ ہامان نے۔

س : بحر قلزم جہاں فرعون مع لشکر غرق ہوا کہاں واقع ہے؟ ۳۵۳۵

ج ۔ بحر فارس کے کنارے مادرائے مصر جس کو اساف بھی کہتے ہیں۔

س : بحر قلزم کا عرض کتنا تھا؟ ۳۵۳۶

ج ۔ ۴ میل۔

س : اس صندوق کا نام بتائیے جس میں تبرکات انبیاء علیہم السلام تھے؟ ۳۵۳۷

ج ۔ تابوت سکینہ۔

س : تابوت سکینہ میں کون کون تبرکات تھے؟ ۳۵۳۸

ج ۔ توریت کا اصل نسخہ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور سپر اہن شریف۔ حضرت ہارون علیہ السلام کے کپڑے اور من کا مرتبان و تمام انبیائے کرام کی تصویریں اور سکن و مکانات کی تصویریں

س : مسلمانوں پر حج کب فرض ہوا؟ ۳۵۳۹

marfat.com

ج ۔ شہ مجری میں ۔

س : اسلام اور بانیٔ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف جس گھر میں میٹنگ ہوتی تھی اس کا نام بتلایئے ؟ ۳۵۴۱

ج ۔ دارالندوۃ ۔

ظالمو ! محبوب کا حق تھا یہی
عشق کے بدلے عداوت کیجئے

س : کافر بادشاہوں میں کس نے پوری دنیا پر حکومت کی ہے ؟ ۳۵۴۲

ج ۔ بخت نصر اور نمرود نے ۔ (حاشیہ جلالین ص۴۰۱ پ۱۶)

س : بچے کی پیدائش کے بعد اس کے سر کے بال اتار کر جو بکرا ذبح کیا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟ ۳۵۴۳

ج ۔ عقیقہ

س : تین سو گز کا آئینہ جو ایک بلند مقام پر نصب کیا گیا کس نے بنوایا تھا ؟ ۳۵۴۴

ج ۔ سکندر نے جسے اسکندریہ بھی کہا جاتا ہے

س : زمین پر سب سے پہلے حسد کس نے کس سے کیا ! ۳۵۴۵

ج ۔ قابیل نے ہابیل سے

س : عبداللہ امیہ نے دمشق کی جامع مسجد کی تعمیر میں کس قدر خرچ کیا تھا ؟ ۳۵۴۶

ج ۔ ستر اونٹ مال و دولت ۔

س : تابوت سکینہ کس لکڑی کا صندوق تھا ؟ ۳۵۴۷

ج ۔ شمشاد نامی لکڑی کا (خزائن العرفان ۔ البقرہ ص۵۰۴)

س : وہ کون سا پہاڑ ہے جس کے جھرنوں سے اکثر تلاوت قرآن عظیم کی

marfat.com

آواز سنائی پڑتی ہے؟ ۳۵۴۸

ج - کوہ لبنان۔

س : نمرود بادشاہ نے جس مینارے سے چڑھ کر آسمان پر جانے کا دعویٰ کیا تھا اس کا نام بتاؤ؟ ۳۵۴۹

ج - تل نمرود جو نجف اشرف اور کربلائے معلّٰی کے بیچ واقع ہے۔

س : بخت نصر کون تھا؟ ۳۵۵۰

ج - کلدانی نسل سے بابل کے تیسرے خاندان کا دوسرا بادشاہ تھا۔

س : بخت نصر کتنے آدمیوں کو قید کر کے بابل لے گیا تھا؟ ۳۵۵۱

ج - ۱۸ ہزار لوگوں کو۔

س : ایران کے کس دریا میں زرتشت اپنے نو نہال بچوں کو غسل دیتے تھے۔؟ ۳۵۵۲

ج - دریائے ساڈی میں۔

س : فرقۂ معتزلہ کے بانی کا نام بتایئے؟ ۳۵۵۳

ج - واصل بن عطاء۔ (شرح عقائد صفحہ)

س : شیریں کے عشق میں فرہاد نے جس پہاڑ کو کھودا تھا وہ کس نام سے مشہور ہے؟ ۳۵۵۴

ج - کوہ بے ستون کے نام سے۔

س : آرے کوہ کا دستہ کس لکڑی کا تھا؟ ۳۵۵۵

ج - انار کی لکڑی کا۔

س : کس درخت کے بعض پھل خون آلود ہوتے ہیں اور بعض پھل معمولی انار کی طرح ہوتے ہیں؟ ۳۵۵۶

ج - اس انار کا درخت جو آرے کوہ کنی کا دستہ بنا تھا۔ (مصر میں واقع ہے)

marfat.com

س : شہر دمشق میں کتنی مسجدیں تعمیر ہوئیں؟ ۳۵۵۷

ج ۔ تین سو سے زائد۔

س : مردے کے ساتھ وہ کون سی تین چیزیں ہوتی ہیں جن میں سے دو لوٹ آتی ہیں اور ایک ساتھ جاتی ہے؟ ۳۵۵۸

ج ۔ مال و اقارب، اور ساتھ جانے والی چیز عمل ہے۔

س : سب سے پہلے بدترین گناہ حسد کہاں کس سے سرزد ہوا؟ ۳۵۵۹

ج ۔ آسمان پر ابلیس سے۔

س : سدرۃ المنتہیٰ کیا چیز ہے؟ ۳۵۶۰

ج ۔ ایک درخت ہے جس کی جڑ چھٹے آسمان پر ہے۔

س : یہودیوں کے بزرگ مرنے سے قبل اپنی اولاد کو کیا وصیت کرتے تھے؟ ۳۵۶۱

ج ۔ اگر تم میں سے کسی کو آخری پیغمبر کا زمانہ ملے تو ان کی اتباع کرنا۔

س : مقام علیین کس آسمان پر واقع ہے ۳۵۶۲

ج ۔ ساتویں آسمان پر عرش کے نیچے۔

س : ایام ابیض چاند کی کن تاریخوں کو کہا جاتا ہے؟ ۳۵۶۴

ج ۔ تیرھویں، چودھویں، پندرھویں تاریخوں کو۔

س : نامۂ اعمال مومنین کے کن ہاتھوں میں دیا جائے گا؟ ۳۵۶۵

ج ۔ سیدھے یعنی داہنے ہاتھ میں۔

س : بائیں ہاتھ میں نامۂ اعمال کس کو دیا جائے گا؟ ۳۵۶۶

ج ۔ کافروں کو؟

س : دنیا کے پہاڑوں میں وہ کون سا پہاڑ ہے جو چھوٹا ہونے کے باوجود قدر و منزلت میں بڑا ہے؟ ۳۵۶۷

marfat.com

ج : کوہِ طور۔
س : شداد بادشاہ کے باپ کا نام بتائیے ؟ ۳۵۶۸
ج ۔ عاد۔
س : جنت البقیع کے مزارات جن میں حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا قبر بھی شامل ہے سعودی گورنمنٹ نے کس سنہ میں مسمار کروایا ؟ ۳۵۶۹
ج ۔ ۱۹۲۶ء میں۔
س : سب سے پہلی اسلامی درسگاہ کا نام بتائیے ؟ ۳۵۷۰
ج ۔ دارارقم۔
س : جس درخت کے نیچے بیعت رضوان ہوئی تھی اس کو عرب کیا کہتے ہیں : ۳۵۷۱
ج ۔ سمرہ۔
س : تدوین حدیث کا کام کس دور سے شروع ہوا ؟ ۳۵۷۲
ج ۔ بنی امیہ سے۔
س : اسلامی سال کا پہلا کلینڈر بتائیے ۔ ۳۵۷۳
ج ۔ محرم الحرام
س : شب برات کس مہینہ میں آتی ہے ؟ ۳۵۷۴
ج ۔ شعبان المعظم میں پندرھویں تاریخ کو۔
س : مرنے کے بعد کلام کن لوگوں نے کیا ؟ ۳۵۷۵
ج ۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام، حبیب نجار، حضرت جعفر طیار، حضرت
س : امام حسن رضی اللہ عنہم (حیوٰۃ الحیوان ص۸۰) ۳۵۷۶
ج ۔ بازا اپنی زبان میں کیا کہتا ہے ؟

marfat.com

ج ۔ فی البعد من الناس انس (لوگوں سے دور رہنے میں راحت ہے۔)

س : سینڈک کیا کہتا ہے؟ ۳۵۷۷

ج ۔ سبحان ربی القدس (پاک ہے میرے رب کی ذات)

س : طوطا بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔ ۳۵۷۸

ج ۔ ویل لمن الدنیا ھمہ (جس نے دنیا کا ارادہ کیا ہلاک ہوا)

س : فاختہ اپنی آواز میں کیا کہتی ہے؟ ۳۵۷۹

ج ۔ لیلیت ذات الخلق لم یخلق (کاش کہ مخلوق پیدا ہی نہ ہوتی۔)

س : مور بولتا ہے تو کیا کہتا ہے! ۳۵۸۰

ج ۔ کما تدین تدان (جیسا کرے گا ویسا ہی بھرے گا)

س : گدھا اپنی زبان میں کیا کہتا ہے! ۳۵۸۱

ج ۔ یا ابن آدم عش ما عشت فان آخرک الموت (اے آدم کے بیٹے جتنا چاہے جی لے آخر کار موت ہے۔)

س : مرغ اپنی آواز میں کیا کہتا ہے؟ ۳۵۸۲

ج ۔ اذکر واللہ یا غافلون (اے غفلت میں رہنے والو اللہ کو یاد کرو۔)

س : ہدہد اپنی زبان میں کیا کہتا ہے۔ ۳۵۸۳

ج ۔ من لا یرحم ولا یرحم (جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔)

س : قمری بولتی ہے تو کیا کہتی ہے! ۳۵۸۴

ج ۔ سبحان ربی الاعلیٰ (میرے رب کی ذات بڑی پاک اور

marfat.com

اعلیٰ ہے)

س : پانی بیٹھ کر پینا سنت ہے لیکن وہ کون سا پانی ہے جس کو کھڑا ہو کر پینے کا حکم ہے۔ ۳۵۸۵

ج ۔ زمزم کا بچا کھوا پانی اور آب زم زم۔

س : انسانوں سے پہلے زمین پر کون سی قوم آباد تھی ؟ ۳۵۸۶

ج ۔ جن۔

س : سید الایام کون سے دن کو کہتے ہیں ۳۵۸۷

ج ۔ جمعہ کے دن کو۔

س : آغازِ اسلام میں جو مکان تبلیغ دین کا مرکز بنا اس کا نام بتایئے۔

ج ۔ دارارقم ابن ارقم مخزومی۔ ۳۵۸۸

س : کس زمین کو اہل الرائے کی زمین کہا جاتا ہے ؟ ۳۵۸۹

ج ۔ سرزمین عراق کو اس لیے کہ وہاں کے فقیہ تابعی اور تبع تابعی کے تربیت یافتہ تھے۔

س : دور عباسیہ کا آغاز کب ہوا ؟ ۳۵۹۰

ج ۔ ۱۴ ربیع الاول ۱۳۲ھ سے۔

س : خارجی فرقے کے بانی کا نام بتایئے ؟ ۳۵۹۱

ج ۔ ذوالخویصرہ اصل نام حرقوس بن زہیر تھا۔

س : نمرود مردود کس سے ہلاک ہوا ! ۳۵۹۲

ج ۔ مچھر سے۔

س : دنیا کا پہلا تحریری دستور العمل کب مرتب ہوا ؟ اور کس کی قیادت میں

ج ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قیادت میں ۱ھ میں۔ ۳۵۹۳

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین ظہور اسلام سے قبل ہی

marfat.com

وصال کر گئے ان کے بارے میں بتلیئے! ۳۵۹۴

ج ۔ بلا شک و شبہ وہ جنتی ہیں۔

س : اس ستارے کا نام بتاؤ جس سے فرشتے شیاطین کو مارتے ہیں؟ ۳۵۹۵

ج ۔ شہاب ثاقب۔

س : وہ کون سا بادشاہ گذرا ہے جسے اس کے مال و متاع کے ساتھ زمین میں دھنسا دیا گیا؟ ۳۵۹۶

ج ۔ قارون۔

س : اس پرندے کا نام بتاؤ جو انگارے کھا لیتا ہے۔ ۳۵۹۷

ج ۔ شتر مرغ۔

س : وہ کون سا درخت ہے جس کا تیل کھانے پینے جلانے اور دوا میں بھی کام آتا ہے؟ ۳۵۹۸

ج ۔ زیتون۔

س : عرب کے ان درختوں کے نام بتاؤ جن کے تر ہونے کے باوجود رگڑ سے آگ پیدا ہوتی ہے! ۳۵۹۹

ج ۔ مرخ اور عفار۔

س : خلیفہ مہدی رضی اللہ عنہ کا ظہور کہاں ہوگا! ۳۶۰۰

ج ۔ خانہ کعبہ میں اہل ایمان انہیں پہچان لیں گے۔

س : یمن کے اس بادشاہ کا نام بتاؤ جو صاحب ایمان تھے اور قوم کافر تھی؟ ۳۶۰۱

ج ۔ تبع حمیرہ۔

س : اس پہاڑ کا نام بتاؤ جس کی قسم اللہ نے یاد فرمایا؟ ۳۶۰۲

ج ۔ کوہِ طور

marfat.com

س : بیت المعمور کس آسمان پر واقع ہے؟ ۳۶۰۳
ج ۔ ساتویں آسمان پر عرش کے سامنے کعبہ شریف کے بالمقابل۔
س : بیت المعمور کے طواف کے لئے روزانہ کتنے فرشتے حاضر ہوتے ہیں؟۔ ۳۶۰۴
ج ۔ ستر ہزار فرشتے جو ایک بار طواف کر لیتا ہے اسے قیامت تک دوبارہ موقع نہیں ملے گا۔
س : افریقہ مسلمانوں نے کس سنہ ہجری میں فتح کیا؟ ۳۶۰۵
ج ۔ ۲۶ھ ہجری میں۔
س : بوہرہ اور خوجہ اپنا ساتواں امام کس کو تسلیم کرتے ہیں؟ ۳۶۰۶
ج ۔ حضرت سیدنا اسمٰعیل عارج بن امام جعفر صادق رحمہما اللہ تعالیٰ کو
س بنی امیہ کا دور کب سے شروع ہوتا ہے؟ ۳۶۰۷
ج : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے، ۴۱ھ سے۔
حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں
ہندوستان کے شہر بمبئی میں تھانہ بندرگاہ پر جس سالار نے حملہ کیا تھا ان کا اسم گرامی بتایئے؟ ۳۶۰۸
ج ۔ حضرت عثمان بن ابی عاص رضی اللہ عنہ۔ ۳۶۰۹
س : جنت سے نکل کر دنیا میں کون کون سی نہریں جاری ہوئیں۔
ج ۔ جیحون، سیحون فرات، نیل اور بعض نے دجلہ کو بھی بتایا ہے؛
(صاوی ص ۱۱۴ ج ۳)
س : جنگ قادسیہ میں یزدگرد کی مدد میں راجہ داہر سندھ نے کیا انوکھی چیز بھیجی تھی؟ ۳۶۱۰
ج ۔ ہاتھی۔

marfat.com

س : بعثتِ نبوی کے دسویں سال کو تاریخ اسلام میں کیا کہا جاتا ہے ۔ ۳۶۱۱

ج ۔ عام الحزن ۔

س : عام الحزن کو عام الحزن کیوں کہا جاتا ہے ؟ ۳۶۱۲

ج ۔ اس سال آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے دو ایسے رفیق و غمگسار کا انتقال ہوا جن سے بڑی تقویت ملتی تھی ۔

س : بعثت نبوی کے دسویں سال میں رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے کن دو غمگسار و رفیق کا انتقال ہوا ؟ ۳۶۱۳

ج ۔ آپ کے چچا ابو طالب اور آپ کی زوجہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا ۔

س : مزدلفہ میں ایک ایسی جگہ ہے جہاں حجاج کرام کو ٹھہرنا منع ہے کیا آپ کو اس جگہ کا نام معلوم ہے ؟ ۳۶۱۴

ج ۔ وادی المحسر میں ۔ یہ وہ مقام ہے جہاں اصحاب فیل پر عذاب نازل ہوا تھا ۔ اور اسی کو وادی النار بھی کہتے ہیں ۔

س : صلح حدیبیہ کے بعد فتح مکہ سے قبل ہجرت کرنے والوں کو کیا کہا جاتا ہے ؟ ۳۶۱۵

ج ۔ اصحاب ہجرت ثانیہ ۔

س : ہشام بن عبد الملک کے خلاف سب سے پہلے بغاوت کا علم کس نے بلند کیا ؟ ۳۶۱۶

ج ۔ حضرت زید بن امام زین العابدین رضی اللہ عنہم نے ۔

س : دنیا میں سب سے پہلے کون سا پہاڑ نمودار ہوا ؟ ۳۶۱۷

ج ۔ جبل ابو قبیس ۔

س : ایام جاہلیت میں جبل ابو قبیس کو کیا کہا جاتا تھا ؟ ۳۶۱۸

marfat.com

ج ۔ جبل امین۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت سے قبل کس طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے؟ ۳۶۱۹

ج ۔ کعبہ شریف کی طرف اور بعد ہجرت بیت المقدس کی طرف حکم ہوا۔ اور بعدہٗ پھر کعبہ شریف کی طرف۔

س : طوفان نوح علیہ السلام کے بعد کعبہ شریف میں حجر اسود کس نے نصب فرمایا؟ ۳۶۲۰

ج ۔ حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

س : پیغمبر اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی مقام ولادت پر سعودی گورنمنٹ نے کیا قائم کیا ہے؟ ۳۶۲۱

ج ۔ لائبریری۔

س : کعبہ شریف میں غلاف کعبہ سب سے پہلے کس شخص نے پہنایا؟

ج ۔ اسد حمیری نے۔ ۳۶۲۲

س : حرم شریف کے بعد دنیا میں سب سے افضل کون سا مقام ہے؟

ج ۔ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا وہ مکان جہاں حضرت فاطمہ زہرہ رضی اللہ عنہا کی ولادت ہوئی اور بعد ہجرت تاجدار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آٹھ ماہ تک اسی میں قیام فرمایا؛

س : اسلام میں سب سے پہلے شراب پینے پر سزا کس کو دی گئی؟ ۳۶۲۳

ج ۔ حضرت وحشی بن حرب رضی اللہ عنہ کو۔

س : صاحب الزمان کس کا لقب ہے؟ ۳۶۲۴

ج ۔ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کا۔

س : دنیا میں وہ کون دو جگہیں ہیں جہاں دجال کا گذر نہ ہو سکے گا؟ ۳۶۲۵

marfat.com

ج ۔ مکہ اور مدینہ میں ۔ (ترمذی شریف ص۴۸)

س : ماں کے شکم کے اندر بچہ میں روح کتنے دنوں بعد ڈال دی جاتی ہے؟ ۲۶۲۶

ج ۔ چار ماہ کے اندر۔

س : ساری دنیا میں کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟ ۲۶۲۷

ج ۔ ۳۰۶۴۔ (تین ہزار چونسٹھ زبانیں۔)

س : اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں اور درختوں کو کس دن پیدا فرمایا؟ ۲۶۲۸

ج ۔ اتوار کے دن پہاڑوں کو، اور پیر کے دن درختوں کو۔ (حیوٰۃ الحیوان ص۱۰۳ ج۱)

س : وہ کون سے بچے ہیں جنہوں نے ایام شیر خوارگی میں کلام کیا؟ ۲۶۲۹

ج ۔ حضرت جریج کی پاکدامنی کی گواہی دینے والا بچہ۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی پاکدامنی کی گواہی عزیز مصر کے سامنے دینے والا بچہ، فرعون کی خادمہ کا وہ بچہ جس نے فرعون کی لڑکی کو کفر سے ڈرایا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

س : وہ کون حضرات ہیں جنہیں فرشتوں نے غسل دیا؟ ۲۶۳۰

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام اور حنظلہ بن ابی عامر الثقفی رضی اللہ عنہ (ہدایہ جلد اول ص۱۶۳ ج۱)

س : دنیا میں سب سے پہلے زبان کی لکنت کس سے شروع ہوئی؟ ۲۶۳۱

ج ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے۔

س : اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس جانور کو پیدا فرمایا؟ ۲۶۳۲

ج ۔ مچھلی کو۔ (حیوٰۃ الحیوان ص۳۸۳ ج۱)

س : کن جانوروں کو حیض آتا ہے؟ ۲۶۳۳

ج خرگوش، بجو، چمگادڑ کو (حاشیہ کنز الدقائق ص۱۳)

marfat.com

س : حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ کون جانور آئے تھے ؟ ۳۶۳۴
ج ۔ خشکی میں ٹڈی اور تری میں مچھلی ۔ (حیوٰۃ الحیوان صـ۲۶۷)
س : مرغ اور گدھا کب بولتے ہیں ؟ ۳۶۳۵
ج ۔ فرشتوں کو دیکھ کر مرغ بولتے ہیں اور شیطان کو دیکھ کر گدھا بولتا ہے ۔ (حیوٰۃ الحیوان صـ۴۹)
س : دنیا میں سب سے پہلے کونسا جانور بیمار ہوا ؟ ۳۶۳۶
ج ۔ وہ شیر جو کشتی نوح علیہ السلام میں سوار تھا ۔ (روح المعانی صـ۵۳)
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کن جانوروں کو قتل کرنے سے منع فرمایا ہے ۔
ج ۔ ہدہد، چیونٹی، شہد کی مکھی، مینڈک، صرد جو ایک پرندہ ہے ۔ (حیوٰۃ الحیوان صـ۶۴۸-۶۴۹)
س : چلتے جہازوں کو روکنے والی مچھلی کا نام بتائیے ؟ ۳۶۳۸
ج ۔ فاطوس ۔ (حیوٰۃ الحیوان) صـ۲۸۳
س : تیتر اپنی آواز میں کیا کہتا ہے ؟ ۳۶۳۹
ج ۔ الرحمٰن علی العرش استوٰی (اللہ ہی عرش کا مالک ہے ۔ (روح المعانی صـ۱۷۲-۱۹)
س : وہ کون سی چیز ہے جس میں نہ گوشت ہے نہ پوست پھر بھی کلام کرتی ہے ۔ ۳۶۴۰
ج ۔ دوزخ ۔
س : وہ کون سی چیز ہے جو بغیر گوشت و پوست و خون کے سانس لیتی ہے ۔ ۳۶۴۱
ج ۔ صبح ۔
س : اللہ تعالیٰ کی جانب سے وہ کون سا قاصد ہے جو نہ مرد ہے نہ عورت نہ جن نہ فرشتہ ؟ ۳۶۴۲
ج ۔ کوا، جس نے قابیل کو ہابیل کی لاش دفن کرنے کا طریقہ بتایا (حیوٰۃ الحیوان ؟)

marfat.com

س : وہ کون سی قبر ہے جو صاحب قبر کو لیکر چلی تھی ؟ ۳۶۴۳
ج ۔ حضرت یونس علیہ السلام کی مچھلی
س : انسانوں کے نام پر بتوں کے نام ذکر ہونے والے معبودوں کے نام بتایئے ؟ ۳۶۴۴
ج ۔ وَدًّا ، سواع ، یغوث ، یعوق ، نسرًا پانچوں قوم نوح علیہ السلام کے نیک لوگ تھے۔
س : حجر اسود جنت کے کس پتھر کا ٹکڑا تھا ! ۳۶۴۵
ج ۔ یاقوت کا سفید چمکدار۔
س : طوفان نوح علیہ السلام کہاں نہیں آیا تھا ! ۳۶۴۶
ج ۔ سندھ اور ہند میں۔ (اختلاف ہے)
س : قیامت میں سب سے پہلے کس سے حساب ہوگا۔ ۳۶۴۷
ج ۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام سے۔
س : کس ملک کے بادشاہ کا لقب کسریٰ ہوتا تھا ! ۳۶۴۸
ج ۔ ملک فارس کے۔
س : ترکی بادشاہ کا لقب بتایئے ! ۳۶۴۹
ج ۔ خاقان۔
س : ملک حبش کے بادشاہ کا لقب کیا تھا ! ۳۶۵۰
ج ۔ نجاشی۔
س : ہندوستانی بادشاہوں کا لقب کیا ہوتا تھا ؟ ۳۶۵۱
ج ۔ دھمی۔
س : شام کے بادشاہوں کو کس لقب سے جانا جاتا تھا ؟ ۳۶۵۲
ج ۔ قیصر سے۔

marfat.com

س : میدان محشر میں جنت میں داخل ہونے سے پہلے اور بعد جنتی کی زبان کیا ہوگی ؟ ۳۶۵۳

ج ۔ قبل دخول جنت سریانی اور بعد دخول جنت عربی۔

س : وہ کنواں کہاں واقع ہے جس کا پانی پینے کے بعد لوگ مرجاتے تھے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ مسلمان ہوگئے ہیں تو بھی مسلمان ہوجا۔؟ ۳۶۵۴

ج ۔ یمن میں ؛ بعدہٗ کسی کی موت واقع نہیں ہوئی ۔

س : دنیا میں سب سے پہلے اسپتال کس نے قائم کیا ؟ ۳۶۵۵

ج ۔ ولید بن عبدالملک نے۔

س : مغل بادشاہوں میں سب سے زیادہ عرصہ تک حکومت کس نے کی۔؟ ۳۶۵۶

ج ۔ اکبر نے۔

س : اپنے مقبرہ کا ڈیزائن کس بادشاہ نے خود تیار کروایا تھا ؟ ۳۶۵۷

ج ۔ اکبر نے۔

س : وہ کون چیزیں ہیں کہ اگر تھوڑی بھی ہوں تو زیادہ سمجھنا چاہیئے ؟

ج ۔ قرض ، آگ ، دشمنی ، بیماری

س : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دُلدُل کس صحابی کے زمانہ تک زندہ رہا ؟ ۳۶۵۸ ۳۶۵۹

ج ۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد تک۔

س : اردو میں سب سے پہلے روزنامچے کس نے تیار کئے ؟ ۔ ۳۶۶۰

ج ۔ حضرت خواجہ حسن نظامی رحمۃ اللہ علیہ نے۔

س : اردو کی پہلی غزل کس نے لکھی ؟ ۳۶۶۱

marfat.com

ج ۔ امیر خسرو رحمۃ اللہ علیہ نے۔

س : کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ہاروت و ماروت دونوں فرشتے گناہ سرزد ہونے کے جرم میں کس کنوئیں میں اوندھے منہ لٹکے ہوئے ہیں؟ ۳۶۶۲

ج ۔ بابل کے ایک کنوئیں میں جس میں دھواں بھرا ہوا ہے (بابل عراق کا مشہور شہر ہے)

س : کیا آپ کو معلوم ہے کہ مسجد ضرار جو منافقوں نے فتنہ برپا کرنے کے لیے تعمیر کیا تھا! اس کو مسمار کرنے کے لیے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس کو حکم فرمایا؟ ۳۶۶۳

ج ۔ حضرت مالک الدر معن بن عوف رضی اللہ عنہا کو۔

س : اذان کی ابتدا کس سنہ عیسوی سے ہوئی؟ ۳۶۶۴

ج ۔ ۲۰ ستمبر ۶۲۲ء سے۔

س : فرعون کی بیوی حضرت آسیہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام بتلیئے؟

ج ۔ مزاحم۔

۳۶۶۵

س : فرنگیوں نے مکہ مکرمہ پر قبضہ کب کیا تھا؟ ۳۶۶۶

ج ۔ ۱۱۰۳ء میں۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مدینہ کی طرف کس سنہ عیسوی میں ہجرت فرمایا؟ ۳۶۶۷

ج ۔ ۶۲۲ء میں۔

س : عوامی شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟ ۳۶۶۸

ج ۔ نظیر اکبر آبادی کو۔

س : قومی شاعر کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟ ۳۶۶۹

ج ۔ پنڈت برج نرائن چکبست کو۔

marfat.com

س : ذکر کتنے طرح کے ہوتے ہیں ؟ ۳۶۷۰

ج ۔ تین قسم کے۔ ذکر باللسان، ذکر بالقلب، ذکر بالجوارح۔

س : مؤلف دلائل الخیرات کا اسم گرامی بتایئے ؟ ۳۶۷۱

ج ۔ حضرت عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ۔

س : مولف دلائل الخیرات حضرت عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہ کے جسد مبارک کو کتنے سال کے بعد کہاں سے کہاں منتقل کیا گیا ؟ ۳۶۷۲

ج ۔ ،، رسال کے بعد مقام سوس سے مراکش منتقل کیا گیا مگر کفن تک بوسیدہ نہ ہوپایا تھا ؟

س : سرکار غوث الاعظم دستگیر رحمۃ اللہ علیہ نے پادری کے کہنے پر مردہ زندہ فرمایا تھا تو اس کا اثر کیا ہوا تھا ؟ ۳۶۷۳

ج ۔ پادری کے ساتھ ساری کردستانی قوم جو کئی لاکھ کی تعداد میں تھی مسلمان ہوگئی تھی۔

س : صلاح الدین ایوبی کے والد کس کے مرید تھے۔ ۳۶۷۴

ج ۔ سرکار غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے۔

س : شہر انطاکیا کے بادشاہ کا نام بتلایئے ؟ جو حضرت شمعون رحمۃ اللہ علیہ کی تبلیغ و تعلیم پر ایمان لے آیا تھا ؟ ۳۶۷۵

ج ۔ انطخا نامی ایک بت پرست۔

س : کیا آپ بتلا سکتے ہیں کہ کون صحابیٔ رسول مدینہ میں نانبائی تھے ؟ ۳۶۷۶

ج ۔ حضرت حاطب بن بلتعہ رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کپڑے کے ساتھ کس چیز کا کاروبار کرتے تھے ؟۔ ۳۶۷۷

marfat.com

ج ۔ دودھ کا۔

س : ایک ایسے بھی صحابی گذرے ہیں جو تیل، اچار، چٹنی، کا کاروبار کرتے تھے ؛ کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے ؟ ۳۶۷۸

ج ۔ حضرت ابو سفیان بن حرب رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت آدم علیہ السلام نے فرشتوں سے السلام علیکم کہا تو فرشتوں نے کس طرح جواب دیا تھا ؟ ۳۶۷۹

ج ۔ السلام علیک ورحمۃ اللہ۔

س : ایک صحابی ایسے بھی گذرے ہیں جو صرف سلام کرنے کی غرض سے بازار جایا کرتے تھے کیا آپ ان کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں ؟ ۳۶۸۰

ج ۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ۔

س : سب سے پہلے نماز فجر کس نے ادا کی ؟ ۳۶۸۱

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام نے صبح ہونے کی خوشی میں۔

س : حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے اپنے فرزند اسمٰعیل کی جان محفوظ رہنے اور دنبہ کی قربانی کی خوشی میں کون سی نماز ادا فرمائی ؟ ۳۶۸۲

ج ۔ نماز ظہر۔ (طحاوی)

س : نماز عصر سب سے پہلے کس نے ادا کی ! ۳۶۸۳

ج ۔ حضرت عزیر علیہ السلام نے سو برس کے بعد زندہ ہونے پر (طحاوی)

س : حضرت داؤد علیہ السلام نے توبہ کی قبولیت پر کون سی نماز شکرانے میں ادا فرمائی ؟ ۳۶۸۴

ج ۔ نماز مغرب جبکہ چار رکعت کی نیت کی تھی لیکن خوشی میں تین ہی پر سلام پھیر دیا۔ (طحاوی)

س : نماز عشاء سب سے پہلے کس نے ادا فرمائی ؟ ۳۶۸۵

marfat.com

ج ۔ رحمت دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے۔ (نعیم العرفان)

س : حضرت شمعون رحمۃ اللہ جو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کے سردار تھے ان کی بیوی نے آپ کو کس میں باندھ کر کس کے حوالے کر دیا تھا؟ ۳۶۸۶

ج ۔ آپ کے بالوں میں باندھ کر کافروں کے حوالے کر دیا تھا۔

س : ایک ایسے بھی صحابی ہوئے ہیں جنہیں تمام مومنین کا ماموں کہا جاتا ہے کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے؟ ۳۶۸۷

ج ۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ۔

س : حضرت جبرئیل علیہ السلام سدرۃ المنتہیٰ سے فرشتوں کی فوج لیکر زمین پر اترتے ہیں اور چار جھنڈے لاتے ہیں ایک گنبد خضریٰ پر دوسرا بیت المقدس پر، تیسرا خانہ کعبہ پر چوتھا طور سینا پر نصب کرتے بتایئے کس رات میں ایسا ہوتا ہے؟ ۳۶۸۸

ج ۔ شب قدر میں۔

س : سال میں ایک رات ایسی بھی آتی ہے جس میں سمندروں کا پانی میٹھا ہو جاتا ہے۔ کیا آپ اس رات کا نام بتا سکتے ہیں؟ ۳۶۸۹

ج ۔ شب قدر، تفسیر عزیزی۔

س : میراث کی تقسیم اور وارثوں کے حصے کا ذکر قرآن مجید میں کہاں آیا ہے۔

ج ۔ سورۃ النساء میں۔ ۳۶۹۰

س : وہ کون سا حاجی ہے کہ اسے عرفہ کے دن مغرب کی نماز مغرب کے وقت ہی پڑھنا ضروری ہے! ۳۶۹۱

ج ۔ وہ حاجی جو رات کو مزدلفہ میں رہ گیا یا مزدلفہ دوسرے راستے سے واپس ہوا۔

marfat.com

س : ایک شخص کلمہ نہ پڑھنے کے باوجود مسلمان ہوگیا اس کی کیا صورت ہے
ج ۔ جو شخص کہے کہ میں نے فلاں مذہب چھوڑ کر اسلام قبول کر لیا ۳۶۹۲
(فتوٰی افریقہ ۱۵۴)۔
س : جنت میں کتنے جانور اور کون کون جائیں گے ؟ ۳۶۹۳
ج ۔ پانچ اصحاب کہف کا کتا حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا مینڈھا حضرت عزیر علیہ السلام کا گدھا سرکار اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی۔ اور حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی ۔ (الاشباہ والنظائر ص ۴۸۲)
س : چاند کی منزلوں میں سے کس منزل کا نام غفر ہے؟ ۳۶۹۴
ج ۔ پندرھویں منزل کا۔ (حدائق بخشش ۱۴۲)
س : روضۂ اطہر اور کعبہ معظمہ پر کس رنگ کا غلاف ہے ؟ ۳۶۹۵
ج ۔ روضۂ اطہر پر سبز رنگ۔ اور کعبہ پر سیاہ رنگ کا۔
س : وہ کون سا مرد ہے جس کو نہ مرد نہلا سکتا ہے اور نہ عورت ؟ ۳۶۹۶
ج ۔ خنثیٰ مشکل، جگہ تیمم کرا لیا جائے گا۔ (فتاوٰی عالمگیری اول ۱۵)
س : عیدین میں نماز سے قبل سب سے پہلے خطبہ کس نے دیا ؟ ۳۶۹۷
ج ۔ مروان بن حکم نے۔
س : ازواج رسول علیہ السلام نے اپنے سر کے بال کیوں کٹوا لیے ؟ ۳۶۹۸
ج ۔ اس لئے کہ ان کو زینت نہ دکھی جائے مگر دوسری عورتوں پر حرام ہے۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کہاں سے سیکھا ؟ ۳۶۹۹
ج ۔ ازل ہی میں سیکھا۔
س : معجزہ شق القمر جب واقع ہوا تو اس وقت ہندوستان میں کیا وقت تھا ؟ ۳۷۰۰
ج ۔ رات کے ۱۲ بجکر ۵ منٹ تھے۔

marfat.com

س : رحمت دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی تجہیز وتکفین کے لئے جو کپڑے لائے گئے تھے وہ کہاں کے بنے ہوئے تھے؟ ۳۷۰۱

ج ۔ سحول گاؤں کے۔

س : سب سے پہلے کس نے کتنی زبانیں کس چیز پر لکھیں؟ ۳۷۰۲

ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عربی، فارسی، عبرانی، یونانی قبطی، بربری، اندلسی، ہندی۔ وغیرہ مٹی پر۔

س : وہ کون سی عورت ہے جس کے ماں باپ دونوں نہیں ہیں؟ ۳۷۰۳

ج ۔ حضرت حوا رضی اللہ عنہا۔

س : وہ کون جانور ہے جو بغیر ماں باپ کے پیدا ہوا؟ ۳۷۰۴

ج ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی۔

س : وہ کون سی دوستی ہے جو کبھی الگ نہیں ہوتی؟ ۳۷۰۵

ج ۔ روح اور جسم۔

س : وہ کون سی دشمنی ہے جو کبھی دوستی میں تبدیل نہیں ہو سکتی؟ ۳۷۰۶

ج ۔ موت اور حیات۔

س : مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں کون افضل ہے؟ ۳۷۰۷

ج ۔ اختلاف ہے تینوں اماموں کے نزدیک مکہ مکرمہ افضل ہے۔ اور امام مالک کے نزدیک مدینہ منورہ افضل ہے۔

زینت کعبہ میں تھا لاکھوں عروسوں کا بناؤ
جلوہ فرما یہاں کونین کا دولھا دیکھو

س : سب سے پہلے جو روزہ فرض ہوا وہ کون سا روزہ تھا؟ ۳۷۰۸

ج ۔ یوم عاشورہ کا۔

س : معجزہ شق القمر کا ذکر قرآن کی کس سورۃ میں آیا ہے؟ ۳۷۰۹

marfat.com

ج ۔ سورۃ قمر کی پہلی آیت میں۔

س : ایام معدودات سے کیا مراد ہیں؟ ۳۷۱۰

ج ۔ ایام تشریق بقرعید سے تین دن بعد۔

س : مگرمچھ کے دانت کی پوجا کس ملک میں ہوتی ہے؟ ۳۷۱۱

ج ۔ سری لنکا میں۔

س : اسلامی سکریٹریٹ کے پہلے سکریٹری جنرل کب اور کس ملک کے ہوئے۔؟ ۳۷۱۲

ج ۔ ۱۹۶۹ء میں ملیشیا سے۔

س : وہ کون سا مسلمان ہے جس کا ذبیحہ نہیں کھایا جائے گا؟ ۳۷۱۳

ج ۔ باغی۔ (فتاویٰ عالمگیری مصری اول ص ۱۸۹)

س : نوگو جو ایک اسلامی ملک ہے اس کا دارالحکومت کہاں ہے؟ ۳۷۱۴

ج ۔ نوم میں۔

س : اسلامی دنیا کی طویل ترین نہر کا نام بتلایئے؟ ۳۷۱۵

ج ۔ نہر سوئز۔

س : مسلم اکثریت کی وہ کون سی جمہوریت ہے جو دو براعظموں میں بٹی ہوئی ہے؟ ۳۷۱۶

ج ۔ جمہوریہ ترکی۔ (ایشیا اور یورپ میں)

س : سب سے پہلے سربراہان مملکت کا نفرنس کہاں اور کب منعقد ہوئی؟ ۔ ۳۷۱۷

ج ۔ رباط میں ۱۹۶۹ء میں۔

س : سب سے پہلے کعبہ پر منجنیق چلانے والا کون شخص گذرا ہے؟ ۳۷۱۸

ج ۔ حصین بن نمیر۔

marfat.com

س : سب سے پہلے گنبد خضریٰ پر سبز رنگ کا غلاف کس نے چڑھایا؟ ۳۷۱۹
ج ۔ حمیر کے بادشاہ نے۔
س : سب سے پہلے اپنے سر پر تاج رکھنے والے بادشاہ کا نام بتاؤ؟ ۳۷۲۰
ج ۔ نمرود۔
س : دنیا کی سب سے شیریں زبان کا نام بتاؤ؟ ۳۷۲۱
ج ۔ عربی۔
س : اسلامی سکہ سب سے پہلے کس نے ایجاد کیا؟ ۳۷۲۲
ج ۔ عبدالمالک بن مروان نے۔
س : کاغذ سب سے پہلے کس نے ایجاد کیا؟ ۳۷۲۳
ج ۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے۔
س : سب سے پہلے مسلمانوں پر کون سا حکم نازل ہوا؟ ۳۷۲۴
ج ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔
س : سب سے پہلے نجد میں کس نے فتنہ برپا کیا؟ ۳۷۲۵
ج ۔ مسیلمہ کذاب نے۔
س : سب سے پہلے جہنم میں کون سا قاتل جائے گا؟ ۳۷۲۶
ج ۔ قابیل۔
س : مصر میں فاطمی خلفاء کا دور کب ختم ہوا؟ ۳۷۲۷
ج ۔ ۵۶۷ھ میں العاضد کو معزول کر کے عباسی خلیفہ کا خطبہ پڑھا گیا۔
س : کس غریب مسلمان کو حج کے لئے قرض لینا لازم ہے؟ ۳۷۲۸
ج ۔ پہلے مالدار تھا حج فرض تھا، مال کو برباد کر کے حج نہ کر سکا ایسے غریب مسلمان کو حج کے لئے قرض لینا ضروری ہے۔ بہار شریعت ۹۶

marfat.com

س : ہندوستان میں مغلیہ خاندان کا آخری بادشاہ کون گذرا ہے؟
ج ۔ بہادر شاہ ظفر۔
۳۷۲۹
س : دنیا میں سب سے زیادہ جینے والا جانور کونسا ہے؟ ۳۷۳۰
ج ۔ کچھوا۔
س : وہ کون سا جانور ہے جو گھائل ہونے پر آدمی کی طرح روتا ہے؟
ج ۔ ریچھ۔ (بھالو)
۳۷۳۱
س : دنیا میں ایک ایسا ملک بھی ہے جہاں بچہ پیدا کرنے پر انعام ملتا ہے؟ آپ کو اس کا نام معلوم ہے! ۳۷۳۲
ج ۔ روس۔
س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے غم میں ایک صحابی رونے کی وجہ سے نابینا ہو گئے، ان کا اسم گرامی بتلائیے؟ ۳۷۳۳
ج ۔ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ۔
س : توبہ کرنا کس کی سنت ہے؟ ۳۷۳۴
ج ۔ حضرت آدم علیہ السلام کی۔
س : اپنی خطا پر نادم نہ ہو کر ضد پر اڑے رہنا کس کا عمل ہے؟ ۳۷۳۵
ج ۔ ابلیس لعین کا۔
س : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟ ۳۷۳۶
ج ۔ قبیلہ دوس سے۔
س : حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا وصال کب ہوا؟ ۳۷۳۸
ج ۔ ۵۹ھ میں۔ اور جنت البقیع میں مدفون ہوئے؟
س : عشرۂ مبشرہ میں سے سب سے آخر میں کس کا وصال ہوا؟ ۳۷۳۹
ج ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا۔

marfat.com

س : مال غنیمت کا پانچواں حصّہ (خمس) سب سے پہلے کس کو ملا؟ ۳۷۴۰

ج ۔ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کو۔

س : غزوۂ حنین میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے تنہا کتنے رومیوں کو قتل کیا۔ ۳۷۴۱

ج ۔ بیس ۲۰۔

س : حضرت محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ نے کھمبایت پر حملہ کب کیا؟ ۳۷۴۲

ج ۔ ۱۱ر مارچ ۱۰۱۹ء میں۔

س : فاتح بیت المقدس سلطان صلاح الدین کا وصال کب ہوا؟

ج ۔ ۴ر مارچ ۱۱۹۳ء میں۔ ۳۷۴۳

س : مکہ مکرمہ میں سیلاب کب آیا تھا؟ ۳۷۴۴

ج ۔ ۳ر دسمبر ۱۲۱۳ء میں۔

س : اندلس میں مسلمانوں کی حکومت کا خاتمہ کب ہوا؟ ۳۷۴۵

ج ۔ ۲ر جنوری ۱۴۹۲ء میں۔

س : بابر نے ہندوستان میں مغل سلطنت کب قائم کیا؟ ۳۷۴۶

ج ۔ ۱۵۲۶ء میں۔

س : ہندوستان ایسٹ انڈیا کمپنی کا قیام کب عمل میں آیا؟ ۳۷۴۷

ج ۔ ۱۱ر جنوری ۱۶۱۳ء کو۔

س : فارسی سرکاری زبان ختم کر کے انگریزی کو رائج کب کیا گیا؟ ۳۷۴۸

ج ۔ ۱۸۳۵ء میں۔

س : کسی عربی فارسی خواں کو ملازمت نہیں ملے گی یہ فرمان کس کی جانب سے کب جاری ہوا؟ ۳۷۴۹

ج ۔ ۱۸۴۴ء لارڈ ہارڈنگ کی جانب سے۔

س : جمعہ کی چھٹی کب ختم کر دی گئی؟ ۳۷۵۰

marfat.com

ج ۔ ۱۸۵۷ء میں۔

س : عدالتِ عالیہ ختم کرکے ہائی کورٹ کا قیام کب عمل میں آیا؟ ۳۷۵۱

ج ۔ ۱۸۶۴ء میں۔

س : حجرۂ عائشہ رضی اللہ عنہا کا دروازہ کب بند کیا گیا؟ ۳۷۵۲

ج ۔ ۱۷ رمضان المبارک ۵۸ھ ۱۳ جولائی ۶۷۸ء کو۔

س : بعض امہات المومنین کے کہنے پر آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے شہد استعمال نہ کرنے کا عہد جو کر لیا تھا بتلایئے اس کا ذکر قرآن مجید کی کس سورۃ میں ہے؟ ۳۷۵۳

ج ۔ سورۂ تحریم آیت نمبر ۲۰۱ میں۔

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی اور آخری زوجہ محترمہ کے اسمائے گرامی کیا آپ کو معلوم ہیں؟ ۳۷۵۴

ج ۔ پہلی حضرت خدیجۃ الکبریٰ اور آخری حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا ہیں۔

س : مالک کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں بھی ہوتے ہوئے بہت دور ایک میدان جنگ کا نقشہ صحابہ کرام کے سامنے بیان فرما دیا جہاں لشکر اسلامی لڑ رہا تھا اس میدان جنگ کا نام کیا ہے، ۳۷۵۵

ج ۔ جنگ موتہ۔

س : قرآن مجید میں رب کریم نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑے محبت بھرے انداز و القاب میں مخاطب فرمایا ہے کیا آپ ان میں سے چند القاب بتا سکتے ہیں؟ ۳۷۵۶

ج ۔ یٰسین، یا یھا المزمل، یا یھا المدثر، یا یھا النبی وغیرہ

س : ساری کائنات کے لئے زندگی کے مراحل طے کرنے کے واسطے بہترین اور مکمل نمونہ کون سا ہے؟ ۳۷۵۷

marfat.com

ج ۔ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زندگی سب سے بہترین نمونہ ہے۔

س : کس صورت میں ننگے سر نماز پڑھنا کفر ہے؟ ۳۷۵۸

ج ۔ جبکہ نماز کی تحقیر مقصود ہو۔ (بہار شریعت سوم ص۱۶۶)

س : سب سے پہلے عربی میں خط کن لوگوں نے لکھا؟ ۳۷۵۹ ص۱۳

ج ۔ مرامر بن مرہ، اسلم بن سدرہ، عامر بن جدرہ نے (سیرۃ النبی!

س : حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے بعد عبدالملک بن مروان کب تخت نشین ہوا؟ ۳۷۶۰

ج ۔ ۶۵ھ میں۔ (سیرۃ النبی اول)

س : شہر بغداد کی بنیاد کب کس نے رکھی؟ ۳۷۶۱

ج ۔ خلیفہ منصور نے۔ ۱۶۷ھ میں۔

س : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے والد اور چچا نے جب آپ کو فدیہ دے کر لے جانا چاہا تو آپ نے کیا جواب دیا؟ امام احمد رضا کی زبان میں بتایئے؟ ۳۷۶۲

ج ۔ تیرے قدموں میں جو ہیں غیر کا منہ کیا دیکھیں
کون نظروں میں جچے دیکھ کے تجھ کو تیرا
تیرے ٹکڑوں پہ پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے ٹکڑا تیرا

س : خلیفہ منصور شہر بغداد کی بنیاد رکھتے وقت قرآن پاک کی کون سی آیت تلاوت کر رہے تھے! ۳۷۶۳

ج ۔ ان الارض للہ یورثھا من یشاء من عبادہ۔

س : ہندوستان کے مشہور شہر ایودھیا کی تاریخی بابری مسجد کب شہید کی گئی؟۔ ۳۷۶۴

marfat.com

ج ۔ ۶ر دسمبر ۱۹۹۲ء کو ۔ (افسوس ملک کی جمہور حکومت خاموش تماشائی بنی رہی اور شر پسندوں نے مسجد کو شہید کر ڈالا ۔)
وہ کون سی شے ہے جسے پاکر انسان زندگی بھر مطمئن رہ سکتا ہے ؟
ایمان کی دولت ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے مدنی میزبان صحابی کے اسم گرامی بتایئے ؟ ۳۷۶۵

ج ۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ جو قسطنطنیہ کی جنگ میں شہید ہوئے اور وہیں دیوار قسطنطنیہ کے نیچے آرام فرما ہیں ۔

س : حمراء الاسد مدینہ سے کتنی دوری پر واقع ہے ؟ ۳۷۶۶

ج ۔ ۸ر میل کی دوری پر (سیرۃ النبی اول ص ۳۸۶)

س : ہندوستان کے مشہور شہر ایودھیا کی تاریخی مسجد کب تعمیر ہوئی ؟ ۔

ج ۔ ۱۵۲۸ء میں ۔

س : بابری مسجد کے فرش نے کتنے سو سال تک اللہ کے نیک بندوں کی پیشانیوں کا بوسہ لیا ؟ ۳۷۶۸

ج ۔ ساڑھے چار سو سال سے زائد عرصہ تک ۔

س : اسلام نے کس سلسلے کی شہادت میں عورتوں کی شہادت کو بالکل غیر معتبر بتایا ہے ؟ ۳۷۶۹

ج ۔ قصاص میں ۔ (خزائن العرفان ۔ البقرۃ ، ص ۶۰۳)

س : قیامت کے دن ایک ایسا جانور پیدا ہوگا جو انسان سے باتیں کریگا کیا آپ اس کا نام بتا سکتے ہیں ؟ ۳۷۷۰

ج ۔ دابۃ الارض

س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ کون سے چچا تھے جن کی آواز آٹھ میل تک سنی جاتی تھی ؟ ۳۷۷۱

marfat.com

ج ۔ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ۔
س : دنیا میں سب سے زیادہ کون سی آواز سنی جاتی ہے ؟ ۳۷۷۲
ج ۔ اذان۔
س : وہ کون سے پانچ پیغمبر ہیں جنہوں نے عربی زبان میں تبلیغ فرمائی ؟ ۳۷۷۳
ج ۔ حضرت ہود، حضرت صالح، حضرت اسمٰعیل، حضرت شعیب علیہم السلام اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔
س : شب معراج میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات کتنے پیغمبروں سے ہوئی ؟ ۳۷۷۴
ج ۔ آٹھ پیغمبروں سے۔
س : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت مدینہ منورہ میں مساجد کی تعداد کیا تھی ؟ ۳۷۷۵
ج ۔ صرف دس مسجدیں بنی تھیں۔
س : وضو کا حکم قرآن پاک کے کس پارہ میں ہے ؟ ۳۷۷۶
ج ۔ چھٹے پارہ میں۔
س : شراب کے حرام ہونے کا حکم قرآن پاک کی کس سورۃ میں آیا ہے ؟ ۳۷۷۷
ج ۔ سورۂ مائدہ میں۔
س : ایک ظالم بادشاہ کے خوف سے ایک ماں نے اپنے بچے کو ایک صندوق میں بند کر کے دریا میں ڈال دیا تھا کیا آپ کو اس بادشاہ کا نام معلوم ہے ؟ ۳۷۷۸
ج ۔ بادشاہ کا نام فرعون، اور بچے کا نام حضرت موسیٰ علیہ السلام۔
س : ایک نبی کو ان کی قوم نے جلانے کی کوشش کی مگر اللہ کے حکم سے آگ سرد ہو گئی آپ کیا نبی کا نام بتا سکتے ہیں ؟ ۳۷۷۹

marfat.com

ج ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

س : ایک نبی نے صبر کی مثال قائم کر دی کیا آپ ایسے صابر نبی کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں۔ ۳۷۸۰

ج ۔ حضرت ایوب علیہ السلام۔

س : ملکہ سبا نے جس فرش کو پانی کا حوض سمجھا تھا؛ درحقیقت وہ کس چیز کا بنا ہوا تھا؛ ۳۷۸۱

ج ۔ شیشے کا۔

س : اس مجاہد حریت کا نام بتایئے جو اپنے دوستوں اور رفیقوں کے ساتھ وطن کی آزادی کے لئے کالا پانی (جزیرۂ انڈمان) میں قید و بند میں راہیٔ ملک بقا ہوئے؛ ۳۷۸۲

ج ۔ مجاہدین آزادی کے امام حضرت علامہ فضل حق خیرآبادی رحمۃ اللہ علیہ (۱۸۵۷ء میں)

س : دنیا کا سب سے بڑا ہوائی اڈہ کس اسلامی ملک میں ہے؛ اور اس کا نام کیا ہے؛ ۳۷۸۳

ج ۔ جدہ (سعودی عرب) کا شاہ عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ

س : امام احمد رضا قدس سرہٗ کس بزرگ ہستی سے بوقت ملاقات ایک دوسرے کی قدم بوسی فرماتے تھے؛ ۳۷۸۴

ج ۔ حضرت اشرفی میاں رحمۃ اللہ علیہ سے۔

س : بتایئے کس بزرگ ہستی کا قول ہے کہ اگر عیالدار شخص علم دین کو سیکھتا ہے اور اپنے بچوں کی پرورش بھی کرتا ہے تو اس کا اجر جہاد سے زیادہ ہے؛ ۳۷۸۵

ج ۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کا۔

marfat.com

س : عالمی شہرت یافتہ درسگاہ دارالعلوم یتیم خانہ صفویہ کرنیل گنج گونڈہ یو۔پی جو حفظ وقرأت میں بے مثال اور یکتا ہے کس بزرگ ہستی کی یادگار ہے؟ ۳۷۸۶

ج۔ حضور سیدنا الشاہ مشہود اللہ عرف عبدالعلیم بقائی علیہ الرحمۃ والرضوان کی یادگار ہے؟

س : مولانا اشرفعلی تھانوی نے اپنے ماموں کی داں کی رکابی میں کتے کا پنجہ ڈال دیا تھا کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ مولانا تھانوی کی یہ شرارت کہاں درج ہے؟ ۳۷۸۷

ج۔ الافاضات الیومیہ، ناشر مکتبہ دیوبند (یو۔پی) جلد ۲ قسط ۱۰۔ ملفوظ ۸۳، صفحہ ۴، ۵ پر۔

نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریادیں کرتے
نہ کھلتے راز سربستہ نہ یوں رسوائیاں ہوتیں

س : دھوکا بازی کی فنکاری کی تعریف کرتے ہوئے تھانوی صاحب کے خلیفۂ خاص خواجہ عزیزالحسن اپنے پیر و مرشد کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ ۳۷۸۸

ج۔ حضرت اقدس (تھانوی صاحب) کسی کام سے فارغ ہوتے ہی فوراً تسبیح سنبھال لیتے تھے اور بعض اوقات مزاحاً فرماتے کہ میں نے اس کا (تسبیح کا) نام جال رکھا ہے کیوں کہ اس سے لوگ پھنستے ہیں۔
حوالہ خاتمۃ السوانح از خواجہ عزیزالحسن، ناشر: مکتبہ تالیفات اشرفیہ تھانہ بھون۔ بار دوم صفحہ ۴۸۔

س : ۱۲۸۰ھ میں جب امام احمد رضا خاں بریلوی مفتی بن کر اپنے علم و فن کا لوہا منوا رہے تھے اس وقت مولانا اشرفعلی تھانوی کی عمر کیا تھی؟ ۳۷۸۹

marfat.com

ج ۔ صرف ۶ رسال کی۔ (تھانوی صاحب کی پیدائش ۱۲۸۰ھ میں ہوئی)

س : رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کے لئے ششماہہ بکری کی قربانی جائز فرمادی کیا آپ ان صحابی کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں؟ ۳۷۹۰

ج ۔ حضرت بردہ رضی اللہ عنہ۔

س : اسلام میں نوحہ کرنا جائز نہیں لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابیہ کو اس کی اجازت عطا فرمادی۔ ان صحابیہ کا اسم گرامی بتلیے۔ ۳۷۹۱

ج ۔ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا۔

س : عورت کو شوہر کی میت پر چار مہینے دس دن سوگ واجب ہے۔ لیکن ایک صحابیہ کو اس حکم عام سے معاف فرما کر مستثنیٰ فرمادیا ان کا اسم گرامی بتلیے؟ ۳۷۹۲

ج ۔ حضرت اسما بنت عمیس رضی اللہ عنہا۔

س : وہ کون خوش نصیب صحابی ہیں جن کی تنہا گواہی کو کافی سمجھنے کا حکم بارگاہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے صادر ہوا؟ ۳۷۹۳

ج ۔ حضرت خزیمہ بنت ثابت رضی اللہ عنہ

س : وہ دو کون صحابی ہیں جن کو خارش ہونے کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشمی کپڑے پہننے کی اجازت فرمادی؟ ۳۷۹۴

ج ۔ حضرت عبدالرحمن بن عوف و حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہما۔

س آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کے لئے حالت جنابت میں مسجد اقدس میں رہنے کو مباح فرمادیا؟ ۳۷۹۵

ج : امیرالمومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کیلئے۔

س ۔ کیا آپ ان صحابی کا اسم گرامی بتا سکتے ہیں جن کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پہننے کی اجازت فرمادی۔؟ ۳۷۹۶

marfat.com

ج ۔ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ ۔

س : آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ایک صحابی کو سونے کے کنگن پہنائے گئے ان کا اسم گرامی بتائیے؟ ۳۷۹۷

ج ۔ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ ۔

س : وہ کونسا مغرور بادشاہ گذرا ہے جو خزانہ سمیت زمین میں دھنسا دیا گیا؟ ۳۷۹۸

ج ۔ قارون۔

س : اصحب السفینہ کے نام سے قرآن پاک میں کن کو یاد کیا گیا؟ ۳۷۹۹

ج ۔ حضرت نوح علیہ السلام اور آپ کے ساتھیوں کو۔

س : سلطان نورالدین بن عمادالدین جس نے صلیبیوں کے حوصلے پست کر دیئے تھے ان کے علم کا رنگ کیسا تھا؟ ۳۸۰۰

ج ۔ سیاہ تھا جس میں کرڑھائی کی صورت میں کلمہ طیبہ لکھا ہوا تھا۔

س : اس پہلے مسلم حکمران کا نام بتائیے جس نے نامہ بر کبوتروں سے وسیع پیمانے پر کام لیا؟ ۳۸۰۱

ج : سلطان نورالدین۔

س : عوج بن عوق یا عنق جو آدم علیہ السلام کی بیٹی سے پیدا ہوا تھا اور طویل القامت تھا بتلیئے اس کی عمر کتنی تھی؟ ۳۸۰۲

ج ۔ اس کی عمر ساڑھے تین ہزار برس کی ہوئی۔ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے مارا۔

س : جودی پہاڑ پر کشتی ٹھہرنے کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے کس پرندہ کو حالات معلوم کرنے کے لئے روانہ فرمایا تھا؟ ۳۸۰۳

ج ۔ فاختہ کو جس نے چونچ میں زیتون کا پتا لا کر امن و سلامتی کا اشارہ

marfat.com

کیا تھا۔

س : سلطان نورالدین کا مزار کہاں واقع ہے ! ۳۸۰۴

ج ۔ دمشق کے ایک بازار میں، مدرسہ نوریہ کے احاطے اندر جسے سلطان نے خود بنوایا تھا۔

نوٹ :۔ بازار کو آج کل سوق الخیاطین کہتے ہیں خوش عقیدہ لوگوں کا خیال ہے کہ جو دعا سلطان کے مزار پر مانگی جاتی ہے ضرور قبول ہوتی ہے۔

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
مرے چشم عالم سے چھپ جانے والے

س : اسلامی تاریخ میں وہ کون سا غزوہ ہے جس میں صرف ۲ ہزار مجاہدین نے ایک لاکھ سے زائد عیسائی لشکر کو مار بھگایا ؟ ۳۸۰۵

ج ۔ غزوۂ موتہ۔

س : شہر حلب اور اس کا قلعہ کتنے مجاہدین اسلام نے فتح کر لیا تھا

ج ۔ صرف ۳۰ ہزار مجاہدین نے۔ ۳۸۰۶

س : ایک جنگ میں صرف ۶۰ مسلمانوں نے ۶۰ ہزار رومیوں کے چھکے چھڑا دیئے تھے وہ کون سی جنگ تھی۔ ۳۸۰۷

ج ۔ جنگ یرموک۔

س : سب سے پہلے زمین پر کس کی تدفین ہوئی ؟ ۳۸۰۸

ج ۔ ہابیل کی۔

س : میدان محشر میں سب سے پہلے انسان سے کس سلسلے میں سوال ہوگا ! ۳۸۰۹

ج ۔ نماز کے بارے میں۔

marfat.com

س : سب سے پہلے زمین پر کس کی تدفین ہوئی ؟

ج ۔ ہابیل کی۔

س : نماز کا تاکیدی حکم قرآن مجید میں کتنی جگہ آیا ہے ؟

ج ۔ ۷۰ مقام پر۔

س : لفظ اللہ قرآن مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے ؟

ج ۔ ۹۸۰ مرتبہ۔

س : اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں رات کی قسم کتنی مرتبہ یاد فرمایا ہے ؟

ج ۔ ۷ مرتبہ۔

س : کانپور مچھلی بازار کی مسجد کا سانحہ کب درپیش ہوا جس میں مسلمانوں کا جانی و مالی نقصان ہوا تھا ؟

ج ۔ سنہ ۱۹۱۳ء میں

نوٹ : مسجد کا ایک حصہ سڑک نکالتے وقت حکومت نے سڑک میں دبا لیا تھا۔

س ۔ مجموعۂ خطبہ علمی کے مصنف کا اسم گرامی بتایئے ؟

ج : مولانا محمد حسن علمی بریلوی رحمۃ اللہ علیہ۔

س ۔ مولانا محمد حسن علمی بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد کا اسم گرامی بتایئے

ج : امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے دادا مولانا رضا علی خاں رحمۃ اللہ علیہ

س : ملک پاکستان کب وجود میں آیا ؟

ج ۔ ۱۴ اگست سنہ ۱۹۴۷ء کو

س : سکھوں نے انگریزی حکومت کی سرپرستی میں لاہور کی مسجد شہید گنج کو ظلماً کب شہید کر دیا تھا ؟

ج ۔ سنہ ۱۹۳۵ء میں۔

marfat.com

س : زمین پر قتل سب سے پہلے کس کی وجہ سے ہوا ! ۳۸۱۰

ج ۔ عورت کی وجہ سے۔

س : ہندوستان پر پہلا حملہ کس مجاہد نے کیا ؟ ۳۸۱۱

ج ۔ محمد بن قاسم نے۔

س ۔ ہندوستان میں غیر مقلد وہابی مذہب انگریزوں کی شہ پر کس سنہ میں پیدا ہوا ؟

ج ۔ ۱۸۱۸ء میں۔

س ۔ یارِ غار حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی چار پشتیں صحابیت سے مشرف ہوئیں ان کے اسمائے گرامی بتائیے ؟

ج ۔ (۱) حضرت عبداللہ بن اسماء بنت ابوبکر بن ابو قحافہ۔
(۲) ابو عتیق بن عبدالرحمٰن بن ابوبکر، بن ابو قحافہ رضی اللہ عنہم)

س ۔ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما مع لشکر کے کس مقام پر پہنچے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔

ج ۔ مقام ذی خشب۔

س ۔ قرآن مجید میں کن پرندوں کے نام آئے ہیں؟

ج ۔ جراد، ہدہد، غراب، نحل، عنکبوت، ذباب۔

س ۔ قرآن مجید میں کن ستاروں کے نام آئے ہیں ؟

ج ۔ شمس، قمر، طارق، شعریٰ۔

س ۔ قرآن مجید میں زیر کا استعمال کتنی بار ہوا ہے ؟

ج ۔ ۵۳۲۲۳

marfat.com

س . قرآن مجید میں ـہ زیر کتنی بار آیا ہے۔

ج . ۲۹۵ ۸۲ بار۔

س . قرآن مجید میں پیش ُ کا استعمال کتنی دفعہ ہوا ہے؟

ج . ۸۰۸۴ مرتبہ۔

س . قرآن مجید میں ـــ مد کتنی دفعہ آیا ہے ؟

ج . ۱۷۷۱ مرتبہ۔

س . قرآن مجید میں تشدید ّ کا استعمال کتنی دفعہ ہوا ہے؟

ج . ۱۲۷۲ بار

س . قرآن مجید میں نقطے کتنے ہیں ؟

ج . ۱۰۵۶۸۴۔

س . قرآن مجید میں الف کتنی بار آیا ہے ؟

ج . ۴۸۸۷۲

س . قرآن مجید میں لا کتنی بار آیا ہے ؟

ج . ۷۲۰ مرتبہ

س . قرآن مجید میں آیاتِ تحریم کی تعداد کیا ہے۔

ج . ۲۵۰

س . قرآن مجید میں آیات تسبیح کی تعداد بتایئے۔

ج . ۱۰۰۔

س . قرآن مجید میں ی کا استعمال کتنی دفعہ ہوا۔

ج . ۴۵۹۱۹

marfat.com

س ۔ قرآن مجید کی آیتوں میں آیات وعدہ کی تعداد بتایئے۔
ج ۔ ۱۰۰۰۔
س ۔ قرآن مجید میں آیات وعید کتنی ہیں۔
ج ۔ ۱۰۰۰
س ۔ قرآن مجید میں آیات نہی کی تعداد بتایئے۔
ج ۔ ۱۰۰۰
س ۔ قرآن مجید میں آیات امر کی تعداد کیا ہے۔
ج ۔ ۱۰۰۰
س ۔ قرآن مجید کی آیتوں میں آیات امثال کی تعداد بتایئے۔
ج ۔ ۱۰۰۰
س ۔ قرآن مجید میں آیاتِ قصص کتنی ہیں۔
ج ۔ ۱۰۰۰
س ۔ قرآن مجید میں آیات تحلیل کی تعداد کیا ہے۔
ج ۔ ۲۵۰۔
س ۔ قرآن مجید میں آیات تفرقہ کی تعداد کیا ہے۔
ج ۔ ۶۶
س ۔ قرآن مجید کے جملہ کاتبان کی تعداد بتایئے۔
ج ۔ ۴۲ صحابہ کرام ۔ رضی اللہ عنہم۔
س ۔ قرآن مجید میں اختلافی سجدہ کی تعداد کیا ہے۔
ج ۔ صرف ایک۔

marfat.com

س ۔ قرآن پاک کی کس صورت میں میم کا استعمال نہیں ہے ؟

ج ۔ سورہ الکوثر

س ۔ جنگ احد کے ۴۰ سال بعد ۴۰ھ میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حکم سے احد کی اس طرف سے ایک نہر کھودی گئی تھی جہاں شہیدان احد کی قبریں تھیں ایک صاحب قبر کے پاؤں میں کدال لگنے کی وجہ سے خون کے فوارے نکلے کیا آپ کو ان کا اسم گرامی معلوم ہے۔؟

ج ۔ حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ ۔

marfat.com

نظریاتی اور اعتقادی مفاہمت کی تاریخی روئیداد

المسمّٰی بہ

تَقْدِیْسُ الْوَکِیْل

عَنْ

تَوْہِیْنُ الرَّشِیْد وَالْخَلِیْل

مُرتّبہ

حضرت مولانا مولوی ابو عبدالرحمٰن غلام دستگیر قصوری رحمۃ اللہ علیہ

مؤیّدہ

شیخ المشائخ حضرت خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ علیہ چاچڑاں شریف

مصدّقہ

شیخ العرب والعجم حضرت مولانا حاجی امداد اللہ مہاجر مکّی رحمۃ اللہ علیہ

بہ رشحات تقدمہ

نیرزادہ علامہ اقبال احمد فاروقی ایم اے

ناشر

نوری کتب خانہ

بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور

marfat.com

اسلامی شریعت

اسلامی مسائل وخصائل کا خزانہ

تالیف شیخ الحدیث حضرت علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی مدظلہ

نوری کتب خانہ، لاہور

marfat.com

مستند و مجرب عملیات و تعویزات کا جامع مجموعہ

شمع شبستانِ نوری

مرتب:

اقبال احمد نوری

مصنف شمع شبستان رضا

تزئین و پیشکش:

پیرزادہ سید محمد عثمان نوری

ناشر

نوری کتب خانہ

بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور

marfat.com

marfat.com

ہماری دیگر کتب



















نوری کتب خانہ لاہور